زینت تری ہی بدخواہ کو منظور اگر ہو ۔۔۔ سرمہ ہو اوسی قبر کی ظلمت کی برابر
اب عطر نیاخت مدایح مین لگاؤن ۔۔۔ ہو رنگ دعا بھی گل مدحت کے برابر
ای یار خدا شاہ رسالت کا تصدق ۔۔۔ پہنچا دی مری دعا میری اجابت کی برابر
نواب کو دی عمر خضر بخت سکندر ۔۔۔ حشمت ہو سلیمان کی حشمت کی برابر
سرکار کرین چشم عنایات ادہر بھی ۔۔۔ حاضر ہی منیر اب در دولت کے برابر
پوری کرے اللہ مرے دل کی تمنا ۔۔۔ تا شکر کرون فیض و عنایت کی برابر
اوس راہ مین مدت سی بہٹکتا ہون مین وحشی ۔۔۔ جس راستہ مین پہیر ہی قسمت کے برابر
ہون دیدۂ تصویر کے مانند مین حیران ۔۔۔ اطفال مری اشک مصیبت کے برابر
مدت ہوئی مردہ ہی چراغ خرد و ہوش ۔۔۔ ہے کاسۂ سر گنبد تربت کے برابر
مد نظر مہر ہو یہ سوختہ اختر ۔۔۔ اک خال بھی ہو چشم عنایت کی برابر

قصیدہ در مدح نواب جناب لیجنا لیجوان منزل قمر کا جناب نواب محمد کلب علیخان بہادر خلد اللہ ملکہ

جسد نور رامپور مین ہے آشکار چاند ۔۔۔ ہر دم شب مراد ہے ہمکنار چاند
اس شہر کی ہین ارض و سما دونون نور بخش ۔۔۔ ذری نجوم وش ہین تو خورشید وار چاند
یا شام صبح عید ہے یا ہر شب برات ۔۔۔ ان زلفون مین ہی دلبر جو را عذار چاند
جاتی ہی ماہ روزہ کے نکلا ہلال عید ۔۔۔ دیتا ہی مژدہ ہائے طرب بار بار چاند
لبریز حسن ہو لب کوثر کی طرح آج ۔۔۔ تہا ورنہ خشک مثل لب روزہ دار چاند

نادم ہے گرد راہ سے نسیم صباح عید
شرمائین روبرو سے کفش جو اسقدر
زیور مین چاند سورج اگر دین کسیکو آپ
دستار مہر سے ہے سوا آپ کی کلاہ
دیکھے تجلی ابدی الظہور اگر
تحت الشعاع مین ہی عروج اوسکو ہو نصیب
پلٹے جو نقش پاے مبارک بپھر سلے
دیکھی جو سیر گلشن علم حضور کی
ہو کر کتاب عقل سے استفید
نقطے جو دیکھے آپ کی تقویم علم کے
طبع حضور سے جو کرے اقتباس نور
انوار خوشنویسی والا جو ہون عیان
شرماکے اپنے نظم ثریا کو کاٹ دے
نکہت جو چھائی انکی زلفوں پاک کی
چاہے جو نقش پا سے ملے سے سر کہ
یون بیش نصر صبا ...
ہمسایہ ... ہو کس طرح
سنئے کتابہ در دولت کرے دل خون
آئینہ خانہ مین جو کرے مسند اہم جلوہ گر
دیکھا جو شہر بانو ... افسر ...
... سے ...

چاندی کو اپنی کیون نہ گنے کم عیار چاند
سورج زمین مین رہے دریا کو پار چاند
سورج کی آبرو ہو کرے افتخار چاند
ایک ایک ٹوپی مین نظر آتے ہین چار چاند
غرہ ندے زمانہ کو پہر ایکبار چاند
جولانگہ فرس کا جو پاے غبار چاند
دور قمر مین ہو گئے پیدا ہزار چاند
مرجھاکے ہو ندامتون سے غنچہ وار چاند
دھوتا پھرے رسالہ لیل و نہار چاند
تارون کو سمجھے دیدۂ اختر شمار چاند
پیدا انہو زمانہ مین پہر داغدار چاند
ہر لفظ پہ فدا ہون ستارے نثار چاند
سن سے اگر عبار عبا تر و نثار چاند
ہر شبکو سمجھے نافۂ مشک تتار چاند
ہر شہر سہر مہینہ مین پہر سنگسار چاند
پانی مین جیسے آئے نظر بیقرار چاند
ہر روزن مکان ہو زہرہ نگار چاند
شمسہ صبح و شام پہ ہے لاکھ بار چاند
کیون کر نہ دیکھے روح سکندر مزار چاند
غرق عرق ہو اصفہ البشار چاند
ہمپہلو آفتاب سے ہا ہمکنار چاند

اللہ رے خانۂ باغ مبارک کی روشنی
لیلے سایۂ در دولت سے چھوٹ کر
مشعلچیون مین چہرۂ مریخ چرخ ہے
موجود رات دن ہین اطاعت مین گرم سر
دیکھین اگر عدالت والا کے دہر سب
قمری جو سرو باغ مبارک سے دل لگائے
شاخین نکالین اسمین اگر نقش پای پاک
چرخہ جو اسمین کاتتی ہے ایک پیر زال
منظور ہے کہ نذر دکھا کر حضور کو
اے شہسوار عرصۂ سیر ابھی بھول جا
شید بزیر تیز رو کی تجلی کے سامنے
پرتو ہلال نعل کے پہونچا کے تا فلک
مہر فلک ڈبیت کی صورت جلو مین ہو
اندھیاری اسکو دور نہین سکتی ہو کوئی رات
شام ابد کو دوڑ کے ہو آئے چاند پر
نعل کمیت خاص سے تشبیہ دون اگر
ٹھکرائے سنگ رہ کو اگر توسن حضور
کاوے مین دیکھ پائے جو دور ہلال نعل
چلتا ہے چال نور کی فیل فلک سے کو
کیا دیکھتا ہی بار رہو زہرہ کے نور تن
طالع اگر جبین بہا بوسے کی ہو

کیا چاندنی کے پھولون سے ہے داغدار چاند
پھرتا ہے صورت شتر بے مہار چاند
کیونکر نہ کہکشان سو بنے چوبدار چاند
جامی آفتاب ہو اور آب دار چاند
ہر پاسے مہر کیا ہے سو ہو ہمکنار چاند
طوق گلو ہو اوسکو مرصع نگار چاند
بنجائے شکل کوکب دنبالہ دار چاند
کرتا ہے صبح آئینہ بیستار تار چاند
یوسف کے لینے والون مین پائے شمار چاند
دیکھے جو تیزی فرس راہوار چاند
مانند آفتاب ہو ارعشہ دار چاند
سورج گرہن کو اسکے لگا ہے بن چار چاند
شکل رکاب ہو یمین و یسار چاند
ہیکل مین اشتہار خورشید وار چاند
اوسکی رکاب کا ہو اگر اشتکار چاند
دم بھر مین سیر کرے رہ لیل و نہار چاند
ٹھہرے کے ٹکڑے تارو نہین ہر شرار چاند
ہالہ کی طرح گرد پھرے لاکھ بار چاند
ہر سمت نقش پا سے ہین طالع ہزار چاند
چھوڑ دین پیسکے دانتون کی ڈبی بہا چاند
انگشت پا سے کرنے لگے انحصار چاند

ہے جسکی چاندنی کی شب عید کو تلاش
ستاک پہ اوسکے ہے وہ جواہر نگار چاند

ممکن نہین ہے اسکی جھلک سے ہو ہمکنار
ابرو و زہرہ جبینکے جو ہو آشکار چاند

فیل بلند پر ہین حضور اسطرح سوار
جیسے شب وصال سے ہو ہمکنار چاند

ہیکل کے جو فضے ہین ہے جلوس اس شکوہ سے
گویا کہ برج حوت سے ہے آشکار چاند

ٹیکا جبین فیل پر ہے اسطرح عیان
رخشندہ جسطرح ہو سر کوہسار چاند

گرمی جو دیکھی آتش شمشیر خاص کی
اوڑتا پھرے زمانہ مین سیماب وار چاند

قایل کرین جو شق القمر کو آپ
دو ٹکڑے تیغ خاص سے ہو بار بار چاند

تلوار دیکھ پاے جو دست حضور مین
روپوش ہو سپر مین دم کارزار چاند

مستانہ چال تیغ قضا دم کی دیکھکر
گھبراے خوف جانکے سبب بیدوار چاند

میوون مین پھل کے بدلے ہو پیدا اثر نبات
اس سیف کی طرح جو چلے ایک بار چاند

اوسکے مزاج کی ہو رطوبت تمام خشک
اس برق شعلہ زا سے اگر ہو دو چار چاند

کیونکر سپر کو دون مین شب عید کے مثال
چار آفتابون سے ہے یہان ہمکنار چاند

یون زندگی ہے آپکے بدخواہونکی خراب
جسطرح صبح مین رہے بے اعتبار چاند

روشن دعاے خاتمہ مدح سے کیجیے
آمین کہنے کا ہے اب امیدوار چاند

جبتک کہ آفتاب ہو مشرق سے جلوہ گر
جبتک کہ سمت غرب سے ہو آشکار چاند

یارب ہزار سال سلامت رہین حضور
ہر سال کے لئے ہون مقرر ہزار چاند

خدمت مین آفتاب کمر بستہ روز ہو
ہر شب ہو شمع بزم طرب پر نثار چاند

عمر خضر نصیب ہو بخت سکندری
ہر نائب آفتاب ہو ہر شبکا ر چاند

اقبال و عافیت کی ترقی ہزار چند
صدہا ہون آفتاب مبارک ہزار چاند

ہو سیم و زر خزانہ دار الامین اسقدر
خورشید قرص آن لیے سے استعا چاند

ہو آپکے غلامون کی خاطر ہلال [illegible]
دشمن کے واسطے ہو چراغ مزار چاند

فرش بزم دنور سے مین کسطرح کرتے تیز
کیا کسی عارف کے دل مین تھی صفائے صبح عید

آگیا سرکار کا دامان دولت ہاتھ مین
بڑھ کے پہنچا ہی کہان تک دست رسائے صبح عید

چاہتی ہے روز پڑہنا مصحف دین کا اگر
سب سے پہلے روی اقدس دیکھ جائے صبح عید

محفل زرین کی مسند پر اگر دیکھے جلوس
خواب غم سے خفتہ بختون کو جگائے صبح عید

گل فشان نواب کو دیکھے جو ہنگام سخن
باغ محفل سے گل مقصود پائے صبح عید

عطر مین ہو غرق تقویم سنین ماضیہ
بسکے خوشبو مین ہو اس جلسے سے جائے صبح عید

لینے قابل جانتا کوئی غلام خاص اگر
جامۂ تبسیم کیون رہتی قبائے صبح عید

گلشن عیش ہمایون مین جو آئے بہر سیر
خندۂ شادی گلو سے سیکھ جائے صبح عید

دیکھ لے لگتا ہی نسرین پر اگر شبنم کا لطف
شرم کے مارے پسینے مین نہائے صبح عید

وصف یون گلشن مین سمجھی بہون کی نہر کا
پہلے جو سے شیر سے منہ دہو آئے صبح عید

ہاتھ آجائے جو رنگ لالہ زار بے نظیر
مل سے لے مہندی شاہد گلگون قبائے صبح عید

پاک دامانی عروسان چمن کی دیکھ کر
پردہ خجلت مین چہپتی ہے قبائے صبح عید

وسعت اس باغ مصفا کی نظر آئی اگر
چہپنے کو جیب گل نسرین مین جائے صبح عید

بارگاہ عرش رفعت تک یہ پہونچا کسطرح
پا گیا معراج کیا بخت رسائے صبح عید

حضرت والا کو بھیجا ہے جو تہنیت کے واسطے
پہلے کعبہ مین سفیدی پہیر آئے صبح عید

حضرت نواب کو دشت منا مین دیکھ کر
کبش اسمٰعیل پہر جنت سے لائے صبح عید

بیش قیمت اضحیہ کا حکم جن پائے اگر
سامری کی گاو زرین نذر لائے صبح عید

دیکھ کر حج مین حضور پاک کو آئندہ سال
تہنیت کے واسطے کعبہ مین آئے صبح عید

ناقہ صالح خلیل اللہ کا کیسل تمین
حکم ہو تو پہر قربانی منگائے صبح عید

ذبح کے لائق نہین ہے آہوے چشم بتان
سعی ہی کیا کر سکے کیون کر الزام اوٹھائے صبح عید

عید یون قربان جشن پاک پر ہو ادام
ہو وہین قربانیان جیسے فدائے صبح عید

دشمنون کو روسیاہی شام غربت کی ملی
خیرخواہون کی جبین پر ہو ضیائے صبح عید

ایسی جلدی مین کہا ہے یہ قصیدہ ای منیر
کو ملی اور اگر نہین اس سے سوائے صبح عید

آفتاب مشرق اسلام کا مداح ہون
نہین مدح خاص مین کی ہو ثنائے صبح عید

آرزو ہے سیکڑون عید و نہین ندرین دون لیے نہین
روز ہو طبع سخن رس آشنائے صبح عید

مدح والا کر قصیدہ کی ردیف اسکو کیا
ہو گئی صد شکر پوری التجائے صبح عید

دیکھ پاسے صاف بندش اس قصیدہ کی اگر
صاد کرنے کے لیے انکھون سے آئے صبح عید

قصیدہ در لغز افیون و رجوع بمدح بندگان عالی متعالی حضور پر نور خلد اللہ

شکلین لباس گون پری ہے وہ دلربا
کاجل دل و دماغ ہے جس کی کجل سرا

ننگی نہانے مین ہے وہ گلنار گون لباس
بدن پر نقاب دار سیہ پوش خوشنما

گر وہ طبع اہل خرد اوسکی کم سنی
پیر تیغ اوسکی قدر جوانی سے ہی سوا

پیرانہ سر مین لبکہ ہے محبوب خوش مزاج
طفل جوان پیر کی یکسان ہے آشنا

پھر کیون ہے وہ سیاہ پری قاف قاف لپ
پہنچا تو لعل کا ہے زمرد کے دست و پا

لیلی نہین سوار ہے محمل مین وہ مگر
مجنون نہین مگر وہ ہے مجنون سے باوفا

مجنون اگر نہین ہے تو کیون ہے وہ ناتوان
لیلے نہین تو کیون ہے سیہ خیمہ اوسکی جا

خسرو نہین مگر ہے وہ شیدہ پر سوار
شیرین نہین مگر ہے شکر سے گران بہا

مشتاق جو ہے شیر سے ہے پر کوہ کن نہین
شیرین ثمر نہین ہے پہ تلخ ہے مزا

قبہ کو اوسکے گنبد افلاک جانئے
ہر ہر پیچ مین ثوابت سے بے حد و انتہا

کعبہ تو وہ نہین ہے مگر ہے سیاہ پوش
ہے اوسکے رنگ سے حجر الاسود آشنا

اوسکا لعاب تلخ ہے تریاق زہر غم
صورت مین دیکھیو تو ہے خونخوار اژدہا

اوسکے ہے محبت مین بے مثال
پھر ہے کے بدلے اوس مین ہے امراض کی شفا

عکس اوسکو نفی مین جسد رجہ سے کیجیے
پھر سے شگوفہ گلشن اثبات اصل کا

خازن ہے مال پاک کی اکسیر اسطرح — جامع ہین خلق خاص کی یون نکہت و صبا

تحصیلدار فیض ہین جسطرح بحر و کان — تحویلدار عطر ہے جسطرح موتیا

کیون کر نہ قدر اہل سخن کی کرین حضور — پہچانتے ہین رتبہ در گران بہا

جوہر شناس معنی و مضمون حضور ہین — تازہ نگر ہے آب لائے سے آشنا

حج کرکے آئے قبلۂ عالم ہزار شکر — ہندوستان مین کعبہ کی جب لینے لگی ہوا

افضل ہے حج حضور کا ہر ایک حج سے یون — سب مسجدون مین جیسے ہے کعبہ کا مرتبا

کچھ میرے پاس نذر کے قابل نہین مگر — تحفہ ہے اس فقیر کا سرکار کی دعا

عمر خضر نصیب ہو تخت سکندری — نواب کو شریک ہو نصرت خدا

قصیدہ در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر ادام اللہ اقبالہم و اجلالہم حسب فرمایش

رت ہے برسات کی بہت پیاری — موج زن جھیلین ندیان جاری

بدلیان چھا رہی ہین گردون پر — زرد اودی سنہری زنگاری

بجلیون کی چمک مین ہے جس بل — جیسے رقصان بتان فرخاری

کیا ہری دوب جنگلون مین ہے — سبز مخمل سے بھی سوا پیاری

ہر طرف کھل رہے ہین گل بوٹے — جن سے شرمندہ باغ کی کیاری

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا مین پروائی — لہرین لیتی ہین ندیان ساری

شفق سرخ رنگ لائی ہے — لالہ گون ہے سپہر زنگاری

ننھی ننھی برستی ہین بوندین — رت پہ ہوتی ہے خوشی طاری

کوکتے پھرتے کوئلین طاؤس — اپنی تانین سناتے ہین پیاری

تان مین مرغابیان لطیف سرخاب — جھیلون کے ساتھ کرتی ہین یاری

کھیت دہانون کے لہلہے شاداب — کر رہے ہین نظر کی دلداری

عکس طوطی ہو جیسے آئینہ مین — پانی اون مین ہے اسطرح جاری

سنگ مرمر کی ہے جو مہتابی | اوس مین ہے رونق سمن زاری

چاندی کے چھٹے سے آئینہ سان | صورت عیش کی نمودار ی

نغمہ پرداز اوس جگہ ہین جمع | اون کے گانے کی آئی ہے باری

ڈہریتون مین امیر خان یکتا | بین کاری مین بہی فسون کاری

ہے بہادر حسین خان کر سبب | بار ہد پر بہی بیخودی طاری

ختم اون پر ہین سرسنگار رباب | ہاتہہ کے قبضہ مین ہے طیاری

سحر باقر علی کے گانے کا | رشک الحان بلبل وساری

دلربا نغمۂ رحیم اللہ | نغمہ سنجی مین خوب اثر داری

ہے پکہاوج مین دہوم مودہو کی | ہند سے تابہ آمل وساری

طاق سارنگیون مین حیدر بخش | واہ واکرتی ہے سبہا ساری

بہانڈون کی نقلون پر چمن کے پہول | ہنستے ہین مثل کبک کہساری

نقل ہر ایک کی ہے مطابق اصل | شیخ و خشم پر بہی ہے ہنسی طاری

پر مین افسون پیکے بیٹہا ہون | طبع پر فکر شعر ہے طاری

ہاتہہ آتا نہین کوئی مضمون | ذہن کرتا نہین مددگاری

روئے خورشید ہوگیا پنہان | شام نے کہولی زلف طراری

مینہہ برستا ہے مین ہون گھر مین | شمع روشن ہے رات اندہیاری

خامہ و کاغذ و دوات و کتاب | دل مین فکر آنکہون مین ہے بیداری

ناگہان کہل گئی مری قسمت | بار غم سے ملی سبک باری

دیکہتا کیا ہون شاہد معنی | محو ناز و ادا و طرحداری

شفقی ہے لباس چمپئی رنگت | سرمئی آنکہین ڈورے گلناری

شعر شیرین برق جسم طاؤس | چال رفتار کبک کہساری

پاسے نیچے ناز سے اوٹھائے ہوئے — عرق شرم جسم سے جاری
کچھہ گھبرائی بھی کچھہ لگاوٹ بھی — چتونون سے عیان ستمگاری
آنکھین پھرا گئین تعجب سے — دل پر اک بیخودی ہوئی طاری
اوٹھہ کے افتادگی نے کی تسلیم — پاے بوسی نے کفش برداری
خاکساری نے فرش کی آنکھین — سر نے کی پاؤن کی پرستاری
ہاتھون نے دوڑ کر بلائین لین — دل نے کی بڑھ کے منت و زاری
عجز نے دوڑ کے خوشامد سے — پھر مزاجی غرور کی ساری
پھر گئے گالیون کے تیر اوٹھے — جب خموشی نے کی سپرداری
ہو گئی کند تیغ استغنا — دیکھہ کر ضبط کی جگرداری
بے گناہی نے گڑگڑا کر — خفگی کو بھی کر دیا عاری
بل نکالے بھوؤن کی منت نے — کی نیازون نے نازبرداری
کچھ نصیحت جو کی غریبی نے — دل مین ڈر ڈر گئی ستمگاری
جیت لی التجا نے کھل مل کر — شرم حیا سے شرط خودداری
گو رکھائی نے اوسکو بھڑکایا — پر لگاوٹ نے کی طرفداری
رحم نے کچھ بھری سفارش کی — کچھہ مروت نے کی مددگاری
خلق نے آنکھہ دی تبسم کو — خوش مزاجی کی آ گئی باری
بخت خفتہ سے آئے ملنے کو — اوسکی ٹھوکر کے ساتھ بیداری
کچھہ کچھہ آنکھون مین جب طلوع ہوئی — شب مستی سے صبح ہشیاری
مین نے پوچھا کہ اے مہ بے مہر — فلک عالم جفا کاری
خاک چھنوا رہی ہے عالم مین — شعرا کو تری طلب گاری
کونسے برج مین ترا گھر ہے — کس فلک پر ہے شوق سیاری

ہنس کے اوس نے یون جواب دیا — لب شیرین سے کی شکر باری
مین ہون اون شاعرون کی خدمت پر — چاکر نواب کے ہین درباری
دیکھ تو رامپور کی برسات — کیا نمایان ہے قدرت باری

تعریف خسرو باغ

رنگ پر ہے بہار خسرو باغ — غیرت طاق ہے پس ہر کیاری
نہ گل رشک گنج باد آورد — طاق کسری ہے قصر سرکاری
خسروانی ہار بد سے سوا — نغمۂ عندلیب گلزاری
لب شیرین سے ہر ثمر میٹھا — نہر یا جوئے شیر ہے جاری
نور کا دائرہ ہے یا جل بیچ — کرتی ہے موج جس کی پرکاری

وصف باغ بے نظیر

کیا کرون باغ بے نظیر کا وصف — جس سے ظاہر ہے قدرت باری
چھپ گئین آٹھون بہشتون سے چھپکے — دیکھ پائین جو چار دیواری
عطر مجموعہ کی زمین تمام — گرد خوشبو سے مشک تاتاری
رنگ ہر پھول سے ٹپکتا ہے — شاخ ہر گل پانی سے ہے پچکاری
اوسکی کوٹھی کی کیا بہار کہون — کی ہے رضوان نے جسکی سنگاری
دل عارف کیطرح کمرون مین — روشنی نور حق کی ہے ساری
دامن گل کے پھیلنے مین سے — شفق چرخ کی نمودار ی
کہین گھونگھٹ مین ہے عروس بہار — کہین مثل بتان بازاری

تعریف شہر

فضا بارش مین شہر پاکیزہ — ہے زمین آئینہ صفت داری
ہر سڑک کہکشان گردون سے — حسن و خوبی مین ہے سوا پیاری

شہر مین سب تلاش بیجا ہو — جسکو جس شے کی ہو طلبگاری
ایک ہی شے یہان نہین ملتی — جسکو کہتے ہین لوگ ناداری
ہے مرقع سے بڑہ کے ہر بازار — ہر گلی کوچہ باغ کی کیاری
نور تر پولیہ کا چار طرف — چاندنی چوک مین ضیا باری

تعریف عمارت خاصہ

کیا عمارات خاص کا ہو وصف — جن سے شرمائے چرخ زنگاری
چوکھٹا جیسے آئینہ کا ہو — ایسی ہے عمدہ چاردیواری
خوشنما ہین عمارتین عالی — در و دیوار پر طلاکاری

تعریف خورشید منزل

وہ جو خورشید منزل ایوان ہے — جس کے خادم بتان فرخاری
فرش پردے چتین جواہر دوز — کمرے کمرے مین مسندین بہاری
بام عالی کی نور افشانی — در و دیوار کی ضیا باری
چاند نور اقتباس کرتا ہے — صبح کرتی ہے آئینہ داری

تعریف دیوانخانہ

ہے وہ دیوانخانہ نور افشان — انتہا کی ہے جس مین طیاری
شیشہ آلات عجب اطور انی — طور کی جسمین روشنی ساری
کنول اوترا ہوا یہان کا سپہر — شیشۂ آسمان زنگاری
آئینہ صبح عید سے بڑہ کر — جن سے عشرت کی ہے نموداری
ہمسران آئینے نے کیا ہو نہ — کہ یہ نوری ہین اور وہ ناری

تعریف [illegible]

کیا طلسمی پری ہین [illegible] مین — [illegible] نے چاڑی کے کچھ کہنے بہاری

برق تابان سے بھی نہ جھپکی آنکھ — بل بے خود بینی اُف ری خودداری
بولتی ہی نہیں ہے نخوت سے — [ک]یجیے لاکھ منت و زاری
کارچوبی ہین مخملی پردے — [ف]رش چشم بتان فرخاری
سامنے اوس کے فرش کے گلزار — [ر]نگ گلے وقتون کی جیسے پھلکاری
پائے مخمل نہ خواب مین دیکھے — دیکھیے جو چھپر میان بیداری
پرطاؤس کی ہے چھت رنگین — طرفہ بنائے سقف گلکاری
شہ نشین سے سجی دولہن کی طرح — حورین کرتی ہین آئینہ داری
سونے کی چھین کرسیان بچھین — چاندنی دھوپ ہوگئی ساری

چھچی بھون

قصر چھچی بھون کا کیا کہنا — ہے اوسی مین جلوس سرکاری
صحن بام خورنق اوس کا ہے — قصر نعمان سے بڑھ کے طیاری
سند ہی یہ فسانہ شو سنگر — [ر]وشن ہوئی صنعت معماری
سائبان اوس کا برنیان ہے — رات دن رہتی ہے گہر باری
سرزمین بوسہ گاہ عالم ہے — سجدون کے نقش سے ہے گلکاری
اپنی جاگیر اسکو جانتے ہین — تاج اقبال و چتر سرداری
خانہ زادون مین اس محل کے ہین — کشور آرائی و جہانداری
سب چھتون مین یہ مکان لکھتا ہے — عرش اعظم کو رفعت آثاری
بام پر سے جو اوڑ کے جائین ملک — پاسبان اون سے ہے گنہگاری
جابجا گھر جس مین رہتے ہین نواب — نورافشان ہے قدرت باری
مشتری طلعت و سپہر شکوہ — نیر اعظم نجوم سکاری
فیض بخش زمانہ ابر کرم — زینت مسند جہانداری

قبلۂ خلق حاجی حسین ہین — کعبۂ شرع عرش دینداری
حامی دین و ناصر اسلام — فخر دارائے و جہانداری
علم و فضل حضور کے باعث — روشنی ہے جہان مین ساری
مشکل ہر کتاب سب ہے آسان — سہل ہر مسئلہ کی دشواری
کیا پڑہین اپنی نثر مین اہل زبان — سن کے حضرت کا وصف نثاری
جیب یوسف کے آگے کیا کہولے — کوئی نادان کا دکان عطاری
بخت و دولت یہین کے ہین مجرائی — علم و حکمت یہین کی درباری

تعریف علما

علما ایسے نامور ہین یہان — جنکی مداح خلق ہے ساری
سب سے افضل جناب عبد الحق — قبلۂ عالم انکو کاری
حکمائے فلاسفہ کو بھی — فخر ہے اون کی کفش برداری
مفتی بے نظیر سعد اللہ — فقہ و منطق ہین قدرت باری
حضرت مولوی مسیح الدین — کرتے ہین شرع کی مددگاری
صاحب ارشاد ہین سمی حسین — اون سے دریائے فیض ہے جاری
نور حق مولوی سدید الدین — آپ مصحف انکو کاری
چمن علم حق ریاض الدین — کرتے ہین عرش حق کی سیاری
نام عبد العلی وسلے تھی — جہل کی دور کر دی بیماری
وصف حاکم علی و نور ہے — جسم دانش مین مثل جان کاری
کیا حسن سے شاہ کیب ظہور الحق — دونون پر ختم ہے نکو کاری

اطبا سرکاری

وہ اطبا ہین عیسوی اعجاز — نام سے جن کے بہاگے بیماری

فرد یکتا حکیم ابراہیم
کرے بقراط جنکی عطاری

فاضل و متقی علی حسین
چین پاتے ہین اونسے آزاری

ہین محمد حسن طبیب مت بین
حفظ ہے اونکو صحت یاری

میر مہدی حسن رضا کے سوا
حکمت اللہ طبیب سرکاری

طبع مرزا علی نقی کو ہے
فن طب مین کمال ہشیاری

ہے کرامت علی کو بھی حاصل
اسی فن مین حضور سرکاری

شعرائے سرکاری

مجمع شاعران نامی ہے
شاعری کی ہے گرم بازاری

بحر منشی اسیر و امیر
ہمسر انوری و مختاری

طبع پاک ہنر یو و داغ سے ہے
منفعل ابر کی گہرباری

ہے جلال و حیا و شاغل سے
محفل نظم جلوہ گر ساری

مثنوی مین صبا و خواجہ بشیر
رونق شاعری و ختاری

بدر شادان غمین جنونی ہر دم
رہتے ہین مدح خوان سرکاری

فارسی گو نثار شیرازی
تر زبانی مین ابر آزاری

فن تاریخ مین ہے منصور
جان صاحب کی ریختی پیاری

سب سے بڑھ کر منیر کو حاصل
بیکمالی و ہرزہ گفتاری

تعریف خوشنویسان

خوشنویسان کی کیا کرون تعریف
سخت خط کو ہے جنسے بیداری

سب کے سید عوض علی استاد
خوشنویس اون کی مدح مین عاری

ہے خط قسمت سکندر سے
اون کے خط کے سوا نمود اری

مرتضٰے ناصر و الٰہی بخش | سہل کرتے ہین خط کی دشواری
پہر کریم اللہ و سلیم اللہ | کرتے ہین باغ خط مین گلکاری
نسخ مین ہین مشتہر غلام رسول | خط مین قاضی کی شان ہی ساری

حفاظ

حافظون کا شمار حد سے فزون | شیخ کرنے مین حد کی دشواری
نامور بہت قرأت مین | سب سے اعلیٰ علی حسن قاری
بہتے ہین اور صنعتون مین بہی | قاری آغا علی نموداری
الغرض ہین تمام اہل کمال | صاحب منصب نمکخواری
عمدہ شطرنج باز و گنجفہ باز | جان و دل سے مطیع سرکاری
نامور پہلوان بکیت و پہکیت | جن سے آگاہ خلق ہے ساری
رشک مانی مصور و نقاش | جن سے تصویر پائے جانداری

قطعہ

ہین بہت سے کہیل مین مشتاق | چالین معلوم جنکو ہین ساری
فرد فرد انکے نام اگر ہین لکہون | یہ قصیدہ ہو جنگ سے بہاری

تعریف عدل سخاوت

جنس کا سد ہے عہد کسریٰ بہی | عدل کی ہے وہ گرم بازاری
ایک ہی گہاٹ پانی پیتے ہین | شیر ہندی غزال تاتاری
رامپور آج کیون نہو آباد | اوس کے طالع نے پائی بیداری
کوئی آنکہین نہین چرا سکتا | چور بہولے ہین اپنی عیاری
کیا کرون انتظام کی تعریف | سب سے بہتر ہے یہ عملداری
ہوتے ہین سلے مقدمہ حق حق | نہین ہوتی ذرا طرفداری

اہل بازار تک ہین باایمان — نہین کرتے ہین کچھ کا نداری
لوگ سے لیتے ہین کوڑیون کے مول — جیش و عشرت ہی جنس بازاری
وصف لکھون اگر سخاوت کا — خامہ کرنے لگے طلاکاری
بزم اقدس مین دو شمع و چراغ — دُر فشان سب جیسے ابرآزاری
جو پہنچے حال سامنے آیا — اوسکو خلعت دی بہت بھاری
دور تک آپکا ہے فیض محیط — کہتی ہے خلقت خدا ساری
حاضران را کجا کسی محروم — توکرپا غائبان نظرداری
جھولیون بھرکے پاگئے دولت — ہے فقیرون کو زور زرداری
عہد حضرت مین زخمیون کے لئے — فرش ہے آسمان زنگاری
حکم سرکار سے ہے شہر بدر — ظلم فتنہ جفا ستمگاری
بہر فراغتانہ ڈالا — چرخ سے فیل باربرداری
کاٹ دے دم مین شیر کا جو ننگ — اک نگاہ عتاب سرکاری

وصف شمشیر

آپ کے ہاتھ مین ہے وہ تلوار — جسنے بجلی کو کردیا عاری
موت کے آنیکو ہے دروازہ — زخم اوس کا جسے لگ کاری
نام اوس برق کا ہے دشمن سوز — کام اوس ابر کا ہے خونباری
سخت پتھر ہے اسکے آگے یون — جسطرح کوئی نرم ترکاری
گھاٹ سے اسکے گھٹ گیا طوفان — باڑھ سے بڑھ گئی ہی خونخواری

وصف اسپ

ہے سواری مین کیا پری گھوڑا — خوش خرامی مین کبک کہساری
کرہی ہے صبا جنواس پہ — بوئے گل کرتی ہے جلوداری

بجلیان گرد راہ سے چمکین ۔۔۔ جو دکھلائے یہ گرم بازاری
اک اشارے مین گیا تا بفلک ۔۔۔ اس سے سیکھین نجوم سیاری
اس کے چلنے مین فرش ہوتی ہے ۔۔۔ اطلس آسمان زنگاری
شہر نعل رخش سے اوڑ جائے ۔۔۔ مثل باروت راتا ندہیاری
ہے مہ نو بھی نعل در آتش ۔۔۔ دیکھکر اس کی گرم رفتاری
عرق افشان حلب مین گندی اگر ۔۔۔ آب آئینہ ہو بیابان جاری
سب چلے اوس پادشاہ کا سکہ ۔۔۔ پا سکے جو منصب جلوداری

تعریف فیل

کیا کرون فیل خاص کی تعریف ۔۔۔ ہے یہ خوشبو مین مشک تاتاری
سونڈ کالی سفید دانتون مین ۔۔۔ چاند دو ایک راتا ندہیاری
دانت دیکھو جڑاؤ چوڑ نہین ۔۔۔ شان خوبی دکھاتی ہین ساری
جیسے ہیرے کے کنگنون مین ہون ۔۔۔ گوری گوری کلائیان پیاری
لال سیندور اوسکی مستک پر ۔۔۔ غیرت لالہ زار کہساری
دوستون کے لئے ہے ابر بہار ۔۔۔ دشمنون کو یہ رات ہے بہاری

تعریف فوج

ہر سوار و پیادہ برق مثال ۔۔۔ کیا کہون فوج کی ہین طیاری
وردیان تحفہ خوشنما ہتھیار ۔۔۔ ہے قواعد کے فن مین ہشیاری
افسر ایسے ہین جنسے خود مریخ ۔۔۔ سیکھتا ہے فن سپہداری
ساتھ اس فوج کے ہے یون رستم ۔۔۔ تھک کے چلتا ہو جیسے بیگاری

خاتمہ

ہو نہ جائے قصیدہ طولانی ۔۔۔ اے منیر اب دعا کی ہے باری

ہو خداوند کا فزون اقبال | رتبہ ہے افضال حضرت باری
عمر لاکھوں برس سے بھی ہو سوا | ہوں سلاطین عصر درباری
عیش و آرام و دولت و حشمت | کریں سرکار کی جلوداری
سرفرازی ہو دوستوں کے لئے | دشمنوں کے لئے نگوں ساری
اوسکا بدخواہ ہو تمام جہان | جو نہ ہو خیرخواہ سرکاری
یا الٰہی نمک حراموں کو | آب تیغ اجل بھی ہو کھاری
مدح لائق میں کرسکوں کیونکر | ناتوانی ہے اور بیماری
برگ سبز ست تحفۂ درویش | بذلہ گوئی نہ نغمہ گفتاری
سب ہے مداح پر نگاہ کرم | کہ ہے ان روزوں بخت بیداری

اے منیر این قدر مباش ملول
کہ ولی نعمتی چنین داری

قصیدہ بمدح بلیغ زمان یکتائے دوران مخدومی ملاذی جناب مولوی منشی احمد حسن خانصاحب بہادر عرشؔ ادام اللہ فیضہم

بارے آئی نجات کی باری | کہل گیا عقدۂ گرفتاری
ہمکو منصب ملا رہائی کا | قید کو جا لدا دبیکاری
پاؤں کو چھوڑ بھاگے ماردوسر | سر کو پشتارہ گراں باری
کوچ ٹھہرا مقام غربت سے | اب وطن چلنے کی ہے تیاری
رخصت اے دوستان زندانی | الوداع اے ہم گرفتاری
الرحیل اے مشقت ہر روز | الفراق اے ہجوم ناچاری
دال فی عین اے کتابت قید | گاف میم اے حساب سرکاری

دال چاول سے کہہ دو رخصت ہوں
پانی میں ڈوبے یہ نمک کھاری

مچھلیوں سے کہو کہ ہٹکے سڑیں
گھاس کھودے یہاں کی ترکاری

چینی بمبئی ملائی مدراسی
اہل آشام جنگلی تاتاری

اپنے دیدار سے معاف کریں
اپنی باتون سے دین سبکباری

کالے پانی سے ہوتے ہیں رخصت
اشک شادی ہیں آنکھوں سے جاری

بیٹھتے ہیں جہاز دودی پر
اوٹھتے ہیں لنگر گرانباری

کرم اے خضر المدد اے نوح
رحم اے فضل حضرت باری

السلام اے خروش بحر محیط
السفر اے سفینہ جاری

زاد راہ سفر توکل ہے
رہنمائی کو اوس کے غفاری

سامنے ہر طرف سمندر ہے
سایۂ آسمان زنگاری

ہمسفر قافلہ ہیں موجون کے
خضر و نوح کو ہے سالاری

جام بلور ہر حباب میں ہے
عکس خورشید کی طلاکاری

تیز پشت نہنگ کا آرہ
تختہ ہائے جہاز ہیں عاری

خشک ہے خون نخل مرجانکا
موج دریا کے نبض منشاری

کیسۂ ہر حباب کو حاصل
فلس ماہی سے فیض زرداری

دن کو خورشید کی زرافشانی
رات کو اوس کی گہر باری

بحر اخضر کی پستئ رنگت
فلک سبز کی ضیا باری

اسطرف فرش اطلس آبی
اوسطرف سائبان زنگاری

پانی کے اوٹھتے ہیں بلند پہاڑ
اوسپر آتی ہے موج کی باری

پانی پر چڑھ کے پانی بہتا ہے
قدرت حق کی ہے نموداری

بحر اسود کی شورہ پشتی سے
لطمہ کو دھوتی سیہ کاری

بل بے شور آتش بن سفینہ کے | اُف رے پہیونکی گرم رفتاری

ناخدا و معلم و ملاح | چست و چالاک محو ہشیاری

ابر و باران و موسم طوفان | یا علی ہر زبان پر جاری

شوق باد مراد کا ہر دم | خوف طوفان سے دلکو بیزاری

نکلے دریائے شور سے صد شکر | بحر شیرین کی آگئی باری

نظر آیا سواد کلکتہ | شکر ہے شکر حضرت باری

سیکڑون آگ بوٹ اور جہاز | حسن دریا کی گرم بازاری

جیسے زلف پری دم پرواز | لٹ دہوئین کی ہوا مین پیاری

بادبان سفید جلوہ کنان | دامن صبح کی صفا کاری

ہے ارادہ کہ فکر شعر کرین | تاکہ ہو دور رنج بیکاری

ابکہ بیٹہون رہا ہون تنہا مین | بہولی قصر سخن کی معماری

ابھی ہین دل و دماغ اس سے | فکر کو بہی ہے عذر ناداری

ذہن کہتا ہے نارسا ہون مین | حافظہ پائے بند بیکاری

دل کو کرتا رہا ہوا پر خون | چند روزون رہی جگر خواری

ایک مضمون بہی نہ ہاتھ آیا | فکر کرکے ہو گیا عاری

ناگہان میری عقل نے یہ کہا | کیون اوٹہاتا ہے رنج بیداری

اب کہان وصل شاہد مضمون | ہو چکی سبکے گرم بازاری

ہے جناب عروج مین اوسکو | شرف منصب پرستاری

شعر کیا جتنے ہین کمال و علوم | سبکے سب ہین ذہن کو بہاری

ہے ادہی کشور فصاحت مین | رتبہ سروری و سالاری

وہ مسیحا لبے بیان سخن | جسکی جنبش نے کہوئی بیماری

نظم کرے ایسے دوست کے اوصاف — سب ہے اگر تجھکو دعوی یاری
شعر کچھ قرض لے صباحی سے — تو جو ہو اوسکے صفین عاری
اے جہان سخن مسخر تو — گرچہ منسوخ شد بہ بازاری
سرنگون گشت رایت فصحا — با وجود تو در جہان آری
داد مولود مصطفےٰ بجہم — عنبری ولات زانگولنساری
بتو آورد ے خود ایمان من — گر سخن معجزہ عیان داری
خوشنویسون مین تو یگانۂ عصر — لوح دل پہ ترا قلم جاری
گرد راہ سمند خامۂ خاص — نقرہ صبح کی ہے اندہیاری
تیرے شبدیز خامہ کو ذرات — صفحہ دیتا ہے کار مضماری
کلک باریک پر ترے فایق — کیا ہو دست عدو کی طیاری
اسپ لاغر میان بکار آید — روز میدان نہ گاو پرداری
خوب تو نے دو اسپہ طے کی ہے — کشور ناظمی و نثاری
تازی و فارسی و اردو مین — زینت مسند جہانداری
تو ہی کشاف معضلات سخن — تو ہی حریف نغز گفتاری
یون پڑہین تیرے آگے اپنے شعر — عرفی و انوری و مختاری
جیسے رضوان کے آگے جنت مین — کوئی کہولے دکان عطاری
تیرے خوف دماغ حالی سے — خشک ہو خون مشک تاتاری
شاہد طبع پاک کے آگے — جسم بیجان بتان فرخاری
سامنے تیرے شعر محکم کے — ہر سخنور کے نغز گفتاری
عہد زندان عاقبت دشمن — ودرہ شاہدان بازاری
حاسدون کے جگر پہ تیرا شعر — دافع ظلمت سیہ کاری

پانی جو پھینکتا ہے یہ خرطوم سے کبھی | دہوتا ہے زیست سے فلک بیدار ہاتھہ
تھوڑی سی قوت اس سے اگر دستیاب ہو | دامان کوہ قاف کرین تار تار ہاتھہ
کمزوروں کی جو ہمت عالی ہو دستگیر | شیروں کا پنجہ پھیرین درہم کار زار ہاتھہ
ذرہ کو آپ کا ید طولی جو اذن دے | ہم پنجہ آفتاب سے ہو بار بار ہاتھہ
جا بوجھے تیر ترکش والا سے سو سو جیبھ | ایک آستین سے نکل آئے ہزار ہاتھہ
برچھیان قلم سے لکھین گے حضور کی | کاتب نکالینگے صفت نیزہ دار ہاتھہ

مطلع چہارم

جب سے ملائین آپکے تحویلدار ہاتھہ | سمجھے وہ دست غیب کے ہین شیکار ہاتھہ
عشر عشیر اسمین جو موزون ہو شرح فیض | بحر عمیق کا ہو عمق دس ہزار ہاتھہ
آسودگی جو عہد مبارک مین عام ہے | سرمست خواب پاؤن ہین رحمت شعار ہاتھہ
سکہ ہتیلیون کی لکیرین ہین اندنون | پاتے ہین صبح و شام زر بیشمار ہاتھہ
دریائی آب زر مین شنا کرتے ہین فقیر | کیون مثل موج بحر نہو رعشہ دار ہاتھہ
دو ہاتھہ سائلون کے کرم آپ کا کثیر | جنون سے مانگتے ہین بشر ستار ہاتھہ
پیش سحاب فیض سلاطین عصر کے | چلو بھر آبرو کے ہین امیدوار ہاتھہ
ثانی جو حسن شاہد اقبال کا دکھائے | آئینۂ فلک کو کرین سنگسار ہاتھہ
محروم اگر زر گل باغ کرم سے ہو | مانند شاخ خشک ہون بے اعتبار ہاتھہ
دیکھے جو ہر طرف گہر افشانی حضور | پھولے خوشی مین بہت ہمین دیسار ہاتھہ
مٹھی مین سائلون کے درشہوار غ ہین | گویا بنے ہین اختر دنبالہ دار ہاتھہ
تعویذ نقش پا ہین سفید کبیر کو | ان روزون جو شنین سے ہین ہمکنار ہاتھہ
ہو کر سلام کے لئے خدمت مین باریاب | مانند شاخ سدرہ ہوئے میوہ دار ہاتھہ

افزون ہو عمر و دولت ممدوح بےحساب — اُسکے تمام سلطنت روزگار ہاتھ

اقبال و فتح کی ترقی ہو یا کریم — ہون کامبخش کامروا کامگار ہاتھ

آفاق مین ہین جتنے زبردست زیردست — پھیلائین اسکے پیش خداوندگار ہاتھ

مین بھی رہون مدام ستایش گر حضور — مدحت سرا زبان ہو مدحت نگار ہاتھ

قصیدہ

زمانہ بھر مین خوشی کا کہین نہین ہے وطن — خدا کے فضل سے ہے رتھپور ہر مسکن

تمام شہر ہے رنگین لباس خوش پوشاک — برنگ گل ہے ہر اک کے گلے مین پیراہن

شگفتہ طبع و شگفتہ دل و شگفتہ مزاج — ہر اک کے ساتھ لگی پھرتی ہے بہار چمن

کہین مباحثہ علم و مجالس فضلا — کہین مشاعرہ ہے پڑھ رہے ہین اہل سخن

کہین مراقبہ مین محو اہل کشف و شہود — کہین ہین حلقہ مین انوار وادی ایمن

ہجوم ہے سر بازار مہ جبینون کا — بھرے ہین ترکی بتون سے کوچہ و برزن

بناؤ کرکے ہین گھر مین جلوہ گر پریان — ادا مین ہوش ربا ہر نگاہ توبہ شکن

ہر ایک گھر مین ہے بزم نشاط محفل عیش — کہین رباب کہین ہین ستار و ارگن

غضب کا ناچ ہے تاناطلسم کا گانا — ہرا ہے خرمن دل برق جنبش دامن

خوشا نصیب جو اس شہر مین ہے آکر — جو بادشاہ ہو تو بھی نہ یاد آئے وطن

علی الخصوص جو اقبال اوج پر جس کا — رسائی ایسی ہو حاصل کہ دیکھیے جو بھون

نصیب ہو شرف خدمت خدیو جہان — جناب کلب علیخان خدایگان زمن

جو خواب مین جم و کسری نے بھی نہ دیکھا ہو — وہ جشن دیکھے ہے آنکھون نے پیر چرخ کہن

مکان نور کا ہر دست جتنے گھر آباد — نہال طور صفت جھاڑ نور کے روشن

کھنچے ہوئے نظر آئے جھاڑ و گلدستے — ہر ایک پھول ہے پیروزہ گر بہار چمن

ادب سے بیٹھے دو رویہ مصاحبین ندیم
قطار باندھے ہوئے چوبدار و خدمتگار
بسنتی لباس کی پگڑی ہر ایک کے سر پر
کمال حسن سے بیٹھی ہوئین پریزادین
تمام طایفون کے نام نظم کیونکر ہون
دیا یہ حکم خداوند نے اگر اسکس وقت
برلسے رقص ہون محبوب جان اب طیار
کہون مین اُس صنم عشوہ گر کر کیا آن
وہ حسن گرم کا جلوہ وہ چمپئی رنگت
خلاصہ ناز کی کیونکر نہ کہان کہینچی جاے
سپسل کے صاف گرے چکنی چکنی بالونسی
چمک رہا ہے جو موباف جعد شبگون مین
محافظت شب گیسو کرے جو زیور کی
نپلے سایہ بہی چہپکے کے چاند سورج کا
ادہر اودہر خم موباف سے ہے یہ ظاہر
طلب کرے رخ گلگون خط غلامی اگر +
حلب مین شام نہو صبح ہی رہے تا حشر
نظر جو اُسمین پڑے عکس عارض انور
ادب سے چہو نہین سکتی ہے جسکو افشان بہی
جو بال دو پر کبہی ابرو کے نیچے دیکھے +
ہلین جو پلکین تو اولٹین ابہی صفین کی صفین

ق

وفور رعب سے خاموش خم کیئے گردن
کہڑے ہے عصاے مرصع کئے ستون ذقن
بدن مین مخمل زربافت کی نئی چپکن
آتی ہی ادہر جادی اُسطرف جوبن
سُنا نہین کہین کوزہ مین بحر کا مسکن
کہ بزم عیش ہو ہر رنگ وادی ایمن
بچھائین آنکہین خوشی سے بتان سیم بدن
لطیف نکہت گل سے زیادہ جس کا چلن
کہ جسکی آگے ہو شرما کے زرد رو کندن
شمیم زلف چرا لیگیا ہے مشک ختن
اگر نہ روک لے پالے نگہ کو چین شکن
عجب ہے شمع ثریا ہے دو جگہ روشن
تو پیر چرخ بہی اُسکی گہٹا سکے نہ پہبن
چراغ شمس و قمر لیکے لاکہہ ڈہونڈہے گگن
کہ وہ ہلال ہو مین روشن ہے شمع سان گردن
خوشی سے مُہر کرے داغ لالہ گلشن
پڑے جو آئینہ مین عکس عارض روشن
تو آرسی سے بدل لے قمر کو چرخ کہن
خدا کی شان وہ ماہتاب ہے تکیہ گاہ شکن
تو قتل ہونیکو رستم بڑہاے خود گردن
کٹاریان سے چلین نوک کی جو سب چتون

غرض محال ہین اوصاف اُسکے سرتا پا
مری زبان ہی گنگ اور ناطقہ الکن

خدایگان جہان کو دعا کرون سے پہلے
کہ جسکے فیض سے ہی آبروی اہل سخن

زیادہ خضر سے ہو عمر حضرت نواب
خدا کرے کہ ابد تک ہو ربط روح بدن

صحیح و سالم و مسرور تندرست رہین
ہمیشہ گرد کدورت سے پاک ہود امن

جو خیر خواہ ہون سرسبز و شاد کام رہین
عدو ہمیشہ رہین پاے بند گور و کفن

پڑھیون مدام قصیدے حضور مین اکثر
اگرچہ ہیمدان ہون نہین ننگ اہل سخن

اگرچہ دیتے ہین سرکار سے طلب سبکو
پر ایک فکر ہے اب میری جانکی دشمن

خدا کرے کہ ہو مقبول التجا یہ میر
بڑھے ہوے ہین دست طلب خم ہو خوف سے گردن

قصیدہ

مجھے یہ فکر ہے پھر رخ کچھ تو منہ سے بول
کہ پھر رہا ہے زمانہ مین کیون تو ڈانوان ڈول

کسی جگہہ کسی پہلو ٹھہر نہین سکتا
بھلا یہ حال کہ تو سر سے پاؤن تک ہی گول

نہ ڈھونڈ مشتری جنس ہمت حاتم
نگر جواہر انصاف کسروی کا مول

اگر تجھے طلب گوہر مطالب ہے
تو رخ نکر طرف مصر و چین و استنبول

حضور کے در دولت پہ آکے سائل ہو
ٹھہر کے منطقہ کہکشان کمر سے کھول

جناب کلب علیخان خدیو عالم فیض
بنے ہین قطرے گہر جسکی جود سے انمول

جو طفل اسکی رعایا کی گولیان کھیلین
ہر اک صدف مین نہین موتیون کے دانے گول

پتاسے لیے بڑھکے فلک نے تھے چوب طوبے
جو طفل تک مین بجاوین اسکی مدح کے بول

یہ اسکی ناخن خنجر سے کہہ رہی ہی اجل
کہ جو گرہ دل بدخواہ مین پڑی ہے کھول

کمین جو اسکی گل رخ کا عندلیبین وصف
کہون تمام ہزار انکے منہ سے یہ دو بول

یہ قصیدہ ہے عرضی نالش کی +   نہیں ہونے کا داخل دفتر
جسکو نعم الوکیل کہتے ہین -   ہے وکالت اُسیکی بالا تر
میری تقدیر بخت کی تحریر   صورت حال ہے مع مختصر
ساتھ ہین اس مقدمہ کو گواہ   لب خشک اپنے اور دیدۂ تر
میرے ساعی مروت ممدوح   میری حامی عنایتونکی نظر
کم نہین ہے طلاے زردی رخ   مانگے رشوت سررشتہ دار اگر
داد دیگا وہی منیر کی بھی   جو ہے نوشیروان سے بھی بہتر
قبلۂ عالم و خدیو جہان   تابع حق مطیع پیغمبر +
ناصر شرع حاکم اسلام   فیض بخش زمانہ دین پرور
اُسکے خلعت سے ہے یہ اوج کرسی   سُلّم عرش پایۂ منبر +
جلوہ گر ہو جو اُسکا شاہ نشین   چہرۂ دارا سنی ہون شمس و قمر
در دولت پر اُسکے بیٹھا ہے   نقرۂ ساہ آفتاب کا زر
رمضان شریف مین اُسنے   ق بندے آزاد کردیئے اکثر
گنجفہ کھیلنا ہوا موقوف   بازیان سب ہے غلام ہین ابتر
جھولیان بھر کے لیتی ہے شبنم   در دولت سے شب کو گنج گہر
شکم چرخ اگر ہمیان بھر جائے   چاندخانی کا بہر نہ آے نظر
صبح پاتی ہے زیور الماس   تاج یاقوت خسرو خاور
نام وزدی بھی ہو گیا معدوم   ق اسقدر انتظام کا ہے اثر
زر سرخ و سفید کا بھی چور   گنجفے سے نکل گیا باہر
وہ صفائی ہے ملک مین جو کہین   ق دامن گل مین داغ کا ہو گذر
خون فاسد کی طرح کچھ جائے   جسم سے رنگ لالۂ احمر

فیض والا ہے غیرت اکسیر + ق آہن شب کو کردے سیم سحر
باغ علم حضور سے اک دم + طفل غنچہ ہو مستفید اگر +
حل کرے معنی گلستان کو + لکھدے شرح حدیقہ سرتاسر
شہر عقل حضور والا سے - - ق ہو اُڑکر غبار کحل بصر
مردم چشم اغنیا کو بھی حکمۃ العین دم مین ہو ازبر
کیا کرون وصف توسن والا برق دم خوش قدم پری پیکر
اسکے نعلون سے کسب نور و ضیا کرے ماہ ربیع ثانی اگر +
پیشتاز ربیع الاول ہو - بلکہ نکلے ہمیشہ قبل صفر
سلخ شوال کو اگر چمکے + رہے ذیقعدہ مبتلائے سفر
اس کی راہ طلب مین پہونچکے کف افسوس ہو گئی شہپر
موتی اسکے پسینے سے جو بنے کہکشان چھوے موج آب گہر
سر قارون کو توڑ دے دم مین چھوٹ کر اسکے پاؤن سے ٹھوکر
ادہم شام سایۂ شبدیز گرد راہ اُسکی نقرۂ خنگ سحر
منہ لیے ہین کلابتیان گلگون نقش پا رشک لالۂ احمر
دل مین کھٹکا ہے گردن حادث کرے گنڈا جو یہ پری پیکر
گرد رہ کو بھی پا نہین سکتی خاک اوڑاتی ہے آجتک صرصر
باگ ڈور اسکی رشک زلف پری نعل ابروئے حور سے بڑھکر
کلۂ آفتاب مین ہے کرن مند رسن زین پوش کی جھالر
آہن نفس سے اگر طیار - ق کسی چھوٹی گھڑی کا ہو چکر
طے کرے دم مین سوزن ساعت سیکڑون دور گنبد خضر
فیل والا ہے سمند ایسا جسکی ٹکر کا ہے سپہر کو ڈر +

پانی خم طوم سے اگر پہینکے
پہرکے طوفان سبکو آئے نظر

جلوہ گر اسکی پشت پر ہو خضر
کشتی نوح جیسے جودی پر

اسکی زنجیر بحر عالم مین
ہے جہاز سپہر کا لنگر

اسکی خم طوم دیکھکر ہر بار
ق رکھہ رہے ہین تمام جادوگر

جبل طور سے اترتا ہے -
کیا عصائے کلیم کا اژدر

طول گفت ہے خلاف ادب
بس کر اے حسرت شناس بس کر

ہاتھہ اٹھا بارگاہ خالق مین
منتظر ہے تری دعا کا اثر

یا ربّ میرے نواب کو عطا فرما
عمر خضر اے خدای جن و بشر

صحت و عافیت ہو روز افزون
خود پرونے ہما ہلائے چنور

ہو سوا حسن شاہد اقبال
آئنہ لیکر آئے اسکندر

ملک و دولت کی یہ ترقی ہو -
کہ ہون مجرائی بہمن و سنجر

ہے دامان مصطفےٰ ہر دم
سایہ گستر حضور کے سر پر

میں نہین مدح خاص کے قابل
عرق شرم سے جبین ہے تر

مدح نواب کیا رقم ہو میر
جب ہو مجموعۂ حواس ابتر

ہے یہ تاریخ اس قصیدہ کی
وصف پاک خدیو دین پرور -

سنہ ۱۲۹۱ ہجری

قصیدہ عید قربان

فروغ رنگ افزون ہے پھر جا عید قربان ہے
نثار قبلۂ عالم سراپا عید قربان ہے

برائے جلوہ پھیلا کے ہوئی ہے صبح کا دامن
در دولت کے آگے سائل آسا عید قربان ہے

پڑی ہے آنکھ جیسے شاہد اقبال حضرت کی
عروس چرخ روش خورشید سیما عید قربان ہے

دیا تھا جامۂ احرام شاید حج اسکو
کہ پہنے نور کا خلعت سراپا عید قربان ہے

دم حج آپنے موتی جو کعبہ مین لٹائے تھے
نواب تک صاحب عقد ثریا عید قربان ہے

تجلی آپکی کوہ صفا پہ یاد ہے اسکو — کلیم آسا ابھی محو تجلی عید قربان ہے

سحاب نور مین اشعار مدح پاک لکھتی کو — ملایکگار ریاض دست موسے عید قربان ہے

یہین شام جوانی پائی اسکی صبح پیری نے — تجلا آپکا یوسف زلیخا عید قربان ہے

یہی اسلام کا قبلہ یہی امید کا کعبہ — زمانے مین دولت کا جلوا عید قربان ہے

زمانیکی خوشی صدقے ہر اوقات مبارک کا — کہ عید الفطر ہے مفتون و شیدا عید قربان ہے

کتاب عیش والا کے حقایق اس سے کھلتے ہین — نظر مین عینک چشم تماشا عید قربان ہے

ہمیون نظارگی ہون عجب طرزن بحر تفریح مین — سواری نور کی کشتی ہے دریا عید قربان ہے

کہان ہے ہند مین دبدبہ اسلام و دولت کا — یہین تک کامیاب ہین دنیا عید قربان ہے

سحر اسکی جو دم بھرتی ہے حضرت اکی طاعت کا — مبارک مثل انفاس مسیحا عید قربان ہے

کیا ہے سرخرو قربانیونکو خون نے از بس — شفق پوشی سے لالون کا لال کیا عید قربان ہے

ادہر ہے نور اسکا اسطرف حضرت کا جلوہ ہے — دو بالا قدر مین مانند جوزا عید قربان ہے

غلام عیش حضرت جشن جمشید ہے دنیا مین — کنیز جلوہ عہد مصطفے عید قربان ہے

ہمارے عیش ساقی کیون نہ ظل ہما ہوئے — بنگیری کی حسرت مین ابا عید قربان ہے

اگر تصویر روز جشن عید الفطر کو سمجہون — تو دشمن پہ ظفر یابی کا نقشا عید قربان ہے

بہار گلشن اسلام خون اضحیہ ٹھیرا — برنگ لالہ زار باغ والا عید قربان ہے

بلند و پست مین ہے نور جشن قبلہ جانسی — زمین شہر سے تا عرش اعلا عید قربان ہے

نظر آتی ہے جنت ذبح ہو کر دست اقدس سے — اٹھائے چشم قربانی کا پردا عید قربان ہے

فروش بارگاہ خاص ہین آغوش مین سکے — دکان سندس کہون یا عید قربان ہے

اجازت دیجیے تعداب توگرد ہین سکی — تصدق ہونیکو کب سے مہیا عید قربان ہے

پہن کر آپ پوشاک اک نظر دیکہیں طرف دیکھین — لئے آئینہ صبح مصفا عید قربان ہے

ہوئی گاو زمین سے لیکے تا ثور فلک حاضر — محیط ہر بلند و پست گویا عید قربان ہے

حسد سے جو بجھ ہوتے ہیں عیشِ مبارک پر
یقیناً جشن سرکاری کا جوڑا عید قرباں ہے

سعادت ہے تری حضرت نماز عید پڑھتے ہیں
ہما ہو تو بھی اے مرغ مصلا عید قرباں ہے

عدو کے دام نظارہ میں کیا صید طرب آئی
ہمارے وہم عید الفطر عنقا عید قرباں ہے

دکھا اے شاہد اقبال والا جنبش ابرو
کہ مشتاق حنائے خون اعدا عید قرباں ہے

سواری دیکھنے کیوں آئی ہے ہر شہر کی خلقت
تماشا گاہ بازار منا کیا عید قرباں ہے

ثواب حج حضور پاک میں کیا نذر دیتی ہے
بڑھائے دیر سے دست تمنا عید قرباں ہے

حضور پاک میں کیا پھولوں کی ڈالی لگائیگی
طلبگار گل رخسار جوزا عید قرباں ہے

سواری میں ہزاروں نعمتیں لٹواتے ہیں حضرت
اٹھائی اپنے سر پر خوان یغما عید قرباں ہے

تصدق ہو کے حضرت پر پڑا لیتی ہے شخصیت
اگر سچ پوچھیے صدقہ کا پتلا عید قرباں ہے

خوشی کا ہو گذر کیونکر کسی بدخواہ کے گھر میں
کہیں بھی داخل ہے دیر و کلیسا عید قرباں ہے

موکل کا سلام شوق پہنچانیکو آئی ہے
حضور میں دلیل کعبہ گویا عید قرباں ہے

چھری لیکر تعقب کرتی ہے اعدا بزدل کا
نئی قربانیوں کی آج جویا عید قرباں ہے

پکارے کہتی ہیں ہر ایک شے تو میں سلامی کی
فلک تک عیش کا ہے بول بالا عید قرباں ہے

ہوئی جب سے نبی مقبول حضرت بڑھ گیا رتبہ
زمانہ بھر ہی دم میں ایک فلا آ عید قرباں ہے

قدم کی خاک کو اکسیر عشرت میں سمجھے ہے
اگرچہ ہمسر عیش مصفا عید قرباں ہے

دعائے عمر و دولت پہ کروں ختم اس قصیدہ کو
کہ محو آئینہ کہنے میں سراپا عید قرباں ہے

پئے تعیدہ آمد ماہ ذی حجہ کی ہے جبتک
کنار شاہد ذی حجہ میں تھا عید قرباں ہے

ترقی عمر و دولت کی ہو عشرت روز افزوں ہو
اسی امید میں ہر دم خدایا عید قرباں ہے

سلاطین جہاں نے یوں سوا ہو دہر میں رتبہ
کہ جیسے کعبہ میں عید نبی اعلیٰ عید قرباں ہے

منیر اس نظم میں عاجز ہوں لیکن ہوا سی ہے
مرے نزدیک خالی کا مہینا عید قرباں ہے

بلندگیر اٹھنے کے سوا کیا شاہد مضمون عالی ہے
کہ بار دوش خاطر کوہ آسا عید قرباں ہے

عالم پناہ کلب علیخان خدیو عصر
صدقہ شب برات ہی جنپہ نثار عید

تا دخل اُسکی بزمِ مبارک مین پاسکو
آئی ہے کرکے لاکہ طرح کا سنگار عید-

صد شکر آج ہو گئی حاصل ملازمت
کرتے تھی سال بھر یہی انتظار عید

ہنگام صبح دیکھکے سرکار کا جلوس
کرنے لگے جواہر انجم نثار عید

اُس مرجع انام کی فیض نگاہ سے
اعیاد روزگار مین ہے نامدار عید

سکّے نہ صبحدم جو فروغ رخ حضور
کھولے نہ چشم عین کو پھر زینہار عید

زر بخشی حضور کی پاتی نہ انتہا
کرتے جو لیکے سبحۂ انجم شمار عید

پابوسی حضور سے تعبیر ملگئی
محمل نے دیکھی خواب مین کیا ابکی بار عید

مانگین جو عمر و دولت نواب کی دعا
ہر دم منائین عابد شب زندہ دار عید

فیضِ حضور سے ہین مرصع لباس سب
دیکھی ہے ابکی سال جواہر نگار عید

خوشبو جو پائی سنبلِ باغِ حضور سے
کرنے لگی تجارت مشک تتار عید

سرکار کی رکاب مین ٹھیری ہے ابکی سال
ورنہ ہمیشہ آتی تھی آہو سوار عید

اگر درِ حضور سے سیکھی ہی خلق عام
سبکو گلے لگاکے جو کرتی ہے پیار عید

کاسہ کوئی تہی نہین فیضِ حضور سے
خالی کے چاند کا نکرے انتظار عید

آمد غبار راہِ مبارک کی دیکھکر
آغوش شوق کھولدی بے اختیار عید

اب خوان فیض خاص سے ہی استاکادہ
تھی پہلے صورت رمضان روزہ دار عید

صفر ادیون کو ہو جو ضرر عہدِ پاک مین
کہلائے میٹھی عید نہ پھر ایکبار عید-

سجوا کے سرخ پوشونکی پلٹن جلوس مین
لائی ہے اپنے ساتھ نیا لالہ زار عید

دی اپنی جان ڈوب کے عطر و گلاب مین
خلق حضور سے ہو اگر شرمسار عید

اللہ رے فیض پاک کہ ہین اس زمانے مین
خالی خلا سے روزے سے پرہیزگار عید

نواب کے کرم سے ہے طوفان آب زر
اب کشتی فقیر مین ہو گی سوار عید

اسپند کرکے اپنو جلا دے نکا وہ بد ۔ دربار مین بجالو سکو لگا بجار عید

خوشبو جو زلف سایہ اقدس کی سونگھ لے ۔ تا قدکی طرح ہو جبہ تن مشکبار عید

دن بہر رکھیا خوشی مین کرے عمر بہر بسر ۔ دیکھے جو صبح روے خداوندگار عید

نواب جشن مین جسے کیا کیا گہرفشان ۔ قد بار دانہ دار ہوئی ابکی بار عید

مچھی بہون کی پاے لطافت نہین مجال ۔ خوشے لگائے آپ گہر مین ہزار عید

روسکے ہہ سنہ جہان گرد کو خدا ۔ تا چل سکے رکاب مین او شہریار عید

بوسہ جو نقش بن کا ملے سعد رہیلے ۔ بنجاے صورت شجر میوہ دار عید

سے طے سال بہر کی راہ کو اک جست مین کرے ۔ شوخی جو اسکی چال سے لے مستعار عید

رفتار عیش پاس ہے سکہا دیکھو اسکو ۔ لاتی ہے گہہ کے ابلق لیل ونہار عید

دن بہر مین سیر کرتی ہے سارے جہان کی ۔ کیا پالکی ہے اسکے قدم کا غبار عید

پہونچائے تخت تک نگہ چشم مین ابہی ۔ دیکھے جو سرعت فرس راہوار عید

مستانہ چال دیکھ کے فیل حضور کی ۔ صدقہ اتارنے لگی ابر بہار عید

سکہ سبیل دودہ کی ساری زمانہ مین ۔ دانتونسے جوے شیر چلے مستعار عید

پائے جگہ جو اسکی عماری مین ایکبار ۔ چہوے فلک کو چڑہ کے سر کوہسار عید

فیل فلک شکوہ کا نیسر اگر ہو ۔ پالاے خاک اوسکے نقشکے زینہار عید

حکم حضور سے جو نہ اسکی خبر چھپے ۔ تقویم کہنہ سے بھی ہو نا اعتبار عید

ارژنگ والے کرتے ہین جو ان یاد رہبور ۔ رویا مین جیسے دیکھتے ہین سوگوار عید

حکم حضور ہم کو بنادے خوشی اگر ۔ عاشور سے نکل سکے ہو خواستگار عید

فضل خدا سے آپکو منظور ہو تو ہو ۔ صایم شب برات تہجد گزار عید

خطبہ مین سنئے نام خداوند ہند اگر ۔ تا منبر سپہر کرے افتخار عید

اس عیش پہ حضور ہمیشہ رہین محو ذکر حق ۔ اک روز سال بہر مین ہو طاعت گزار عید

تپش کی تو تسلی سے شکایت — اندھیری کی تجلی سے شکایت

جفا سے دیو کی ہو رحم سے نالش — دل زخمی کی مرہم سے نالش

سماعت سے ہے نالہ کی گذارش — مہ تابان سے ہالہ کی گذارش

نیاز تشنہ لب دریا کو پہونچے — درود نیم جان عیسیٰ کو پہونچے

دعائے سجدہ کعبہ تک رسا ہو — مناجات زمین عرش آشنا ہو

زبونی طالب فرخندگی ہے — خداوندی سے عرض بندگی ہے

کہ مین ہون اک خس طوفانی غم — شرار نالۂ زندانی غم

دل سوزان مین آہ نارسا ہون — سیہ خانہ مین نقش بوریا ہون

دہن پر مہر ہے راز نہفتہ — زبان عجز پر حرف نگفتہ

کہون کیونکر کہ مین سنگ ہون نہین — ہون آئینہ تو رہن زنگ ہون نہین

بیابان نوردی مجھسے معمور — جہان کس مپرسی مین ہون مشہور

خدنگ نوش سرشک چشم تر ہون — نمکخوار جراحات جگر ہون

چراغ صبح کی سی روشنی ہون — مہ داغ جگر کی چاندنی ہون

نہین ہے نا امیدی میری دربان — مرے گھر پاس ہے ناخوانده دربان

لٹا جسدن سے اک گلزار آباد — ہوا اوس دن سے یہ عاصی بھی برباد

فاقہ مین دن تو کاٹا فکر مین رات — توکل پر غرض اپنی ہے اوقات

کئی شاگرد ہین صاحب سعادت — مرے خادم ہین حسب استطاعت

جو زر و دولت تونگر کچھ ادھر ہین — وہ ناپرسان ارباب ہنر ہین

خدا دیتا جو کچھ بھی قابلیت — تو کرتے قدر ارباب فضیلت

جو لطف اون مین ہین کچھ صاف دل — وہ اخلاق و مروت مین ہین کامل

غنی تو نہین ہین پر اون مین وسعت — کہ لا ہی کر سکین دلخواہ ہمت

ہمارے شہر مین جب یہ بلا ہو
گزارش حال اپنا مین کرون کیا
پر اب لکھنا پڑا مجھکو بہر طور
اگرچہ ہون نہایت کم حقیقت
نہین کم نام مین اہل سخن مین
کئی شاگرد بھی ہین میرے مشہور
مدلل ہے یہ دعوی شاعر شہیر
ادہر جو تھے امیران فلک قدر
بٹھاتے تھے مجھے سر پر وہ ذیجاہ
مرے دل کو بہت رکھتے تھے وہ شاد
ہوا مدت سے اب خاموش خاطر
سنی اب شہرت عقد ولیعہد
ہوا امید فیض ابر سخاوت
ہے جود و عطا و بذل فیضان
کیا اب اضطراب دل نے ناچار
شریفون سے بھی ہو کر فراہم
کیا تشویش نے مدحت کا چارا
ہر اک مصرع ہے بیمار و نکما لا
ولیکن تحفۂ درویش حاضر
کئی تاریخین ہین قطعون مین منظوم
اگر جمعیت خاطر ہو حاصل

تو کیجے چشم امید اون سے کیا ہو
کہ وصف اپنا ہو اپنے منہ سے بیجا
وکیل اپنا وہان کوئی نہین اور
مگر دی ہے خدا نے تھوڑی عزت
مرا نالہ ہے نامی انجمن مین
کہ دیوان اونکے ہین مرغوب جمہور
روایت سند درج ہو تذکرون مین
مشائخ کے لیے انکے او ہا غذ
ادہر کے لوگ اس سے خوب ہین آگاہ
جو وہ ہوتے تو مین ہوتا نہ برباد
نہ تہا ہرگز سخن سنجی کا مائل
الٰہی کام جہان کو لذت شہد
کہ ہو انگشت امید خلقت
قریب و دور ہین ممنون احسان
لکھے تہنیت مین چند اشعار
اسی بارے مین کی تاکید بہت
ہوا کاسد سخن گوئی کا بازار
نہین ہے قابل دربار والا
نہین رد کرتے اہل فیض ہرگز
پڑی ہو شاعران شہر مین دہوم
دکہا دون مین بہار تیر یا دل

گزارش ہے فقیر ناتوان کی — گزارش ہے مفتقر بیجان کی
چمن سے خار وخس کی ہے گزارش — ہما سے اک مگس کی ہے گزارش
جلی کھیتی کی ابر تر سے فریاد — سراب خشک کی کوثر سے فریاد
رہائی سے اسیری نالشی ہے — سخاوت سے فقیری نالشی ہے
سحاب درفشان سے پیاس کی [illegible] — سے بحر کرم قطرہ کی فریاد
کہ ہے یہ مثنوی بندہ کی تصنیف — الہٰی کی ہر اس مین نظم تعریف
بہت خون جگر کھایا ہے مینے — تب اسکو نظم کر پایا ہے مینے
مترجم ہین احادیث اور آیات — بہت سے معجزات اکثر روایات
ہوئی ہے نظم حمد ونعت بھی خوب — ہوا میلاد بھی موزون خوش اسلوب
بہت محنت سے کی ہے نظم معراج — بہار باغ وحال بحر مواج
کمال رزم وبزم ایسا ہے موزون — کہ جسمین نظم ہین ہر شکل مضمون
ادھر جب قدر دان اسکا نہ پایا — سخن سنج وسخن پیرا نہ پایا
تو پیش بندگان خاص اکثر — روان کرتا ہون یہ منظوم نادر
نہ تھا مقدور اتنا مجکو واللہ — کہ چھپواتا مین اسکو حسب دلخواہ
مرے شاگرد ہین صاحب سعادت — انہون نے جمع کرکے بیع قیمت
کسی مطبع مین چھپوایا پر افسوس — پڑی اس مثنوی کے باغ پر اوس
بدا املا بدنما بدخط چھپی ہے — بہت مشکوک اور اغلاط بھی ہے
کرون کیا چھاپنے والونکی فریاد — کیا اس گلشن رنگین کو برباد
بہت تصحیح اس نسخہ کی کی ہے — ہر اک صفحہ مین یہ مطلب جلی ہے
مجھے مطبع سے کچھ جلدین ملی ہین — رقوم دفتر بیجا اصلی ہین
انہین سب مین سے لی یہ جلد مجھو — بنایا مین نے اسکو تا بمقدور

ایضاً بنام بعض احرار

مومن پاک حامی سادات — ناصر دین حق خجستہ صفات
آسمان ہمم سحاب کرم — در یکتائے قلزم عالم
قدردان سخنوران جہان — عاشق حق موید الایمان
دام اقبالہم حسدا وندا — زاد افضالہم حسدا وندا
جناب مبارک نواب — فلک آداب آفتاب القاب
ان کی خدمت میں بعد صد تسلیم — عرض کرتا ہے یہ فقیر اثیم
کہ گل گلشن پاک چن چن کر — آپ کا صیت فیض بن شکر
نذر کو بھیجتا ہوں عمدہ کتاب — مثنوی ہے یہ گلشن شاداب
منقبت الفت اسمین ہے منظوم — معجزات و فضائل ہر معصوم
جو ہی ابیات سب یہ بھی موزون — معنی اعلیٰ نئے نئے مضمون
چھاپنے والون نے یہ کیا یہ غضب — کہ نہایت خراب چھاپی سب
تھا یہ فردوس کا بہارستان — کر دیا غافلون نے خارستان
مجھکو جو چھاپنے کو تھا مقدور — تنگدستی سے مین رہا مجبور
یہ جو شاگردون کو کیا کچھ زر — دی چھپوا کے لائے پیش نظر
دیکھکر میں نے پہلے سر پیٹا — پھر کیا اس نظم کو تصحیح کیا
سہو کی تصحیح میں رہا محتاط — رہ گئے پھر بھی بیشتر اغلاط
ذرہ ذرہ اسکے دیکھئے گا غور — تفضل حق سے پسند ہوگی ضرور
نذر عاصی قبول اگر ہو گی — ذرہ میری طبیعت تر ہو گی
اب جنت کا ہے دل اشتاق — حسرت کربلا میں طاقت طاق

بحث تمام اب یہ بیجا ہے / ساز و سامان نصیب اعدا ہے
کوئی صورت نظر نہیں آتی / قسمت اب راہ پر نہیں آتی
خیر جو کچھ خدا کو ہو منظور / شرح احوال ہو ادب سے دور
ہو چکا ختم لابدی مطلب / اے قلم لکھ زیادہ حد ادب
رفعت و سروری ہمایوں باد / خانہ آباد دولت افزوں باد
سید بے نصیب کی عرضی / ہے منیر غریب کی عرضی
بارہ سو بانوے ہیں سن ہجری / بست و ہفتم ربیع اول کی
وارد امید ہے سکین / ساکن کٹرہ جلال الدین

بنام وزیر ریاست پٹیالہ

مظہر علوم و آداب معقول / مددگار قرآن و آل رسول
محیط کرم ابر مدرار فیض / سحاب عطا بحر زخار فیض
گل باغ دینداری و آگہی / ریاض سیادت کے سرو سہی
وزیر معظم وحید زمن / جناب خلیفہ محمد حسن
بہ عمر و اقبال و الادام / پئے مہدی دین علیہ السلام
بخدام درگاہ عالم مآب / وزیر فلک قدر عالی جناب
گزارش ہے اک بندۂ زار کی / گزارش ہے عبد گنہگار کی
گزارش ہے درویش ناکام کی / گزارش ہے اک عبد گمنام کی
گدائی بے شعور سے التماس / سیہ بخت کے نور سے التماس
و آئینہ ہے بے فریاد زنگ / سلیمان سے نالشی مور لنگ
کف خاک عرضی [illegible] / دل زخم خوردہ کی مرہم سے عرض

لب تشنہ کی خاص دریا سے عوض — کسی جان بلب کی مسیحا سے عوض
خموشی ہے تقریر سے نالشی — غبار رہ اکسیر سے نالشی
غرض بیدلی کی ہے اخلاق سے — یہ ہے عرض سموم تریاق سے
کہ ہرچند دنیا مین لاشی مین ہون — جیسے کہتے ہین کچھ نہین ہین ہون
مگر ہے یہ حق حق نہین افترا — کہ مقبول عالم سخن ہے مرا
کہی ہے نئی طرز کی مثنوی — مزے جسمین ہین ہین صوری معنوی
مناقب ائمہ کے منظوم ہین — بہت معجزات اوسمین مرقوم ہین
احادیث و آیات کا ترجمہ — صحیحہ روایت کا ترجمہ
مضامین تازہ ہزاران ہزار — مع رزم و بزم و خزان و بہار
دل اہل دین اوس سے ہو شادمند — ہوی حضرت مجتہد کو پسند
یہی مثنوی ہے بہشتی چمن — ہوے اوسکے عاشق سب اہل سخن
زہے فیض آل رسالت مآب — کہ ان روز دن مین چھپ گئی وہ کتاب
سبب تنگدستی سے اے دین پناہ — نہ تھی اوسکے چھپوانیکی دستگاہ
مگر میرے شاگردون نے ہو کے جمع — یہ چاہا کہ روشن ہو جلدی یہ شمع
دیا قیمت طبع کا ربع زر — مگر اہل مطبع سے پہونچا ضرر
غلط اور مشکوک چھاپی کتاب — بگاڑا انہی چیز کو بے حساب
پیا مین نے اس صدمہ سے خون دل — غم و غصہ نے کر دیا مضمحل
غرض حق تصنیف ہین اے جناب — کئی جلدین مجکو ہوئین دستیاب
یہ نسخہ اغلاط سے کر کے پاک — کیا مین نے تفویض ربابک
کہ پہونچا دین وہ خدمت خاص مین — پڑھا جاوے وہ صحبت خاص مین
برائے خدا و برائے رسول — کرین آپ یہ نذر میری قبول

کوئی بیت اگر ہو پسند حضور / مرا فخر ہو اہل دین میں ضرور

اگرچہ ہوں میں وارد رامپور / بہت دن سے گو کہ میں ہوں الجھنور

تڑپتا ہوں پر کربلا کے لیے / زیارات آل عبا کر لیے

فزوں ہو یہ اجمال تفصیل سے / بچاتا ہوں عرضی کو تطویل سے

کروں مختصر اس عریضے کو اب / کہ ہے طول مطلب خلاف ادب

دعا پر کروں ختم اب مدعا / الٰہی بحق رسول خدا

بحق علیؑ و حسینؑ و حسنؑ / رہیں آپ فرماں روائے زمن

یہ ہے عرضی سید بے نوا / منیر حزیں پائمال بلا

مہ و روز تحریر ہے دلنشیں / کہ ہے ذوالقعدہ کی اکیسویں

بتاتا ہوں میں اس طرح سال حال / کہ اب تیرہ سو میں ہیں کم آٹھ سال

۱۲۹۲

عرضی منظومہ بنام نامی راجہ امیر حسن خاں بہادر

رئیس الاسخیا کہف الانامے / فرید عالم و فیاض نامے

بہار گلشن خلق و مروت / سحاب عالم فیض و فتوت

محب آل اطہار پیمبر / ازل سے عاشق زار حیدر

علیؑ کے عاشقوں میں فرد کامل / عزاداران شبیری سے افضل

جناب راجہ صاحب بحر احسان / امیر نامور دریائے فیضان

رہیں یا رب ہمیشہ شاد آباد / بحق مصطفےٰ و آل امجاد

غرض بعد تمنائے حضوری / رقم کرتا ہوں مقصود ضروری

تعالی اللہ بسیت فیض اخلاق / کہ سب ہیں خدمت آقا کے مشتاق

نہایت میں بھی ممنون عطا ہوں / مشرف لکھنؤ میں ہو چکا ہوں

نہین گمنام ہین دنیا مین چندان — مرے دیوان ہین مشہور دوران
مری تصنیف جتنی ہو چکی ہے — اوسی مین سے یہ جلد مثنوی ہے
ائمہ کی ثنا سے ہے یہ مشحون — فضائل معجزات اسمین ہین موزون
رقم ہین اسمین آیات و احادیث — سراپا ہین روایات و احادیث
بیان بزم ہے مرغوب جمہور — خصوصاً گھاٹ کے میلہ کا مذکور
بہار گل خزان باغ باہم — نیا گرما و سرما کا ہے عالم
خصوصاً جنگ میدان دیدنی ہے — گل مضمون تازہ چیدنی ہے
بیان گھوڑے کی تعریفین ہین منظوم — تعلّی اوس جگہ خود ہوگی معلوم
مضامین این ہین بے مثل تازہ — عروس فہم کے چہرہ کا غازہ
خدا کے فضل سے اردو زبان مین — جواب اسکا نہین ہندوستان مین
جو ہین اردو زبان کے شاعر استاد — سبھون نے کر دیا اس نظم پر صاد
لکھے ہین سب نے تاریخون مین اوصاف — رقم ہین خاتمہ پر اسکے وہ صاف
بطور ارمغان حاضرانہ — مین اک جلد اسکی کرتا ہون روانہ
غرض جب آپکی خدمت مین پہونچے — کف دست فلک قسمت مین پہونچے
اسے فرمائیے بنظر منظور — نگاہ فیض سے ہو جائے پر نور
غلط اسمین چھپے ہین لفظ اکثر — ستم ہے چھاپہ والونکا سراسر
نہ تھا مقدور چھپوانیکا مجکو — ولیکن میرے شاگردان خوشخو
لے آئے جمع کرکے مختصر مال — دیا ارباب مطبع کو وہ فی الحال
اونھون نے اسکی کی خانہ خرابی — ہوا یہ کاغذ زر نقش آبی
غرض یہ چند جلدین ہین ڈبائین — بڑی مشکل سے میرے ہاتھ آئین
کچھ اس نسخہ کی کر دی ہین کی تصحیح — دہم نظارہ کھلجائیگی تفریح

اسی مطلب کی ہے منظوم ہو شرح
کہ ہے بیچون کربلا مین کس طرح

زیارات ائمہ کا ہون مشتاق
توقف مجکو ہندوستان ہے شاق

نہ کیون شاکی بخت نارسا ہون
کہ ہین دام ستمگارہ مین پہنسا ہون

خموشی چاہیے ای طبع افگار
ادب سے دور ہے یہ طول گفتار

میرا احوال ظاہر ہے خدا پر
سو لیجئے ختم کرتا ہون دعا پر

وفور عمر و دولت تا ابد ہو
ہمیشہ کی الٰہی کی مدد ہو

فقیر منفعل کا ہے عریضہ
مہینہ پانچل کا ہے سو یعنی

لکھون تحریر کا تاریخ سن دن
ربیع اولین کا لکھوان دن

بتادون سال ہجری بھی مین صاف
ہلا دو آٹھہ تو ہون سیزدہ صد

بفرمایش قاضی القضاة نامہ فارسی بجواب نامہ اکابر نوشتہ جو ہو راز جاور عرب و الہ آباد

سر نامہ بنام ایزد پاک
کہ بستہ عقد جان با قالب خاک

خلقنا کم با زواجا قرین کرد
نخستین ازدواج ما وطین کرد

قلم ہمدم لوح آفریدہ
برای عرش کرسی برگزیدہ

عروس شام ہمبزم قمر کرد
نکاح مہر با زالی سحر کرد

فلک را والدری زمین کرد
بہا ہمہ وصال حور عین کرد

ز حوا جلوہ گر مشکوی آدم
صفورا با کلیم اللہ ہمدم

دل یعقوب از راحیل خرسند
زلیخا را بیوسف کرد پیوند

ہم آغوش سلیمان بخت بلقیس
بزہرہ داد جام وصل برجیس

خدیجہ را انیس مصطفی ساخت
علی را ہمدم خیر النسا ساخت

نبی را کرد صدر آرای عصمت
بستش زد عروس شریعت

بفرمانش حسین و شهربانو — نشستند آنچنان زانو بزانو
چو بر نرجس نگاه فیضش فتاد — رهش در بوستان عسکری داد
عروس شرع را بسته درین قصر — نکاح دائمی با صاحب عصر
باذنش در چمن با صد تجمل — عروس بوی نو بست حجلهٔ گل
بود تا خاطر آبای اصلی — ببندد امهات بزم سفلی
عروسان درود و نعت و رحمت — تمام ابکار تسلیم و تحیت
بتو اهل بیت و لالی ثناها — نثار مصطفی و آل طاها
پس از حمد اله و نعت احمد — پس از وصف امامان مؤید
وهم آب چشم از سبزهٔ گلشن — زنم بر آتش سیال دامن
درین موسم چمن مینو نگار است — بهار است و بهار است و بهار است
فلک پروین فشان ابر در بار — ز شبنم برنگ انجم سیار
تعالی الله ازین فصل دلاویز — هوا بر مغز جانها غالیه بیز
شب سنبل سواد شام امید — گل نسرین بیاض صبح جاوید
جوانان گلستان گل بدامان — شمیم گل چو طاوس خرامان
شقایق رخت گلگون برده دوش — سمن از پرتو مه پرنیان پوش
لب هر غنچه چون پیمانه می آلود — ز شبنم زلف سنبل گوهر آمود
خم صهبا برنگ صبح در جوش — حریف کهکشان موج می نوش
کف رندان به می در عهد بستن — بنا گر زهد در توبه شکستن
عروس خم نشین در گلشن آمد — برون خورشید از برج دن آمد
درین باغ و بهار دلگشائی — سرت گردم بیا ای ساقی کجائی
بیا ای نوبهار گلشن جان — بیا ای ابر کف دریای احسان

بیا ای دیدهٔ و دل جلوه گاہت
بیا ای کحل چشم خاک راہت

بیا ای ابروانت قبلهٔ جان
بیا ای عارضت مهر درخشان

بیار آن مے که چون فردوس خوشبوست
بیار آن مے که کوثر چشمهٔ اوست

بیار آن قرمزی پیکر شفق پوش
بیار آن تازه برق خرمن ہوش

بیار آن آتش صلکرده نور
بیار آن داروی دلهای رنجور

نه آن مے کو حرام آمد در اسلام
مدام ام الخبائث باشدش نام

بود آن مے بنزد صاحب دین
دم حیض عنب بول الشیاطین

سیاه اکسر زان آلوده دامان
بود یک قطره اش سیل کاخ ایمان

بل آن مے کز بهشت جاودانست
پئے سرمایهٔ تقوی ضمانست

که یک پیمانه اش مهر منیرست
عروس حجلهٔ اختر عبیرست

اگر یک قطره اش بر من فشانی
دهم صد گنج عمر جاودانی

ز فیض این بهار گلشن دینا
رسید اینک هوای عشرت انگیز

زمان انتظار آخر بسر آمد
بریدی نیک پے از در در آمد

بمشتاقان صلای خرمی داد
بدلها صد نوید خرمی داد

بدستم داد مکتوبے خوش اسلوب
مه از دش خوشتر از گیسوی محبوب

برهم وعدهٔ فرخنده بنیاد
بدستم یک صد و یک سکهٔ زر داد

چو دیدم نامهٔ والا جنابی ست
که در برج سیادت آفتابی ست

وحید عصر مجموع الفضائل
شفیق ذی المفاخر صاحب دل

کرامی سید امداد حسین ست
بهر سو لطف و احسان زیب و زین ست

خدایا دهش اقبال دلخواه
الی یوم التناد ابقاه بالجاه

نوید آمدن در وقت موعود
دل مشتاق را از خویش ربود

تامل حیثیت بسم الله بیاید
مرا ممنون این منت نماید

بیاض کحل بصر گردد رو تا ن
میان چشم و دل منزل گرفتان

کشم بند نقاب از رو مطلب
بپاس اتحاد دین و مذهب

بر آن زرها بر افزودیم شمسه
مبارک همچو نقد [illegible]

صدو هم سیزده زرهای معلوم
بیک جا میفرستم نزد مخدوم

اگر مقبول طبع پاک آید
کلاه من سر افلاک ساید

جواب وعده یعنی نامهٔ شوق
که گرم است اندران هنگامهٔ شوق

بآن بزم گرامی میفرستم
بپیش چشم سامی میفرستم

مدام این رسم مطبوع دل آرا
مبارک باد ما و هم شما را

بافضال و عنایت های یزدان
بحق مصطفیٰ و آل و قرآن

نمی گویم زبان اہل فرس ست
بلی این نظم منیر کس مپرس ست

بمدح جناب فیضمآب نواب [illegible] صاحب بہادر دام اقبالہ قطعہ ہذا در کانپور نظم کردم

بھڑکی ہوئی ہے آتش آج باغ مین
آئی ہے بلبلون کی پرون سے ہوائے عید

ہے جلوہ گر زمانہ مین رنگ بہار عیش
پہنے ہوئے ہے صبح مسرت قبائے عید

عطر بہار سکے چلی باد صبحدم
مغز جہان کو مشک طرب سے بسائے عید

اطفال غنچہ پہنے ہین ملبوس لالہ گون
سارا چمن ہے انجمن جانفزائے عید

سنبل کی چوٹی گوندھ کے مشاطۂ بہار
کرتی ہے بال بال کو زنجیر پائے عید

مستی کا ہی ہے باغ مین سوسن کو کسقدر
اودی گھٹا سمجھ کے نہ کیون ہو [illegible] عید

کاجل سے شان دیدۂ نرگس کی بڑھ گئی
جتون جو اوسکی دیکھے تو آنکھین چرائے عید

پھولون گہنے سے ہے عروس چمن کی زیب
ہر گل بنا ہے شاہد گلگون قبائے عید

مداح خوان سے شاہین آج کو ون ملتی ہین گلے
مصروف تہنیت ہین چمن کی ترانہ سنج
آباد عیدگاہ ہین خالی ہین مدرسے
دکان سیفروش کہلی مدتون مین آج
شیشے بدون ہو شکر روزہ دار سے
پی پی کی مست ہو گئے ہین پیاسے شراب کے
افیون پیچکے تو ہین کوئی قلعہ کہکے چل
نواب دولہ زینت ایوان سروری
مصروف جشن عیش ہین وہ آسمان شکوہ
بجتی ہین نوبتین در دولت کے سامنے
جس کمرے ہین حضور سے لیکر ین جلوس
آئی ہے ہر بذر زلیخا سے روزگار
کیا نور ہے لباس جواہر نگار کا
خورشید چہرہ طرہ دستار پاک ہے
پر نور کسی تیغ ہے تیغ حضور سے
دشمن کو اسکی سایہ ہے حاصل شام گور
گھوڑا وہ تیز رو ہے کہ اسکو نہ پا سکو
ہر ساعت اسکی چال سے عشرت نمود ہے
تقسیم خلعتون کی ہو رہی ہے مال و زر
فیاضی حضور سے ہے عیش سال بھر
زینہ بڑھا جو تک قدمبوس ہو گئے

پڑہتا ہے ہر درخت نماز ثنائے عید
ہر برگ تر کو ورد زبان ہے دعائے عید
اطفال پڑھتے ہین سبق ماجرائے عید
مینا سے تو بہ توڑ کے کیونکر آئے عید
تھی چشم جام منتظر جلوہ ہائے عید
کیفیت اس بڑہ کی بھلا کیا کہائے عید
سرکار کو گذرنے لگین نذر ہائے عید
ہر جسکے التفات سے نشو و نمائے عید
ہوتا ہے گرد ہر کے تصدق ہائے عید
شہنا سے نکلے زمزمہ جانفزائے عید
فرش نفیس کی عوض آنکھین بچھائے عید
ہے ساتھ ساتھ شاہد یوسف لقائے عید
ہر ایک گھر ہے اختر بخت رسائے عید
حاصل ہے اس فروغ سے نور و ضیائے عید
جسکو ہلال عید کہین آشنائے عید
جلوہ ہے خیر خواہون کو اسکا ہمائے عید
باد صبا نکہت گلشن ہوائے عید
ہر نقش پا ہے آئینہ رونمائے عید
سامان سارے عیش کے ہین مقتضائے عید
کیون کوئی دن نہین رہتا سوائے عید
اللہ رے شرف سر دولت ہمائے عید

دیکھے جو عشرتِ ابدی حضور کو — تا روزِ حشر جنکے انتہائے عید
دربان کو یہ حکم ہے اقبال خاص کا — دولت سرائے خاص سے جانے نہ پائے عید
یہ بات روزگار کی گردش سے کھل گئی — قربان آپ پر ہو یہی مدعائے عید
یارب ہزار سال سلامت رہیں حضور — ہر روز اسیطرح پئے تسلیم آئے عید
اقبال و عمر و جاہ زیادہ ہو تا ابد — ہر وقت سازِ عیش سے آئی صدائے عید
دشمن ہون خاک دست ہون سرسبز ای منیر — ہر صبح آرزو میں ہو حسن و صفائے عید

قطعات

قطعہ تہنیت عید الاضحےٰ نذر نواب علی بہادر

عید اضحے ہو مبارک حضرت نواب کو — فرش ہو نور طرب ایوان رفعت کے لیے
لالہ زار گلشن اقبال ہو تزئین عید — خون قربانی شفق ہو صبح دولت کے لیے

ایضاً

عید اضحے میرے نواب کی سرکار میں ہے — دست زر بخش اوٹھا ہے گہر افشانی کو
ناقۂ صالح دنبۂ فلک و گاو زمین — بے طلب صبح سے موجود ہیں قربانی کو

ایضاً

عید اضحے ہو مبارک میرے آقا کو مدام — ای منیر اپنی مناجات ہر سال یہ ہے
سرخ رو خون سے قربانیوں کی ہو دنیا — لالہ زار چمن دولت و اقبال یہ ہے

در مدح جناب نواب سید محمد حسین خان بہادر بمبارکباد تقریب عید الفطر در کانپور بنظم آمد

یارب ہو بہار چمن عیش مبارک — ہر دم شجر بخت سے نکلے ثمر عید
نواب سمیع حضرت سالک کی بدولت — لٹتا رہے ہر سال یونہین سیم و زر عید
چاوش دب کی جو اجازت ہو میسر — قربان رہے شاہد زرین کمر عید

شیرین ہو کیون نطق سخن آرا
منظور ہے شاہد اقبال کو جلوہ
نقش کف پا دیکھ کر آنکھون ہو معراج
بوسے چمن عیش اگر باغ مین جائے
ڈنکا ہو زمانے مین خدا وند نعم کا
اقبال و طرب کی رہے ہر وقت ترقی

حضرت نے دیا مایۂ شیر و شکر عید
آئینہ دکھاتی ہے ادب سے سحر عید
تا بام فلک پہونچے گی نظر عید
ہو کو چہ تنگ رنگ گل مین گذر عید
دے پیک صبا آکے ہمیشہ خبر عید
ہو گر جو سواری کے نظیر سحر عید

قطعہ در تہنیت فتح نواب عالی بہادر جنگ دام اقبالہ

فتح دی اپنی عنایت سے خدا نے آپ کو
آیۂ انا فتحنا مژدہ فتح قریب
کیون نہو فضل خدا چشم عنایات رسول
فتح زیبا و مبارک ہو شاہ خاندان
لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

سب عدو مقتول تیغ و بستہ زنجیر ہین
تہنیت سے ہمزبان ہر لب تقریر ہین
آپ ہمنام جناب شاہ خیبر گیر ہین
آپ منظور نگاہ مالک تقدیر ہین
صورت نصر من اللہ جوہر شمشیر ہین

قطعہ مدح جناب نواب احمد حسین خان بہادر سالک

ازل کے دن سے نہین ہے علاقہ کوئی اثر
اثر کلام سخن ملک کو ہے علاقہ کا
نصیب فضل بہاری کو سرخروئی ہے
ہر ایک تخم مین کشت سخن کھیت کا حاصل
برائے تیغ سخن جوہر فصاحت ہین
شراب آب بقا ہے ساغر خلعت

جہان ہر قمر چاک دل کتان کے لیے
نئی جلا و حیات جان لذت بیان کے لیے
نہین ہے زرد ہی رخ موسم خزان کے لیے
کہین شگفتہ دلی کشت زعفران کے لیے
سخن کا ہے خم و خنجر زبان کے لیے
مسیح و خضر بشر ہو دوان کے لیے

پئے طواف حرم اہل قبلہ سا ہی ہین
برہمنون کی جبین سجدۂ بتان کے لیے

نزول جانب پستی برائے صید زبون
عروج طائر فردوس آشیان کے لیے

نظر کے واسطے آنکھین حواس بہر دماغ
لہو رگون کو لیے مغز استخوان کے لیے

بتون کے واسطے انداز و دلبری و ادا
نیاز و عجز و وفا طبع عاشقان کے لیے

خلش ہوئی مژہ تیر کے لیے پیدا
بنی ہے چین و شکن ابرو کمان کے لیے

دہن کا وصف ہے حصے مین نکتہ سنجون کے
صفات موئے کمر طبع غیبدان کے لیے

تلاش معنی روشن برای طبع منیر
منیر مدحت احمد حسین خان کے لیے

علو رتبہ ہے یون بہر نام پاک حضور
عروج جیسے ہو خورشید آسمان کو لیے

ثنا ہے جب سے تخلص حضور کا سالک
سخن جھکا کے قدم کاٹے زبان کے لیے

فزود وشان ہین اس نام کی ثنا کر دی
یہ نعمت اور تری ہے جنکے لب دہان کے لیے

دیا یہ قادر مطلق نے فارسی مین کمال
کہ ہر سخن ہے سند صاحب زبان کے لیے

فصیح لفظ سے مضامین تو معانی نو
دم مسیح ہے ہر شعر نیم جان کے لیے

زبان خامہ والا سے فارسی کو فروغ
یہ افتخار ہے شیراز و اصفہان کے لیے

کمال ہے بدلی ہر نظم و نثر حضور
یہ معجزات ہین بین لب زبان کے لیے

فرشتے بھی چنین نظم و نثر والا سے
بہار مانگتے ہین گلشن جنان کے لیے

لباس شاہ سمنے سے کی جو پوشی
صبا نے لئے قبائے گل جنان کے لیے

یمین پر بنگ زمین فرش ہو گئی رفعت
فلک نے بوسے اسی سنگ آستان کے لیے

حسب نالی نشین رفعت نسبی
شرف کہان یہ کسی اور خاندان کو لیے

برامکہ سو معن ابن زائدہ سے غرض
مرا سخن نہین وصف گذشتگان کے لیے

جو وہ بھی ہوتے تو نواب کی فتوت کو
خضر سمجھتے رہ بحر و امتنان کے لیے

بھری ہے کشتی درویش لعل و گوہر سے
سوائے جیب تہی کیا ہی بحر و کان کو لیے

پیش نواب سخی قلزم فیض — صاحب ہمت یکتائے جہان
معدن فیض امم بحر کرم — درفشانی مین سحاب نیسان
کعبۂ بخشش و حلم و اخلاق — قبلۂ دانش و دین و ایمان
ملتمس ہے پس تسلیم و سپاس — ننگ آفاق منیر نادان
مثنوی نذر مبارک کے لیے — ڈاک مین آج مین کرتا ہون روان
معجزات آل نبی کے ہین نظم — اور احادیث و نصوص قرآن
منقبت نعت فضائل ہین درج — قدر سے جنکو بہی ہے ورد زبان
بزم و رزم ایسی ہین ایسے نادر — کہ ہو مطبوع دل پیر و جوان
نئے مضمون بہی ہین اسمین بہت — نکتہ دان جہان پر ہو عیان
جتنی ہین مثنویان اردو کی — نعت و ایجاز مین مطبوع زمان
اسکو اون سب سے ملا کر دیکھین — خود بخود حق نہ رہیگا پنہان
پر ستم ہے کہ چھپی ہے یہ غلط — ہین خس و خار محیط بستان
مجھکو قدرت نہ چہپوانے کی — سعی شاگردون نے کی بیپایان
ملکے چہپوائی اونہون نے لیکن — چھاپہ والون نے کیا سخت زیان
کچھ کچھ اس جلد کی کرکے تقسیم — آپکی نذر کو بہیجوائی وہان
آپ فرمائین اگر اسکو قبول — قدر ہو جائے مری صد چندان
کربلا جانے کو ہون مدت سے — صورت ماہی بے آب طپان
ہاتھ آتا نہین سامان سفر — مفلسی ہے مرض بے درمان
رامپور اب تو ہے میرا مسکن — ہون کئی سال سے نوکر مین یہان
ہو فزون دولت و اقبال جناب — آپ پر سایۂ شاہ مردان
ختم کرتا ہے گزارش کو منیر — کہ نہین طول ادب کے شایان

قطعہ

بہار باغ نبوت سحاب گوہر بار — ذرِ محیط کرم بحر پر دلی کے نہنگ

امیر نامی و نواب صاحب ہمت — وحید عصر شجاعت ہزبر بیشۂ جنگ

یہ اونکی خدمت عالی میں ہو بغیر گزر — کہ ہو یگانۂ آفاق دانش و فرہنگ

یہ مثنوی جو بطور نذر بھیجتا ہوں میں — خدا جو چاہے تو پہنچے وہاں بغیر درنگ

نبی و آل نبی کے ہیں معجزات اسمیں — مقابلہ نکرے اس سے نظم ہفت اورنگ

مناقب اور فضائل حدیث و آیات — جو اسمیں دیکھے تو کھل جائے غنچہ دل تنگ

نیا طلسم معانی میں رزم و بزم کا ہے — نہان ہو شرم سے کر کے عشق قمر از رنگ

ہیں جتنی مثنویاں اس زبان اردو میں — خصوص نعت و مناقب سے جو ہیں بیرنگ

مقابل اس سے ذرا کر کے دیکھیں منصف — نہیں یقین کہ اس مثنوی کی ہوں ہمسنگ

ستم ہے کہ چھپی ہے بہت خراب غلط — اس آئینہ کو لگایا ہے چھاپنے والوں نے زنگ

صحیح کچھ ہے اسکو کر کے بھیجتا ہوں میں — شکستہ ساز ہے پر اصل میں ہے خوش آہنگ

اگر قبول کریں آپ تحفۂ عاجز — تو آبرو ہو مری رشک لعل و جلد و گنگ

کئی برس سے ہوں میں رامپور میں نوکر — ہمیشہ نسبت نجف و کربلا کا ہے آہنگ

اگرچہ سدرۂ شوق شناست اعمال — زمانہ کا ہے سیر کو ساتھ اور بھی کچھ رنگ

زیادہ صد ادب سے فزون ہو دولت و عمر — رباب عیش و حکومت ہو بلند آہنگ

ہزار اور دو صد سے ہیں بانوے بالا ۱۲۹۲ — مہ سوم سے ہے تاریخ بستمین ہمرنگ

قطعہ

جو کرے وصف قبلۂ عالم — کعبہ دے اوسکو خلعت جنت

جو بہوت اسکے گرد ہو کالو — کریں ڈنڈوت اوسکے آگے منت

اوس کی قوت کا نام لیکے کرے ۔۔ مورچہ فیل آسمان سے رنت

اوسکے اعجاز لب کو سن سنکر ۔۔ کہتے ہین قدسیان چرخ احسنت

ہے طنین ذباب سے کمتر ۔۔ سامنے اوسکے ساحرون کی بڑ بڑنت

تھاک ہین سحر لگیا ایسا ۔۔ سحر یا دون مین جا چھپی ہے گرنت

سرسون نرگس کی آنکھہ مین پہولے ۔۔ اوسکو دربار مین جو دیکھے بسنت

دیکھکر لہر تیغ والا کو ۔۔ پانی بہرتا ہین سورمان ساونت

پہاندنے کا جو اوسکے عزم کرے ۔۔ دل مین کنچیاسے خوف ہنومنت

ہاٹ اس تیغ کا جو دیکھے عدو ۔۔ لب بہ زخم ستہ کہے احسنت

گہر باگون جو تیغ کا ہو غلاف ۔۔ تنکے دانتون مین پہر لین بلوانت

فیل نواب کو اگر دیکھین ۔۔ حمد تہ گنیش کو اوتار پیچ نست

کھینچ لین فیل ابر کے دندان ۔۔ ایسے ہین اسکے جر کٹے ساونت

رخش نواب ہے وہ برق خرام ۔۔ جسکے جلوہ سے ہو پہو بسنت

صفت دریاے آسمان پہاندے ۔۔ جست اس کی جو دیکھہ لی ہنومنت

دیکھکر استقامت و تمکین ۔۔ گردش دہر بیٹھی ہو گی نچنت

راگنی ٹہری سونے کی پتلی ۔۔ گاے مطرب جو اوسکے آگے بسنت

زر و دولت جسے نظر آیا ۔۔ فکر دنیا سے ہو گیا وہ نچنت

آتش فتنہ ہند مین اوس کے ۔۔ بہولس کو بہی نکر سکے بہسنت

ہو جانے کا سلسلہ مفقود ۔۔ ابہی دم ڈہونڈہتا پہر ہنومنت

وصف اوسکا اگر نگایا جائے ۔۔ نہو او تم گلا نہ مدہم تنبت

اوسکے دشمن کے حصہ مین یارب ۔۔ رنگ مدقوق بن کرآئے بسنت

داعی خیر ہو جو مثل منیر ۔۔ خود اجابت اوسکو کہے احسنت

چاہتے تھے قرب سب دیوانگان عشق کا
غم سے کانٹا تھا وہ نشتر جو رگ جان میں نہ تھا

غیر کو آئی چشاک مجکو نہ بھیجا زہر بھی
گور کے سنہ کا نوالہ خوان احسان میں نہ تھا

کم نہ تھی بند ہو دنسی پابند علائق ای جنون
پادشاہ وقت تھا جو قید سامانین نہ تھا

چند نون تھی عشق مژگان کی عنایت بچپنون
نیش عقرب کی سوا نشتر رگ جان میں نہ تھا

میرے رونیکی خبر کسونکہ نہ پوچھی تو تم سے
سات دریا درمیان تھے عین طوفان میں نہ تھا

ہرگھڑی کے رنج سو اکبار تو ملتی نجات
زہر بھی میرے لیے تلخی دوران میں نہ تھا

ابکی تھی جن دیری نکہ لے مر وحشت مین اسیر
کونسا آسیب تھا جو کنج زندان میں نہ تھا

لطف کی صحبت نہ دیکھی زندگی بہر اجل
مجمع دلچسپ بس خواب پریشان میں نہ تھا

چھان مارا تھا جنون مین دشتیون نے بال بال
پیچ قسمت کا کسی زلف پریشان میں نہ تھا

کیون نہ رہتا وصل پر لوکا بسر عمر بھر
سال بھر ای پری مہر سلیمان میں نہ تھا

ای جنون تھا ابکی بلغ حسن پر اک مدرسہ
طفل مکتب تھا جوان روز دبستان میں نہ تھا

دیکھنا پیا نہ گردون ہو الیسر کب
جبکہ ذرہ آشنا کوئی بزم امکان میں نہ تھا

یار ونکی قسمت مین لکھی تھی یہ لوہے کے چنے
دانہ میرے نام کا زنجیر زندان میں نہ تھا

منہ جو پردیسے نکالا ہو گیا پر شرم حسن
شعلہ عریان چراغ زیر دامان میں نہ تھا

کسطرح پریان سحر رہتی تھین حیران ہون
ای فلک نقش درم مہر سلیمان میں نہ تھا

آج پر کیا ہو ہمیشہ سے تھے لطافت پردہ دار
کب ترا جسم ای پری پیراہن جان میں نہ تھا

جن دلون تھا بیہ لوگکو گہنے سو اوس گلرو کو شوق
داغ حسرت تھا وہ گل جو جیب دامان میں نہ تھا

دونون شاید گھٹ گئے آپسمین ای جوش جنون
اختلاط ایسا بھی دست و گریبان میں نہ تھا

صاف دیوانی تری گرد کدورت سے رہے
خاک کا پیوند تھا جو دور دامان میں نہ تھا

دشتیان عشق کو کیونکر پسند آتا بہشت
اک گل داغ جنون گلزار رضوان میں نہ تھا

تھا خون شمشیر قاتل کو رہا شوق حست
ایک قطرہ بھی لہو کا جسم بیجان میں نہ تھا

سکئے کس تہرسے جا کر کعبہ مین سر پہوڑتی
ایک بت ہی قبلۂ ارباب ایمان مین نہ تہا

آج تک پایا عروس مرگ کا جوڑا سفید
رنگ شاید اوڑ گیا خون شہید انمین تہا

فرش خاک اہل قلم کو کیون نہ دیتا آسمان
بوریے بہر کا بہی سامان اس نیستان مین تہا

جادۂ میخانہ ڈہونڈہا راہ وحشت چہوڑکر
کوچۂ خود رفتگی چاک گریبان مین نہ تہا

دامن صحرا لوٹی دولت حسن جنون
ایک یوسف اس برس تقدیر زندان مین تہا

قید کر ہم چہٹ گئی پر غم رہا دل مین اسیر
دائم الحبس اس سے بڑہکر کوئی زندان مین نہ تہا

خضر کیا سمجہے ہماری وادی وحشت مین وان
نقش پا ہو غول بہی ریگ بیابان مین نہ تہا

کس طرح اس تحقیقت تک پہونچتا فیض دوست
قطرۂ ناچیز کوئی ابر نیسان مین نہ تہا

بندگان شاہ مردان مین رہے خوش اے خبیر
چہرہ اپنا دفتر فغفور و خاقان مین نہ تہا

کعبہ کے سامنے دل خانہ خراب تہا
یہ جہونپڑا حضور محل کا جواب تہا

تیرے لئے جو سب کہنچا وہ شراب تہا
انگار و پر جو لوٹ گیا وہ کباب تہا

کہولے جو چشم دل تو بدن نقش آب تہا
جبتک کہ آنکہہ بند رہی مین حباب تہا

صحبت مین جلوہ گر صنم بیحجاب تہا
ذرات میرے گنجفہ مین آفتاب تہا

دنیا و دین سے جسنے نکالا کہڑے کہڑے
یا دشمن بحیرہ وہ دل خانہ خراب تہا

روپوش نور و نما تہا اونکے شباب مین
یا دل مین چاند زیر زمین آفتاب تہا

غفلت شریک حال تہی بچپنے ہی حسن کو
یوسف کنوئین مین دیدۂ یوسف مین خواب تہا

شبنم تہی کیون بنفشۂ زنجیر سے جدا
زلفون مین عطر سانپ کے منہ مین لعاب تہا

ہشیار و مست دونون تہے ممنون حسن یار
بوے گلاب تہا کہین کیف شراب تہا

آغاز عجز عشق شروع غرور حسن
محتاج کا سوال ولی کا جواب تہا

اللہ رے تلون نیسان فیض دوست
اشک یتیم تہا کہین در خوشاب تہا

پہلی ادا نے بھی جلایا ہے حسین
پیدائش نمک کر مین پہلے کباب تہا

پریان اسیر ہین تمہین ای پری فروش
تہا شیشہ کا یہ قلعہ کہ دور شراب تہا

دل بول اوٹہا جو اسکو کہا کعبہ کے قبر پر
غایب ضمیر پر بھی مین حاضر جواب تہا

دشمن بھی جسکے جانے پر افسوس کرتے ہین
کس نوجوان کی روح ہمارا شباب تہا

اعضا سو دلکو علم تباہی مین تہا کمال
گھر بھرے فاضل لیے یہ خانہ خراب تہا

کسطرح جاتی حشر مین رندونکی آبرو
سے تھے دھوتے واسطے پاک ہمارا حساب تہا

اسکے بھی وجود جوانی کے واسطے
جس خاک کی لباس مین اپنا شباب تہا

قربان ہوے کیون نہ پہنتا لباس سرخ
پوشاک روز عید بدلنا ثواب تہا

منظور خلق کو ہوا ایک دم قیام
چشم زمانہ مین جو سما یادہ خواب تہا

دیوانہ جسکو سمجھکر کیا قیس بول اوٹہا
بیگانہ میری نام سے میر اخطاب تہا

جی مین ہے پوچھون اوس بت بیدرد سے
لوٹا جسے سمجھون سنے وہ کسکا شباب تہا

طوفان نوح سے بھی یہ شعلہ نہ بجھ سکا
ہم غرق بحر غم تے مگر اضطراب تہا

ہوتا تری پسینے سے کسطرح سرخرو
مفلس کی آبرو تہے جیسے گلاب تہا

جلد بدن مین دکے برابر نہ تہا کوئی
نقطہ کتاب بھر مین بھی انتخاب تہا

کیونکر نہ نفی کرتی وہ اثبات شوق کو
جو جو سوال ہمنے کیا لا جواب تہا

بل تہا بھو دیکھین سامنی جاتا مین کسطرح
تلوار کھینچے پھرتے ہو اول عتاب تہا

موہوم کے سوا نظر آیا نہ کچھ ہمین
جو دل مین تہا خیال وہ آنکھون مین خواب تہا

پستی مری گواہ ہے اوج گذشتہ کی
جو آج داغ ہے وہی کل آفتاب تہا

کم مایہ کے بھی حصہ مین تہا فیض عام دوست
شبنم کے قطرہ قطرہ مین ایک آفتاب تہا

ڈرتا ہے کون آتش حسن شریر سے
غصہ مین بھی جب آگ نہ تھی مین کباب تہا

تہی حقیقتی مین بھی اک روز آبرو
نسیم جسکی موج تھی مین وہ سراب تہا

اخلاق تو تو بات بھی پوچھی نہ جیتے جی
تا قبر میرے ساتھ تمہارا عتاب تھا

لائی نہ اپنے ساتھ عدم سے تو اے اجل
برباد اوسی نواح میں اپنا شباب تھا

اس گھر میں بھی حسینوں کی جھرمٹ تھی اکدن
کیوڑا ہے اب جہان نہیں چھڑکا گلاب تھا

دنیا و دین کو چھوڑ کے کس سمت کھو گیا
ڈھونڈو نہیں کہین دل خانہ خراب تھا

بزم جہان مین سر بگریبان رہا کیے
کیا منہ دکھاتے ہم کہ سبھون سے حجاب تھا

مہمان ایک رات رہا صبح چل دیا
خوشبوئی دلہن کی بہار شباب تھا

ہم ازل مین بیٹھی نظر نہ ہوئی رہی
ہو کا مکان تھا مین جہان ہار یاب تھا

کعبہ خدا پرستون نے جبرا اٹھا لیا
اصل صنم کدہ دل خانہ خراب تھا

طوفان نوح جوش سے رنگ گل
دھوون پسینہ کا مین وہ تمہارا شباب تھا

لاکھون کے سر قلم کیے اوس شہسوار نے
تسمہ لگا رہا تو وہ زوال رکاب تھا

راحت تھی ابتدا مین تو ایذا اخیر مین
گویا مین حرف عطف ثواب و عذاب تھا

کیون کر نہ تھمین صبح بہشت اپنی ہڈیان
مین اے منیر خاک در بو تراب تھا

اک روز بھی نہ گردش مین او سکے گذر ہوا
سودا تمہ زمانہ او سکا او دہر ہوا

غائب نظر سے رشتہ وصل جب سیمبر ہوا
بوسہ دہان تنگ لینا کمر ہوا

افشان نورز نت یار مین کہین طرہ شوخیان
کیا ایک شب برات مین رقص شرر ہوا

صد مہ کہ تحفہ سفر وطن چھوڑ دیتے ہین
تیہر کے واسطے زاد سفر ہوا

دعوا کیسری تو سنبل کو پیش زلف
چوٹی کتے کی فرق اگر بال بھر ہوا

تا صبح روز حشر نکلنا محال ہے
کیسہ بخیل کا تکیہ سیم و زر ہوا

وحشت سے جو زبان مین نکلا ہوا وہی
دیوانہ جیسکا رقضا وقدر ہوا

ایک دن بنا کر کے نہ ہنسے وہ در بدر
مین کیا ہوا نہ پردہ کی گویا نظر ہوا

گم کیون نہو جہان مین سرمایۂ حیات
اوس گھر مین بخت سو ہی کوئی جہان نہ تھا

پھیکی ادا نے بوسے سے مجروح کر دیا
زخمون کے کھانے مین نمک امتحان نہ تھا

قطعہ

جس بزم جانفزا مین ابھی کل کی بات ہے
خالی سرور سے دل پیر و جوان نہ تھا

فرش نفیس دامن نظارہ سے لطیف
ذی رتبہ پیر فرش کی تاج شہان نہ تھا

فانوس مین تھین گلوے پریزاد سے سوا
روشن تھین صاف نور کی شمعین دھوان نہ تھا

ہر روشنی تھی برق تجلی سے آشنا
بیگانہ شمع طور سے ایک شمعدان نہ تھا

پھولون کی ہر طرف تھین ہزارون کیاریان
بیدار بخت خواب سے حسرت کہان نہ تھا

میوہ کی ڈالیان کہین ہونگی ڈالیان
ہر سبز جنکے سامنے باغ جنان نہ تھا

آب گہر کی موج تھی ہر نہر سے بلند
فوارہ وہ نہ تھا کہ جو گوہر فشان نہ تھا

نکلے تھے اساور کے بادلہ کی جال
جھالرے موتیون کی جدا سلسلہ نہ تھا

ارباب عیش کی کہون کیا خوش سلیقگی
وہ کون تھا کہ ہمسر شائستہ خان نہ تھا

صحبت برنگ خاطر اطفال روز عید
کمتر جوان تازہ سے پیر مغان نہ تھا

پریون کے جھنڈ تھے کہین جھرمٹ حسینونکی
محبوب جنکے آگے مہ آسمان نہ تھا

فتنہ کے عطر کو سر مو بھی نہ تھی جگہہ
آشفتہ کوئی گیسوے عنبر فشان نہ تھا

چھائے ہوئے تھے چمپئی رنگون کے قہقہے
جن سے شگفتہ تر چمن زعفران نہ تھا

چٹکی بجا بجا کے بلاتے تھے عیش کو
گانیکی دھوم تھی کہین نام فغان نہ تھا

شوری کے ٹپے تھے شاہ سدا رنگ کے خیال
بلبل کی بھی ترانہ کو رتبہ وہان نہ تھا

مستانہ غزلین تھین طرب انگیز ٹھمریان
وہ کون تھا جو عاشق رقص بتان نہ تھا

وہ ناچ سحر کا وہ بتانا طلسم کا
وہ بھاو جسکا نرخ مسرت گران نہ تھا

طنبورون سے ملے ہوئے سارنگیونکے سُر
بین اور سرسنگار مین غلطہ کمان نہ تھا

مسجدین ٹوٹی پڑی ہین صومعہ ویران ہین
یاد حق مین ایکدو دلہائے سوزان ہون تو کیا

خانقاہین منہدم ہین سب بتکدہ آباد ہین
رنج مین ہین اہل دین خوش اہل عصیان ہون تو کیا

لٹ گئی قصر مرصع کہند گئے زرین محل
رنج سے معمور اگر دلہا ہے ویران ہون تو کیا

نور کی خلوت ہین پریان ناچتی تہین جس جگہہ
اوس جگہہ مشعل نجف غول بیابان ہون تو کیا

چاند سورج جن سے شرماتے تھے وہ ٹوٹ گئے
اب زمانہ مین جو مہر و مہ درخشان ہون تو کیا

نخلبندان ریاض فیض وہمت ہین تباہ
پاسبان کشت خستہ چند دہقان ہون تو کیا

یوسفون سے ہو گئے بازار خالی اے فلک
زشت رویان جہان اجناس و کان ہون تو کیا

دانہ دانہ کے لئے محتاج ہین عالی گہر
اشک حسرت انکے مروارید غلطان ہون تو کیا

صوفیان صاف طینت واصل حق ہو گئے
خودنما دو چار نشناس اہل عرفان ہون تو کیا

کاملون کو کر دیا برباد تو نے اے فلک
چند نالایق تہ ہے ممنون احسان ہون تو کیا

جان بلب ہین غم سے استادان فن نظم و نثر
سلطنت اس عہد مین دس بیس نادان ہون تو کیا

بکتے ہین ایمان اچھی قیمتون کو آج کل
اس تجارت مین اگر شاگرد شیطان ہون تو کیا

دین فروشی کرتے ہین اونکے خریدار ونکو ہاتھ
کامیاب اہل ہین محروم ایمان ہون تو کیا

باغ جو رشک ارم تھا اوسمین ہین خس و خار
مزبلو پر سنبل و نسرین و ریحان ہون تو کیا

طوطیان خوش بیان کو زہر ہے قند حیات
زاغ و بوم اچہے سے مرغ خوش الحان ہون تو کیا

حافظ و قاری کامل پڑہ رہے ہین صم و بکم
لاف زن آفاق مین لاکہون غلط خوان ہون تو کیا

منعم و فیاض ہین محتاج نان خشک کے
خاکروبون کو میسر خوان الوان ہون تو کیا

پہرتے ہین آوارہ حضر جادہ فضل و کمال
مدعی علم و فضل چند نادان ہون تو کیا

پہیڑیون سے بچ رہے جو چند یوسف اے فلک
خانہ بر باد اسیر بند و زندان ہون تو کیا

پیشوایان رہ دین ڈرسے ہین عزلت گزین
گنج گرانہ دیر انکے پنہان ہون تو کیا

تو نہ گر ہین قاضیان و مفتیان اہل عدل
چند نا منصف شاہ اہل دوران ہون تو کیا

علم دین کوئی پڑھا ہو یا پڑھے کسکی مجال
حرف علم دنیوی طفلی میں دبستان میں تو کیا

عالمان با عمل تو پیتے ہیں خون جگر
راستون میں رہزنان دین و ایمان ہون تو کیا

تعزیہ خانون میں خاک اڑتی ہے جلتی ہے شراب
غم سے آنکھیں صورت زخم شہیدان ہون تو کیا

قدردان شاعری و شعر پھرتے ہیں خراب
صاحب دیوان گرامی سخندان ہون تو کیا

بستان عشرت اپنی جانیں دیتے ہیں
انکے گھر فضا بے رہزن ہر دمیدان ہون تو کیا

بے کفن دفن کیشان میرزا الٰہی جنہین تھے
سوگ میں صد چاک دامان و گریبان ہون تو کیا

بجھ گئیں شمعیں جلیں پروانے تو کیا فائدہ
اڑ گئے پروانے شمعیں زرافشان ہون تو کیا

دیکھنے والے نہیں آئینے پھر کس کام کے
بے زلیخا شہر سارے یوسفستان ہون تو کیا

سخت جان دیکھیا ہو چار ہے جو رہے
ہر گھڑی پابند خوف عزت و جان ہون تو کیا

کہاتے ہے جاتی ہے اوہنین بھی رات دن فکر معاش
روز لبہاتے تاسف زرق دندان ہون تو کیا

چھپ گئے گوشون میں عنقا کیطرح نباض عقل
آج بیمار و مسیحا دونون یکسان ہون تو کیا

روتے ہیں کس کس مزہ کو یاد کر کے ہائے فلک
زخم دل پر سیکڑون خالی نمکدان ہون تو کیا

یہ غزل ہے حسب حال دہر مثل قطعہ بند
سلطنت بھی مثل صورت خواب پریشان ہو تو کیا

کربلا میں یا نجف میں چلکے مر جاؤ منیر
ہند میں ہم پہلوئے گور غریبان ہون تو کیا

میکدہ میں جو میں غمدیدہ و مضطر آیا
چشم ساغر ہوئی تر شیشہ کا دل بھر آیا

کون دو پھول لحد پر کبھی لیکر آیا
ابر رحمت بھی جو آیا تو ہوا پر آیا

سب سے بڑھ کر دل عشاق ہوئے کیونکر پامال
آپ کی چال سے کیا فتنۂ محشر آیا

نیند کو راہ مری آنکھون کی معلوم نہ تھی
اے خدا خواب اجل ہجر میں کیونکر آیا

ہمکلامی کا نہ شکوہ ہے نہ بوسہ کی امید
دم مرا اسکی تمنا میں لبون پر آیا

ہاتھ جب اوسکے بڑھے جیسے گلے ملنے کو
راستہ روکنے کو بیچ میں خنجر آیا

آپ کیون کہتے ہین ہر بار ہین آج آؤنگا
کہئے تو کہہ دون قسم سے مجھے باور آیا

شش جہت ہین تری رحمت سے الٰہی معمور
کونسی راہ سے گردش مین مقدر آیا

بوسہ دست حنائی نہوا پھر بھی نصیب
خون دل جوش مین کیا کیا تہ خنجر آیا

بیکسی ہین ترے بیمار کو کسنے پوچھا
ہان خبر لینے جو آیا تو غش اکثر آیا

مردے قبرون سے نکل آئے اسی حسرت مین
کیا قیامت ہے کہ تو گھر سے نہ باہر آیا

ساقیا گریہ بیساختہ کی کیا تقصیر
چشم نمناک ابل آئی جو دل بھر آیا

آج تک عالم رویا سے بھی ہو جسکو حجاب
خواب مین وہ بت محجوب میسر آیا

دل نے کی عید جو ادس نوک مژہ نے چھیڑا
کیون نہ شہ رگ سے گلے ملنے کو نشتر آیا

سب نے دامن مین گل زخم بھرے چن چنکر
پڑ گئے لوٹ مین جب لے کے وہ خنجر آیا

آج تک جسکا پتا پوچھتے ہین دونون جہان
وائے قسمت کہ اسی پر دل مضطر آیا

تیری آمد کی تمنا مین تھی ای غیرت شمع
نور کے سانچے مین صبح وہی ڈہل کر آیا

دشمن و دوست گرے پڑتے ہین کیون سجدہ کو
کیا وہ بے پردہ میان صف محشر آیا

جو کہا تھا وہ کیا عشق کمر مین لوگی جان
فرق وعدہ مین نہ ایک بال برابر آیا

مرنے سے پہلے ہوئی کیا مری مٹی برباد
کہ دم نزع وہ آیا تو مکدر آیا

سنکے شہرہ تری رفتار کا آگے نہ بڑھا
جب دبے پاؤن کہین فتنہ محشر آیا

عمر رفتہ کے تفحص کو گئی ساعت لیکن
حشر تک طالع برگشتہ نہ پھر کر آیا

مہر و مہ نے جسے بے پردہ نہ دیکھا ہو منیر
کھول کر منہ وہ لب بام میسر آیا

تلخ کامی بسکہ دنیا کا وتیرا ہو گیا
حرف زہر نزع کا بھی سب ذخیرا ہو گیا

افسردہ دل ہو کر یہان جینا وتیرا ہو گیا
قبر سینہ قالب خاکی خطیرا ہو گیا

یار کو لاکھا جمانے کا وتیرا ہو گیا
دعوت لب خون ناحق کا ذخیرا ہو گیا

خوب تیرے منہ کی اجمال میں تفصیل حسن
ختم ان دو حرفوں میں قرآن پورا ہوگیا

دیجئے کیا انعام اگر پایا جواب باصواب
نقد جان پہلے ہی قاصد کا اجورا ہوگیا

کھنچ گئے تصویر صاد چشم کی چھپ کر ترتیب
آپ کے مصحف سے چوری ایک سورا ہوگیا

بات بھی باہر دہان گور سے جانے نہ پائی
سنتے ہیں شہر خموشان میں یہ شورا ہوگیا

چوستے ہیں مدتوں شیرین دہن تیرا اگال
لب بلب پستہ کو نور دستی یہ چورا ہوگیا

موذیوں نے رخصت عریانی مرا چھکا دیا
پارچہ مانگی تو حاضر کفن کہہ را ہوگیا

مصحف خوبان کی تکمیل کتاب حسن کی
سلکے بھی صورتین قرآن پورا ہوگیا

صحبت پیری جوانیکا گھٹا دیتی ہے رتبہ
جو سفیدی سے ملا وہ بال بھورا ہوگیا

ساتویں شب کو مٹے برابر وہ سیپارہ چڑھا
دونوں ٹکڑے مل گئے ایک چاند پورا ہوگیا

نسیم جان مدت سے ہر شخص کمال اپنا مشہور
تھا جو پورا قید میں رہکر ادھورا ہوگیا

حرف جو گنجینہ کلام نہ ہوگا
زخم دہن رہین التیام نہ ہوگا

زہر جفا سے جو تلخ کام نہ ہوگا
قابل مبتلائے انتقام نہ ہوگا

دل نہ جلائیں گے ہم جو آتش پرستے
رونے سے تاب کباب خام نہ ہوگا

روز سیہ کی اگر یہی رستے آہ
صبح کو رخصت چراغ شام نہ ہوگا

موج ہم صور کا ہے پیشا کرد
رقص سے نادم حباب جام نہ ہوگا

آئینہ یار سے ہوا ہے مشابہ
آج سے ناقص مہ تمام نہ ہوگا

قابل زیور اسے نہ سمجھیں گے مہوش
پختہ جو سودائے سیم خام نہ ہوگا

چال ہے مستانہ آج باد چمن کی
باغ میں وہ سرو خوش خرام نہ ہوگا

بے ... جسکو ہوگی ہوا گلشن کی
کشتہ شمشیر بے نیام نہ ہوگا

بال جو ہے سنبل کا ابروئے زلف یہ کا
بستہ گیسوئے مشک فام نہ ہوگا

بحر یہ معمول ہے اہل زبان کے | اوہرون کو انہین کچھ کلام نہوگا
مہدئی صاحب زمان اگر نہ سنین گی | ق | شکوۂ اہل جفا تمام نہوگا

قید سے کیونکر منیر ہوگی رہائی
تا متوجہ مرا امام نہوگا

راست بازی کو تمہارا بانکپن لیجائیگا | آدمیت لوٹ کر یہ راہزن لیجائیگا
ماسوا سے آگے وحشت کا چلن لیجائیگا | ہوکے عالم مین مجھے دیوانہ پن لیجائیگا
رہنما تا قبر ہوگا عشق چشم شوخ یار | شیر کے منہ تک لگا کر یہ ہرن لیجائیگا
میری مشت استخوان سے کیا ملیگا اے اجل | کوڑیان دو چار کیسہ مین کفن لیجائیگا
تیری ہی وضع چھینے گی حسینون کا سنگار | باغ رنگین لوٹ کر یہ سادہ پن لیجائیگا
نکہت گیسو سے بگڑی جائیگی باد صبا | چور رسوا ہونے کو مشک ختن لیجائیگا
ایک مین سو سو ملا کر بیچلیگا ہاتھون ہاتھ | مجھسے بوسہ قرض جو شیرین دہن لیجائیگا
میری شرم اوسکو دکھا دیگی قیافہ عشق کا | لکھکے نقشہ یہ وکیل کم سخن لیجائیگا
قبر مین کس چیز سے بہلائینگے دل ہم غریب | جلوۂ صبح وطن درز کفن لیجائیگا
بزم ہستی کا جوانی سے ہے سب نور و ظہور | نشہ جاتے وقت لطف انجمن لیجائیگا
شرط خوبی جیت سکتا ہے نہ کابل کا گنید | گوی سبقت انکا سیب ذقن لیجائیگا
جسم دست و رگ سے اے جان بچنے کا نہین | ورنہ سیلاب آکے یہ رخت کہن لیجائیگا
چوکڑی ہرنون سے چیتون سے لپک شیرون سے غضب | ایک شاہین مرا ناوک فگن لیجائیگا
سیر گلزار عدم دیکھی کرے عشق مین | قاف کے پریون مین عنقا ہر دہن لیجائیگا
نامۂ اعمال بہیجیگا عدم تک ڈاک مین | خط مرا اپنے لفافہ مین کفن لیجائیگا
تیری سنگ پا گر ذرہ سے بہر سنگ و پوست | رنگ و بو قرض اختر بخت یمن لیجائیگا
اونکو جاذبی نہ ٹھہریگی بہار بزم عیش | ساتھ اپنے ایک گل سارا چمن لیجائیگا

خط کے سنڈ جانے سے گالون کی چمک لیجائیگا
چھین کر یہ دہوپ سورج سے گہن لیجائیگا

آج کل قاضی ہر رشوت خوار ٹھگ ہر محتسب
پاسبان کو جو بچیگا راہزن لیجائیگا

گلشن دنیا سے یاران عدم کو واسطے
خندۂ شادی گل زخم بدن لیجائیگا

جاونگا دنیا سے رکھکر دوش ظالم پر وبال
بوجھ میرا اپنے سر پر راہزن لیجائیگا

شاہد ایمان ہے جسکے ساتھ دولہا بنی
اوسکے سر سہرا رہیگا جو دولہن لیجائیگا

زندگی اپنی ہر تو چھین جائیگی تیغ عتاب
زخم اگر تیرے ماتھے کی شکن لیجائیگا

غیر جاتا ہے لباس دوستی مین اوسکے پاس
کیا خبر تھی چور میرا پیرہن لیجائیگا

قید سے ہندوستان مین جینا ہو تا کربلا
اے منیر اک روز عشق پنجتن لیجائیگا

جو میرے دل مین ترا دہیان بہولکر آیا
تو سوچتا ہے خدا جانے مین کدہر آیا

ترا غبار قدم اوڑ کے جب ادہر آیا
لباس جسم سے بھی تنگ روح پر آیا

ہر ایک دل مین تمہارا محل نظر آیا
تمہین تھے صاحب خانہ مین جسکے گھر آیا

تمہاری زلف کی خوبون سے کون تھا واقف
اس اژدہے کی خبر لیکے پہلے ڈر آیا

اوسکو جیب سے دامان حشر تک بہیجا
ہمارے حصہ مین جو چاک ہاتھ بہر آیا

نکالی تمنے جو تیر نگاہ غیرون پر
ہماری زخمون کی آنکھون مین خون اوتر آیا

گواہ تیر نگہ بھی ابل بھی شاہد ہے
تمہارے سامنے مین جان دیکر آیا

حضور مجکو گرا دے نہ اپنے آنکھون سے
مین خود شکستہ نگہ تھام کر ادہر آیا

اوگال اپنے بہیجا تو پیشوائی کو
ہزار مرتبہ منہ تک مرا جگر آیا

منیر قید سے چھٹ کر وطن نصیب ہوا
ہزار شکر کہ جیتا مین اپنے گھر آیا

دل آمد خط پر بھی ہے دیوانہ کسی کا
ہے سبزہ پری سبزۂ بیگانہ کسی کا

دنیا سے ہے باہر دل دیوانہ کسی کا
بستی مین سماتا نہین ویرانہ کسی کا

ناحق دل نافہم ہے دیوانہ کسی کا
ہمسے بھی کبھی تھا یونہین یارانہ کسی کا

ساقی نگہ مست تری لڑتی ہے دل سے
کیون چور ہ نہون شہ مین پیمانہ کسی کا

چکر مین پڑا دون کو گھیتی ہے کوئی شمع
فانوس خیالی ہے پریخانہ کسی کا

کیون پھر گئی ستون سے تری چشم خماری
کیا چھوڑ چلا بزم مین پیمانہ کسی کا

سیلاب کبھی چغد کبھی بوم کبھی ہے
مہمانون سے خالی نہین ویرانہ کسی کا

محجوب ہے کس مست کی گستاخ نظر سے
شرمائی ہوی آنکھ ہے پیمانہ کسی کا

یارب کوئی محبوب دل زار اوٹھا لے
رستہ مین پڑا ہے دُر یکدانہ کسی کا

عالم کے غم و رنج سے بھی دل نہین بھرتا
وسعت ہی بہت تنگ ہے ویرانہ کسی کا

سرگشتہ ہے کونین کیون پیک تصور
عالم ہے زمانہ سے جداگانہ کسی کا

ساقی کے قدم لینے سے کیا ہاتھ لگے گا
دل تھام لیا لغزش مستانہ کسی کا

شیرین ہو تو فرہاد ہے لیلے ہو تو مجنون
حصہ نہین اپنا دل دیوانہ کسی کا

مدت سے ترے تشنۂ خون ہین کئی خنجر
کچھ کام کرے ہمت مردانہ کسی کا

دل مین نہین آسکتی ہے آباد ہے دنیا
جاگیر خرابی کی ہے ویرانہ کسی کا

دل مین ہے کبھی دیر مین ہے گاہ حرم مین
بھٹکا ہے بہت جلوۂ مستانہ کسی کا

مرجائے کہ تڑپے کوئی اوس بت کی ادا پر
دعوی نہین اے شوخ طفلانہ کسی کا

گھر پھونک دیا اے برق جہانسوز خدارا
جلنے ہی سے روشن ہو سیہ خانہ کسی کا

قائم رہے کیا دل مین بنائے طرب و عیش
سیلاب کی قبضہ مین ہے ویرانہ کسی کا

کعبہ سے چلے آتے ہین بتخانہ کو بادل
پہونچا ہے کہان نعرۂ مستانہ کسی کا

نیند آئی تہ خاک کو آغوش لحد مین
شاید کہ اجل کہتی ہے افسانہ کسی کا

مجنون محبت کو نہ سمجھے کوئی نادان
ہشیار زمانہ کے نہ دیوانہ کسی کا

یہ رنگ گل تازہ کو کس روز ملا تھا
چوری نہ گیا ہو کہیں ہمیانہ کسی کا

اوبھرے ہوئے جوبن کو بچائے ہوئے رہئے
اب تھم نہیں سکتا دل دیوانہ کسی کا

ساقی مئے دیدار دیئے جائیو لیکن
آتی کہ لبریز ہو پیمانہ کسی کا

کھلتا نہیں کس پر دل خود رفتہ ہے وحشی
جب پوچھیے کہتا ہے کہ دیوانہ کسی کا

عاشق ہوں ضمیر اپنے ہی انداز سخن کا
وارفتہ کسی کا ہوں نہ دیوانہ کسی کا

ٹھہرا جفائے یار لہو سینہ خستہ کا
بیکار دست بستہ ہے پائے شکستہ کا

جبتک تری نظر ہو ادھر ناکہ کش ہو دل
رشتہ نہیں ستار سے تار گسستہ کا

اپنوں کے توڑ جوڑ سے پھندے میں پھنس گیا
میرے گلے میں طوق ہے دست شکستہ کا

گیسوئے یار کو دل رم خوردہ کی ہے تاک
ہے انتظار جال کو آہوئے جستہ کا

توقیر ٹوٹے دل کی ہے مستوں کی آنکھ میں
ان روز دن دور دور ہو جام شکستہ کا

دوڑا قد خمیدہ جوانی جدھر گئی
پیچھا کیا کمان نے اس تیر جستہ کا

سختی طبع پختہ مزاجوں سے دور ہے
جبتک ہے خام ساتھ ہے خرما و پستہ کا

فصل بہار میں بھی نہ پھولا پھلا کبھی
یارب ہے دل کہ غنچہ ہے شاخ شکستہ کا

سبزان ہند بوسہ اگر مسکرا کے دیں
چکھوں نمک تبسم لبہائے پستہ کا

پہلو میں تیغ غم کو بھی دیتا نہیں جگہہ
بل بے دماغ آپ کے تیر نشستہ کا

اس شیشہ کو تراش دیے ہیرے ای صنم
دل پر ہے دانت کارد الماس دستہ کا

پھنسا ہے دل کہیں تو ہو یاروں میں سرخرو
کھلتا نہیں ہے رنگ حنائی نبستہ کا

عاجز ہوئے ہیں پیٹ کی ہاتھوں ہی اے کریم
ایسا بھی تا زمین ہے دست بستہ کا

اسد رجشم و لب کی محبت میں گھس گیا
بستر کو پوست چاہیے بادام و پستہ کا

سرکش ہے حکم بخیہ و مرہم سے زخم دل
بیٹھا ہے حکم آپ کے تیر نشستہ کا

سونپے ہین عشق نے دل زخمی کو اپنے راز
اس گھر کو اعتبار ہے قفل شکستہ کا

دل مضطرب ہے گیسوون کو بال کھولنا
پھندا چھڑا و مرغ پر و بال بستہ کا

ٹوٹے مکان کو نہین کرتا کوئی پسند
کیون غم ترا مکین ہے دلہاے خستہ کا

آتا ہے روز قافلہ بیکسی و یاس
زائر یہی ہے مشہد دلہاے خستہ کا

عنقا ہوا بھی اسکی تلاش مین ہزار
آفاق مین پتا نہین بخت خجستہ کا

جس طرح عکس چاند کا ہو جوے شیر مین
عالم ہے صبحدم یہ ترے روے شستہ کا

حانث نہین قسم بھی اگر کھاؤن اے منیر
عمدا مین آشنا نہین مضمون بستہ کا

رکھتا جو جسم زار تن و توش نقش پا
ہوتا ترے گلے مین ہم آغوش نقش پا

یون چل کہ چھو نجائے برو دوش نقش پا
آواز پاؤن کی نہ سنے گوش نقش پا

انداز تیری چال کے ہرگز نہ پا سکا
مثل غبار راہ اوڑے ہوش نقش پا

چوری سے کیا گیا ہے وہ سفاک پر غیر
چھپی ہوئی ہے چشم جفا کوش نقش پا

پامالیون نے تیغ حوادث سے دی پناہ
دشمن نہین کسی سے زرہ پوش نقش پا

جیسا ہوا یک یوسف ثانی کی راہ مین
چھپتا ہوا ہے خواب فراموش نقش پا

ہم جستیون کی چال سے ہو آبرو ہو خاک
[illegible] ہو دُر گوش نقش پا

سر پر رہے نشان کف پاے یار ہو
اس پا سے ہم کو نصیب ہو سرپوش نقش پا

ہم خاک سے یار کی آنکھون مین کیا سمائین
چپ چاپ نہین نظر مین تن و توش نقش پا

کوچہ مین اوسکے قافلہ بوے گل نجاے
پامال ہو نجائین ہم آغوش نقش پا

طاؤس ہر نشان قدم ہے حضور کا
لاسے ہین رنگ سنا بگلپوش نقش پا

تائب شراب خمکدہ سرکشی کے ہین
میخانہ جہان مین قدح نوش نقش پا

تیغ خرام نازکا انداز دیکھ کر
ہے جنت سجو زمین زرہ پوش نقش پا

بعد فنا تو قبر کو پامال کیجیے
ہو میری خاک زینت آغوش نقش پا

روشن ہے مجھسے مجمع افتادگان خاک
گویا ہون شمع مجلس خاموش نقش پا

تلوار اوسکی چلتی ہے کس چال ڈھال سے
ظاہر ہجوم زخم سے ہے جوش نقش پا

پامال ہوکے مر گئے ہم کوے یار مین
تابوت اوٹھانے کے لئے ہو دوش نقش پا

طاؤس کب تیری گذرگاہ ناز مین
وارفتہ خرام ہین مدہوش نقش پا

اے بت جو بوسۂ کف پا مانگتے ہین ہم
حد ادب دکھاتی ہے پاپوش نقش پا

جس راستے مین خاصف النعل نبی چلے
ہو چشم جبرئیل ہم آغوش نقش پا

سودا کی طرح کوچہ بیدل مین اے منیر
خط جبین است ہم آغوش نقش پا

کس طرح پاؤن پتا شیخ و برہمن اونکا
سارے ہرجائیون کے دل مین ہے مسکن اونکا

تو ہی خود رفتہ نہین اے دل روشن اونکا
حسن اونکا ہے جمال اونکا ہے جوبن اونکا

ایخدا شرم سے سرکش نہو جوبن اونکا
رکھدے خنجر نہ گلے پر خم گردن اونکا

ہم بغل پھولون کے گہنے سے جوبن اونکا
غیر جلسون کے تصرف ہے گلشن اونکا

حرم و دیر مین ہے جلوۂ پرفن اونکا
دو گھرون کا ہے چراغ اک رخ روشن اونکا

کچھ جوانی ہے ابھی کچھ ہے لڑکپن اونکا
دو دغا بازون کے قبضہ مین ہے جوبن اونکا

نہین دیتے جوانی سے لڑکپن اونکا
چھاتی پر چڑھ کے دبا یا کرے جوبن اونکا

شوخ چشمی نہین لازم ہے نظر بازون مین
رعب کچھ رہنے دے اے چلبلی چتون اونکا

اپنے قابو مین نہین خاک نشینون کے ہاتھ
پاؤن کے نیچے نہ آئے کہین دامن اونکا

چھپ کے غیرون سے مرے خواب مین وہ آئینگے
راستا روک کے بیٹھے رہین رہزن اونکا

جاے انصاف ہے دم کیون نہ گلے مین اٹکے
اے اجل گھر ہے قریب رگ گردن اونکا

مسی ملنے مین چھپایا تو نہین ہم دیکر
کھل گیا بھید نکلنے سے غنچۂ سوسن اونکا

کیا ہوا خاک نشینون نے اگر دیکھ لیا
اسقدر جامہ سے باہر ہو دامن اونکا

راہ سے غیر کے گھر چھپ کے چلے جاتے ہین
بنگیا چور محل خانۂ رہزن اونکا

بحقیقت بھی نہین فیض ازل سے محروم
نظر آیا دل پر سوز مین جسد مین اونکا

نالۂ شب سے ہین جو عشق بتان مین محروم
صبح کو نام نہین لیتے برہمن اونکا

یہی کھٹکا ہے مرا ظرف حقیر ہی سبب سے
تو بھی کے بدلے نہ لے شیشہ گر دل اونکا

ایسے منکر سے کہو ارض وسما مین زر ہے
ڈھونڈھ کے اور جدائی کہین دشمن اونکا

خانہ برباد تمنا نے قدمبوسی کا
ٹھوکرین کھانیکو گرویدہ ہے دامن اونکا

دیر ہستی کو مٹایا تو مٹا نقش مراد
بنگیا توڑ کے بہت کو برہمن اونکا

زخم دل بخیہ گرون کو نہ دکھا اے نادان
نہ لے احسان بقدر سر سوزن اونکا

وادی نجد کا وہ ہے تو ہین مجنون ہم بھی
دل دیوانہ سے کف لاے نہ تو من اونکا

آنکھین جھپکا نیکا ہے برق تجلی کو مرض
کس طرح کوئی دکھا دے رخ روشن اونکا

آگئے ہین ساتھ لیے شرم و حیا کے پہرے
آج کس طرح مزا لوٹین کے رہزن اونکا

شمع رخ نے چراغ حرم و دیر جلائین
جلوہ پہچان نہ لین شیخ و برہمن اونکا

وصل نے لوٹ لیا دونون کو تنہا پا کر
آج بھی میرا گریبان نہ دامن اونکا

جلوۂ داغ محبت ہین کئی تھی جن کی
جھلملاتا ہے چراغ سر مدفن اونکا

سامنے غیرون کے آستانہ پڑھا اے وحشت
بغلین جھانکین نہ کہین شرم سے جوبن اونکا

کعبہ کا مرتبہ اس سے نہ زیادہ سمجھین
خانہ زادون مین ہے جو دلکے ہے مسکن اونکا

ہم اگر پنجۂ وحشت سے اشارہ کردین
چاک ہے دست و گریبان ہے و دامن اونکا

ظلمت کفر کی حامی ہے اگر زلف سیاہ
نور ایمان کا ہے ضامن رخ روشن اونکا

لاکھ کی ماتم عاشق سے ہون تو سازش
تہوا پر ہوا نالۂ و شیون اونکا

اے منجم ہے وہین شرم و حیا کی معراج
جس فلک پر ہے ہلال خم گردن اونکا

فیض شمشیر ادا عام ہوا ہے رب کریم
مرجع خون دو عالم ہے دامن اونکا

سابق وصال کے جلوہ کو مطابق کرلین
آئینہ بھیجے ہے اسے وا دے ایمن اونکا

وہ جہان مین وہین ہم تو ہین ہاری آنکھین
آنکھ شوق کی جاگیر ہے مسکن اونکا

کل ہی کی وعدہ خلافی سے وہ محجوب بنین
کئی شب کا ہے ہلال حسن گردن اونکا

خون ناحق سے وہ باریک کمر پاک رہو
ساقی اپنے ادسے لے ڈوبی نہ دامن اونکا

جان قری ہین ہوا اثر ہری پر رو سہین
ذکر کرتے ہین اگر طائر گلشن اونکا

مین تو کیا پیر فلک بھی ہوا سی سکتہ مین
برق تابان کی ہے شوخی کہ لڑکپن اونکا

جان دے ڈالے نہ محجوب اجل شرماکر
دیکھنا نام نہ لیتا سر مدفن اونکا

آنکھ بد سے نہ کسطرح بچاؤن دل کو
ایک دانہ ہے بھی حاصل خرمن اونکا

چشم مستے مین نہ تجھ مین نہ بیمار کو دلبین
اب ٹھکانا نہین ای وادے ایمن اونکا

کوئی بیدردی محروم ہوا اس دولت
ہر دل چاک کے رشتہ مین ہو دامن اونکا

وصل کا رنگ بڑھا کھلنے لگے تجھ کی بہار
کونسے پھولون کی قسمت مین ہو گلشن اونکا

جلوہ حسن حقیقی کی بتون کو کیا قدر
ہے غریب الوطن آفاق مین جوبن اونکا

مجکو تو اپنی شہادت کا نہ ہوگا دعوے
ہاتھ چھپان نہ این خنجر و گردن اونکا

تھا وہ کعبہ ہے جو قبضہ مین بتون کے آیا
پاؤن رکھے تو دل دوست مین دشمن اونکا

قسمت عاشق پامال ہے جسکی
یہی ڈر ہے کہ کھٹک جائے نہ توسن اونکا

دست کوتاہ ادب سیتی ہین سر اپنا
جیسے بیٹھا ہے کہ گھول کے دامن اونکا

قتل ہو کر بھی اگر فاش کہین ہین یہ وہ
تا دم آئے نہ کفن کو مرے دامن اونکا

زیور شرم و حیا مین چھپا سے اتنا
آنکھ پڑنے کی جگہ چھوڑ دے جوبن اونکا

یہ اثر نالۂ بلبل نے کہان پایا تھا
کہین چوری نہ گیا ہو کوئی ارگن اونکا

عشقبازون کی جدائی سو نہ پہلے چلن کی
رات کی رات تو گھیرا رہے جوبن اونکا

تلوار تیز کرتے ہیں ہر دم بتان دہر
پتھر کا اسے خدا ہمیں ناحق جگر ملا

پیری میں عشق زلف سے دل گرم ہو گیا
شعلہ سے وقت شام چراغ سحر ملا

تنہا رہا میں ہجر کی شب داغ بے کسی
ڈھونڈھا چراغ لے کے تو درد جگر ملا

کس سے ہو ربط سایۂ دیوار یار کو
جوڑا نہ اس ہما کو کبھی عمر بھر ملا

لالہ بنا چمن کا نظر آیا داغ گور
کس بے نصیب داغ کو میرا جگر ملا

داغی ہوں دل سے ہو نہیں سکتے ہیں اے منیر
افسوس ہے کہ کیوں ہمیں یکتا گہر ملا

آتش عشق نے پھونکا دل بیتاب اپنا
سر اٹھایا ہی کیا قطرۂ سیماب اپنا

قطرہ افشاں ہو اگر دیدۂ پر آب اپنا
فرش پھیلا کے سکھاتا پھرے سیلاب اپنا

کھینچئے خنجر خوں ریز نہ لب آب اپنا
کہیں جوڑا نہ سمجھ لے اسے سرخاب اپنا

لیگیا کہہ کے جگر دار رسیاب اپنا
حشر کے دن بھی نہ ٹھہرا دل بیتاب اپنا

سر چڑھاتے ہیں اوسکو گل تر اے بلبل
سب میں طرہ نظر آیا گل شاداب اپنا

پڑ گیا جب سے تری شوخیوں کا پرچھاواں
کبھی نچلا نہیں بیٹھا دل بیتاب اپنا

درد فرقت کی قسم کھا کے بتا دو ہمنشیں
تجھ سے چھپتا ہو اگر دیدۂ بیخواب اپنا

دشمن دولت دنیا ہو شوریدہ چشم
چاندی سونے کو لگایا کرو تیزاب اپنا

شب فرقت میں دکھایا تو کبھی اپنی کمر
بولے بجھکے ہوئی ہو اسکو رگ خواب اپنا

راہ دے منزل مقصود کی جوش طپش
دست و پا مارتا ہے دل بیتاب اپنا

گر نہ باغ کیا کوچۂ دلدار کیا
زہر اگلتا ہے کہاں لوٹ دریاب اپنا

تیرے خوں تشنہ نکالا ہے زبان سے
دیا زہر لگے دم خنجر نے آب اپنا

تلخکامی سے مرے موذیوں کو شوق اگر
نہوا ہمسری سانپ سے زہر آب اپنا

سیر روتے سے نہیں ہوتی ہیں دونوں آنکھیں
ان گڑھوں کو نہیں بھرتا کبھی تالاب اپنا

جوش پر قلزم گریہ رہے یا رب شب ہجر
نیند کے آنے کو دریا ہو پایاب اپنا

وہ دکھاوینگے ادہر بھی جو نہ دیکھا ہوگا
اس طرف منہ تو کرے مہر جہانتاب اپنا

گھر سے نکلے تو ہوئے گرم سفر سوی عدم
سیخ کو سمجھی عصا ماہی بے آب اپنا

لب لعلین کی خموشی سے ہوا دل برباد
اوڑ گیا آتش خاموش سے سیماب اپنا

اشک آب ہو بہین گے نہین مرقد تسر کو برنگ
کیون نہ ہر گھاٹ کا پانی ہو پہ سیلاب اپنا

آئے ہین عاشق ابروے بتان حج کرنے
تیغ تیز رکھے اسے کعبہ کے محراب اپنا

نہین آسان سر انگشت بتان کا بوسہ
منہ تو ہو اسے ذرا حلقہ مضراب اپنا

چشم پر آب نے دیکھا نہ کبھی ساغر مے
آشنا ایسے کنول کو نہین تالاب اپنا

ہاتھ ڈالین گے اگر ہم کمر قاتل مین
پلنگ پکڑے ہوئے دوڑیگی ابھی داب اپنا

چاندنی مین مرے گھر وہ نہین آسکتے ہین
تر کرے فرش ابھی چادر مہتاب اپنا

میرے رونے کا تو احوال لکھا جاتا ہے
کہین فوارہ نچھوڑے الف آب اپنا

ہو جو منظور تکلف کی ملاقات ان کو
دست بستہ ہوئین حاضر ہو آداب اپنا

تخم امید جو دل مین لگا ہون سو ترسے
کہیت ہے تیرون کی بوچھار سو سیراب اپنا

جاگتے جاگتے فرقت مین ہوئی عمر تمام
پہلو بہ بختان سو یا ہو گیا خواب اپنا

گرد اوس قلزم خوبی کے بھنور دیکھ لیا
ترک کر دے نہ طواف آج سو گرداب اپنا

باغ مین بدری سحر جو بلبل با الفت آیا
کھل گیا زخم جگر دیکھ کو شہراب اپنا

بے اثر اشکون سے ہے آبرو دل پانی
عرق شرم مین تر ہے ورثا یاب اپنا

جو سے بھی ہوئی آلودہ مری صحبت مین
لے چلے دامن تر چادر مہتاب اپنا

لے چلے نقش دلی بار گنہ سوی عدم
ابھی مزدور کے سر پر ہے اسباب اپنا

آبرو جاہ مین کہو بیٹھے ہین عشاق دقن
سر جھکا بیٹھو نہین جھانک کر دالا باب اپنا

سجدہ ابروے جانان مین رسائی ہو تو
سر جھکائے ہی رہے کعبہ کے محراب اپنا

گویا اجل سے صلح ہوئی بزم یار میں — ملنا عدو کا زہر پریشاں کفن ہوا

چوٹی میں تمنے پھول جو رکھا گلاب کا — معشوق عندلیب نسیم ختن ہوا

شیرین کے قصر میں نکلیا نکلے جوئے شیر — تیر الہو سفید پگھلا کے کوہکن ہوا

لایا ہے رنگ پھولوں کے گہنے کا اختلاط — آخر گلے کا ہار چمن کا چمن ہوا

لے رنگ عشق خاک میں اوسکو ملا دیا — جس بلبل کے جسم کا تو پیرہن ہوا

بدلا ہی رنگ حسن بتان ذرا تو بے ثبات — گل ہو نیکو چراغ بہار چمن ہوا

کیونکر خیال جامہ دری اے اجل — سد و دشتر ننگ در چاک کفن ہوا

بیگانہ وار چلتی ہے مجھ سے نسیم صبح — کس گل کا بخت آج نصیب چمن ہوا

جان جہان نے انکو کھینچا جو سیخ دو — کیا باقیطا جان نہ چرخ کہن ہوا

اقرار بوسہ کر کے نہ مکرے کبھی حضور — شکر خدا کہ قول کا پہلا دہن ہوا

کپڑوں کی شان پھول پہننے سے گھٹ گئی — پیوند دار آج ترا پیرہن ہوا

ایسا نہو خبر ہو کہیں آسمان کو — کیون روز وصل وار دبیت الحزن ہوا

مخدوم خلق تیری پرستش نے کر دیا — پوجا گیا وہ بت جو ترا برہمن ہوا

یاران رفتہ کی نہوئی دید جیتے جی — اندھا ہوا جو نیر انجمن ہوا

دوہرا کے تیری باتوں کو لیتے ہیں ہم مزا — قائم مقام بوسہ لب کا سخن ہوا

صورت خوشی کی آنکھوں نے معدوم کی — بنتے تھے جس سے ہم وہ تمہارا دہن ہوا

صبح وصال آئی شب ہجر چل بسے — شاید کہ ختم دور سپہر کہن ہوا

سب پھول اوسنے مانگتے تھے ملگیا ہار — یاور مگر نصیب گل یاسمن ہوا

کچھ عرض حال کر کے جو منہ چھپائی پوشیدہ — داغوں کا داغ بخیہ زخم دہن ہوا

ساقی نے کی جو چشم سیہ سے نگاہ قہر — نشہ ہرن ہوا ابھی تو کالا ہرن ہوا

اوس راہ کی طلب نہیں سہل اے شمیم گل — راہی جدھر کو نالۂ مرغ چمن ہو

کیا کوسون خون دلکے مقدر کو اے خدا
غصے نے تو وصال مین لوٹی بہار رُخ
غیرونکو پان دیکے نہ پہینکو ادہر اُگال
مجکو ستا ستا کے جتایا بہون نے عشق
اے زخم دل نہ مانگ نے عنایت یار کی
عشق بتان نے مسخ کیا بہی تو کیا ضرر
میری خوشی سی ہوگئی عبرت جہان کو
بہوکے تمہاری وصل سے روزے پہ آئی ہین
رستم ہی اسکی دام بلا سے نہ بچ سکا
خون شہید ناز سے ہر بت ہے سرخ پوش
ساری خرابیان رہین غربت مین اپنے ساتھ
کیون کپڑے پہاڑتا ہے زمانہ بہار ہین
جہکڑا اٹھا کے غیر کی سنتے نہی اہین
قبر شہید چہوڑکے سہرے مین جو گندہا
ہوتا ہی کون مجہسے یک و شمع کا شریک
صحبت سی بندہ رہی ہین مضامین دردناک
پاس ادب سے پہول اٹھاتا نہین کوئی
ڈہونڈہے ہین نہ رخصت منکر نکیرین قبر مین
تیوری پڑی جو زلف سے زائد ہوئی گرہ
خالی نہین کہین سے اب آغوش آرزو
بے حکم یار بات کرے کوئی کیا مجال

یاقوت لب بنا نہ عقیق یمن ہوا
ماتھے کا سن حصہ جبین و شکن ہوا
کیا فائدہ جو خون سر انجمن ہوا
توکرنے رقیب نجی مین ہرن ہوا
تیرا ہی اس زبان کے لایق دہن ہوا
پتہر اگر ہوا تو دل برہمن ہوا
ہنسنے مین منہ شگاف مزار کہن ہوا
کہانا غم فراق کا جزو بدن ہوا
آدم شکار دیو سفید کفن ہوا
سبکے بدن مین ٹہیک مرا پیراہن ہوا
پہر کس طرح تباہ ہمارا وطن ہوا
کس پہول کو نصیب ترا پیراہن ہوا
دربان گوش یار ہمارا سخن ہوا
وہ پہول چشم عشق مین ننگ چمن ہوا
آخر نگاہ گور مین ہلکا کفن ہوا
شاید مرے مسیح کو شوق سخن ہوا
ناحق شریک تیجے مین وہ گلبدن ہوا
کل ایک تار رہتا جو شریک کفن ہوا
پچہہ بل جو گیسوون نے بچا بانکپن ہوا
گدرا اسے کیا سڈول تمہارا بدن ہوا
قبضہ مین اک زبان کے سید کا دہن ہوا

پروانوں کی ہے شمع تجلی کو جستجو
خلوت سے قصد کیا طرف انجمن ہوا

دیکھا تو دن کو سینۂ بلبل کا داغ تھا
جو پھول شب کو صدر نشین چمن ہوا

اقبال مند تیغ ادا نے کئے پسند
ہیں کم نصیب ننگ کمند و رسن ہوا

سودے کے دل نے عالم وحشت میں کی جگہ
ہو کا مکان جوش جنوں کا وطن ہوا

منہ کھولے زخم آتے ہیں بوسوں کی شوق میں
دل تنگ ہو سے تیر ہوئے تمہارا دہن ہوا

لے زخم دوڑ کر جگر و دل کو دے نوید
مدت کے بعد ادھر گذر تیغ زن ہوا

دامان صبح وصل نہ آیا کسیکے کام
اون کی قبا ہوئی تو ہمارا کفن ہوا

اس عہد کا فلک ہے وہ بیدرد آبلہ
جس میں نہ خار دشت بھی نشتر شکن ہوا

وحشت مری قریں رہی دل سے بھی ہوا
یا تو ہرن سے بڑھ کے یہ جنگلی ہرن ہوا

زیبا نہیں غرور نزاکت شباب میں
یکتائی اب کہاں رہی دہرا بدن ہوا

روشن ہے بزم وصف امیر کبیر میں
کلک ضمیر شمع مرصع لگن ہوا

زیب کنار سر ہے بت خود پسند کا
سینہ ہے صدر مصرع قد بلند کا

عیسی سے بھی ہے ربط بت خود پسند کا
بس اب خدا ہے اپنے دل دردمند کا

تصویر مہر و مہ ہیں جمال و جلال کے
جلوہ ہے نور و نار میں حسن دوچند کا

لبریز دل کو خون سے رکھیں گے عشق میں
ثابت ہے کفر شیشۂ زنار بند کا

بنت العنب سے ہیں شکر و شیر بادہ کش
واعظ یہاں نہ بیچئے نکتۂ وعظ و پند کا

زلفوں کے موذیوں سے الہی بچائیو
دلبر ہمارے واسطے ہے اہل گزند کا

پہونچے نہ پہونچے تعقل حسن و جمال میں
انگاروں پر تو لوٹ کے دانہ سپند کا

ہیکل جو بولتی ہے تو آتا ہے دل کو وجد
بجتا ہے خوب ساز تمہارے سمند کا

آواز کی گرم مزاجی سے ہیں ہیں
گھر دل میں آگ سے ہے ابھی کم سپند کا

بیٹھے بٹھائے مفت مرض کون مول لے
ایک ہفتہ دوست کی ہے شکایت حضور سے
اپنے سوا نظر نہین آتا کوئی مجھے
کرتے ہو تم بناؤ مجھے بولتا نہین
دو ایک بوندین خون کی کس کام آئینگی
بخشا شکستہ حالون کو اللہ نے کمال
ٹھوکر لگاتے آتے ہین اٹکھیلیون کے ساتھ
انگیا کی شہرتین ہین سیاہ فرنگ مین
بس بس جگر جلا کے نہ پیٹو شب وصال
عریانیون کو ربط کسی سے نہ چاہیو
جاکر کہین پناہ نہ پائی مرے سوا
قمری سے ہم سے بحث نہ پڑ جائے کس طرح
دیتے نہین ہین ہیچ دلی سے ترے فقیر
بیہودہ شاعرون مین نہین ہو اوسے عروج
نام کمر نہین ہے سراپائے یار مین
ایکدن نہ آئے عین جوانی مین میرے پاس
سنتے ہو سے مشاعرہ مین آؤ ایکدن
ہیجو دکیا ہے تلخ زبانی نے اے پری
کہلتا نہین تقلیون سے لطف حسن یار
چھپا کہین نہ مارے دل ناصبور پر
ملتا نہین ہے کوئی گنہگار عشق زلف

گاہک نہین ہے کوئی دل دردمند کا
سن لیجئے یہ مرثیہ ہے سات بند کا
نا سا ہوا ہون ایک بت خود پسند کا
چٹ چٹ بلائین لیجئے اوچھلنا سپند کا
کیا لینگے دل دکھا کے کسی دردمند کا
ٹوٹے گھڑون مین دیکھئے شربت ہے قند کا
اللہ حافظ اپنے دل دردمند کا
غل لال کرتی مین ہے ترے سینہ بند کا
پھوڑا نہ پھوٹ جائے دل دردمند کا
پیوند ہی ضرور نہین بند بند کا
اوٹھے ہی پاؤن درد پھر اپنا بند کا
مصرع لڑا ہے سرو سے قد بلند کا
دیتا نہین دہرا کے کسی نا دہند کا
عالی ہے چور مصرع قد بلند کا
خالی ہے حشو مصرع قد بلند کا
برسون گلہ رہا مجھے ایام چند کا
مصرع کبھی تو طرح ہو قد بلند کا
نشہ مجھے چڑھا ہے ترے زہر خند کا
دیکھا ہے کس نے آئینہ طاق بلند کا
کھینچا ہوا ہے درد جگر بند بند کا
میری کمر مین ہاتھ پڑا ہے کمند کا

پر نور گالون سی ہین مہ و مہر و برق و شمع | جلوہ چہار چند ہے حسن دو چند کا

وصف علی سے ہوتی ہے حل مشکل ای منیر
جائے وظیفہ ورد ہے ہفت بند کا

ہوتے نہین ہین مجھسے جدا لنگ و بوریا | دیتے ہین خوب ساتھ مرا لنگ و بوریا
پیشا ہی یہ کمر سے وہ رہتا ہی پائے بوس | رہتے ہین مجھسے شرط وفا لنگ و بوریا
دونون ہین مرے گوشۂ عزلت مین پردہ دار | ایک اصل ہی بنی گئی کیا لنگ و بوریا
آیا ہی انکے دل مین کسی سے اگر غبار | جہاڑے گئے ہین صبح و مسا لنگ و بوریا
نالہ ہی فرش دیر و دد کے ہمراہ چاہیے | کافی فقیر کو ہین عصا لنگ و بوریا
اسباب دنیوی مین سے ہمنے اوٹھا لیا | تسبیح پاک خاک شفا لنگ و بوریا
فضل خدا سے گوشۂ عزلت ہی سلطنت | میرے لئے ہین ظل ہما لنگ و بوریا
کیا احتیاج خضر طریق سلوک مین | دو ہین رفیق راہ صفا لنگ و بوریا
گذرے کیا ہزار کے اسباب مال سے | اسوقت ہاتھ آئے ہین کیا لنگ و بوریا
دشمن ترے نگین ہین مری حالت پڑی بری | ق | ہونے نہ دیے ہین جو رنج فزا لنگ و بوریا

تاریخ انکے وصف کی سنلے منیر سے
کافی ہے زاد راہ خدا لنگ و بوریا

اپنے رتبے سے جو منظور ہی بڑہکر ہونا | اے قیامت قدم یار کی ٹھوکر ہونا
ضعف مین حوصلۂ دل ہمہ تن کمتر ہونا | لاکہ ہلکے سے بھی ہلکا ہو تو من بھر ہونا
دشمن جان نہ فقیرون کو تونگر ہونا | لے اوڑا اسوئے عدم چیونٹیون کو پر ہونا
خاک ہونا کہ [illegible] ہونا | پیرہن ہولی سے کسی کا دل مضطر ہونا
بے نشان ہوتے ہین خفا [illegible] ہونا | کون کہتا ہے نہ ہو نیکے برابر ہونا
[illegible] خاکنشینون سے تعلی کب تک | ایک دن ارض و سما کو ہے برابر ہونا

دیکھنے والوں سے زیر پردہ تمہیں دیکھ لیا
پھر بھی غصہ مین کبھی جامہ سے باہر ہونا

ہر جگہ سختی و نرمی نہین زیبا اے دل
شیشہ میخانہ مین تبخانہ مین پتھر ہونا

صبح جاتے ہون تو وہ شام ہی پھر ستا ہین
آج ہو جائے جو کل حشر ہو مجھ پر ہونا

جی کے مرنے سے تو بہتر تھی بقا بعد فنا
خوب تہا ہوکے نثونسے نہو کر ہونا

بل بہت کرتی ہے دیوانوں سے چوٹی انکی
اے میرے دود جگر زلف معنبر ہونا

قتل کرنے کیلئے وعدہ فردا کیسا
ابہی ہو جائے اگر ہو کوئی محشر ہونا

رنگ گل سے ابہی آلودہ ہوا کی شبنم
ہے تجھے ہم بغل اب منور ہونا

کرکے وعدائے تقالی بہی نہ سمجہا مردود
طفل بت گر کو ہے اک روز پیمبر ہونا

دلبری میرے ہی قد کو گوارا نہ ہوئی
نہ پہلا سرو گلستان کو صنوبر ہونا

آہین ہم کرتے ہین لازم ہے تمہین ہشیاری
ایسی آمد ہی مین نہ تم آپ سے باہر ہونا

قتل قاصد کو بہی کرنا جو مجہے دینا زہر
عزت انہون کی ہے خون کبوتر ہونا

لالہ رویون کو عبث سنگدلی کا ہے شوق
لعل و یاقوت کو پہر کر نہین پتھر ہونا

اے قد یار تجھے سدرہ و طوبی کی قسم
کبہی فتنہ کبہی ہنگامہ محشر ہونا

آبرو اور بڑہا دل جو مصفا پایا
ابہی اس قطرہ کو ہے دانہ گوہر ہونا

رونگٹے رونگٹے مین جوہر خونریزی ہے
ہے لکہا ناخون پر آپ کے خنجر ہونا

رنج و راحت مین جدا سب سے رہی رنگ اپنا
آگ فردوس مین دوزخ مین گل تر ہونا

ہر طرح ای نگہ یار بڑہی مشق ستم
دور سے تیر اجل پاس سے خنجر ہونا

خاک مین پردہ ارباب حیا ملتا ہے
دیکہہ لینا اسے چادر کو ہی بستر ہونا

چہینٹے دینا ہے شفاف رہی جبتک دل
شوق سے خاک اڑانا جو مکدر ہونا

ہو رہی ہین خم ابرو کے اشارے ناحق
پہلے سے جانتے ہین ہم تہ خنجر ہونا

کام آنا مرے ہر رنگ مین ای پردہ فقر
کبہی تہمت کبہی بستر کبہی چادر ہونا

ایک تم بچپنے مین سب سے نکیلے نکلے — نہین آتا ہے کسی پیالس کو نشتر ہونا

صحبت دختر رز مین ہے بڑا پیار ہی — دہن شیشہ سے وصل لب ساغر ہونا

خاکساری کے سبب ہاتہہ لگو راہ وقار — خاک ہوجانے سے ہم پاگئے پتہر ہونا

آپ نے اندہی ہین خنجر نہین دم لیسکتے — بہول کر بہی نہ کبہی صاحب جوہر ہونا

کاشکے پہلو خالی مین وہ بت آبیٹھے — دل سے بہتر ہے بغل مین کوئی پتہر ہونا

نانشین کرتی ہین قسمت کے حوالے حاکم — عرضیان سیکہہ گئین داخل دفتر ہونا

بندہ عاجز ہو تدبیر کے یہ معنی ہین — اپنی تقدیر سے ہی چاہئے بڑہکر ہونا

کون دیوانہ رہے دور فلک کا پابند — کس لئے معتکف گنبد بے در ہونا

چار دن روح کو تکیہ ہے بدن ناحق — صاحب خانہ کی قسمت مین بیگہر ہونا

نامہ بر کون ہو فرمایئے جز طفل سرشک — بخیر معصوم کو مشکل ہے پیمبر ہونا

دین و دنیا کے مزے سے کہا ہے محروم آپنا — خضر ہونا ہمین آیا نہ سکندر ہونا

خون کرینگی اگر چہیڑ او تری ہولی منہہ کو — حکم ہے ناخنون کو کٹتے ہی خنجر ہونا

زلف کی طرح تری عمر دراز ای شب وصل — ایک رات اور بہی مہمان مرے گہر ہونا

چشم میگون کی محبت نہین آسان ہیدل — ہوش مین آکے ذرا طالب ساغر ہونا

آبرو تہوڑی سی ہو بیٹا فنا ہی میری — اے حباب لب جو پوش چادر ہونا

لب شیرین کی لطافت نہ گہٹاو دیکہو — ہمنے اب تک نہ سنا قند سے شکر ہونا

عیش سے ورنگ بدلنا ہی ہو اے گردش بخت — دہر مین دور قمر ناچ مین چکر ہونا

قاصد و دل مین رہی نامہ بری کی نیت — اس ارادہ سے اولوالعزم پیمبر ہونا

روح بنکر جو رہے ہو بدن خاکی مین — اے مریجان خبردار نہ بیگہر ہونا

سائل بوسہ ابرو سے وہ فرماتے ہین — جان کی خیر ہے یہ دن طالب خنجر ہونا

توڑکر کعبہ دل خوش ہوئے اللہ اللہ — کس خدا نے یہ کہا تہا بت کافر ہونا

بیچ مین پردے ہون دو شکل حیا کی خاطر
حدِّ اوسط کو مناسب ہے مکرر ہونا

ہنسکے کہتی ہے اجل زلف کے پابند ہوئے
جی بچے اسکے تو دیوانے سمجھ کر ہونا

ایک کی ایک سی کہنا نہین زیبا ہے بت
کون کہتا ہے خدا ہوکے پیمبر ہونا

ذبح کر ڈالے پر سب مین نہ گنیے ہمکو
سر سے در گزرے گوارا نہین ہمسر ہونا

بار خاطر جو ہو تو کہون اے سنگ لو
کسی دشمن کے بھی چھاتی کے نہ پتھر ہونا

حسن و خوبی کی ترازو ہے دوپٹا تیرا
دونون پلون کو مناسب ہے برابر ہونا

اس غزل مین ہوئی تقیید ضرورتی منیر
گرد خاطر احباب ہے اکثر ہونا

حضرت رشک کے بھی مین گو قدم چلکے منیر
کربلا مین کئی رستے ہین میسر ہونا

جگر کی طرح دل بھی اپنا ہوگا
ابھی دیکھیے آپ کیا کیا ہوگا

عبث کہتے ہو کوئی ہمسا ہوگا
خدا کی خدائی مین کیا کیا ہوگا

مرے ہوگے سر پھوڑ کر مرنے والے
تمہارا تو ماتھا بھی ٹھنکا نہ ہوگا

عوض فصد کے ذبح کرنا ہے لازم
اگر سر ہوگا تو سودا ہوگا

کہان سے لگائین گی مہندی پر پیرو
اگر روز خون قضا نہ ہوگا

ہر ایک کام اس شوخ کا بے محل ہے
یہ صورت رہی تو ہیولا نہ ہوگا

عبث پوچھتے ہو مرے اشک حسرت
جسے روک لوگے وہ دریا ہوگا

عبث منع کرتا ہے شکر ستم سے
ترے کہنے سے کوئی گونگا ہوگا

کسی امید پر کہا ہے غم کسی کا
یہ جھوٹا کس طرح میٹھا ہوگا

ترقی سے مایوس ہو بعد پیری
یہ وہ چاند ہے گھٹ کے پورا ہوگا

کدورت اگر دل مین یون ہی رہے گی
کہان تک یہ آئینہ میلا ہوگا

مرے رشک یوسف کو دیکھے زلیخا
کبھی خواب مین تو نے دیکھا ہوگا

دکھاتے ہیں یہ سانچے مین دور فلک کے — زمانہ کسطرح سیدھا نہ ہوگا
وہ مشق ستم کرکے کامل نہین گے — جو لکھا ہے کس طرح پورا نہ ہوگا
مے لالہ گون رنگ لائے گی کیونکر — گلابی جو انکا دوپٹا نہ ہوگا
مجھے تیرے بوسے کی ہے تمنا — کہو دل مین تو تم نے کوسا نہ ہوگا
جو کچھ گوشۂ بزم مین گذرے ہم پہ — کن انکھیون سے کیا تم نے دیکھا نہوگا
پچھڑ بیٹھے ارمان وصل بتان کا — کسی کی بلا سے نہوگا نہ ہوگا
خبر زخم دل کی نہیں جسکے پوچھو — کبھی تم نے روزن سے جھانکا نہوگا
نہین کوئی مرقد مین اے دل کسی کا — برے وقت مین ایک اپنا نہوگا
تمہاری گلی سے سوئے کعبہ جاؤن — خدا سے ڈرو مجھ سے ایسا نہوگا
یونہین بوسۂ لب جو مانگا تو بولے — کبھی قند تم نے خریدا نہوگا
ازل سے مرے ذہن پر نقش وحدت — یہ کعبہ نہین ہی جو تھا نہ ہوگا
دماغ آپ کو بوسۂ گیسو پہ اتنا — ختن مین بھی کیا مشک سستا نہوگا
زمانہ مین سب رنج راحت نہین ہے — کبھی سلخ سے پہلے غرا نہ ہوگا
عدو کو نکالا تو ہے گھر سے اوسکے — دل یار مین چور بیٹھا نہ ہوگا
نہ کیجئے کہ آئینۂ دل برا ہے — برا آپ کے منہ سے اچھا نہوگا
یہی ہے اگر اونکی مردہ پسندی — قیامت مین بھی کوئی زندا نہوگا
سوا تمہی نزع سے زہر غم ہے — قضا کے فرشتون نے چکھا نہوگا
قیامت بھی ہوگا جو فتنہ ہے وہ قد — سلامت رہین آپ کیا کیا نہوگا
رہے یاد آفتاب قیامت — جلا کر مجھے تو بھی ٹھنڈا نہ ہوگا
اگر زرد سب زعفران دار ہونگے — کبھی بد کوئی ہنسنے والا نہوگا
ترا سرمہ نرگس کو کیونکر دکھاؤن — کبھی پھوٹی آنکھون سے دیکھا نہوگا

آتی تھی مجھ سے ملنے کو اس مہر کی شعاع
پر راہ روکے خیمۂ چرخ ایستادہ تھا

جب مشق سجدہ در دلدار تھی ہمیں
صفحہ جبین شیخ و برہمن کا سادہ تھا

ہم آتش فراق میں آرام سے جلے
شعلہ کبھی نشستہ کبھی ایستادہ تھا

صاحب نشان عدم کو گئے نام رہ گیا
کیا ہر نگین مہر سلاطین پیادہ تھا

نیت مرے ستانے کی طفلی میں کر گئے کیا
تا پائدار شوخیوں سے ہر ارادہ تھا

آزادو سر کے بل گئے راہ سلوک میں
ہاتھوں کا ہم الف جسے سمجھے تھے جادہ تھا

کھو کر شباب کیتی کیوں جسم کو عزیز
خس یادگار خرمن بر باد دادہ تھا

تصویر کھینچتی تیرے سراپا کی کس طرح
یوسف کے پاس اک ورق، دو سادہ تھا

لاکھوں ہی خضر راہ افادت تھے اے منیر
تیرا ہی جہل سنگ رہ استفادہ تھا

رہے وصل دن بھر ہمارا تمہارا
جدا ہو نہ محشر ہمارا تمہارا

نبھے ساتھ دم بھر ہمارا تمہارا
جو ثالث ہو خنجر ہمارا تمہارا

ہر اک دل میں ہو جائے معشوق عاشق
بغل میں رہے بستر ہمارا تمہارا

چلو میکدہ میں ہوں جامہ سے باہر
کہ دامن نہ ہو تر ہمارا تمہارا

بلا سخت جانی غضب سخت تر دل
اٹھے کس سے پتھر ہمارا تمہارا

بگڑ جائیں تیور کہ لڑ جائیں آنکھیں
نہ بگڑے مقدر ہمارا تمہارا

گلے مل لیں آؤ ہوئی صبح رخصت
لپٹتا ہے بستر ہمارا تمہارا

ڈراتا ہے لیلیٰ و مجنوں کو جا کر
بہت شہرہ ہے در ہمارا تمہارا

دلوں میں عدو پھوٹ ڈلوا رہے ہیں
لڑا دیں نہ ساغر ہمارا تمہارا

سنے کون لیلیٰ و مجنوں کا قصہ
فسانہ ہے گھر گھر ہمارا تمہارا

بڑھیں اپنی حد سے نہ عجز و تکبر
اگر بس ہو پھر ہمارا تمہارا

پہنسے دام تلبیس اعدا مین کیا
ملک ہو کبوتر ہمارا تمہارا

اگر جوش کرتین امنگین جنون کی
نہ رکتا سمندر ہمارا تمہارا

جو شیشہ کسی طرح بنجائے پتہر
تو دل ہو برابر ہمارا تمہارا

منیر اس غزل کو سفر مین کہین کیا
کہ دل ہے مکدر ہمارا تمہارا

تو جل کے ہوا خاک ہی ہمسر تو نہ ٹہیرا
سیماب ہی ٹہیرا دل مضطر تو نہ ٹہیرا

[illegible] کہ عنقا کے برابر تو نہ ٹہیرا
پر رنگ مرا طائر بے پر تو نہ ٹہیرا

شاداب رہا گو عرق رخ سے ہمیشہ
پر سبزۂ عارض مژۂ تر تو نہ ٹہیرا

برباد یون کا حال کہلے یار کو کیونکر
اس قہر کی آندہی مین کبوتر تو نہ ٹہیرا

شاید کہ ترا نقش جمے دل مین ہمارے
اس آئینہ مین عکس سکندر تو نہ ٹہیرا

تو ہی چمن زخم کو دیکہ اے نگہ یار
لاکہون کے گلے کاٹ کے خنجر تو نہ ٹہیرا

کلمہ بہی پڑہا ہم نے تو کیا فائدہ اے شوخ
نطق لب جان بخش پیمبر تو نہ ٹہیرا

کم ظرف کی نیت نہ بہری کثرت زر سے
برسات ہی تالاب سمندر تو نہ ٹہیرا

شاید نگہ یار ہی اس کوچہ مین ٹہیرو
ابتک رگ جان مین کو نشتر تو نہ ٹہیرا

گو دانۂ اسپند نے کی ہمسری دل
پہ مردمک دیدہ تا مجمر تو نہ ٹہیرا

تڑپا کئے بس ہی تری چال کے آگے
اس معرکہ مین فتنۂ محشر تو نہ ٹہیرا

دہبے رہے خنجر مین کہ دامن مین پڑے رہ
خون شہدا آپکے سر پر تو نہ ٹہیرا

جائے نہ کہین بیدلی عشق کا صدمہ
یہ درد ہی ٹہیری دل مضطر تو نہ ٹہیرا

اب بہی سستا کہان جا کے بس ذبح
سینہ مین مرا دم تہ خنجر تو نہ ٹہیرا

دل گرمی فرقت مین رہا چین سے کیونکر
اس آتش سوزان مین سمندر تو نہ ٹہیرا

مٹھی مین رہا چین سے کیون کر دل بسمل
شوخی سے ترے ہاتہ مین خنجر تو نہ ٹہیرا

پیغام نہ بوسہ کا دیا سبزۂ خط نے
ہر چند ہوا خضر ہمیں پر تو نہ ٹھیرا

ہر روز چھری تیز نہ کر قتل کی خاطر
انسان ہون اے بت مجھے پتھر تو نہ ٹھیرا

معدوم ہوا سوئے کمر اونکا تو کیا فخر
گم ہونے سے ہمزاد ہمیں پر تو نہ ٹھیرا

فتنے نے بپا کئے گو دور قمر نے
اے شوق ترے برج کا چکر تو نہ ٹھیرا

پھر جائینگے کیا خلد یہ غم مین دم حشر
میخوارون کا جلسہ لب کوثر تو نہ ٹھیرا

باریک ہوا قیس کا گو تار رگ جان
اسپر بھی نظیر تن لاغر تو نہ ٹھیرا

احسان ہوا گو طپش دل کا پر اے شوخ
اس زلزلہ مین صبر ترے گھر تو نہ ٹھیرا

سرتا بقدم گو کہ ہوا مجھ سے مشابہ
اے ضعف تو میرا تن لاغر تو نہ ٹھیرا

حیران ہون ٹھیری ہی کیونکر طپش دل
ٹھیرائے سے میرے دل مضطر تو نہ ٹھیرا

لیجائیگی محشر مین کہان بوسہ کی حسرت
اس پیاس کے قابل لب کوثر تو نہ ٹھیرا

تنہا نہ رہی چوٹ ترے سنگ جفا کی
یہ درد ہی ٹھیرا رہے پتھر تو نہ ٹھیرا

کس طرح مین کرتا تری برسون کی شکایت
دو روز بھی ہنگامۂ محشر تو نہ ٹھیرا

آہو شنے بھی دل آپکا دم بھر نہ پسیجا
کچھ اور اسے ٹھیرائیے پتھر تو نہ ٹھیرا

گو ضعف سے معدوم ہوا جسم ہمارا
اے موئے کمر تیرے برابر تو نہ ٹھیرا

شاگرد بھی نالے کا ہوا میرے ولیکن
اے صور تو فریاد لئے محشر تو نہ ٹھیرا

بہتان سے کس روز بڑا مرتبہ حاسد
طوفان سے کچھ نوح پیمبر تو نہ ٹھیرا

ہر چند بڑا پایۂ منیر ابر فلک کا
رتبہ مین مگر سایۂ قنبر تو نہ ٹھیرا

نہال طور کو کیون جلکو اوسپر خاک ہونا تھا
جو وہ شعلہ نصیب ہر خس و خاشاک ہوتا تھا

ترے آب سم خنجر مین ہر تیر اک ہوتا تھا
نہا کر آب رو مین پہلے ہم کو پاک ہونا تھا

جو مشتاق فروغ حسن آتشناک ہوتا تھا
تو نخل طور کو پہلے خس و خاشاک ہونا تھا

جو اوس چلمن کو میرا سینۂ صد چاک ہوتا تھا
تو دروازہ کو بھی زخم دل غمناک ہوتا تھا

مقدم نظم شوق مثنیٔ وحشت ناک ہوتا تھا
سر دیوان کے مطلع کو گریبان چاک ہوتا تھا

لگی ہے آتش حسن اندنون سفلہ نوازی پر
نہیں سے آسدرہ و طوبی خس خاشاک ہوتا تھا

ہم دنیا مین عجب طرح کھاتی خوش پوشاک کیون اتنی
کفن کو بادبان کشتی پوشاک ہوتا تھا

نصیب زعفران زردی نکیون عشاق کی ہوتی
لباس تنگ کو اوترتی ہوئی پوشاک ہوتا تھا

بجا ہے جو ہر کٹوری پر کرین انگور کی بیلین
تری انگیا کا بنگلہ دار و بیت تاک ہوتا تھا

لباس یار کے نظارہ سے گھبراتین کیون نظرین
اسے آب روان مین عمر بھر تیراک ہوتا تھا

وضو کرتے اگر تھا شوق دامنگیری قاتل
خضر کو زندگی سے ہاتھ دھو کر پاک ہوتا تھا

شب وصل عدو بے پردہ جسدم ہو چلی تھی وہ
وہین دست گریبان مجکو ای پوشاک ہوتا تھا

اوٹھا کر ہاتھ دنیا سے ہی راحت تھی شہیدون
ہتھیلی کا پھپھولا گنبد افلاک ہوتا تھا

ہوائے کوچۂ جانان مین حفظ آبرو کیا
بھڑک کر آگ ہوتا تھا نہ جلکر خاک ہوتا تھا

صفائی کھو دی زینت فقر کی کیون الٹ دیا
تن اکسیر پر او جلا لباس خاک ہوتا تھا

سرو نپر لیے ارباب مصیبت ہی بٹھا لیتے
غریبی سے کہین بہتر وطن مین خاک ہوتا تھا

تری تلوار کے قبضہ مین ہے اب کشور لے بیت
شہیدون کی لہو کو اس سے ملکر پاک ہوتا تھا

ہوا آتش تماشا ہوش لیتا ترے کوچہ مین
تجھے اتنا نہ ای دامان یوسف چاک ہوتا تھا

مصیبت دونون عالم کی سنا تھی کس جا
او سے تو دائم الحبس اے دل غمناک ہوتا تھا

ادی گل پہ طبیعت آگئی گلزار عالم مین
نصیبون جیسی داغ دل غمناک ہوتا تھا

رولایا خون دل ہنستے ہوئے زخمون کو کیون تو نے
تجھے مہمان نوازی سینۂ صد چاک ہوتا تھا

تجھے ہنلا کے کرتے خندہ دندان نما ہم کیا
پہ تجھ کو تو نصیب گیسو و تال ہوتا تھا

شب قتل کیا محبوب اوسکے سامنے آکر
حیا و شرم قاتل کو نہ یون بیباک ہوتا تھا

خدا نا ترسون سے منہ لگ کے لمین پہ کہنا
تجھے اے خندہ بیجا جگر کا چاک ہوتا تھا

چھڑکتا مشک مٹھی بھر کے جو لاش خونریز
وہاں یاری ہی کو عقدہ امساک کا ہوتا تھا

اگر قسمت کو زہر عشق بھرنا تھا سراپا مین
تو مغز استخوان کو پوست مین تریاک ہوتا تھا

کیا کیون پیچ مجھ سے موذیان دہر کے ہوتے
مری زنجیر پا کو افعی ضحاک ہوتا تھا

پڑی مجھ پر تو دونا ہو گئی تلوار قاتل کی
مری نخل شہادت ہی کو شاید تاک ہوتا تھا

فراق عمر و قرب مرگ کی جلدی خبر آتی
ہماری آمد و رفت نفس کو ڈاک ہوتا تھا

مدد کرتے تیے زہر نزع مین فرقت نصیبون کی
تجھے نعم البدل اے تلخی تریاک ہوتا تھا

لپٹنا تھا کبھی بڑھ کر اوس آہوے رمیدہ سے
سمند فتنہ کو جاہے سوا چالاک ہوتا تھا

کبھی تو میری نیت زخم کے کھانے سے بھر جاتا
تجھے کچھ تو سخی اے خنجر سفاک ہوتا تھا

فقط دو چھیڑتے سے آج خون ان کا لانکو
ہنسی مین دونو ہونٹون کو جگر کا چاک ہوتا تھا

نسیم باغ سے آتی دولہن کی بو قیامت تک
گل تر کو تمہارے ملگجی پوشاک ہوتا تھا

ملا یک لطف اوٹھاتے نعمت حسن مجازی کا
محل عالم بالا تہ افلاک ہوتا تھا

شراب عشق اگر بالکل بشر حصہ مین آتی تھی
دل نازک کو بڑھ کر شیشہ افلاک ہوتا تھا

ہوتا آدمی بنتا غبار وادی ایمن
اگر اوس نور کے پتلے کو مشت خاک ہوتا تھا

برابر کیا ترے جوڑے سے ہوتے مشک کے نافے
اسے جادو کی موٹھ اور اونکو مشت خاک ہوتا تھا

لب جانان کے بوسون سے نہ کیون عمر ابد ملتی
رگ جان مسیحا ریشہ مسواک ہوتا تھا

خشونت ہی کے حصہ مین جو انکی بانہہ ہوتی تھی
تو کھرا ہو کے مجھکو کینہ ولاک ہوتا تھا

کمند و تیر تیرے بیشکارون مین کیون ہوتے
علاقہ صید گر کا تجھکو اے فتراک ہوتا تھا

زیارت مشہد دل کی اگر منظور خاطر تھی
تری تیر تغافل کو نگاہ پاک ہوتا تھا

بھٹکتا تھا ہمین رستہ بتا کر ہمطرح یعقوب کو
چراغ دست اعمی شعلہ ادراک ہوتا تھا

نہ تھا ہستی خود فراموش کو کیون کر تلخی خواب
دماغ بیخودی مین نشہ تریاک ہوتا تھا

... دیکھنا آنکھین ہین دریا بہا آئین
بہت مدت سے ہمکو جس گلی مین خاک ہوتا تھا

ضعف دل کھو کر کیا ممنون صحبت یار نے
ایک برگ کاہ اوتارا کوہ سر پر رکھ دیا

تیرے سایہ میں بٹھانے کا اوڑھاے آسمان
میرے سر پر تو نے شمس مفلس کا چھپر رکھ دیا

آپ کے غم پر دل و جان و جگر صدقے کیے
پیش مہمان ماحضر ای بندہ پرور رکھ دیا

بار بردار ملامت ہو گیا وہ ای فلک
جسکے سر پر سلطنت کا تاج افسر رکھ دیا

قضا کے چھاپے ادسے نامہ مجھ کی جان لی
اے لب طرہ تیرے سر خون کو ترے رکھ دیا

جلوہ خورشید رخ یار میں کی میکشی
دھوپ میں پھیلا کے میں دامن تر رکھ دیا

کیوں نہ ہاروں نقد جان تک میں تیرے عشق بازی میں
داؤن پر پہلے مرے طالع کا اختر رکھ دیا

رزق جو بھر بھی جو پایا حرص سے دی آبرو
ایک دانہ پر گہر پاکیزہ گوہر رکھ دیا

شوق ایمان ہو دل دنیا طلب کو کیا غرض
کیوں نجس شیشہ میں بھر کر آب کوثر رکھ دیا

کعبہ میں صندل کی چھاپ کیوں نظر آتے ہیں آج
آپ نے دست ترحم کس کے دل پر رکھ دیا

میرے سر پر تیرے عشق پاک نے دی پیشکش
تاج کے بدلے حباب آب کوثر رکھ دیا

لعل و گوہر بھر کے آنکھوں نے لگا دیں کشتیاں
تیرے آگے دلکو جو کچھ تھا میسر رکھ دیا

آہ سنگ ملامت سن کے تیرے مست نے
راستے میں شیشۂ دل کاسہ سر رکھ دیا

رشک تو دیکھو کہ وہ لکے اپنے جلنے لگے
یار نے دست حنائی جب جگر پر رکھ دیا

ہر خس و خاشاک کا احسان اٹھایا ضعف میں
سر پر اس تنکے کے دنیا بھر نے چھپر رکھ دیا

داغ عصیاں ہو ازل میں پاک کھا تقاضا
کس نے یہ پیچ خط قسمت کی اندر رکھ دیا

بل بے صحبت کا اثر جیسی بھی پھیر لیں
ہاتھ اوس نے پھیر کے جب پیکر دلبر رکھ دیا

عنبر کیوں جلتے ہیں پیکر نام کیا عشق نے
کھیچ میں جانے نگین یاقوت احمر رکھ دیا

جل گئی سر تا پا ہم مفت کے احسان سے
لگ گئی آگ آپ نے سر پہ جو چھپر رکھ دیا

تشنہ مے میں جو مانگی یار نے تار کباب
آگ پر دل سینے سینکے برابر رکھ دیا

چشم عاشق پر جو دیکھا وصل میں سونا حرام
سر کے تکیہ کے تلے اوس بت نے زیور رکھ دیا

بوے مشک آتی ہے تیرے زخم دل سے اے پری
غیر نے کیا تیری جوڑے مین گل رکھدیا

سرمہ آنکھون مین لگا کر قتل کرنا تھا مجھے
تمنے کیون تیغ نظر کو باڑھ دیکر رکھدیا

تشبیہ لب کی دعوت کی تمہاری حسن نے
چیونٹیون کے روبرو قند مکرر رکھدیا

جھکا کر شیخ نے ارباب دنیا کے حضور
آستان دیر پر کعبہ کا پتھر رکھدیا

حیرت سے خود بین جو دیکھا خسروان عہد کو
روبرو آئینہ تمثال سکندر رکھدیا

پیچ کی باتون مین مجھکو پھانس کر مشاطہ نے
تیرے سر الزام اے زلف معنبر رکھدیا

زاہدو کی پہنادی اوس خوش قد کو کس استاد نے
پھر صحیح لفظ اس مصرع مین کیونکر رکھدیا

جب کہا مین نے نقاب الٹو خدا کیواسطے
آئینہ اوس شوخ نے مجھکو دکھا کر رکھدیا

کھینچ سودائے شہادت تا م پھر کیونکر رہا
آج پر تلوار کے جب کاسہ سر رکھدیا

زہر کے پھائے چڑھا دیتا ہے جو گل تھا ترا
آج پیچ ستم نے زخمون کے منہ پر رکھدیا

اونکو پرہیز دیکھکر جو سر مین بار القند دل
شیخ جو ... مین یہ صد قرآن اٹھا کر رکھدیا

ہمسے جب مضمون بوسہ کا نہ موزون ہو سکا
شعر لکھکر تیرے گل تکیہ کے اندر رکھدیا

طالب دولت تو ہی وہ فتنہ عالم مگر
ہاتھ پر کس نے زر خورشید محشر رکھدیا

ناز کا دعوی مسلم پر یہ سوچو تو سہی
حسن نے خون دو عالم کسکے سر پر رکھدیا

حور و غلمان روز لیتی ہین بلائین اے منیر
مینے سر جس دن سے زیر پائے قنبر رکھدیا

اگر چھوڑ دے آزادی علاقہ بند زنجیر کا
الف کھچوا دی ہاتھ سے جنون چاک گریبان کا

جنون بھی ہو سکا ہمسر تمہیں اس آفت جان کا
بہت سا منہ چڑایا ناخن نے چاک گریبان کا

یہ وحشت جنون کی آمد و شد محشر کا سامان
سنو ویران کوچہ اے خدا چاک گریبان کا

اگر پہنچ خضر کی طرح ہو جوش جنون اپنا
ترے کوچے سے جادہ جائے چاک گریبان کا

مرے در پر گدا یا نہ صدا دیتا جنون اپنا
کوئی ٹکڑہ دے مجھکو بھی دامان و گریبان کا

سزا ہے اے جنون کی ہی اطاعت عقل کی مینے
خدا رکھے سلامت چاک پیراہن کو دنیا مین
چلش سے توڑتے ہین نخونکا تانکہ جوش وحشت مین
ادھیڑتا ہی جو دم دست جنونکے ایک جھٹکی مین
صدا ہے چاک ہی نام اوس پہ پیرو کا نکلتا ہے
اگر بوے جنون کی سونگھنی کا ہو دماغ اونکو
وہ بے پروا ہی ہرگز غا نہ دول سی نہ بھانکے گا
لگا رکھا ہو کوئی تار بھی پھر کفن جس نے
علاقہ کیون گلوی عاشق وحشی سے رکھتا ہی
گیا تھا ای خزان فصل بہاری کی بلانے کو
کری پاس اونکے گردن کا ہمارا خون ناحق تک
شب تیرہ مین کیا وحشت کو بھی رستا نہین ملتا
سوے دست جنون چشم تماشا دوست راغب ہی
مری وحشت کرٹے ہین پیدا جو قسمت سے آجاے
الٰہی شکر اوسنے سی دیا تسمہ اپنے ہاتھون کو
نہ آیا رحم مجھپر ہاے رے دست جنون تجھکو
گلے ملکر وہ رخصت ہون تو زلفون سی لپٹ جاے
تمہارے قد کا مصرع لڑ گیا شمع شبستان سی
کہو مطلب کتاب وحشت دل کا کہلی کیونکر
نہین اوٹھتا ہی سر کیون پاؤن سی ای ضعف بدن
بلا کی طرح لپٹا تو جو اسے دست جنون مجھسے

شکنجہ چاہئے میرے لئے چاک گریبان
یہی ہی ایک باقی صحبت دست و گریبان کا
عبث ہی خندۂ دندان نما چاک گریبانکا
رگ جان سی ہی کیا رشتہ مری تار گریبان کا
گلا بند ہوا ہیگا شاید جنون دست و گریبان کا
کہین تو عطر کیجو اے دو ان گل چاک گریبان کا
عبث عرفہ کہلا ہی اے جنون چاک گریبان کا
وہی خمیازہ کھینچے اے جنون چاک گریبان کا
تمہارا پیچان کیا جانہ ہی طوق گریبان کا
نہ آیا پھر کر آواز سے چاک گریبان کا
گلے کے بوسہ سے پہونہ لب تشنگ گریبان کا
ہوئی صبح اور دروازہ کہلا چاک گریبانکا
نگاہ یار شاید تار سے جیب و گریبان کا
تیرا خنجر ہی لوہا تا تھا طوق گریبان کا
مبارک آج ہنسا ہو گیا چاک گریبان کا
کلیجا پھٹ گیا سو بار دامان و گریبان کا
کبھی الجھاؤ کا نام آے کبھی تار گریبان کا
چڑایا صبح سے مطلع مرے چاک گریبان کا
ورق الٹا نہ تم نے ایک بھی چاک گریبانکا
مری زنجیر مین لوہا ہی کیا طوق گریبان کا
نجوم پر داشتہ تاگا کیا بخیہ جیب گریبان کا

ہوا سجود اب سنگ ملامت کا زہے قسمت
جو سر تھا معتکف مدت سے محراب گریبان کا

تو جمع ہو گئے یہی مسافر کے پھر آنے کی
سفر محشر کے دامن تک ہوا اب چاک گریبان کا

نکلوے خامہ سے پیٹھ عروس معنی رنگین
لکھون مین شعر اگر ہو گل ترے وصف گریبان کا

خدا نے سر بزرگی دی ہو دانائی کو قدمین
سر پیغمبر کو نقطہ سمجھ نون گریبان کا

نکلوے ملائم آواز مین پھندا نظر آئے
نشان اوسکے گلے پر ہو جو تنگی گریبان کا

فلک پر چاند جم خنجر مین گوشش جوہر مین بجلی
ہر آئینہ مین پڑتا ہی نیا عکس گریبان کا

چھدی ہی نشتر رگ گردن گلے مین جا اٹکی ہو
پڑا ہی تیر جسدن سے کمی توہم گریبان کا

مٹکا ہو گو کہ رشتہ تنگی کا شاید تیرے گنتھو مین
کہ ہے ناخن بدل زن ہر سحر صف گریبان کا

تمہارے تیر کا زخم التیام اکثر نہین پاتا
لب سوفار مین کیا فصل ہی چاک گریبان کا

زمانہ بھر کو حسرت ہے کہ ہاتھ آئے نہین آتا
بلند ایسا ہی رتبہ تیری تقدیر گریبان کا

مری ہی وسعت سے یو جیب چل رہی ہے یہ چھری جس پر
اشارہ جانتا ہون مین ہے ابرو گریبان کا

جنون کا کام نکلے ای بخوبی زائچے سے کیا
اگر جامے کے گھر مین ڈر ہو چاک گریبان کا

تن عریان ہوا چاک رفو کی فکر سے فارغ
پھٹا کا ہو گیا مدت سے دامن گریبان کا

مرا دم نکلے کیون کر سعت بھی رات بھر جی ہے
رگ جان اندنون تنگی ہے گرداب گریبان کا

چلن سینہ شگافی کا بتایا سوگوارون کو
مجھے اختراع اول کیا چاک گریبان کا

بہار آئی ہوا سے ضعف اب تو علتون کی اجارہ ہے
کہ ہم دست جنون خواہان ملاقات گریبان کا

کفن ہی روک لی اشکباری نور کی شتابی
جو بھی پاؤن پھیلا چاک دامن و گریبان کا

مجھو زعشق دہائی دے رہی ہے ہسیمن لا تیکو
مرا جوش جنون یوسف ہے بازار گریبان کا

دو پٹا دیکھ کر سر کا ہوا جب مجکو شک گذرا
تو بولے کیا چارہ ہے ترے چاک گریبان کا

یہان رہتی ہے ناحق آمد و شد یارہ دل کی
نکسے درکار ہے پیوند دامن و گریبان کا

جبین پر جب بت مغرور کے قشقہ نظر آیا
ورق سمجھا مین اے گل تیری تصویر گریبان کا

کرین قطع تعلق اپنی دنیا خوش لباسی سے
جو مقراضون مین نقشے ہون کے چاک گریبان کا

بغیر دستے سی دئیے ہوتے جو جا ہو سکے کوئی
گئے وہ دن کہ منہ بہت چاک تہا جیب گریبان کا

الٰہی دیہیان لی دشت وحشت چارہ رو کی
کہ مجکو پہاڑ کے کہاتا ہی رفو جیب و گریبان کا

خدا دانا نعیم کے حکم سے چارہ نہ تہا ورنہ
نہ کہتا یہ غزل بہی ذکر کیا جیب گریبان کا

شمیم افسردہ ہون پابندی عطف و اضافت سے
نہین تو لطف دکہلاتا مضامین گریبان کا

دل کہیت تیرے عشق مین ایمان رہ گیا
بے دست و پا کے ہاتہ یہ میدان رہ گیا

جس دل مین تیرے وصل کا ارمان رہ گیا
حسرت کا دین یاس کا ایمان رہ گیا

تو آئے آئے شب کو جو ایمان رہ گیا
ہاتہون سے دل کو تہام کے ارمان رہ گیا

پہلو مین تیر یار کا پیکان رہ گیا
گہر میرے دل مین کرکے یہ مہمان رہ گیا

جلدی مین جب نہ ساتہ چلا تیغ یار کے
سر رہ گیا کہین کہین سامان رہ گیا

نکلا نہ قید خانہ خرابی سے وہ کہین
اک دم ہی جسکے دل مین ترا دہیان رہ گیا

ہوش و حواس ساتہ جوانی کے چل بسے
پیری مین ضعف کے سبب یہان رہ گیا

ہم صورتی کے شوق سے دیکہا نہ آئینہ
اون کو بہی اپنی دید کا ارمان رہ گیا

نکلا نہ بیٹہے بیٹہے دل تنگی سے آپ ہی
ویران گہر مین خوب ترا دہیان رہ گیا

بازی نہ لے سکا خلش غم سے تیر یار
یہ چہالش آگے بڑہ گئی پیکان رہ گیا

بہاگے جو انقلاب جہان سے عدم کو لوگ
کعبہ مین کفر دیر مین ایمان رہ گیا

گردن بچی جو حیلے سے ملنے کی تیغ یار سے
خالی کا چاند بنکے گریبان رہ گیا

اوس نازنین سے ہم ... حمائل نہ اٹہ سکا
آغوش شوق کہول کے قرآن رہ گیا

توڑے جو مانگے بہت ملنے کو ذقن سے
اونگلی دبا کے دانتون مین پیکان رہ گیا

یوسف کی بوئے پائی جو تیری گلی کی راہ
کوسون نسیم مصر سے کنعان رہ گیا

راہ عدم مین جانشکا نامیون کے ساتھ ناچار ہوکے نام الی الآن رہ گیا

کہئے یہ حصہ کون سی پژمردہ دل کا تہا مرجہاکے خاصدان مین کیون پان رہ گیا

افتادگان خاک کا پرچہ لگا تو کیا مطلب نہ چل سکا کسی عنوان رہ گیا

آخر بنا اوگال وہ منہدی سے چور کا چٹکی مین آپ کے جو ذرا پان رہ گیا

ابروے یار دیکھ کے اٹھنا محال بالاے طاق آج سے نسیان رہ گیا

یارب کوئی عجیب بلا تھا بتون کا عشق ناکردہ خوار کردہ پشیمان رہ گیا

میری طرف سے دل مین بتون کے رہا غبار سرمہ نہین کہ آنکھ مین مہمان رہ گیا

کرتا سفر جو بوسہ کوئی دیتے زاد راہ دم آکے میرے ہونٹون پہ ایجان رہ گیا

[illegible] ہمون مین متقاضی نقد دل کس کس کا قرض آپ پہ ایمان رہ گیا

[illegible] گیا عتاب مگر بوسہ لے لیا منہ دیکھتا ہوا یہ نگہبان رہ گیا

صدقے ہوا مین جان سے پھر کیون ہو برہمی کہتے ہین اب بھی مین ترے قربان رہ گیا

سیکھی [illegible] نے بھی ادھی بیوفا کی چال برسون چھپا رہا اگر ایک آن رہ گیا

[illegible] نہین سہے خاک تو روز حشر بھی لے سر پکی تیغ کا احسان رہ گیا

نکلا ہی بھول کر تو یہین پھر کر آ گیا ہم ہیچ دون کے دلمین جو ارمان رہ گیا

تیرے سوا تو دل مین جگہ اور کی نہ تھی کس طرح آکے وصل کا ارمان رہ گیا

ہین جیسے دشت غم مین مثال نقش پا درماندگی کا مرحلہ ویران رہ گیا

اب کون ساتھ دے مرے دریائے اشک کا پہلے ہی تھک کے نوح کا طوفان رہ گیا

قاتل [illegible] رہنے وہ دعوی خونبہا باقی سر بریدہ پہ احسان رہ گیا

[illegible] تو نے پردگی مین پردہ کہان رہا جو گریبان رہ گیا

[illegible] نزدیک عرش جاکے یہ طوفان رہ گیا

[illegible] [illegible] خواب مین قریب وہ [illegible] رہ گیا

کیا طول دوں منیر میں نظم منیر کو
چھپنے سے تیسرا ابھی یہ دیوان رہ گیا

حسن معنی جو پسند دل ناشاد آیا
خود بلائیں مری لینے وہ پریزاد آیا

طائر جان جو سوے گلشن ایجاد آیا
پیشوائی کے لیے دوڑ کے صیاد آیا

سبق ظلم فراموش اُسے یاد آیا
غصہ آیا کہ بگڑ کر کوئی استاد آیا

باغ میں نالۂ سوزان جو مجھے یاد آیا
آشیان پھونکنے کی تاک میں صیاد آیا

نالۂ شبگیر وہ بت آمادۂ بیداد آیا
کان کی بجلیوں کو خرمن جان یاد آیا

جان لی زخم جو اون کو دم بیداد آیا
یہ خوش اخلاق تو غصہ کا بھی استاد آیا

شاخ گل صحبت مرغان چمن صبح بہار
ہائے کس وقت مری تاک میں صیاد آیا

رکھوں امید شہادت کہ میں ہوں شادیٔ مرگ
بے نقاب آج مرے قتل کو جلاد آیا

کیا مبارک ہو قدم اے غم فرقت تیرا
کشور دل سے مجھے تحفۂ فریاد آیا

جب شکست دل حیران ہوئی منظور العین
خشت آہن سے لئے آئینہ فولاد آیا

حکم شیرین سے خبر گو جو گیا تیشۂ مرگ
پیشوا لینے کو خون سر فرہاد آیا

آشیان سے جو اُڑی تو طرف دام گری
ساتھ ہی قوت پرواز کے صیاد آیا

سر فروشوں نے لہو کی بھی سبیلیں رکھ دیں
تشنۂ خون نہ کوئی خنجر بیداد آیا

ہچکیاں بات بھی کرنے نہیں دیتیں دم نزع
آج میں شہر خموشان میں کسے یاد آیا

عشق قد میں جو تھا ٹھوکریں کھانیکا ڈر
کیوں عصا ہاتھ کے گلزار میں شمشاد آیا

ذبح کرتے ہی مرے ترک کیا اوس نے شکار
خاک میں اپنے چھری گاڑ کے صیاد آیا

صحن گلشن میں جو آمد سنی اوس سرو قد کی
بہر جاروب کشی طرۂ شمشاد آیا

حلۂ سرخ شہادت نہ گلابی ہو جائے
نشہ میں چور مرے قتل کو جلاد آیا

زخم سر عشق کی خیرات میں پا جائیگا سب
بانٹ پر اپنی اگر تیشۂ فرہاد آیا

جتنے تارے تھے سب نے شبکو عرق کے قطرے
چرخ کو دانتوں پسینا دم فریاد آیا

اس چمن میں ہوس قید کبھی نکلی نہ کبھی
پیٹتے کھڑکے جو مرے خواب میں صیاد آیا

تا کوئی رعب سے تصویر کو بھی چھو نہ سکے
منھ بگاڑا جو کبھی سامنے بہزاد آیا

آشیانہ سے نہ تھی باد صبا بھی آگاہ
میرے نالہ سے پتا پوچھ کے صیاد آیا

گدگدی کرکے تیر ستم کہتا ہے
ابتو قابو میں ہنسی سے لب یاد آیا

میری رگ رگ میں ہے کیوں جوش جنوں بھرا جاتا
کیا تماشی کے لیے نشتر فصاد آیا

آشیانہ بو نہیں پر سونگھیے ہی میرا برباد
ہائے اتبک نہوا پر کوئی صیاد آیا

کھنچ ہی جاتا تھا لاغر کا مری کچھ نقشا
خانہ موئے کمر لیکے نہ بہزاد آیا

کیا مرے نالہ کو سنکر وہ چباتے ہیں ہونٹھ
آج دانتوں کے تلے کیوں لب فرہاد آیا

خون ناحق جو قدم لینے کی خاطر دوڑا
راستہ روکنے کو دامن جلاد آیا

ہم سفر نہ ہوا ایسا نہ گیا تا بقفس
آپ جبتک نہ مرے لینے کو صیاد آیا

نہ کبھی پتہ کبھی عاشق حیران کی شبیہ
مدتوں صرف میں رنگ رخ بہزاد آیا

شعلہ رخ طور سے افسردہ مزاجی نہ گئی
ہاں تڑپنا دل سوزاں کا مجھے یاد آیا

باغ عالم میں مرے سرو سہی کی جا ب
کلمہ کی انگلی اٹھائے ہوئے شمشاد آیا

بیکسی میں نہ خبر خسرو و شیرین سے لی
طعن سے ہنسنے کو زخم سر فرہاد آیا

جانتا کون کہ اب پڑتی ہے عشاق آنکھ
نیچی نظریں کئے کیوں قتل کو جلاد آیا

بند ہے دھیان میں کس شوخ کو کم کشتہ کی آنکھ
کونسا خواب فراموش مجھے یاد آیا

رہنے والے ہیں مگر عالم رویا کے حسین
خواب ہی میں نظر اکثر وہ پریزاد آیا

عطر میں ڈوبی ہوئی حور شہادت آئی
تر عرق میں جو دم قتل وہ جلاد آیا

کیوں مری سمت ہر انگشت غرہ اٹھی ہے
آج کیا ہے جو ترے تیروں کو میں یاد آیا

چلے درگاہوں میں باندھی ہیں اسی شست کے
پھر بھی پھندے میں پھنسانیکو نہ صیاد آیا

جب کسیکو بھی ملا تلخ جواب اُس بت سے
جان شیرین سے بدل لینے کو فرہاد آیا

کر دنہی تنگ شہادت ز بیری آہ رسا
دونون ہاتون سے جگر تھام کر جلاد آیا

دیدۂ نقش قدم نے بہی نہ جہپکی دیکھی
اسقدر چھپ کے مری گھات مین صیاد آیا

راہ سر پھوڑنے کی کس نے بتائی ایدل
کیا عدم سے خط پیشانی فرہاد آیا

دل مین وہ پھانس چبہی جب ہوئی تیغ جفا
ناک مین دم کا تنکا جو ترا یاد آیا

خون بہی بول سکیگا نہ مرا حشر کے دن
سرمہ آنکھون مین لگائے ہوئے جلاد آیا

ہوگیا کوچۂ جانان مین سراپا فریاد
الف آہ بنا جو کوئی آزاد آیا

باغ عالم کی ہوا کھانے نپائی کہ ہمنے
قفس بیضہ سی چھوٹے تھے کہ صیاد آیا

دیتی ہی جسکی چہرہ تہنیت ذبح عظیم
مژدہ اے خون دو عالم وہی جلاد آیا

بانکپن زچ چھکے نشتر مژگان شاید
نوک کی لینے جو بازار مین فصاد آیا

کیا خوشی کی یہ خبر ہی کہ نہان ہو نہ سکی
تا زبان حشر مین کیون شکوہ بیداد آیا

پھرے محروم ترے در سی گدایان وفا
پڑ گیا لوٹ مین جو سائل بیداد آیا

دل مین قاتل نے جگہ رحم سی دیدی تنہا
ورنہ محشر مین نکیون کشتۂ بیداد آیا

اصل سے پہلے دیا نقل نے دیدار کا لطف
کس کی تصویر لئے حشر مین بہزاد آیا

اے منیر آجتک اُن دو کے سخندان نہین
شیخ ناسخ سے نہ بہتر کوئی نقاد آیا

خوب سرسبز ہوئی کشت تمناے منیر
گھر کر ابر کرم سید سجاد آیا

مرے دل سے جب اونکا پیکان نکلا
پکاری اجل اب تو ارمان نکلا

کہین سے جو تو چھپ کر ایجان نکلا
مرے دل سے شرما کر ارمان نکلا

کسی کی نہ حسرت نہ ارمان نکلا
جو نکلا تو دم ہی مری جان نکلا

گئی چور کی طرح چھپ کر جوانی
دکھا دیکے گھر سے یہ مہمان نکلا

کسی کی جگہ تیرے دل مین نہ دیکھی ... نصیبون سے یہ گھر بھی ویران نکلا
جسے صبح محشر سمجھتے تھے نادان ... ہمارے کفن کا گریبان نکلا
زمانے کے بیگانہ پن سے ملا مین ... یہی تو مرا جان پہچان نکلا
ترے تیر نے ضعف مین کی اعانت ... عصا تھام کر دل سے ارمان نکلا
بتون کی قدر راست پر غش ہی ناصح ... یہ بیچارہ سید ہا مسلمان نکلا
رہے جس سے بیزار ہم زندگی بھر ... یہ کیا قہر ہے تو وہی جان نکلا
گئی روح تنہا عدم کو بدن سے ... اکیلا مرے گھر سے مہمان نکلا
ترا نقشہ جس کو سمجھتی ہے خلقت ... وہی تو قیامت مین قرآن نکلا
عدم مین سے ملے مجھ سے یاران رفتہ ... زمانہ سے باہر یہ ارمان نکلا
کہان جائین اب چال پہ مرنیوالے ... قیامت مین ناحق تو اے جان نکلا
رجوع اصل کی سمت کرتی ہی ہر شے ... مرا دم ترے آکے ایجان نکلا
مرے پاس اس بے نیازی کے باعث ... خدا کی خدائی کا سامان نکلا
لحد پر ترے آتے ہی جی گیا مین ... ارے یار تو تو مری جان نکلا

منیر آگے تھا غم کا کھانا ہی مشکل
اب الحمد للہ آسان نکلا

کیون ہے قصد آئینہ خانہ مین خود آرائی کا ... شہر خوبی مین ہے کیا قحط تماشائی کا
نالہ تا چرخ نہ پہونچا دل سودائی کا ... نام جھنڈے نہ چڑھا ضعف مین سودائی کا
آتش حسن کو کیون ناز ہے یکتائی کا ... شعلۂ طور شریک اسمین ہے جو تھائی کا
جس نے ڈھنگ اڑا یا دل سودائی کا ... چور بھا نپا نہ کسی نے مری رسوائی کا
رتبہ تجرید نے بخشا مجھے یکتائی کا ... خانہ آباد الٰہی مری تنہائی کا
آئینہ ٹوٹ گیا کس کی خود آرائی کا ... پڑ گیا لوٹ مین نظارہ تماشائی کا

تھا بھروسہ خرد و ہوش و شکیبائی کا / نہ دیا ساتھ کسی نے غم تنہائی کا

نور ساتھ اوس کے گیا چشم تماشائی کا / خانہ ویران ہوا عینک بینائی کا

بیکسی آپ ہی باہر نہیں جانے دیتی / مجھ سے آباد ہے عالم مری تنہائی کا

وصل ہی جب نگہ یار میں بیجا ٹھہرا / دونوں عالم میں ٹھکانا نہیں یکجائی کا

تم کہیں جاؤ خبر مل ہی رہے گی ہم کو / ساتھ ہر کارہ ہے اندیشہ ہرجائی کا

نکلی جاتی ہے مرے پاؤں کی نیچے سے زمین / پر قدم ہل نہیں سکتا شب تنہائی کا

اب تو مجھ پر ہی مصیبت کا فلک ٹوٹ پڑا / ڈر کسی کو نہ رہا آفت بالائی کا

تن لاغر نے تپ غم کو اترنے نہ دیا / ناتوان ہو کے گیا زور توانائی کا

بیکسی میں تو نہ چھٹے کاتب اعمال بھی ساتھ / کس نے اخبار لکھا عالم تنہائی کا

اسی ویرانہ میں ہی پھر کے رہا کرتا ہے / دل میں کیا نالہ کرے اک بت ہرجائی کا

ذکر توحید ہر اک صبح کو ہے ورد زبان / لاکھوں مجروں میں ہے مضمون تری یکتائی کا

بیکسی کس سے پتا پوچھ کے آئی مرے پاس / بھید کس طرح کھلا گوشۂ تنہائی کا

کوئی یوسف بھی نہیں جذب کرے کیا یا تم / شوق کس کا ہو کہ کنعان نہیں بینائی کا

بیقراری میں خبر لینے نہ آیا کوئی / ساتھ یاروں نے دیا صبر و شکیبائی کا

بے دلی آتی ہے ہر بار مرے پہلو میں / اس نے گھر دیکھ لیا ہے دل ہرجائی کا

ہم مسیحا کے جلانے سے کہیں جیتے ہیں / دین کسی اور کو دو ذوق گویائی کا

دور پھینکے گی طپش سنگ فلاخن کی طرح / لنگر اک ٹھہرے تو کہیں کو ناشکیبائی کا

ایک دن جوش کا تشہیر کو کافی نہ ہوا / حق ادا ہو نہ سکا ذلت رسوائی کا

ترک حق کرتے اگر کھینچ لے پیری کی کمان / کھنچ سکے گا نہ کیا وہ کبھی انگڑائی کا

ہم تڑپ کر بہت ٹھنڈے ہوئے تیری ... / طعنہ غیروں سے دیا صبر و شکیبائی کا

تیرے در پر نہیں اب پھر کی جا جینا ... / نقش بیٹھا ہے بیان میری جبین سائی کا

کیا نظر آئے کوئی شئے ترے جلوہ کے حضور
نہین جلتا ہی چراغ ایک کی بینائی کا

عہد اتو بے گیا چین کرا لے بیتابی
اب عمل ملک عدم مین ہی شکیبائی کا

درد سر کھونے کو آئے تھے ترے در پر ہم
لیچلے اور بنیا روگ جبین سائی کا

پھر اوسکے نکلے اے شیخ تیا سی سجدے سے
مہر خجلی نہ بنا داغ جبین سائی کا

اک چھلاوے کی جو منظور رہے مجکو تسخیر
نقش بہرتا ہون صنم آہوی صحرائی کا

ربع مسکون دل وحشی کے تصرف مین ہے
یہی دیوانہ زمیندار ہی جو تہائی کا

رہی جمیازہ کو حسرت ہی ہم آغوشی کی
ہاتھ پہنچا نہ گلے تک تری انگڑائی کا

جیب ٹکڑے ہی ہو تو لے دامن صحرا کی خبر
اے جنون ہاتھ ابھی خالی نہین سودائی کا

جائین مرقد مین نکیون راہرو ملک عدم
شہر اول ہے یہی عالم تنہائی کا

حرم و دیر سے تا عرش برین ہی اندہیر
آج کسجا ہی گذر جلوہ ہرجائی کا

لوٹ لے شوق سرای صنم قیمت مجکو
پاسبان کوئی نہین ہی شب تنہائی کا

دیکھنے والون نے دیکھا مری آنکھو نکو نہین
حصہ لاکھون کو ملا ایک تماشائی کا

قبر مین ہی خلل انداز نکیرین ہوے
اب خدا حافظ و ناصر غم تنہائی کا

دہوپ بھی بھاگتی پہرتی ہی سیہ روزنی
ڈر ہے پڑ جائے نہ سایہ کہیں سودائی کا

جشن ہی آج تو سب بادہ دیدار پئین
اک یہی دن ہی تری انجمن آرائی کا

شوق اوس گھر مین اوپہنین جلوہ فروشی کا ہی
ہو روزن ہی جہان چشم تماشائی کا

پست قدر و نبنے کیون صاحب رفعت بیجا بیز
اوج کوٹھے کو میسر نہین انگنائی کا

بیکسی کو مین نکیون حاکم عادل سمجھون
کوئی جھگڑا نہ سنا عالم تنہائی کا

خاک مین مل کے پہونچتے ہین فلک پر درویش
در ہی کیا زیر زمین گنبد مینائی کا

صوفی شہر کو ہی کبر سکندر منشی
کہین گدڑی مین تو ٹکڑا نہین دارائی کا

کیون عدم مین نظر آیا نہ کوئی اپنے سوا
سرمہ آنکھون مین ہی شاید شب تنہائی کا

ساتھ ہی سیل بلا جائین جدھر دنیا مین
ڈھال کیا ہر طرف اس گھر کی ہی انگنائی کا

پھیرے مرنے سی تو دہانے شکستہ مین جو دم
دم آخر ہی کہ جو نکلا کوئی پروائی کا

دل فریبی کی ادائین ابھی آجاتی ہین
سامنا چاہیے پر چشم تماشائی کا

اپنی صورت تو نہیں دیکھنے آتے ہین ہم
کیون نہ صدمہ ہو ترے آئینہ سیمائی کا

گو ہے کیونکر کوئی اے عشق خموشی مجھکو
نام لیوا نہ رہا قوت گویائی کا

ناک بھون آئینے آگے چڑھایا نکرو
منھ بگڑ جائے نہ اکروز خود آرائی کا

اے گل اک شب کی دلہن پہ نکر ناز اتنا
تیرے ہی سر نہین سہرا چمن آرائی کا

اے فلک فوج حوادث سے نہین ڈرتا مین
لاکھ پر بھاری ہی اک مری تنہائی کا

لیگئے کوہکن و قیس تبرک کی طرح
کچھ بقیہ جو رہا تھا مری رسوائی کا

دیکھکر تجکو سمٹے جاتے ہین دنیا کے حسین
جمع ہوتا ہے مسالا تری یکتائی کا

رہنے دے خواب عدم آنکھون مین اے شور جنون
یادگار ایک یہ ہے عالم تنہائی کا

جی مین ہی پوچھون کہ کیون بات نہین کرتے اب
کیا کہون منہ نہین مری گویائی کا

چاہیے چشم تمنا مین غبار رہ یار
جزو اعظم ہے یہی سرمہ بینائی کا

نام روشن بھی جو ہوگا پس مردن ہوگا
چاند دیکھین گے عدم مین شب تنہائی کا

یہ اشارہ ہی کہ پھر چلیے نیند آئی ہے
میری تعظیم کو اٹھنا تری انگڑائی کا

لکھو گو چون چون سے تو ای لطیف اسکے منیر
سمجھو خامہ کو نہ گز قافیہ پیمائی کا

ردیف یای

شام سے رو کے رہو مداح کیا آخر شب
رتجگا ہت کیا وصل مین تا آخر شب

دیس گا تا دیت نہرہ لقا آخر شب
ہوتی ہی صبح وطن جلوہ نما آخر شب

[illegible] کے آثار ہین برہمزن عیش کیا
نیند اڑا دینے کو چلتی ہی ہوا آخر شب

دوڑ کر اوسکو سنبھالا جو چلے قبل سحر
شام کو جلوۂ رخ پچھلے پہر زلف کے پیچ
داغ دل جلنے لگے عہد جوانی جو چلا
پڑھ لی دھوکے مین فرشتون نے نماز سحری
ہاتھون سے آپنے دل چاک کیا بعد وصال
نالہ کش ہی دل وحشی پس ایام شباب
پچھلے کو مہندی لگا کر عجب اندھیر کیا
قبل پیری دل وحشت زدہ شقاف ہوا
نامہ لیجا اے تمنا مری اوس مہر کے پاس
شام کو جاتے ہین پچھلے کو چلے آتے ہین
جھٹ پٹے مین جو وہ آئے مرض ہجر گیا
پچھلے کو جائینگے بد خواہ جو تیرے ہمراہ
لین گے جھٹ پٹ جو بلائین تری ہم وقت وداع
صبح سے پہلے جو سرگرم ستم ہو وہ بت
سینہ کوبی کے سبب غیر سیہ دل چونکے
سرخرو ہون اگر آجاؤ مناجات کے وقت
رونق غمزہ گئی تیری جوانی گذری
عشق مژگان مین گئی جان پس عہد شباب
بے تکلف وہ ہوئے قبل سحر نشہ مین
صبح سے پہلے وہ جانیکو ہین لے فر نہین ہم
جان دین کم ہو اگر نشۂ تریاک شباب

ہائے خوابیدہ مرا چونک اٹھا آخر شب
صبح عیش اول شب شام بلا آخر شب
گھر مین چڑھتا ہی مسافر کے تو آ آخر شب
صبح کاذب ہوئی چہرہ کی صفا آخر شب
کر گئے نقب بنی دزد حنا آخر شب
بولتا ہی مرے جنگل مین ہما آخر شب
لے گیا نسیم سحر دزد حنا آخر شب
پا گیا آئینہ صبح جلا آخر شب
تھیر لب سے اوڑے مرغ دعا آخر شب
زہر غم اول شب آب بقا آخر شب
صندل صبح بنا خاک شفا آخر شب
کون ہوگا ہدف تیر دعا آخر شب
چٹکین گے غنچۂ گلزار وفا آخر شب
ہون ستارہ شرر سنگ جفا آخر شب
کاسے کو سون گئی نوبت کی صدا آخر شب
در دیان پہنچی میری فوج دعا آخر شب
ہوئی شمع سحری تیر ادا آخر شب
سوہا پر آ ہی گیا خواب فنا آخر شب
لٹ گیا قافلہ شرم و حیا آخر شب
رہ گیا بھول گیا پیک قضا آخر شب
آئے افیونیون کو خواب فنا آخر شب

چشم تر شام کو افسردہ دلی قبل سحر
آب گرم اول شب سرد غذا آخر شب

صبح سے پہلے جو کہو دینگے وہ بیماری ہجر
عرق شرم مین بھیگے گی دوا آخر شب

نالے سے ڈر کے عدو بھاگ گئی قبل سحر
ہو گیا تیر شہاب آج خطا آخر شب

شام سے نشہ چڑھے صبح سے پہلے اوترے
جرم ہوا اول شب اور سزا آخر شب

قصد تو یہ ہی تو کھائے غم ایام شباب
روزہ جو رکہتے ہین کہاتے ہین غذا آخر شب

رات گذری ہوئی پہر آئی مرے رو دینکو
آپ نے آنکھوں مین سرمہ جو دیا آخر شب

عہد پیری ہی عبادت کو جوانی ہی عشق
شام کو یاد بتان ذکر خدا آخر شب

جلوہ یار جو پچھلے کو ذرا افشان ہو جائے
مشک ظلمت ہی معجون طلا آخر شب

سجدہ کرتے ہین جو آتا ہی وہ بت قبل سحر
سر کے بل چلتے ہین ہم راہ خدا آخر شب

مائل یار ہوا پچھلے کو ہر ذاکر صبح
بن گیا مرغ سحر قبلہ نما آخر شب

دو گھڑی رات سی طالع سحر عید ہوئی
تو نے کھولا جو گریبان قبا آخر شب

صبح پیری ہوئی تاریک سیہ کاری سے
آ گیا میرے لئے وقت عشا آخر شب

تم اگر آؤ تو پہر آئے جوانی میری
شجر شمع کو ہو نشو و نما آخر شب

رات بھیگی ہوئی آنکھوں سے دکھائی تو نے
تر پسینے مین ہوئی زلف رسا آخر شب

شام سے دور ہین آپ جو اشک جا ہین
بڑہ کے پہونچینگے مری سمت دعا آخر شب

روئے ہم اوس کے گلے ملکے جو پچھلے کو منیر
اوس مین وہ گل تر بھیگ گیا آخر شب

کیون کرون ذکر زلف کیا مطلب
دل سے پوچھے مری بلا مطلب

ضعف کا اونکو کیون لکھا مطلب
یار سے بھی نہ چل سکا مطلب

تم نے پوچھا جو غیر کے آگے
گوشہ دل مین جا چھپا مطلب

معنی او سنکے تڑپا عنبر
ہو گیا تیر سے خطا مطلب

خط جو اون سے پڑھا نہین جاتا
کیا مقدر کا ہے لکھا مطلب

سعی دشمن سے وصل ٹھیرا ہے
اب نہین میرے کام کا مطلب

ہاتھ خالی ہین اے دل پر غم
یاس سے ہے خلا ملا مطلب

زلفون والون سے ہی ہے مستغنی
غرض آسیب ہے بلا مطلب

راز سربستہ اون کو لکھا تھا
غیر پر کس طرح کھلا مطلب

زاہدا بت پرست ہون تو مین ہون
تجھکو اے بندۂ خدا مطلب

تم سے ڈر کر جو دل مین چھپتا ہے
جانتا ہے تمھین خفا مطلب

اوس پہ پیرو نے خط جو پڑھوایا
صاف منشی اوڑا گیا مطلب

کشور دل کا ہی وہی سلطان
جو ترے در کا ہے گدا مطلب

جب لکھا مرگ آرزو کا حال
خود سیہ پوش ہو گیا مطلب

چھپ کے دو دن مین نوید ناکامی
دل سے دم بھر جو ہو جدا مطلب

کیون نہ پہونچے مری خبر اون کو
کیا کہین تھک کے رہ گیا مطلب

روح کے بدلے اون سے ٹھیری ہے
جان دینے مین ہے بڑا مطلب

کیسے کیسے کڑی پڑی لیکن
ساتھ دل کا دیا گیا مطلب

تیر لائے پیام قتل بیان
بیڑا بانون نے کہہ دیا مطلب

آرزو کس کی جب ہمین نہ ہوئی
جان سنتے ہی ہے گیا سوا مطلب

کام کیا نکلے ان بتون سے منیر
رحم عنقا ہے کیمیا مطلب

بد زبان دیتا نہین ششکر برابر کا جواب
مانگتا ہے ہر کلوخ انداز پتھر کا جواب

ابر سے کیونکر ہو میرے دیدۂ تر کا جواب
کس طرح نکلے لب جوئے سمندر کا جواب

ہر حباب دریا اگر ہے کاسۂ سر کا جواب
میری قسمت کا لکھا ہے خط ساغر کا جواب

ایک ہی سمجھے ہین اوس بت کو مسخر کیا
بجھ گئے آخر غم فرقت کی کڑیان جھیل کر
دونون جانب ہی درست اے دل تمہاری نماز
بیٹھے بتا مئیکشی مین ہے فردا اے دل بگیر
دل کے ٹکڑے کرکے وہ بت پوچھتا ہی مزاج
میری آہون پر نہ کی اوسنے نگاہ التفات
لادو نازن اکسیر تو پارس ہین تو ہو پرداہمن
وہ کفن سے اور یہ جامہ سے باہر ای فلک
کریا تسخیر عالم خال رونے مایہ نے
طرح یہ نواب سانے کی ہی میان رامپور

داغ پیشانی بنا چشم فسونگر کا جواب
سخت جانی ہو گئی چھاتی کے پتھر کا جواب
گردن خم گشتہ ہے محراب خنجر کا جواب
چشمہ کوثر ہے کس کے دامن تر کا جواب
شیشہ کی جھنکار سے سکھین گے پتھر کا جواب
تار برقی پر نہ آیا باد صرصر کا جواب
ڈھونڈھتی ہیں کیون قناعت خاک پتھر کا جواب
دست مفلس بنگئی دولت سکندر کا جواب
نقطہ ٹھہرا اختر بخت سکندر کا جواب
موج کوثر بھی نہین اوس مصرع تر کا جواب

میکدہ مین بادہ نظم ظہوری کی منیر
پڑھ کے ساقی نامہ کو لکھہ خط ساغر کا جواب

لکھہ سکتے ہین حضور کو حال تباہ کب
یارب ملیگی روز سیہ سے پناہ کب
اس برق کی ہے خرمن ہستی کو آرزو
اوس مہر کو دکھائینگے کسدن بلا کے ہجر
نالے ہمیشہ قید دل تنگ مین رہے
دشمن ہین نالشی مرے یاران اشک کے
مدت سے بانکپن کی ہین مشتاق اہل دید
برسون سے خاکسار ہین مشتاق آبرو
رکھا کئے ہو کوچہ بیگانگی مین پاؤن

عرضی مین ہاے کھینچ سکتے ہین تصویر آہ کب
مشکل ہے مجکو ڈھونڈھ نکالے گی آہ کب
اے بت کرم کریگی غضب کی نگاہ کب
آجائیگا ادھر جالے ہین روز سیاہ کب
آزادون مین شمار ہوئی سرو آزاد کب
کملی اوڑھائیگا ادھین روز سیاہ کب
آنے لگی تیری آنکھون کو ترچھی نگاہ کب
تعظیم اٹھہ گئے دیدہ کی تری گرد راہ کب
لائی اٹھین لگا کے محبت کی راہ کب

معراج گریہ دیکھیں گے کس دن ہم آنکھ سے
نم ہو کے چمکیں گے ورق مہر و ماہ کب

کس روز آنے دیگی ہمیں آبگی گلی
لے گی قدم فقیر کی یہ شاہراہ کب

دل میں رہیگی حسرتوں کی بھیڑ تا بکے
اس جادہ سے کوچ کریگی سپاہ کب

بھٹکے ہمیشہ جادہ مقصود سے جدا
قسمت کے پھوٹنے کو ملے سنگ راہ کب

افسوس عین وصل میں پہونچا پیام ہجر
آیا ہے مجھ سے ملنے کو حال تباہ کب

گذری تلاش دولت دیدار ہی میں عمر
یارب سفر سے آئیگی پھر کر نگاہ کب

وہ بیخبر ہیں شرم سے ہم پائمال ہیں
حیرت ہے کام آئے گی نیچی نگاہ کب

یارب ازل سے حسرت یثرب میں ہے منیر
بلوائیں گے جناب رسالت پناہ کب

ردیف پے

بگڑے پر بڑا غضب ملیں گے آپ
آدمی ہو کے کب ملیں گے آپ

محو رفتار جب ملیں گے آپ
خاک میں سب کے سب ملیں گے آپ

خواب میں ہی شتاب ملیں گے آپ
بخت جاگیں گے جب ملیں گے آپ

یوں فقیر دن سو کب ملیں گے آپ
نقد جاں لیں گے جب ملیں گے آپ

ضبط افغان سو کب ملیں گے آپ
حور ہو نکلیں گے جب ملیں گے آپ

دن کو کیوں تیرہ بختوں کی ہے تلاش
بستہ زلف شب ملیں گے آپ

روٹھ کر جاؤ گے تو اُن سے
بڑھ کے دست ملیں گے آپ

خاص خلوت میں جان و جسم کہاں
سب جدا ہونگے جب ملیں گے آپ

اب سفیدی سے بال بھاگے ہیں
ایک دن روز و شب ملیں گے آپ

بوسہ لب کا کیوں سوال کروں
میرے حق کے رطب ملیں گے آپ

تشنہ تیز اب ہزاروں سے کا
ساز کی طرح جب ملیں گے آپ

رنگ اوڑالین گے غیرپوسون کا
کھو گئے یاقوت لب ملین گے آپ

حضرت دل لہوکرین پانی
سارے رنگون مین جب ملین گے آپ

گو کہ وعدہ ہی روز محشر کا
شوق کہتا ہے اب ملین گے آپ

ہم دکھا دینگے عشق کی صورت
آئینہ بنکے جب ملین گے آپ

خاک مین ہو گیا حضور اکسیر
دل یہ کہتا ہے اب ملین گے آپ

عید مین ذبح کیجیے لیکن
پھر گلے میرے کب ملین گے آپ

دیدۂ دل کو بھی ہو گی خبر
ہم سے پوشیدہ جب ملین گے آپ

میری اوقات ہی ہو جب کچھ
پھر مین کیون پوچھون کب ملینگے آپ

وا اگر ہونگے دیدۂ حق مین
ہر جگہ بے طلب ملین گے آپ

دام گیسو کا وصف حسن کے کہا
جلسا زون مین اب ملین گے آپ

وصل کیا ہو غبار رہے دل مین
خاک اوڑائین گے جب ملینگے آپ

مانع وصل ہے انا نیست
جب ہو نگا مین تب ملین گے آپ

تم ہو دریا حباب اہل جہان
آپ مجھ بنیگے سب ملین گے آپ

کعبہ و دیر مین نہین ملتے
کسی دل ہی مین اب ملینگے آپ

جو ہے بیگانہ سب زمانہ سے
اوس سے کیا پوچھون کب ملینگے آپ

حشر مین سنکے شعر نعت منیر
تم سے خاصان رب ملین گے آپ

ردیف ے

جو دیکھا پائیگی اوس گل کی انجمن مین شکست
کمر کی شمع سے استادہ کی لگن مین شکست

وفور شرم ہی بات اوسکے منہہ مین ہوگیا ٹکڑے
عروس نطق کی ہی حجلۂ دہان مین شکست

بپاس نسبت پا لیتی ہی جا ہے وصل نہ
ہمارے اونکی رہی پردۂ سخن مین شکست

اکڑ کے بیٹھو نہ شمشاد و سرو کے آگے
مرخ حضور رہیگا نہ زلف شبگون مین
تمہارے جال سے سکہ بٹھا دیا دلبر
برنگ شانہ ہوا چاک دل تو کیا حاصل
پری و حور کے دل مین ہو آپکی مجلس
ابھی تری رسن زلف سے نہین کھینچا
دیار عشق لب یار مین عمل بیٹھا
بغل مین بیٹھے جو تم روح نکلے کیا حاصل
بتان عرش نشین کسی شاید اترے ہین
پناہ زیر زمین ہے فلک کے حسد سے
ہمارے آتے ہی اٹھتے ہین ہمنشین ادکو
برائے نام ہی جبتک ہین یاد فرمائین
لباس … ہوا … کشتی پنہان
اکڑ کے … زمین زانو کو کیا قیامت کا
کیا ہوا آنکھون نے آرام زلف مشکین مین
پڑا نہ ہو دیا تجھے آپ کو حسرت مین
سواد وادی غربت مین نہ ٹھیری ہم
بلا … ہوا … فرش خراب مطلوب تمین
… آئے ہو سمجھ کے پڑھو
کہو … جناب غضنفر الدولہ

ق

چلو دکھانے برخاست گلشن مین نشست
کوئی گھڑی مہ کامل کی ہو گگن مین نشست
دکھائی خوبی رفتار نے چلن مین نشست
نہ ٹھہری کوچہ گیسوئے پرشکن مین نشست
سوا جلوس سلیمان ہے ہمین مین نشست
ابھی ہو یوسف دل کی چہ ذقن مین نشست
ہمین نصیب ہوئی کشور یمن مین نشست
کہ راس آتی نہین خانہ بدن مین نشست
کہ روز کرسیون پر تیری انجمن مین نشست
پسند کون کرے گنبد کہن مین نشست
ہمیشہ دیتا ہے تعظیم انجمن مین نشست
گھڑی گھڑی ہمین بلوائے انجمن مین نشست
برنگ بو ہے ہر اک گل کے پیرہن مین نشست
ہوئی ہے خواب فراموش یاسمن مین نشست
غزال چشم کو منظور ہے ختن مین نشست
پسند کی مری افتادگی نے ہمین نشست
ترے غریبون سے ادکھڑی رہی وطن مین نشست
زیادہ پاؤن نہ پھیلائے انجمن مین نشست
محققون کی ہے اس مجلس سخن مین نشست
نہال حسن کی ممکن نہین چمن مین نشست

خبر گیسوؤن کی نہ پائے گی رات
اندہیرے مین خود کھوئی جائیگی رات

اگر لاکھ شمعین جلائے گی رات
تن زار میرا نہ پائے گی رات

کب اوس مہ کے آگے آئیگی رات
اوجالے مین کیا منھہ دکھائے گی رات

جو خواب اجل کو نہ پائے گی رات
مری آنکھون مین کیا سمائے گی رات

یہ مانا خوشی کی تو آئے گی رات
کہو عمر رفتہ بھی لائے گی رات

جو اوس ماہ تابان کو لائیگی رات
اندہیرے مین کیونکر چہپائے گی رات

رہے گا جہان محو ہندوئے زلف
وہین جاکے دہونی رمائیگی رات

اگر چھپکے چھپکے ہوا وصل یار
مؤذن کو سرپہ کہلائے گی رات

مرے بخت تیرہ سے اوبھی تو ہے
کہان روسیاہی چہپائے گی رات

ذرا آنکھین مل دیکھیئے صبحدم
ابھی سر سے سان پھیل جائے گی رات

چراغ رخ یار کے فیض سے
دہوئین شمع مہ کی اوڑائیگی رات

مری بیکسی سنکے اے زلف یار
بلائین تری لیکے آئے گی رات

نہ کر شکوہ سوزش اے شمع بزم
جلا کر سیاہی لگائے گی رات

یہان ہو نشیب و فراز فراق
کہان ٹھوکرین کھائے آئیگی رات

ستائے ہین لاکھون مین کیسا ہو ایک
کسے اتنی آنکھین دکھائے گی رات

سرکتی ہی کیون زلف رخسار سے
کسے چاند سا منھ دکھائے گی رات

تری زلف کے آگے اے ماہ رو
کبھی چاندنی مین نہ آئے گی رات

نہ سوکھے گی اے چشم تر بھیگ کر
اگر مدتون دہوپ کھائے گی رات

نہ لی روز فرقت مین میری خبر
قیامت مین کیا کام آئے گی رات

غم ہجر کا تو یہی ہے وطن
مرے گھر سے کس گھر مین جائے گی رات

مزے وصل کے لوٹ لین گے
جو تنہا مرے سے جائے گی رات

بخشش کرو گا رہے اسکی ازل سے جو گنہگار
آپکو قابل سزا جانتی ہے خطا عبث

کشتۂ تیغ عشق پر صاف کرینگی ہاتھ کیا
ہجر بتان میں کرتی ہے مردہ کشتی قضا عبث

روز الست آپ ہم زلف بتان میں پھنس گئے
آج شب فراق میں ہے خط بلا عبث

لائی نہ گل خون کی بو سے نگہی سے چمن
پھسلے ہیں اپنے ہاتھ پانون رہ ہے حنا عبث

خون اگر مرا کیا خوب کیا کسی کو کیا
اوس گل تر کے دست و پا باندہتی ہے حنا عبث

حسن شباب تک ہا رتبہ چشم سیہ سہا
بیچتی ہے بیاض چشم کا غذ تو تیا عبث

سادگی اونکو ہے پسند رنگ حجر تو کیا مجھے
سعی ہمارے خون سے پاتی ہے حنا عبث

نشہ میں یار اور ہم بیٹھے ہوئے تھے بحجاب
خلوت خاص میں دخیل آگئے ہوئی حیا عبث

سینہ سے تا بلب کبھی آ نہیں سکتے ضعف سے
قصد سپہر کرتے ہیں نالۂ نارسا عبث

دامن پاک یار تک ہو نہ سکا کبھی رسا
دست شکستہ ہے فلک میرے لگے بندہا عبث

بزم کو بھی ہوا ہے طول طبع ہنیں ہے ملول
شعر غزل بھی ہیں فضول یاروں کی واہ وا عبث

ردیف جیم

کیا جانے کیا لطف ہے چلمن کے ادھر آج
جاتی ہے تو پھر کر نہیں آتی ہے نظر آج

محفل میں ہے ہر سمت حسینوں کا گذر آج
اے بیخبری تو ہی بتا ہم ہیں کدھر آج

تقدیر تری لڑ گئی اے دیدۂ تر آج
نظروں سے پھری کہتی کبھی قاتل کی نظر آج

وہ مہر لقا باغ میں ہے وقت سحر آج
موقوف رہا شبنم گلشن کا سفر آج

پھر وعدۂ فردا نہ کرو آکے ادھر آج
کل کہتے تھے تم جسکو وہ دن ہے مگر آج

پردہ سے نکلتا ہے کوئی رشک قمر آج
اندہا ہے جو رو کے رہے الفت کی نظر آج

کیا غیر کے ہمراہ وہ آتے ہیں ادھر آج
رہ رہ کے تڑپتے ہیں بہت قلب و جگر آج

وہ دن ہی کہ کشتون مین ابھی سے گھٹتے ہین کم ظرف ۔۔۔ بدلے گل فردوس ہی جو زخم جگر آج

باڈار جہان مین کوئی سوا نہین نکہت ۔۔۔ پھرتی ہے نظر ترے ساتھ زمانے کی نظر آج

آیا ہی بہت نالۂ ناقوس ہوا پر ۔۔۔ شاید کہ لب بام ہی اوس بت کا گذر آج

کیون ڈھونڈہتی ہی زہر غم و بیکسی یاس ۔۔۔ اے موت بتا کسکی ہی دعوت ترے گھر آج

منصف ترے گالون کو ملا جلوہ گری کا ۔۔۔ اس عہد سے معزول ہوے شمس و قمر آج

حیرت ہی تری رخ سے دم بازپسین کو ۔۔۔ بھولا ہے چراغ سحری راہ سفر آج

وہ ابھی جوانی ہی جو کل گذری شب وصل ۔۔۔ پیری جسے کہتے ہین وہ آئی ہے سحر آج

یکجا ہو پھر کشتۂ شمشیر جدائی ۔۔۔ اے حشر گلے ملتے ہین دنیا مین تن و سر آج

بدلا ہون شب وصل کے سامان کیا کر ۔۔۔ اے یار خدا شام جدائی ہی کہ ہر آج

سیب ذقن یار مجھے ہاتھ لگا ہے ۔۔۔ ہر شاخ شکستہ کو ہی امید ثمر آج

جلوہ ہی ترا عام مگر حیف ہے اوسپر ۔۔۔ جو راندۂ درگاہ تماشا ہی نظر آج

کل ساتھ مرے نکلے نہ کیون جائے عدم کو ۔۔۔ جس داغ کے قابل ہو دنیا مین جگر آج

زخم دم شمشیر سے مجھے ہضم ہون گے ۔۔۔ اس کھانے کو تیکھی ہے ندید و نکی نظر آج

میدان تماشا مین نشان اوسکا گڑا ہے ۔۔۔ جس کشتہ کی دلمین ہے ترا تیر نظر آج

اللہ رے توقیر ترے سنگ ستم کی ۔۔۔ آرام طلب ڈھونڈہتی ہین در پہ جگر آج

کس واسطے کل اشک ندامت ہو نہ بہیگا ۔۔۔ منہ ڈھانپ کر روتا ہی جبہت دامن تر آج

ہی دولت دیدار میسر دم مردن ۔۔۔ لے لے نفس بازپسین زاد سفر آج

سیر چمن خلد کی طالب ہی وہی آنکھہ ۔۔۔ محروم ترے جلوہ سے ہی جسکی نظر آج

ہمسا کوئی نادان منیر اور نہ ہوگا
کل زاد کے تدبیر ہے دنیا سے سفر آج

ردیف چ

سنکے نالے تیغ ای بے پیر کھینچ
آہ پر تو خشم شمشیر کھینچ

نقش شوخ بت بے پیر کھینچ
اے مصور تیلی تصویر کھینچ

سرخ قشقہ اے بت بے پیر کھینچ
چاند پر مریخ کی تصویر کھینچ

چین پیشانی کا لکہا اے دل گلہ
مد عریضہ میں رقم تحریر کھینچ

کاٹ دی زنجیرین تیغ قہر سے
ٹیڑہی سطرون پر خط شمشیر کھینچ

بورئے پر بیٹھ کر سائل نہ ہو
پاؤن پھیلا یا نہ بے تاخیر کھینچ

چتو مین پہر جائین پر کھٹکا رہے
پہانس رہنے دے جگر مین تیر کھینچ

پھنس گیا ہے زلف مین میرا گلا
اوپنی جانب کو سیر زنجیر کھینچ

اے مصور میرے رنگ زرد سے
اوس پشتی پوشش کی تصویر کھینچ

اے دل اوسکے بام پر چڑہنا محال
بس کمند آہ بے تاثیر کھینچ

وہ عرق افشان ہوا یدن تپ سیر
گرد رو سے روغن اکسیر کھینچ

قوس ابرو کی ہے کیا تسخیر سہل
سیکڑون چلے ابہی اے تیر کھینچ

عشق قد مین بیٹہے کب کی سرکشی
مجھکو سولی پر نہ اے تقدیر کھینچ

اے مصور مجکو ہے شوق طپش
خون بسمل سے مری تصویر کھینچ

پھنس گئے ہین زلف مین بیتاب دل
جال اپنا شغل ماہی گیر کھینچ

بول اٹھے حق حق زبان تیغ بہی
قاتل ایسا نعرۂ تکبیر کھینچ

دہوپ مین کیا ہے بیٹہین ہم اے فلک
سایۂ دیوار عالمگیر کھینچ

عشق قد یار مین آہ اور کر
ایک الف اے کاتب تقدیر کھینچ

قتل کی ساعت ہے تا محشر سعید
دیر کریا تیغ بے تاخیر کھینچ

خاتمہ مجبلی کا کر اے ضبط آہ
سب سے کے سب یہ تقریر زنجیر کھینچ

سلسلہ اوسکے سخن کا ہو کہین
میری سمت اے قوت تقریر کھینچ

کی ترے موئے کمر سے ہمسری — بال کی کھال اسے بت بے پیر کھینچ

اے مصور نقش تنہائی مٹا — رنگ محفل سے مری تصویر کھینچ

اے اجل ظالم کی رسی ٹوٹ جائے — ریسمان عمر چرخ پیر کھینچ

بخت خفتہ جیسا کو مشکل سے ہو کہ اٹھے — اے دل ایسا نالۂ شبگیر کھینچ

کچھ تو چھپا یہ جسم لاغر کہا ہے — اے مصور بال پر تصویر کھینچ

کوئی وحشت میں نہیں ہے دستگیر — آستین اے خار دامنگیر کھینچ

بزم دشمن میں انہیں آتی ہے نیند — تو بھی اے دل نالۂ شبگیر کھینچ

کیا حصار غم کی ہستی اے منیر
نعرۂ یا شاہ خیبر گیر کھینچ

ردیف ح

کوچۂ جانان ہو ارم کی طرح — دخل نہیں ہے مجھے غیر کی طرح

موت کبھی تیغ ستم کی طرح — بخت پھرے چشم صنم کی طرح

صورت شداد ہوں محروم سیر — گھر ہو ترا باغ ارم کی طرح

میکدہ میں جا کے مراد دو آہ — پھیل پڑا ابر کرم کی طرح

ترک وفا کرکے یہ سنگین دلی — توڑتی ہو دل کو قسم کی طرح

خانۂ زنجیر ہے اس درجہ تنگ — جسمیں ہوا رکتی ہے دم کی طرح

دل میں جو آ جائے خوشی ایکبار — قید کروں اسکو بھی غم کی طرح

تیغ نگہ آپ کی ہے کوچہ گرد — پھرتی ہے رگ رگ میں یہ دم کی طرح

ہمسفر اپنا ہو الفت منیر
چھوٹے کبھی نقش قدم کی طرح

کہدی یہ غزل ہمنے منیر ایک گہڑی مین
خامہ کو بدقت ہوئی منظور نظر شاخ

ردیف دال

آبرو دے غم ہو گی خاک مردم کے بعد
روئیگا نصیبون کو کون چشم نم کے بعد

دل ہین منفعل ہو گی اس اسیر غم کے بعد
آئیگا کرم کا وقت جب کبھی ستم کے بعد

بھیڑ وہی اتنی نزع مین مکر لے جان
کام ہمسے پڑنا ہی پھر تجھے عدم کے بعد

کیون خوشی سے ہولے ہین ہم جباکی نا ہند
پانی پانی ہونا ہے شرم ہی درم کے بعد

حجاب ہو کر آپ حشر سے بچیے بر پا
خاک سے سب اٹھین گی پردہ حرم کے بعد

زیست کاٹتے ہین ہم رنج و غم مین مر مر کر
قہر ہے اگر آئے پھر یہی عدم کے بعد

جائے بادۂ عشرت دور خون دلکا ہے
میکدہ مین ہنستے ہین زخم جام جم کے بعد

جان حیرت آگین کو لیکے بنگئی تصویر
سامنے سے نہین ہٹتی موت ہے مردم کے بعد

مطلع ثانی

رنج ہے الم کے بعد قہر ہے ستم کے بعد
ہو خوشی جو غم کے بعد شہد ہجون سم کے بعد

نامہ لکہنے کیون جلنا ہاتھ کسلئے ملنا
سر سے چاہئے چلنا ہم کو قلم کے بعد

دیدہ زخم کاری ہی یا زرشک بہاری ہی
صید دلکی باری ہی آہوے حرم کے بعد

چھوڑ تاج و تخت سبکے عاجزی کی ہو در پہ
ہاتھ آتی ہی یہ شی دولت و حشم کے بعد

سبزہ [illegible] کی چھوڑین رشتہ نظر توڑین
دل کے آبلے پھوڑین اپنی چشم نم کے بعد

درد جو ضد پہ پیچ کو چھوڑ ٹھہرا ہین ہم
کعبہ سر پر اٹھوائین آنکھون کی قسم کے بعد

راہ کوئی جانان کی ہاتھ اگر نہ آجاتی
فصل گل کہان رہتی گلشن ارم کے بعد

بدلے عیش کی آفت نشہ کی عوض وحشت
آئے چلو کی نوبت دور جام جم کے بعد

دل مین زخم ہین کاری عہد سے ہی نا چاری
کیا کرون مین غمخواری کہانیکی قسم کے بعد

دلمیں زخم ہین کاری عہد سی ہی ناچاری — کیا کرون مین غمخواری کہا نیکی قسم کے بعد
باغ عشق کی نکہت کر چکی مری دعوت — قبل گلشن جنت کوچہ صنم کی بعد

ضعف جب سوا ہوگا تن بدن فنا ہوگا
اے منیر کیا ہوگا اور کم کے بعد

مطلب اس داستان سے قاصد — کہہ کچہ اوسکی زبان سے قاصد
سن مری باتین کان سے قاصد — سیکھ چلنا زبان سے قاصد
تم نے نظرون سے کیا اوتار دیا — گر پڑا آسمان سے قاصد
پڑھکے وہ خوش مزاج ہون شاید — خط لکھون زعفران سے قاصد
راستا اوس مسیح کے گہر کا — پوچھے میری جان سے قاصد
اک کبوتر کا پر نہین ملتا — اوڑ گئے کیا جہان سے قاصد
منتظر خاک کوے یار کا ہون — سیر استخوان سے قاصد
ہنسلی سے خط نکال کے لے جان — کھینچ خنجر میان سے قاصد
ہین وہ ہرجائی اون کے گہر کا پتہ — پائے گا کس نشان سے قاصد
بنکے پیک اجل کہ شکل مسیح — آئے گا کس کی شان سے قاصد
اوس کے کوچہ کی پہلے پوچھی راہ — سجدہ کے ہر نشان سے قاصد
پھر پیام جبین عجب نہین — یار کی آستان سے قاصد
تجھکو یارہ نہین ہوا ہلکا — پڑھ کے مجھ ناتوان سے قاصد
تیر مین بندھ کے اون کا خط آیا — جھک کے ملنا کمان سے قاصد

زخم تیر ادا کا کہا کے منیر
آگیا آن بان سے قاصد

جس دن سے اک پری کی ہوئی جستجو مجھے — دیوانہ وار پھرنے لگے چار سو پسند

مجھکو ازل سے ہی نگہ جنگجو پسند — تیغ نگاہ آج ہوئی ہی گلو پسند

بلبل کو پھول پھولون کو ہی رنگ و بو پسند — وہ حق پسند سے جسے ہی ایک تو پسند

تیرے سوا نہین ہی کوئی خوبرو پسند — ہان تجھسی طرحدے ہی تو تری آرزو پسند

کیونکر نہ بعد سال کے ٹھہرے معانقہ — کرلی ہی روز عید نے صبح گلو پسند

منہ پر ادھر ہی پھر وہ پنبہ بگوش ہین — شاید زبان حال سے ہی گفتگو پسند

کانون کو مژدہ آنکھون کو تماشا ہون تہنیت — دل ہی کیا ہی ایک صنم خوش گلو پسند

کیون دوستون کو اپنے گلی کاٹنی پڑے — کیا ہی خدا نہ کردہ وہ خنجر عدو پسند

اوس جانجان کی ہاتھ کو مین تیغ کی گیا — کیون میری جان کو ہی مقام گلو پسند

ہرگز نہ لون بہشت بھی اس جلوہ گہ کی عوض — کرنیلگا ہی سینہ سوزان کو تو پسند

اون کو گلو لگائی ہی رہتی نہین خبر — شاید ہی خواب بخت کو صبح گلو پسند

اے تیر یار سینہ بھی دل بھی جگر بھی ہو — تیر اوس مکان کا ہی کرے جسکو تو پسند

موئے کمر کے دہیان مین دکھا نا ہو ان دلا — آیا تب فراق مین درد گلو پسند

ہم اوس جہان سے بھی نکلینگے کہین — کرتا نہین ہی جس مین ملاقات تو پسند

بخت سیاہ و موئے سفید اب گلو پڑی — مطلوع شام زلف نہ صبح گلو پسند

اک چاک دل کے سیتے ہی دو اور پڑ گئے — دیکھا جب آنکھین پھاڑ کی آیا رفو پسند

زلف سیاہ کیون نہ ہوا اب گلی کا ہار — ہی اس اندہیری رات کو شمع گلو پسند

منہ سے نہ عرض حال ہین ثابت تجلی بات — کرتا شکستہ حالی عاشق جو تو پسند

آخر پھسین گی ایک ہی پھندے مین حسن و عشق — تم کو رگ گلو مجھے طوق گلو پسند

بازار کی مٹھائی یہ قسمت ہی ہو چلی — ہر دل کو کر رہی ہے تری آرزو پسند

سب سے تو ڑا کے کہینچ لے اپنی طرف مجھے — کس کی کمند زلف ہی ایسی گلو پسند

رہتی اسی خرابہ مین دنیا کی ہر بلا — کرتا اگر نہ ٹوٹے ہوئے دل کو تو پسند

کھینچا ہی حسرتون کو شکنجہ مین عشق نے
آتی ہے جیسی ایک بیاض گلو پسند

پھر تیر یار بانسے کہین اور کیا مجال
آئے تو اس چھوڑ یکو میرا لہو پسند

عذر جفا سے اور برا مانتا ہون مین
مجکو تو ہی تمہارے بگڑنیکی خو پسند

نکلے گی اپنے مقتل عشاق سی کہین
آتی اجل کو صحبت تیغ و گلو پسند

خنجر نہ منہ لگائے نہ جا لہو سر چڑھائے
جبتک نہ کرے خاک مین ملنا لہو پسند

دیکھا نہین کسی نے تجھے پھر یہ کیا سبب
آنکھون کو دل کو جان کو ہی تو ہی تو پسند

قسمین ہی کہاتے ہین تو قسمون کی خو نکی
جھوٹی قسم کو ہی نہین میرا لہو پسند

ان روزون مشق ترک علایق سی ہے منیر
مجھکو نہین پسند دل آرزو پسند

کس طرح جائینگے وہ گھڑی دو گھڑی کی بعد
رو کیگی آنسوون کی جھڑی دو گھڑی کی بعد

تڑپا کے جب چلے وہ گھڑی دو گھڑی کی بعد
آتی قیامت اور بڑی دو گھڑی کی بعد

بیٹھے جو تم نہ آدہ گھڑی دو گھڑی کے بعد
اٹھی جگر مین ہوک بڑی دو گھڑی کی بعد

پامال دو گھڑی سی تو ہوتے ہین محو قد
سولی پہر آکے ہو گی گھڑی دو گھڑی کی بعد

کل دو گھڑی تک آنکھین لڑین انکی غیر سے
قسمت پہر اپنی خوب لڑی دو گھڑی کی بعد

تم دو گھڑی کو کہتے ہی جاتے ہو اپنے گھر
آتی ہی روز نحس گھڑی دو گھڑی کی بعد

اک دو گھڑی کو تک اونکی نظر چھڑی رہی
برچھی سی پہر جگر مین گڑی دو گھڑی کے بعد

الجھی رہی وہ وصل مین دو اسی دو گھڑی
پہر ٹوٹی موتیون کی لڑی دو گھڑی کی بعد

کنگھی جو دو گھڑی مین نہ کی میرے گھر تو کیا
مستی کی پہر جمیگی دھڑی دو گھڑی کی بعد

زندان مین دو گھڑی تو دیا طوق زلف نا
پہر جھیلی بیڑیون کی کڑی دو گھڑی کی بعد

گھنٹے سی کم ٹھہر کے وہ فتنہ جو اٹھ گیا
ہل چل جہان بہر مین پڑی دو گھڑی کی بعد

بوسہ تو لینے دو مجھے ہونٹون کو دو گھڑی
ڈھونڈہی دل سی اپنی دھڑی دو گھڑی کی بعد

اُٹھے جو تم بغل سے مری دو گھڑی کیجے
دل پر غضب کی چوٹ پڑی دو گھڑی کے بعد

خلوت میں بل نکلیں ابھی نہیں اُسنے تیوری پر
چتون پھر آکے چھیڑ پڑی دو گھڑی کے بعد

دم بھر میں مجکو یار نے بھیجا سوئے عدم
پھر کیون بچی کرے گی گھڑی دو گھڑی کے بعد

گل ہاتھ پر دیلکے گئے کیون دو گھڑی تک آپ
کیا پھولون کی بنیگی چھڑی دو گھڑی کے بعد

دیتے تم دو گھڑی سے تو عشاق اپنی جان
مرتے اور بھیڑ پڑتی دو گھڑی کے بعد

اللہ رے ضعف مجسے جو لیٹے وہ ای منیر
کہ مری نگاہ پڑی دو گھڑی کے بعد

ردیف ڈال

کھوینگے کب اے صنم تشنۂ مژگان گھمنڈ
کرتی تھے زنار سے میری رگ جان گھمنڈ

جسم پر اے دل نہیں جان کو شایان گھمنڈ
مانگے کی پوشاک پر کرتے ہیں نادان گھمنڈ

چھوڑے نہ درویش ہو دہ شہ خوبان گھمنڈ
مجھ سے یارب رہے دست گریبان گھمنڈ

اوس چمن بزم میں جوشش جنون ہو اگر
خندۂ گل سے کرے چاک گریبان گھمنڈ

حسن جو اپنا دکھائے عشق کی آشفتگی
زلف بتان سے کرے حال پریشان گھمنڈ

وصل نہ رکھیگی موت سانس کا کیا اعتبار
دم کے لئے کیون کرے ربط تن و جان گھمنڈ

دل میں جو حور ہو کیون نہ کرے ای جنون
غرفۂ فردوس سے چاک گریبان گھمنڈ

بوسہ کا کیا ذکر ہے گالیون سے بھی ہے بخل
تجھکو ہے کس بات کا اے لب جانان گھمنڈ

موئے مژہ ہے ترے کس سے مشابہ کہا
آبلون سے کرتے ہیں خار مغیلان گھمنڈ

باغ عدم کا سفر کر پس ترک لباس
نکہت گل کرتی ہے اے تن عریان گھمنڈ

حشر میں بھی ہو سفید نہ فرد عمل یہ محال
کر نہ سیہ کاریون ہے اے شب ہجران گھمنڈ

پائے اگر ابر درد کے دل تنگ مین
بحر کمان سے کرے قطرۂ پیکان گھمنڈ

سبحہ و زنار کی پہونچے نہ تجہ تک کمند
قرب سے تیرے کرے کیون نہ رگ جان گھمنڈ

سالک راہ خدا دونون مین کرے تمیز
عجز ہی خضر طریق غول بیابان گھمنڈ

پیرہن انکسار پہنے اگر مالدار
ہاتھ نہ دوڑا اسکے تا سر دامان گھمنڈ

دون کی لیتا ہی تو رستے زمین پڑ لکی
کرے فلک پر تلاش منزل کیوان گھمنڈ

ربط تری گالون کو ہی نگہ پاک سے
کرتے ہین سادے ورق [illegible] قرآن گھمنڈ

مجہہ سی جدا ہوکے آپ بیٹھے ہو کوچہ گرد
پاک جگر سی جری کرتی ہین گلیان گھمنڈ

ای صنم بد دماغ تو نہ اگر ہو تو ہو
جا ہی ہے جسم مین قالب بیجان گھمنڈ

ہوکے مقرب ترا سب ہوا بد دماغ
ایک سے دیتا نہین لے تہ خوبان گھمنڈ

ذکر خدا کے لئے نیند سے چونکا ری متیمر
کرتے ہین تسبیح پر مرغ سحر خوان گھمنڈ

ردیف ذال

باندھے نہ وہ گلعذار تعویذ
ڈورے ڈالے ہزار تعویذ

کیون پہنے وہ گلعذار تعویذ
ناحق ہے گلے کا ہار تعویذ

کیون کر نہ ہون ہمکنار تعویذ
ہیکل سے ہین رشتہ دار تعویذ

آسیب حیات مرے اترے
دے تجہہ جو مستعار تعویذ

ہفت اختر آسمانی خوبی
ہیکل سے ہین ہین چار تعویذ

پاہون کے تجہہ پہ ہون اسے ترک
نقش سم راہوار تعویذ

نقش قدم حضور پر ہین
سائل خدمت نثار تعویذ

وہ سرو کنارہ کش ہی مجہہ سے
آنکھون لب جوے یار تعویذ

کر بخت سیہ کی خواب بندی
دے دے شب وصل یار تعویذ

وحشت مین ہے خط ارض منظور
لکھ دے اے کلک خار تعویذ

آب باران سے کیا لکھے ہین
رو لواتے ہین زار زار تعویذ

رکھتے ہین بندہ کے گیسو مین
امید کشود کار تعویذ

رکھون جو تہ نگین خاتم
گمنام ہو نامدار تعویذ

اوس ترک کے تیر مین جو باندہون
ہو جاوے اثر شکار تعویذ

ہر خانہ نقش مین اوڑی خاک
لکھوائین جو خاکسار تعویذ

آئی تہی چھڑا اسے قید غم سے
خود بندہ گئی ہوکی خوار تعویذ

کیا پلتے اثر مین آبلے ہین
چلتا نہین اے نگار تعویذ

کچہہ کہول سکے ہی سجا ہین کے خنجر
لکھا کرین بار بار تعویذ

لکھواؤن جو زعفران سے بہی
دل خوش نہ کرین ہزار تعویذ

چوٹی سے گتھے ہوئے ہین شاید
سر چڑھتے ہین بار بار تعویذ

لکھا ہے ہرن کے پوست پر کیا
وحشت ہی سے ہے ہمکنار تعویذ

واعظ کا لکھا ہوا نہین پاک
دہو کر پئین بادہ خوار تعویذ

اک چھلے کے گل پہ دل پہ داغ نہ دیکھے — یہ باغ نہیں جس سے کہ لاگت نہیں ملتی
لپٹے ہوئے وہ پوچھتے ہیں دل کی تمنا — اس وقت کہاں کھو گئی جرأت نہیں ملتی

روداد منیر اپنی زمانہ سے جدا ہے — دنیا میں کسی سے مری قسمت نہیں ملتی

احسان میکدہ کا دل سے پوچھیے — کیا کیا دیا کریم نے سائل سے پوچھیے
دریائے خوں کے پاٹ کو قاتل سے پوچھیے — کتنا ہے ہاتھ آب تیغ بسمل سے پوچھیے
ہنگامہ ہیچ خواہش دل دل سے پوچھیے — حسرت دم اخیر کی بسمل سے پوچھیے
تیچھی نظر کے حال سے واقف نہیں کوئی — کس پر پڑی چھری ہے یہ بسمل سے پوچھیے
کیونکر بتاؤں آپ کے کوچہ کی آرزو — یہ شوق نارسیدۂ منزل سے پوچھیے
دو بوسے دیکے کہتے ہو پوری ہوئی مراد — کتنی ہیں حسرتیں یہ مرے دل سے پوچھیے
ناقہ کے پیچھے پیچھے اڑاتا ہے خاک کون — پردہ اٹھا کے صاحب محمل سے پوچھیے
میں کیا کہوں جو عشق میں صدمے گذر گئے — واقف مری زبان نہیں دل سے پوچھیے
گالی سوال بوسۂ لب کے عوض ملی — لذت جواب تلخ کی سائل سے پوچھیے
اسکا خیال سینہ میں ہے کچھ نہیں خبر — بیٹھا ہے کون آئینۂ دل سے پوچھیے
دو چار دن کی چاہ سے آگاہ ہیں سبھی — انجام عشق عاشق کامل سے پوچھیے
نشہ میں آپ آئے بہک کر تو ڈر نہیں — دولت سحر کی راہ بھٹکے دل سے پوچھیے
لاکھوں کو قتل کرکے ہے خاموش کس لیے — کیوں خون بولتا نہیں قاتل سے پوچھیے

کس مست کا خیال ہے باطن میں جلوہ گہ
اس پردہ میں ہے کون مرے دل سے پوچھیے

کھینچا ہے ہاتھ قتل سے کیون بیگناہ کے
دامن پکڑ کے آج یہ قاتل سے پوچھیے

لذت تڑپنے کی کوئی کیا جانے قاتلو
جو لوٹنے میں بات ہے بسمل سے پوچھیے

ہیں بے نصیب پاؤن کی آہٹ سے جاگ اوٹھے
سینہ میں کون آکے چھپا دل سے پوچھیے

کس زہرہ وش کے چاہ ذقن کا ہے مبتلا
یہ حال قیدئی چہ بابل سے پوچھیے

راز و نیاز عشق سے آگاہ میں نہیں
مجھسے نہ پوچھیے یہ مرے دل سے پوچھیے

مہندی سوا ہے لال کہ خون شہید ناز
ہتھین لہو کی دے کے یہ قاتل سے پوچھیے

کس بات پر حضور کی دیوانہ ہو گیا
مجھکو خبر نہیں یہ مرے دل سے پوچھیے

خنجر سے بازپرس ہے کیون میرے خون کی
یہ حال پوچھنا ہے تو قاتل سے پوچھیے

دیوانہ ہون مجھے سر و پا کی خبر نہیں
میری حقیقت آپ مرے دل سے پوچھیے

مارا تو ہاتھ آپ نے دشمن کے ہاتھ سے
کیسی لگی یہ چوٹ مرے دل سے پوچھیے

کس منہ سے التماس کرون آرزوے وصل
یہ بات پوچھیے تو مرے دل سے پوچھیے

ہم دیکھتے ہیں جاتی ہیں یارون کی کشتیان
یہ درد پا شکستہ ساحل سے پوچھیے

ٹھوکر کی قدر اور کوئی جانتا نہیں
یہ درد پوچھیے تو مرے دل سے پوچھیے

کھلا ہے گا کہ کسکے تصور میں مست ہے
آنکھیں ذرا دکھا کے مرے دل سے پوچھیے

شکر جفا کرون نہین بھلا کس زبان سے
جو آپ نے کیا ہے مرے دل سے پوچھیے

اندھیر ہے کہ گھر میں رہا چاندنی کہان
جیبین ہے چاک اوس مہ کامل سے پوچھیے

راز نہان حضور کے اس سے چھپے نہیں
شک ہے تو اپنے دل کی مرے دل سے پوچھیے

مجھکو تو اعتبار ہے عہد حضور کا
دیتا ہے کیا جواب ذرا دل سے پوچھیے

فریاد و عجز و ناشنوائی غرور کی
گوش گل و فغان عنادل سے پوچھیے

آسان باتونسے نہیں اگلا کچھ ضمیر
مشکل رکی بات حسب مشکل سے پوچھیے

شمعون نے سر اوٹھائے ہین پروانے کیا ہوے — پریان ہوا پر آتین ہین پولے کیا ہوے

جو پوچھتا ہے زلف کے دیوانے کیا ہوے — فرماتے ہین کہ میری بلا جانے کیا ہوے

ملتے نہین ہین قمری و بلبل کے آشیان — کوڑا پڑا ہے باغ مین خسخانے کیا ہوے

سب میکشون کے دیدہ و دل کون لیگیا — شیشے کہان ہین ہاے وہ پیمانے کیا ہوے

نادان بنگئے ہین شہیدون کے حال سے — کہتے ہین ہوے بنکے خدا جانے کیا ہوے

ہم مے پرست سینہ سوزان کو کیا کرین — جنکی یہ بھٹیان ہین وہ میخانے کیا ہوے

محروم ہین ستم سے بھی لطف و کرم کہان — اپنے اگر نہین ہین تو بیگانے کیا ہوے

ثابت تمام دامن صحرا ہے اے جنون — کانٹون نے سر اوٹھایا ہے دیوانے کیا ہوے

دیوار و در مین جنکے تجلی طور تھی — اے برہمن وہ نور کے بتخانے کیا ہوے

کہتا ہے سنگ غم یہ ترا حوصلہ نہین — اے ہنس اب وہ موتی کے دانے کیا ہوے

اب میکدہ مین بات نہین پوچھتا کوئی — جو لب بلب تھے ہمیشہ وہ پیمانے کیا ہوے

اب بتکدہ مین موہنی مورت نہین کوئی — کعبہ کے ضمن مین تھے وہ بتخانے کیا ہوے

دیوانے خاک اوڑاتے ہین ملتا نہین پتا — کیا آگئی بلا وہ پری خانے کیا ہوے

پریان ہزارون ہین دل وحشی کہین نہین — کثرت سے گنج حسن کی پروانے کیا ہوے

مٹی کے مول بکنے لگے شہر اے خدا — لٹکے ادھر وہ بسلیے تھے ہین ویرانے کیا ہوے

جلوہ کی سیر مفت کوئی دیکھتا نہین — شمعین اکیلی جلتی ہین پروانے کیا ہوے

ملتے تھے جام جم فقیرانکو جہان مدام — اے پیر میفروش وہ میخانے کیا ہوے

اللہ رے بیخودی کہ ٹھکانا کہین نہین — ہم آپ مین نہین ہین خدا جانے کیا ہوے

مٹی خراب حیرت عشق بتان کی ہے — بیدل ہین لوگ آئینہ خانے کیا ہوے

پھرتی ہے اب شراب محبت بہی بہی — عالی تھے جنکے ظرف وہ پیمانے کیا ہوے

قبرونکی جستجو مین ہین غمناک جان بلب — بیمار مر رہے ہین شفاخانے کیا ہوے

اب لوسے ہضم ہوتے ہین اہل غریب کو
جو جھوٹے منہ کو ریزے کہانے کیا ہوئے

جسموںکو روحین ڈہونڈہ رہی ہین پس فنا
ان خانماں خرابونکے ویرانے کیا ہوئے

ملتی نہین ہے شیشۂ انگور کی پری
یارب طلسم نور کے بیخانے کیا ہوئے

گردش تلاش کر کے نصیبون نے پائی ہے
یارب مۓ مراد کے پیمانے کیا ہوئے

شمس و قمر کو دیکھ کے کہتے ہین بادہ کش
سرپوش جنکے یہ ہین وہ پیمانے کیا ہوئے

مستونکی آنکھین ڈہونڈہتی ہین شیشے کے گلے
ان ساغرونکے ڈہلے ہوئے پیمانے کیا ہوئے

دامان و آستین کی تلاش آنسوؤنکو ہے
سیلاب روتے پہرتے ہین ویرانے کیا ہوئے

زندان بدون داغ جنون بیچراغ ہین
زنجیرین غل مچاتی ہین دیوانے کیا ہوئے

کیک بہشت بہوک سے مرتے ہین انکو تو
اے یار تیرے کہنگرونکے دانے کیا ہوئے

تیرونکے ساتہہ ساتہہ خطوط اجل نہین
خالی لفافے آئے ہین پروانے کیا ہوئے

زنجیر کا ہے غل نہ صدا چاک جیب کی
شہر جنون خراب ہے دیوانے کیا ہوئے

اب لینے اوسکو آپ سے جاتا نہین کوئی
فصل بہار آتی ہے دیوانے کیا ہوئے

ہے کشت تجرد تخم جنون کی امیدوار
اے پاے قیس آبلونکے دانے کیا ہوئے

آرام مثل طائر بے آشیانہ ہے
یارب وہ خواب عیش کے افسانے کیا ہوئے

دل ہے مرا نہ اختر تقدیر مدعی
تسبیح زلف یار کے وہ دانے کیا ہوئے

دولت جنونکی پاگئے کسطرح اہل ہوش
شہر وہ نہین خاک اوڑی ہے ویرانے کیا ہوئے

پہرتے ہین سجدے ٹہوکرین کہاتے جہان جہان
کعبہ ہے جنکی نقل وہ بتخانے کیا ہوئے

بیڑی گیسو ونکی نہ زخمون کی بیڑیان
اے پہلوان عشق ترے بانے کیا ہوئے

پوچھا جو اونسے حال جناب شہر کا
منہ پہیر کر کہا کہ خدا جانے کیا ہوئے

بس لیا جو من کا کسنے کس سے کسنا کیا
شربتی انگیا کی رنگت کسلئے پہیکی ہوئی

مصحف سے کیا بات نکلے جیسے ...
راہ کو روکے ہوئے آواز ہے بیٹھی ہوئی

کتنے ہاتھنا پانی کی بھر خدا فرماتے
کچھ نہ نظر آتی ہے کمر کی آپکی سمٹی ہوئی

بال کھولے تم جو لیٹے ہو نقیر حسن سے
سنبل گیسو کی کیاری ہے سراسر کھلی ہوئی

تیر سے لگے اے پری رو شوخی تل آنکھہ کا
اسقدر رسیلی نگاہ قیس میں پلکی ہوئی

روے روشن پر جو لٹکا پیچ جھکی سرو حسن
آپ کی پگڑی چراغ طور کی بتی ہوئی

ہاتھہ پر رکھکر جو گورا گال لیٹا وہ حسین
شمع بازو جیسے شمشیر صبح کی جھیلی ہوئی

پاسبانی میں حسینوں کے تھا تنگ حضور
غسل خانہ میں منقر چوروں کی چوکی ہوئی

ہالہ خورشید بنا ہی ہے تنگ اوسکے لیے
جو کوئی چوڑی ہے پہنا ہاتھہ کے پہونچی ہوئی

تاج میں پرتو کلائی کا جو مشعل پر پڑا
ساعد حور بہشتی آپکی دستی ہوئی

ہم فقیروں کو ملی کرتی کے پہندوں سے نجات
خط آزادی تمہارے پیٹ کی پسلی ہوئی

بادلے کے تھل جو ٹکوا لیے گئے سو بات میں
آپکے کوڑے کی چوٹی تاروں کی گچھی ہوئی

بانکپن کی وضع ہے پیراہن کے خلاف
تیغ ابرو سے تمہاری آنکھہ عشق کی ہوئی

کیا حلاوت ہے لب شیریں میں صدقے جائیے
صاف منہ میں گھلگئی بات اسقدر میٹھی ہوئی

عطر کھچواتے ہیں وہ غیروں کی مشت خاک کا
کچھ نہ کام آئی طبیعت میری کیوں مٹی ہوئی

حسب فرمائش منیر اس طرز کی کہدی غزل
کشتی فکر اب روان اس بحر میں ہی ہوئی

غش ہوئے کہ ترے سامنے الزام نہ لیتے
ہاتھ اپنے جو سمجھتے تو ہمیں تھام نہ لیتے

اے بت جو شب ہجر میں دل تھام نہ لیتے
کلمہ میں کبھی ہوتا تو ترا نام نہ لیتے

احسان ترا اے بت خودکام نہ لیتے
تھمتا دل مضطر تو ہمیں تھام نہ لیتے

صدمہ جو اگر آجاتے ہم اے رشک مسیحا
مرجاتے مگر منہ سے ترا نام نہ لیتے

فرصت کف افسوس کے ملنے سے جو ملتی
اس ہاتھ سے دل اوس سے جگر تھام نہ لیتے

پرہیز اگر کرتے ہم اے ساقی مغرور
گر دل ہی جو ہوتا تو ترا جام نہ لیتے

مقدور جو ہوتا تو بڑھاپے سے نہ جھکتے
گرتی ہوئی دیوار کو ہم تھام نہ لیتے

وہ دل ہے کہ آجائے اگر بات پہ اپنی
ہم صبح کو اوٹھکر بھی ترا نام نہ لیتے

ہم نشہ مین گر پڑتے تو سنہ کو جگر آتا
دل تھمنے نہ تھمتا جو ہمین تھام نہ لیتے

تو عاشقون کی قدر جو اے بت نہ سمجھتا
کافر بھی جو ہوتے تو ترا نام نہ لیتے

بے سبب جنون کی جو طلب ہمکو نہ ہوتی
پریون کی بلائین سحر و شام نہ لیتے

آسان نہ تھی چاہ محبت سے رہائی
لے گرتے ہم اونکو جو وہ تھام نہ لیتے

آجاتی قیامت بھی تو ہم یاد نہ کرتے
تا حشر بتون کے آگے ترا نام نہ لیتے

دل توڑ کے پچھتاتے ہو پہچان گئے ہم
بیدرد جو ہوتے تو جگر تھام نہ لیتے

کچھ کون ہے جو تسبیح پڑھی جاتی ہے پیہم
یون تو کبھی بھولون بھی ترا نام نہ لیتے

آئی تھی طبیعت طرف اشک فشانی
لے ڈوبتے دنیا کو جو وہ تھام نہ لیتے

کرتی جو مہ مصر کی تعریف زلیخا
تصویر دکھا دیتے ترا نام نہ لیتے

یاران عدم ہوتے تو کیون ٹھوکرین کھاتا
لغزش کی جگہ ہاتھ مرا تھام نہ لیتے

کیون حشر مین دیوانہ مجھے کہکے پکارا
نفرت تھی تو اب بھی مرا نام نہ لیتے

رفتار دکھانیکو وہ غصہ مین اوٹھے تھے
آجاتی قیامت جو اونہین تھام نہ لیتے

گھبراتے جو دیوانے تھے دیر و حرم سے
بت کیا ہین خدا کا بھی کبھی نام نہ لیتے

ہوتا جو بس اپنا نہ تڑپتے سر محفل
ٹوٹے ہوے ہاتھو نسے جگر تھام نہ لیتے

آسان نہ تھا ضبط نکیرین کے آگے
دل بول ہی اوٹھتا جو ترا نام نہ لیتے

دیتا اگر اونکو بھی ہوس ساغر جم دل
مٹی کے بھی مول اون وہ مرا جام نہ لیتے

ناکامی عشاق تھی منظور بتون کو
سو کام کے ہوتے تو اک کام نہ لیتے

منظور جو آزمائش تھی دل وصل طلب کی
کیون ٹھونک بجا کر وہ مرا جام نہ لیتے

کیون آپ نے انکار کیا بوسہ لب سے
قسمت سے زیادہ تو ہم انعام نہ لیتے

مرتے جو نہ ہوتی جو حسینون کی دورنگی
جھک جھک کے قدم ہم سحر و شام نہ لیتے

تو اونکی طرف ہوکے اگر ہمکو ستاتا — بدلا کبھی ہم اے دل ناکام نہ لیتے

وحشت کدۂ دہر مین چلتا جو بس اپنا — دشمن سے محبت کے سوا کام نہ لیتے

مرغوب تھی محنت سفر عشق مین ایسی — رستہ مین پڑا پاے تو آرام نہ لیتے

حاضر دل وجان سے ہے دربار بتان مین — بندہ جو سمجھتے تو کوئی کام نہ لیتے

عیب اپنے جو اللہ سے زاہد نہ چھپاتے — پردہ کے لیے جامۂ احرام نہ لیتے

ہم دور بتان مین کبھی بیکار نہ رہتے — کچھ کام کیے ہوتے تو کچھ کام نہ لیتے

کامل کوئی ملتا جو خریدار دل وجان — یہ جنس تو نہین بیچتے ہم دام نہ لیتے

قسمت سے جگہ بزم حسینان مین جو ملتی — آنکھون سے تقاضا کچھ سوا کام نہ لیتے

کیون دیکھتے ہم دیدۂ بے شرم بتون کے — کوڑی کو بھی ہم بیٹھے بادام نہ لیتے

کھلجاتی جو پہلے سے خبر جسم گلی کی — دم اسمین ذرا اے طمع خام نہ لیتے

دریاے محبت مین اگر غرق نہ ہوتے — لہرین تری دیوانہ تا کام نہ لیتے

ہوتی جو یہان خاک نشینون کی رسائی — بوسے ترے تلوون کے لب بام نہ لیتے

جاروب کشی ملتی اگر کرب و بلا کی — ہاتھو نسے منیر اور کوئی کام نہ لیتے

تیرے بغیر دشمن جان آہ سرد ہے — ٹھنڈی ہوا سے لوٹتے سینہ مین درد ہے

جو پوچھتا ہے عشق مین کیون رنگ زرد ہے — ہاتھون سے دل کو تھام کے کہتا ہون درد ہے

ہنستے ہین دیکھ دیکھ کے کیون اسقدر حضور — کچھ شاخ زعفران تو نہین جسم زرد ہے

کیا ہنس کے پوچھتے ہو خبر حال زار کی — پہچان لوگے نبض اگر دلمین درد ہے

کس ناتوان کا یہ لہو ہے بتا سہی — کیون دست دلربا مین رنگ حنا زرد ہے

سنگین دلی سے تیری دعا کا نہین قبول — نالی مین بھی اثر ہے اگر دلمین درد ہے

بیمار کیسے ہوئے مرض عشق مین حسین — سونے کی پتلیان ہین اگر رنگ زرد ہے

آب بقا ہے اپنی نگاہون مین زہر عشق — اے دل مسیح وقت ہے اپنا درد ہے

کہلتے ہے اونکے ہونٹونکی رنگت سکوت مین
کہتا ہے کون آتشِ خاموش سرد ہے

ٹوٹے کسیکی خاطرِ نازک مین رو دیا
شیشہ وہان گرا ہے یہان دلمین درد ہے

ہم صبح و شام ہجر مین یکسان جلا کئے
سنتے تہے مشک گرم ہے کافور سرد ہے

تشریف لائے ہو تو عنایت یہی چاہیے
پہلو دبا کے بیٹھو کہ دلمین درد ہے

آتی نہین بہادرونکو نفس پروری
کتے کو پالتا نہین جو شیر مرد ہے

کہیار و دن اپنے پہلوئے خالی کو یا نصیب
دل تہا کبھی یہان مگر اب جائے درد ہے

اپنی نظر مین طالبِ دنیا ہے زن مرید
اس پیرِ زال پر جو ہو غالب وہ مرد ہے

شکرِ خدا کہ رنج سے آباد ہے یہ گہر
مدت سے دل نہین ہے پہلو مین درد ہے

رستم کی دہاک سے نہین کم شورِ شاعری
سچ ہے کہ نام مرد سے از ذاتِ مرد ہے

ظاہر ہے بیقراریِ خاطر گہڑی گہڑی
کس مضطرب کے شیشۂ ساعت مین گرد ہے

برداشت کب ہوا اونکو گلابی کے نشہ کی
بادِ سموم جنکے لئے روح درد ہے

آمد ہے سیرِ باغ کو کس رشکِ حور کی
بوئے گل بہشت سواری کی گرد ہے

جلاد کی طرح نہ قضا نے بہی کی پسند
اے جسم ایسی جان سزاوار طرد ہے

اک رشک آفتاب نے برباد کر دیا
صبحِ قیامت اپنے بگولے کی گرد ہے

دیوانہ مارے پڑتے ہین اپنے ہی چال سے
جو آبلہ ہے پا ونمین چوپڑ کی نرد ہے

آنکہونکے عشق مین بہی ہے تقدیر کی کجی
دو صاد ہو چکے غلط اسپر یہ فرد ہے

رنج اور ہی شکستہ دلی کی بلا ہے اور
لاکہون شکستہ دل ہین پر اک اہل درد ہے

رکہتا ہے کائنات سے بیگانہ آسمان
دفتر سے خارج اپنے مقدر کی فرد ہے

ہے بے اثر سہ منزلہ پر اونکے میری آہ
تاثیرِ برق تیسرے درجہ مین سرد ہے

شوقِ سخن مین ہے شعرائے سلف سے عشق
ہے میرے دلمین سوز کلیجے مین درد ہے

برباد اسقدر ہون ہوائے جنون سے مین
سایہ مرا غزال بیابان نورد ہے

[illegible]

زینت ہے لوح دل کی ترے اختلاط سے
ایجاد نیل جھلکیوں کا لاجورد سے

تلوار سا نہ چلتی ہے جام شراب کی
ہر وقت حسن و عشق میں صلح نبرد ہے

رہتا ہے کون قصر نگارین دہر میں
کس کے محل کی چھت فلک لاجورد ہے

کس گلبدن کو شوق ہے مٹی کے عطر کا
بلبل پکارتی ہے کہ کیوں بو میں گرد ہے

دل ہارتے ہیں لوگ بساط حضور پر
ہر مہرۂ فرش اصل میں چوپڑ کی نرد ہے

آتا ہے کون نشہ کے پردے میں دیکھیے
ہوش پریدہ کس کی سواری کی گرد ہے

میزان میں تل رہا ہے وہ خورشید برج حسن
آب سرشک دیدۂ گریان میں سرد ہے

مشکل غلامی شہ مردان ہے اے منیر
اس معرکہ میں جو ہے قایم وہ مرد ہے

[illegible]

مقتل بھی مرے میکدہ سے گرد ہوا ہے
ہر شیشہ نظر میں دل بیدرد ہوا ہے

رعب رخ قاتل سے چمن زرد ہوا ہے
ہر پھول کا منہ چہرۂ نامرد ہوا ہے

خاک رہ محبوب ہے سرمایۂ گلشن
اکسیر سے طیار زر زرد ہوا ہے

گھبرائے نہ کیون جامۂ خاکی سے مری روح
وحشت میں بدن پیرہن گرد ہوا ہے

میخانہ میں شیشہ کوئی ٹوٹا ہے منیر
بیساختہ کیون دل میں مرے درد ہوا ہے

محتاجوں کو دیتا ہے زر داغ عموماً
پیر فلک ان روزوں جوانمرد ہوا ہے

ٹھنڈے ہوئے لاکھوں مرض عشق میں جلکر
یہ تپ ہے جسے آئی ہے بدن سرد ہوا ہے

دشمن کو بھی دل پکڑے ہوئے دیکھ رہا ہوں
بیدرد مری جان کو ہمدرد ہوا ہے

آبی کسی گلرو کو پسند آئی ہے پوشاک
پانی سے بھی پتلا عرق ورد ہوا ہے

دولت کے سبب ڈرتے ہیں صحبت سے متمول
اکسیر کے کھانے سے کوئی مرد ہوا ہے

کہتے اونھیں پہنائی ہے پوشاک گلابی
ہو اسطرح کیون سر میں مرے درد ہوا ہے

شب کی خنکی صبح کو بے لطف ہے اے جان
تھا گرم یہ کھانا مگر اب سرد ہوا ہے

سو رہتے ہیں ہم کوچۂ گیسو کی ہوا سے
گویا دم اژدر نفس سرد ہوا ہے

باتین مسی لگاکے کرتے ہین — شاخ نقرہ پر آبنوسی ہے
ہر چمن مین ہے وصلِ بلبل و گل — سنبلستان شب عروسی ہے
نیشکر زارِ حسن سے ہمنے — پور پور اونگلیونکی چوسی ہے
حسن لیلے کی مدح کیا اے قیس — ایک کٹ پتلی آبنوسی ہے
بوے بیگانگی ہے باتون مین — کہنے اونکی زبان چوسی ہے
ملکے دلہا سے سخت کہتے ہین — لوہے کے بہی چنے نہین چوسی ہے
کیا خزان نے مچادیا اندھیر — تختۂ باغ آبنوسی ہے
اپنے کاسیدون کا جو کھینچا پوست — ہنسکے بولے کہ جو کی بہوسی ہے
چال شطرنج کی ہے آپس مین — مین ہون رقیب روسی ہے
باغ کوڑا ہے اوسکی فرقت مین — خرمنِ گل بہی جو کی بہوسی ہے
گرد رہتا ہے آتش رخ کے — سپند و زلف بہی مجوسی ہے
کفر و اسلام کا ہے دشمن جان — کیا ترا ترک غمزہ روسی ہے
سانپ کو دیکھکر وہ کہتے ہین — کس کے یہ گنڈے آبنوسی ہے
تیری فرقت مین بہار ذلیل — مخمل سبزہ نیلی سوسی ہے
مرنے کا نام رکھدیا ہے وصال — یہ بہی ایک اونکی چاپلوسی ہے
ہین غلام شہ خراسان ہوان — زنگ رخت حیات طوسی ہے
تیرہ بختی سے بحر عالم مین — کشتی عمر آبنوسی ہے
مرکے عاشق مناتے ہین شادی — قبر بہی حجلۂ عروسی ہے
مردے جیتے ہین تیری لکنت سے — لب عیسٰی زبان موسٰی ہے
لکھتے ہین میرے قتل کی تاریخ — کسقدر مشقِ چاپلوسی ہے
نشہ لکہو ہوا شہادت کا — کیون مے لالہ گون لہوسی ہے

بوسے لیتے ہین وہ نہین کی جانب گو
سب نے اونکی زبان چوسی ہے
ضرر بد سے نفع نیکون کا
مرگ فرعون عمر موسیٰ ہے
بوسے پلکون کے لیے چلے ہین ہم
ہر زبان خدنگ چوسی ہے
گالیان قتل کرکے دیتے ہین
یہ تملق یہ چاپلوسی ہے

علم تجرید کا ہے شوق ظہیر
فیض روح نصیر طوسی ہے

بیٹھا اٹھا ہے سر تیغ ادا کسکی ہے
تنگی شمشیر زمانہ مین جفا کسکی ہے
مرض موت سے مایوس بقا کسکی ہے
نام تاثیر سے بیزار دوا کسکی ہے
زہر ہی دیوے مجھے وصل کے ساتھ اے چرخ
زندگانی ہے ہماری تو قضا کسکی ہے
جوہرون مین ہے چمک طالع اسکندر کی
میہمان آئینہ کے گھر مین صفا کسکی ہے
بلبل نغمہ سرا باغ مین پڑھتی ہے درود
بو گل تازہ مین لے باد صبا کسکی ہے
مژدہ زیست رقیبون کو مبارک یا رب
سر عاشق ہی سلامت تو قضا کسکی ہے
رنگ کس گل نے اوڑایا ہے ہر اک غنچہ نے
سیکڑون گٹھریون مین ایک قبا کسکی ہے
مفت بدنام ہے میخانہ عالم مین شراب
کوئی پوچھے تو نظر ہوش ربا کسکی ہے
چھپا بانہ رکھیو نہین ہوتا … ہے کون
ڈوب مرنے کے ارادہ مین حیا کسکی ہے
پوچھتے ہین یہ اطبا تجھے بیمارون سے
زہر سب کہتے ہین جسکو وہ دوا کسکی ہے
کب سے دل ٹکڑے ہے پیچھے پڑا ہے لیکن
پردہ ساز مین پوشیدہ صدا کسکی ہے
جامہ سے ہو نہین ہے مشہور تلون کسکا
سیکڑون رنگ جو بدلے وہ قبا کسکی ہے
کس گل تازہ کی خوشبو سے معطر ہے دماغ
ہے خلا جس سے محال ایسی ہوا کسکی ہے
ارجعی کا جو سنا ذکر چلی جسم سے روح
گوش رحلت ہوئی آج یہ صدا کسکی ہے
عشق ابرو کی خطا کس سے ہوئی ہے سرزد
تری تلوار کے قبضہ مین سزا کسکی ہے

یاد مجکو تو مجھے پیار سے فرماتے ہو | کوستے ہو جسے سنکر وہ دعا کسکی ہے
ہاتھ میں ہوگئے برباد ہزاروں اقبال | شامت بخت ہے اے یار خدا کسکی ہے

یوں تو خوش فکر ہیں اس معرکہ میں جمع ظہیر
عرش رس دیکھیے اب فکر رسا کسکی ہے

کہنے سننے کو تو اے یار میری یاد رہے | گالیاں منہ میں ہے کانوں میں فریاد ہے
پہونچہین گذر نالہ و فریاد رہے | نیستاں نعرہ شیرانہ سے آباد ہے
یہی انصاف ہے اے فصل بہاری تیرا | جال میں مرغ چمن باغ میں صیاد ہے
گل پژمردہ ہے بلبل کی محبت معلوم | ہم بہی دیوانے تھے جبتک شہ پریزاد ہے
چھوٹ کر اوسنے جلے آتش فرقت میں شہید | کشتے دوزخ میں ہے خلد میں جلاد ہے
ہوگئے چاروں طرف شہر خموشاں آباد | کس جگہ جا کے بہلا عالم ایجاد ہے
عقل پہلو میں ہو میخانہ میں نفس سرکش | دیو شیشہ میں ہے دل میں پریزاد ہے
طائر جان کو اوڑا لیگئی ٹھوکر اوسکی | ہاتہ ملنے کے لیے پنجہ صیاد ہے
توبہ پیری میں جوانی میں ہے بیباکی خوب | دن کو پابند ہے رات کو آزاد ہے
چاہیے انصاف کو خالی نہ بناتے کوئی | شوق سے خانہ دل میں تیرے بیداد ہے
کعبہ و دیر میں ناقوس و اذاں کا غل ہے | کس جگہ جا کے الٰہی مری فریاد ہے
خط لکھیں جو حشتی غمناک کسے فرقت میں | دل جو خالی ہو تو بہولے ہوئے کی یاد ہے
بھول جاینگی نہ پھر ہے شکایت کرنا | کس سے بدتے ہو فراموش ذرا یاد ہے
کوٹھے پہ نور کی ٹکری ہے گلی میں ہم ہیں | چاندنی آج کی اے ماہ لقا یاد ہے
جینے کے لالے ہیں تازہ گرفتاروں کو | چین سے قید میں مرغان قفس زاد ہے
خاکساری کی ہے منظور ترقی مجھکو | نحس سے بیچ ہے کوسے کی بنیاد ہے
دل سلامت ہے دلدار ہزاروں اے عشق | لاکھوں یوسف ہیں مگر مصر تو آباد ہے

بادشاہو نہین ہین محسوب درویشون مین
یا الٰہی تیری دنیا ہمین کیا یاد ہے

کیا بتاءین تجھے اے شوخ حقیقت اپنی
نامراد آئے تیرے کوچہ مین ناشاد ہے

کوئی پہچان نہ لے شیشۂ دل کی جھنکار
تیری پازیب سے ملکر مری فریاد ہے

آدمی بندہ کے بندہ ہے سبحان اللہ
سرو شمشاد تک اس باغمین آزاد ہے

ہیچکیو نہین بہی کبہی نام ہمارا نہ لیا
عمر بہر بہولے تہے آپ ذرا یاد ہے

گالیان مجکو ستمگر سے ادہر آئے پیغام
غیر کے صدقے مین میری بہی برباد ہے

داغ بہی تجنے دیے ناتہے ٹہکرا دیا بہی
پہر خفا ہو تو خوش اپنا دل ناشاد ہے

سامنا مصر مین ہے عہدہ جو پانیکا
ستم گرگ بہی یوسف کو ذرا یاد ہے

بیکسی مین نہ دیا ساتہ ہمارا لیکن
شاد و آباد الٰہی دل ناشاد ہے

کوئی دے حشر مین کس طرح حساب دنیا
پر سونکے خواب کی ہو دوا کسی یاد ہے

غیر کے گھر مین مری یاد عبث ہوتی ہے
آپکو کیا کوئی آباد کہ برباد ہے

خوف پیری سے نظر بہر کے نہ دیکہا تجکو
اے جوانی تری صورت ہمکہان یاد ہے

مذہب حسن پرستی کے ہیمبر ٹہرے
ایسے ہم معتقد حسن خداداد ہے

کوئی خنجر کے تلے رکہدے گلا کیا مٹئے
ہمسے جانباز نہ پاؤگے کہین یاد ہے

چاہیے مجکو ترا ناز اوٹہانے والا
جان جاتی ہے تو جائے دل ناشاد ہے

نگہ قہر توجہ نکرے دل کی طرف
جس جگہ رہتی ہین چہلیون مین بیداد ہے

چاندنی دیکہ لی او چاند سی صورت والی
ہم چلے نور کی محفل تری آباد ہے

رقص بسمل ہے ادہر ماتم عشاق ادہر
عید کشتون مین ہے سوگ مین جلاد ہے

یہین آرام ہے آفاق کے بربادونکو
اے خرابی تری بستی یو ہمین آباد ہے

گالیونگی ترے ہونٹون کو خدا دے توفیق
کب تک امید اثر مین بہی فریاد ہے

دل اگر مشورۂ رحم او نہین دیتا ہے
غمزے سمجہاتے ہین ہان ہان یہی بیداد ہے

تابکے گنج شہیدان مین وعدہ اے ترک
سر ہمارا ہے یا خنجر فولاد ہے

کوچہ یار سے کیا دشت جنون کو نسبت
تو ہی جا ہم تو نہین اے دل ناشاد ہے

پٹیان روز پڑھا جاتے ہین دلداری کی
جانکر بہولتے ہو تم یہ سبق یاد ہے

تاج یاقوت کے مشتاق ہین شیرین پرویز
کسکے سر دیکھتے خون سر فرہاد ہے

حسن آگاہ اگر مرتبہ فقر سے ہو
رہین کملی کے بدل لعف پہ بہزاد ہے

ق

خدمت حضرت نواب مین اعرض یہ ہے
تا ابد تیز یون یہ طبع خداداد ہے

ڈاک مین شفق کے ہمراہ جو غزلین آئین
تو نہین اصلاح کے جیلہ سری یاد ہے

کیون نہ ہم مرجع ارباب معانی ہون ظہیر
مدتون معتکف خدمت اوستاد ہے

نہین جسمین دلدار وہ دل ہی ہے
جدا اپنی لیلیٰ سے محمل ہی ہے

ازل سے جو زخمی ہے وہ دل ہی ہے
خدا سا نہ دنیا مین بسمل ہی ہے

نہین ہم بغل بلکہ قاتل ہی ہے
خدا اس سے سمجھے مرا دل ہی ہے

جسے عشق عارض ہے وہ دل ہی ہے
ترے مصحف رخ کی منزل ہی ہے

جو دل خوش ہو تو عیش کامل ہی ہے
نہین تو خرابی کی منزل ہی ہے

بنا بتکدہ مین جو شیشہ عجب کیا
عرب مین جو کعبہ ہے وہ دل ہی ہے

گلے کٹتے ہین نوکیلی ادا پہ
تری چال اے تیغ قاتل ہی ہے

غضب ہے اسے زندہ درگور دیکھون
جسے مر کے پالا ہے وہ دل ہی ہے

کوئی سر کٹ بیٹھکے اپنے کو دیکھے
مرا چشم بد دور قاتل ہی ہے

جو ملتا ہے شیشہ کوئی ٹکڑے ٹکڑے
سمجھتا ہون ٹوٹا ہوا دل ہی ہے

ادا اونکی کہتی ہے مین ہون مسیحا
قضا میری کہتی ہے قاتل ہی ہے

دھڑکتا نہین اب کلیجا بھی اونکا
فلک جس سے ملتے تھے وہ دل ہی ہے

سمجھکر رگ برق اس سے نہ مجھکو — ذرا دیکھ تو نبض بسمل بھی ہے

مزے قیس و فرہاد کے دیکھنے لگے — بڑی دل لگی ہے اگر دل بھی ہے

شب وصل بھی ہے اسے بیقراری — نرالا نہ مانند سے کیا دل بھی ہے

گئی برق سیماب اک دل سے ہے باقی — تڑپنے کو دنیا میں بسمل بھی ہے

ہر اک اپنے پہلو میں سمجھا ہے اسکو — سبھی اہل دل ہیں اگر دل بھی ہے

ہر اک گھر بنجاتے ہیں شمع محفل — وہ ہیں موم دل شمع محفل بھی ہے

پڑا ایسے خونخوار سے ہمکو پالا — پیا جو لہو سینکے وہ دل بھی ہے

اُدھر تا ہے زیر زمین ہر مسافر — کہیں کوئی جاتا ہو منزل بھی ہے

زمانے کے بچھڑے عدم میں ملینگے — کدھر جا رہینگے یہ منزل بھی ہے

ڈرے بے بہا جان کر یون نہ پھینکو — گرہ میں اسے باندہ لو دل بھی ہے

ترے کوچے میں ہم یہ کہتے ہیں واللہ — جو ٹھہرے طبیعت تو منزل بھی ہے

ترا عشق ہے زندگی کا خلاصہ — کلیجا بھی نشتر بھی دل بھی ہے

گلی آئی اوس بت کی تابوت رکھدو — یہیں ناؤ ٹھہراؤ ساحل بھی ہے

ترے سنگ در پر ہے مرقد ہمارا — کہ تکیہ سرہانے کے قابل بھی ہے

سرائے عدم میں ہے سچا ٹھکانا — کہاں جائینگے خضر منزل بھی ہے

کیا خون دل ہم نے [illegible] نے — تری تیغ ہو میں ہے بسمل بھی ہے

بڑھی آبرو میری آغوش میں گیا — نہیں جسمیں دریا وہ ساحل بھی ہے

فقیروں کو سب تکیے ہیں بستر — صدا ہے لب جام سائل بھی ہے

ہماری بغل سے کنارہ سے بیجا — اگر تم ہو دریا تو ساحل بھی ہے

نہ پامال کر دل کو اے لشکر غم — کسی کے گلے کی حمائل بھی ہے

پری سے مرا شیشہ خالی نہ ہوگا — وہ خود بول اٹھیگا ترا دل بھی ہے

رہین گرد کلفت مین اہل کدورت
زمین اس زمانہ کے قابل یہی ہے

عوض چاندنی کے چھپاتے ہین آنکھین
بساط اپنی اے ماہ کامل یہی ہے

تڑپنا ہمارا دکہاتے ہین سبکو
بناتے ہین وہ رقص بسمل یہی ہے

مرے دل سے بنتا ہے دلدار ہر بت
کہین کوئی لیلے ہو محمل یہی ہے

ذرا لالہ وگل کی بہی سیر دیکھو
تمہارے شہیدون کی محفل یہی ہے

گناہون کے کثرت کی قلت نہوگی
اگر عمر باقی ہے فاضل یہی ہے

اوسی گل خوشبو سے ہین مست عاشق
منادی شور عنادل یہی ہے

اشارہ ہے اون آنکھون کی ہونٹی کا
ادہر دیکہنا سحر بابل یہی ہے

جہجکتے ہین پہلوے خالی سے میرے
سمجھتے ہین وہ قبر بیدل یہی ہے

دل غیر سے کیون نکلتے نہین تم
مگر خانۂ نقش عامل یہی ہے

لحد درمیان ہے وجود و عدم مین
زمانہ سے شہر اک منزل یہی ہے

جوانون کو شوق جوانی مین پایا
تمنائے تحصیل حاصل یہی ہے

مرا نالہ طوبے سے بہی ہے رسا تر
تری قد سے تر مقابل یہی ہے

وہ آئے تو پہر قتل کرنے کی خاطر
سزا تیری اے جذبۂ دل یہی ہے

جدا ہوگیا تیغ قاتل سے ملکر
وفاداری اے خون بسمل یہی ہے

عبث روتی ہین آنکہین بدنام کرکے
سزائے گواہان باطل یہی ہے

شب قدر کملی کے سایہ سے نکلے
کرامات اے فقیر کامل یہی ہے

کسے آئینہ جان کر توڑتے ہو
مین پہچانتا ہون کہ دل یہی ہے

زمانہ مین ہے چاند تصویر اوسکی
مرقع ہین اک فرد کامل یہی ہے

یہ رنگت ملی اوسکو زہر بلا سے
زمرد سے نکلے مرا دل یہی ہے

طپش دیکہکر دل کی کہتے ہین ہنسکر
تڑپ تیری اے مرغ بسمل یہی ہے

اسی نے کیا سامنا فوج غم کا
کلیجا یہ جس کا ہے وہ دل یہی ہے

نئی چاندنی اہل دل دیکھتے ہین
ہر اک ماہ تابان کی منزل یہی ہے

نہ چھوڑو اسے صید لاغر سمجھکر
ارے زلفون والو مرا دل یہی ہے

لپٹ قد جانان سے اوٹھا یہ دل
درخت آشیانے کے قابل یہی ہے

اولجھتین جو زلفین تو سلجھاتے ایت
گرہ پڑگئی دل مین مشکل یہی ہے

فدا عشق پر ظاہر و باطن اپنا
بدن کا جگر جان کا دل یہی ہے

دل تنگ کی کوئی کیونکر خبر لے
نہین راہ جسکی وہ منزل یہی ہے

زمانہ کے یارون کو پہچانین کیونکر
اندھیرا جہان ہے وہ محفل یہی ہے

نصیب ایسے نالے کہان بلبلون کو
مین پہچانتا ہون مرا دل یہی ہے

رہا دل اکیلا گیا تیرا دن کا
رہ خدمت لے عشق کامل یہی ہے

لہو سے مشابہ ہے مہندی کسکی
سمجھ لے ترا چور لے دل یہی ہے

پھنسانا ہے تو دل نشتر سے چھیڑو
جگہ گدگدانے کے قابل یہی ہے

ادھر بھی کوئی ٹھوکر او جانے والے
ترے خانہ برباد کا دل یہی ہے

دل اپنا منیر اونکے کوچہ مین پونہچا
شہنشاہ فردوس منزل یہی ہے

دولت ہے بیخودی ہے جوانی کیواسطے
سونا ہے نیند نشہ غنانی کیواسطے

دل جل رہا ہے اشک فشانی کیواسطے
اس گھر مین آگ آئی ہے پانی کیواسطے

جنت سے قصر یار نہ لجائے حشر مین
چھاپے دئے لہو کے نشانی کیواسطے

بیخواب ہے زمانہ تمہارے فراق مین
آئے کہان سے نیند جوانی کیواسطے

کوئی لگائے نقد اشک کس مقام پر
کچھہ تو جگہ ہو تنگ دہانی کیواسطے

سجدہ جدا ہو سب سے اسیران عشق کا
ماتھے گھسے ہین نشانی کیواسطے

بچپن مین اسقدر خلشین ہے مری شو
رکہ چہوڑ دو کوئی نوک جوانی کیواسطے

منہ کا اد گال بہیجد و پیغامبر کے ہاتہ
کچہہ رنگ ہو پیام زبانی کیواسطے

کیونکر بدل لے آپکے میلے لباس سے
بوٹی ہے رخت گل مین نشانی کیواسطے

قدِ دوتا سے تنگ ہین پیرانِ مو رنگا
ملتے ہین سب جہک کے جوانی کیواسطے

رونا مرا سبک ہے نظر مین تو غم نہین
توقیر ٹلکے پن سے ہے پانی کیواسطے

اہلِ نظر کیواسطے ہے خاک کو سے یار
آنکہین ہون سرمہ صفہانی کیواسطے

معدوم سے مثال ہے موجود کی بجا
منہ چاہتے ہے غنچہ دہانی کیواسطے

انگیا کے بنگلے پر ہوئے شیدا شباب مین
پانی اودہ کی شام جوانی کیواسطے

سب داغ مین ہی لوٹ لوٹ پاکرین رقیب
چہلو نہین گل نچہوڑ دون نشانی کیواسطے

بازار کہنہ مین نہین توقیر جنسِ نو
مصرِ دیم ہو یوسف ثانی کیواسطے

کس طرح آتی پیاسون تک ایجان آب تیغ
لوہے کی قید سخت ہے پانی کیواسطے

طفلی مین کیون بڑہاتے ہو کثرت شراب کی
رہنے دو کچہہ تو نشہ جوانی کیواسطے

عاشق ہے راگ رنگ تمہے حسنِ سبز پر
ستویا ہی بیقرار ہے دہانی کیواسطے

روتے ہین تیرے ... خلافی سے نغمہ خوان
باقی نہین ہے جہوٹہ کہانی کیواسطے

بہاری ہوا ہون ضعف سے سب ناتوان
ہلکا کیا ہے غم نے گرانی کیواسطے

صحرا ے دلکو لشکرِ پیری نہ گہیر لے
کچہہ تو جگہ ہو داغِ جوانی کیواسطے

دل کے دہوئین تو ... فرد سے اڑ چکے
اب اور گل ہو نا دو خانی کیواسطے

پیری مین طفلہ ... گذشتہ کا ہے شرط
کس بل ہے کچہہ کٹری کے کہانی کیواسطے

کیون فصلِ گل مین کانونکلے پتے اوتر گئے
خدمت تہی یہ تو بادِ خزانی کیواسطے

بہیکی ادا نہ کوئی بتائے شعور کی
اتنا نمک ہو شور جوانی کیواسطے

اخبار دہر دیتے ہین یارانِ رفتہ کو
مرتے ہین لوگ نامہ رسانی کیواسطے

سمجھے نہ میری اصل تو دانا نہین حضور
کچھ مجکو جانتے ہمہ دانی کیواسطے

فرقت نے دی مجھے طپش دل جہانکی
فرزدہ ہی آج ہے خفقانی کیواسطے

سرمہ عبث کہلاتی ہے آنکہونکی موہنی
یہ پتلیان ہین سحر بیانی کیواسطے

ہاتہ اپنے دوڑنے لگے دامانِ یار تک
نبضون کے پاؤن نکلے روانی کیواسطے

پیشِ جنابِ رشکِ کمالِ علوم مین
رتبہ نہین معلم ثانی کیواسطے

شایان جو غنچہ نہین ہے تو ایجانِ دستِ چپ
بازوے راست حرز یمانی کیواسطے

کسطرح کوئی وصف دہان و کمر کرے
ہو علم غیب ہیچ مدانی کیواسطے

صورت کے خط و خال سے باطن کی سیر
ابجد یہی ہے علم معانی کیواسطے

زلفون کو آڑے ہاتہون لیا ہے تو کیا ہوا
جہاڑا ہے انگوشک خستانی کیواسطے

آئے تو معرکہ مین وہ تلوار کہینچکر
جانین بہت ہین دشمن جانی کیواسطے

لایا ہے ایسے واد سے بے آب ہین جنون
چہالونکی گا نہین کشتی ہین پانی کیواسطے

کیونکر منڈہے چڑہی تری بیل اے کمند آہ
موقع نہین ہے ریشہ دوانی کیواسطے

مہندی لگی ہوئی ہے ابہی جیسے خونکی
کیا ہاتہ اوٹہاتین فاتحہ خوانی کیواسطے

اس صید نیم جان کو ہے صیاد کی تلاش
دل لوٹتا ہے دشمن جانی کیواسطے

پیری کے لینے کے لیے طاقت تو جا چکی
حسرت رہی وداع جوانی کیواسطے

جی بہر کے آب تیغ پیئے جاتین زخم دل
پانی چرا تین اشک فشانی کیواسطے

کاٹون شباب آپکے چوٹی کے عشق مین
دے ڈالو ایک رات جوانی کیواسطے

آئینہ ہاتہ آئے جو کشفِ قبور کا
عینک ہو سیرِ عالمِ فانی کیواسطے

ہونٹہون سے رازِ عشق چہپانا ضرور ہے
دو جو رہین یہ گنج نہانی کیواسطے

مجکو جلا کے روتے گئے ہین عبث حضور
کیا آگ دیکے دوڑتے ہین پانی کیواسطے

دکان رنگ زرد کی رکہی ہے ضعف نے
پکہراج سے کے لیتے یرقانی کیواسطے

ہر چند مجھ سے دور ہے وہ سہل حسن — خوشبو تو پوست میں ہے نشانی کیواسطے
پیچک تو دل میں ادھر بھی کبھی کبھی — ہاں لے جوان اپنی جوانی کیواسطے
پہنایا نہیں جراحت دل پر وہ دیکھ کے — چیٹھی لگا گئے ہیں نشانی کیواسطے
آتی لباس والے سے ہے آرزوئے مرگ — دریا پری کی چاہ ہے پانی کیواسطے
پیری کے عیب نیکے پیر آئے اودھر سے — جتنے دیے بتون کو جوانی کیواسطے

فکر سخن میں ضبط فغان چاہیے منیر
رہنے دو کچھ تو بات فغانی کیواسطے

نہ تو کچھ فکر نہ تدبیر لئے پھرتی ہے — جا بجا گردش تقدیر لئے پھرتی ہے
جال وہ زلف گرہ گیر لئے پھرتی ہے — مسکن حسرت نخچیر لئے پھرتی ہے
عکس رخ حسن کی تنویر لئے پھرتی ہے — چاندنی نور کی تصویر لئے پھرتی ہے
تکیہ فقر سے دنے کے لیئے اوٹھتے ہیں — مفلسی گانٹھ میں اکسیر لئے پھرتی ہے
ہوتے ہیں اہل نظر آپ کی آمد میں غلام — گرد رہ سرمہ تسخیر لئے پھرتی ہے
زال دنیا نے مرقع یہ کہاں سے پایا — تیری ہر بیس کی تصویر لئے پھرتی ہے
کوئی ہما جوش اقبال سے ہے مشتاق اجل — ہر دو انہ ہر کی تاثیر لئے پھرتی ہے
ہر شب یہ زلف میں ہے چہرۂ انور کی ہوم — رات اک چاند سی تصویر لئے پھرتی ہے
وہی پیتے جو ہو شمشاد قد ونکا عاشق — فاختہ طوق گلو گیر لئے پھرتی ہے
کہیں ملتی نہیں ہیہات قسمت کی دوا — زندگی نسخہ تدبیر لئے پھرتی ہے
بلبلیں فصل چمن میں نہ ہوا پیراہن — بوئے گل ہاتھ میں زنجیر لئے پھرتی ہے
فتنہ پیا گو رنگ اللہ انہیں تو نہ اٹھے — یارون کو حسرت تعمیر لئے پھرتی ہے
اپنا محفل میں جگہ کسنے عنایت کی ہے — شمع پروانہ جاگیر لئے پھرتی ہے
کوئی جلاد تو مشکل مری آسان کرے — جان ملبب موت کی تاخیر لئے پھرتی ہے

نظم درود نہیں وظیفہ ہے کلام اقدس
ہر زبان آپ کی تقریر لیئے پھرتی ہے

کوچۂ یوسف ثانی میں ہیں جو یاے وصال
مصر میں خواب کی تعبیر لیئے پھرتی ہے

کون ہے شوخ کو سودا ہے تری زلفوں کا
بجلی اک سونے کی زنجیر لیئے پھرتی ہے

ہر جگہ آپکی باتوں نے حلاوت بخشی
کیا شکر طوطے تقریر لیئے پھرتی ہے

چرخ نے تیر و کمان پھینکدی تیرے ڈر سے
کہکشاں ترکش بے تیر لیئے پھرتی ہے

شبنم صبح نہیں خشکی سودا کو مفید
فصل گل کیوں عرق شیر لیئے پھرتی ہے

صید زخم خوردۂ دل کی ہے تمنا شاید
ہر نگاہ آپکی اک تیر لیئے پھرتی ہے

دست نازک سے جو مہندی نہ چھٹی ہے تو
ہاتھ باندھے ہوئے تقصیر لیئے پھرتی ہے

دیکھ قسمت نہیں ملتا کوئی چھٹنے والا
زال دنیا خط تقدیر لیئے پھرتی ہے

انکی گیسوے مشکیں کی بلا پیچھی سے ہے
صبح ناحق قدح شیر لیئے پھرتی ہے

ڈوب کر بحر مصیبت سے نکل بھاگا کون
موج کیسے لئے زنجیر لیئے پھرتی ہے

کیوں نہ مہندی کے طلبگار ہوں سب ہیں آدم
لال پیڑا پاؤں میں یہ اکسیر لیئے پھرتی ہے

پیچھے صحرائے جنوں میں نہ پھرا جائے گا
تری ہیبت ہی فلک پیر لیئے پھرتی ہے

نقل مجھ سے سوا جلتے ہیں مجھ سے ہم فراق
رات کیوں قرص طلا شیر لیئے پھرتی ہے

ڈھونڈھتی پھرتی ہے مجکو ہی مری ہمت شوق
مشعل نالہ شبگیر لیئے پھرتی ہے

دل بیتاب بھی نہیں ہے جستجو مقصد
ہاتھ پکڑے ہوئے تقدیر لیئے پھرتی ہے

کربلا ہے سفر گلشن جنت سے منیر
الفت حضرت شبیر لیئے پھرتی ہے

دشت حسرت میں جو آلے غریب نہ جاتے پھرتے
آپ نے تھوڑے سے پی کر نہ او جلتے پھرتے

دل پر خون جو نہیں پاؤں سے ملتے پھرتے
ڈال کر آنکھیں نظر آتے ہیں جلتے پھرتے

جامۂ آدم خاکی جو ہوتا مطبوع
آپ ننگے کی نہ پوشاک بنے پھرتے

منہ چھپائے ہوئے یون خواب مین آنا کیا ہے
جاگ مین ہم تو نظر آئے چلتے پھرتے

ملنے جلنے کو جو رنگین ڈوپٹے اوڑھکے
ہم بھی دنیا مین نئی رنگ بدلتے پھرتے

آپ کو لاکھ وہ مہ پارہ فلک پر کھینچے
دیکھ ہی لینگے کبھی دور سے چلتے پھرتے

ظرف کچھ بھی جو خدا محتسبون کو دیتا
شیشۂ بادہ سے دستا بدلتے پھرتے

کسی پروانہ دل کے جو ہوتے طالب
آپ گھر گھر صفتِ شمع نہ جلتے پھرتے

دل سے ہمکو جو ہوتی درِ مقصود کی چاہ
ہر جگہ ڈوبتے پھرتے نہ اوچھلتے پھرتے

سبزہ ہی کے مول نہ بکتا مین اگر خون جگر
کفِ افسوس مرے واسطے ملتے پھرتے

بل اگر گیسوے زنجیر سے کرتا ایجان
سانپ کاہین ترے دیوانہ کچلتے پھرتے

ابر و صبح قیامت کی نہ رہتی ایجان
غنچہ کا عطر جو پوشاک مین ملتے پھرتے

تم سواری مین جو حقہ مجھے دیتے اپنا
غیرِ خنجر کی طرح رنگ بدلتے پھرتے

شفقِ صبح شہید ونکے کفن سے کھلتی
کبھی مہندی جو لبِ بام وہ ملتے پھرتے

ناتوانون کو ہوا خواہ بناتے اپنا
خس کے پنکھے تمھین ہر کوچہ مین جھلتے پھرتے

سایۂ زلفِ سیہ سے جو مشرف ہوتے
ہر جگہ سانپ نیا زہر اوگلتے پھرتے

کسی پہلو جو حسینون مین ٹھہرنے پاتے
گل بازی کی طرح ہم نہ اوچھلتے پھرتے

جلبلے پن سے جو تم خواب مین لاتے تشریف
طفلِ اشک آنکھو لیے گر گر کے مچلتے پھرتے

زلفون سے کانکے موتی جو چمکتے ایجان
سانپ شرما کے نہ من اپنے اوگلتے پھرتے

ڈر اگر صاعقۂ آہ سے ہوتا اون کو
یون چھمک کر نہ مرے سامنے چلتے پھرتے

بوے گل دشتِ جنون مین جو کرم فرماتے
گرد بادونکے شجر ہو کے بہلتے پھرتے

ٹھوکرین کھاتے ہوئے آتے ترے کوچے مین
غیر کے پاون سے اس راہ مین چلتے پھرتے

آپکے صدقہ مین جھگڑا تن و جان کا چکجاتا
موت کے بھیس مین آ جاتے چلتے پھرتے

بیٹھے بیٹھے آنکھو نمین بغل مین دل مین
کون کہتا ہے نظر آتے ہیں چلتے پھرتے

پھاندے تھے یار کی دیوار جو اک رات میں
روز ہم جوش طبیعت سے اوچھلتے پھرتے

مژگان چشم سے حذر ابدال کئے ہوئے
دونون ہین ایک ایک پیالہ پئے ہوئے

پیرو ہمارے رہ گئے پوچھے عدم مین ہم
حرف ودی سے دو ہی قافیے ہوئے

عمر ابد لٹائینگے اب کس جہان مین
جاتے ہین نقد جان و عالم لئے ہوئے

نازک مزاجون نے نہ سنی داستان غم
بے لطف انکے سنو سے ہم رستے ہوئے

اتنے نرالے بلا ہین کہ زلفین الجھ پڑین
اے دست شوق آپکو تھوڑا لئے ہوئے

اس خاکدان مین ہم تنون کو پرکھ لیا
زر خاک سے جو پاک کیا نیا پئے ہوئے

ہستی ہماری کم نہین گونگے کی خواب سے
آنکھین ہمین وہ کھاتے ہین مے مست ہوئے

اکدن نہ تمنے حشر کیا اپنی چال سے
جتنے زمانے اسکے تھے سب مرے ہوئے

تلوارین ہمنے دست حوادث سے کھائی ہین
بیٹھے ہین گھاٹ گھاٹ کا پانی پئے ہوئے

اک بوسے کے عوض نہین لیتا کوئی حسین
بازار مین کھڑے ہین دل و جان لئے ہوئے

رو یا ستارے دیکھکے اوس مہ کے ہجر مین
برج فلک نظر مین ہین سے نعرے ہوئے

ہے دانت میرے یوسف دل پر خدا بچائے
انکے سگان کو صنم بھیڑیے ہوئے

ٹھیرے وہ سخت جان جو گزرتے ہین پیاسے
دم بھر مین جو شنا سمجھتے تو ٹھیرے ہوئے

اوس گل کے روز وصل خلاصل ہو
باد صبا نکا سے گئے تحائے ہوئے

عزت نہین لباس تکلف کیواسطے
اٹھو سے رخت اہل ہوس لوٹے ہوئے

شبنم گلی کو چھوڑکے رو دین نکل گئین
جب ہاتھ اجل نے قضا سے نقشے ہوئے

چھپنے کے گل کھلا کے انگوٹھا دکھاتے ہین
اللہ اللہ آپ بڑے گھاتے ہوئے

تار ریا سے باندھے بیٹھے ہین سگان نفس
زاہد جہان کے نہوٹے ڈورے ہوئے

پوچھا سے خط رقیب سیہ دل کو اسقدر
سارے کبوتر آپ کے گل پوستے ہوئے

بیٹھے رہے کنارے ہی اوس گل کے خارتن
اوس بوستان کے واسطے جاگتے ہوئے

تلوار تہی نہ تیر تہی شاید نگاہ یار
در وا رہے زخم جگر کے تڑپ لئے ہوئے

مدت ہوئی کہ نقد دل و جان لگا چکے
یوسف کو ہم خرید کے ٹٹ پونجیے ہوئے

اے گل تری رکاب مین پونہچے جو سیر باغ
داماں گل ہمارے لئے غاشئے ہوئے

بجلی کبہی بنی کبہی شمس و قمر بنے
نیرنگ حسن گرم ہے بہروپیئے ہوئے

آتا ذرا سمجہ کے ادہر اے شراب کش
بیٹھے ہین یار خون تمنا پیئے ہوئے

ہم ناتوان بہی دوڑ رہے ہین رکاب مین
اے بت ذرا عنان نگاہ روکے لئے ہوئے

ہر گہڑی انتظار ہے اے تیغ زن ترا
چہاتی سے بہی کواڑ ٹیکے دیئے ہوئے

ہونٹہو نکو چاٹ چاٹ کے لیتے ہین ہم مزا
رکہے ہوئے ہین رات کے بوسے لئے ہوئے

دل خون ہو گیا نہ ہلے ہونٹہ ضبط سے
مانند زخم تازہ رہے منہ سیئے ہوئے

جسم گلے پڑے رہے صندوق قبر مین
مٹی ہوئے حضور کے خلعت دیئے ہوئے

دل صاف ہے خیال مبارک کہ ہم کیے
بیٹھے ہین ہم مکان مین جہاڑو دیئے ہوئے

دست اجل سے ہین مہندی کو الحذر
مدت ہوئی ہے خون دل و جان کیے ہوئے

تاثیر فقر پاک کے قائل ہین خاکسار
جس گہر مین نقش بیٹہ گئے بوریئے ہوئے

مہمان داغ عشق کہین دل مین ہو چکے
برسون ہوئے مکان کو خالی کیے ہوئے

کیا انقلاب تجہ سے ہوا اے نگاہ یار
زندے ہوئے ہین نہ مُردے جئے ہوئے

پہیر اینٹون نے نقد دل و جان عتاب سے
لینے پڑے فقیر کو صدقے دیئے ہوئے

سیدہا کیا جو موجون کو چین عتاب سے
اے بحر حسن آب روان ڈوبیئے ہوئے

زخم دل و جگر کو مین کچہ کہا نہین گیا
رکہے ہوئے ہین آپکے تحفہ دیئے ہوئے

خدمت سے انجمن مین وہ تشریف لاتی ہین
دنیا و دین کے ساتہ بکہیڑے لئے ہوئے

منہ اس گزک کے واسطے پیدا کرے کوئی
حاضر ہین ہم کباب جگر کے لئے ہوئے

گو بیدلی سے تمنے غزل نظم کی منیر
پر عیب شایگان سے بری قافیے ہوئے

ترچھی نظرین ہو گئین اکبار جاتی آپ کی
بانکپن کہنے لگی سب سے جوانی آپ کی

پیار کی باتین بھی زخمون پر چھڑکتے ہین نمک
چٹکیان لیتی ہے دلپر خوش بیانی آپ کی

وصل مین بھر جاتے ہین میرے جگر کے زخم سب
مرہم زنگار ہے پوشاک دہانی آپ کی

رنگ نکھرا جوبن اوٹھا فتنے برپا ہو چلے
قابل تعظیم ہے اوٹھتی جوانی آپ کی

کس خوشی سے کہاتے ہین ہم سینہ پر چھلے کے گل
اپنی چھاتی سے لگاتی ہین نشانی آپ کی

زہر قاتل دونون ہین بیمار ہجران کے لئے
مہربانی آپ کی نامہربانی آپ کی

نور کے آئینہ سے لپٹا ہے سونے کا ورق
گورا گورا پیٹ کرتی زعفرانی آپ کی

پاے نازک پر جو سر رکھا تو کہا ٹھوکرین
یہ ہماری بندگی وہ قدردانی آپ کی

جان سے بھی دل سے بھی قربان رہتا ہے منیر
ہائے اسپر بھی وہی ہے بدگمانی آپ کی

پیری مین قید ضعف سے باہر بشر رہے
چھپ کر حباب مین نہ ہوائے سحر رہے

جنگل ہوا کہ باغ برنگ شجر رہے
مہمان جس جگہ ہے ہم عمر بھر رہے

کب تک وہ شوخ آئینہ مین جلوہ گر رہے
تا چند نور مہر میان قمر رہے

دل مین مرے خیال بت ہو کمر رہے
خالی جگہ اس آئینہ مین بال بھر رہے

سر پھوڑدون در سنگ ملامت اگر رہے
کاٹون گلا جو زخم سے خالی جگر رہے

غفلت ہزار دل مین تمہے لے قمر رہے
اتنی جگہ ہو جسمین ہماری خبر رہے

بیکار تا کجا گل داغ جگر رہے
دولہا کے سہرے مین ہے باثمر رہے

پہونچین اگر نصیب تو دل کس جگہ چھپائین
ٹھہرین تو جاکے کہان شیشہ گر رہے

تم جسکے دل مین ٹھہرے وہ بیخانمان ہوا
اپنا گہر اوسکو پہر نہ ملا جسکے گھر رہے

کیا باندہے تکلفی درِ بے فیض پرکوئی
قبضہ مین میری سلطنتِ نیمروز آئے
دیکھا نہ دور ہی سے بھی مجکو حضور نے
شوریدہ سر اوسکو سمجھتے ہین تاجدار
مانند وہم دوڑ گئے راہِ شوق مین
نکلے نہ اس کمند سے یارب گلوے حسن
غفلت ہے نام نشۂ فانی کی فکر کا
دلکو وہ پھیرے دیتے ہین لیتا نہین ہین
اوج نگاہ پست ہے قصرِ حضور مین
چوٹی سے اولجھے پیٹ کی پسلی سے بل کرے
سب ہین مجاز دوست حقیقت پسند مین
چونکا ہین خواب ضبط سے منہ کہولکر حضور
نیفہ مین انکے ایک شکن کو جگہ نہین
غفلت کی پتلی دہر مین تصویر حشر مین
کانٹونکے ساتھ بیٹھنے پائے نہ اے جنون
کہتے ہین عاشقون سے یہ اونکی پھبتیان
ہم صورت اونکی ہوگئی پوشیدہ خاک مین
ہمسایہ سے بگاڑ کے رہنا محال ہے
دانا بچائے صحبت منعم مین آبرو
وہ صبحدم چمن سے گئے مثل بوے گل
آگئے ہین نالۂ بلبل سے زلزلے

پنہان چشم کور مین کسکی نظر ہے
وہ آفتابِ حسن اگر دوپہر ہے
ترکش سے باہر آپ کے تیرِ نظر ہے
آشفتگی کے ہاتہ مین حسن کا چنور ہے
اپنی نظر سے چار قدم پیشتر ہے
پریان ادہر ہین جدہر اپنی نظر ہے
ہشیار اوسکو جانیے جو بیخبر ہے
یہ بدبلا ادہر نہ ادہر کدہر ہے
لگ جائین آنکہین چہت سے تو نیچی نظر ہے
پھر کہیے کسکے پٹون مین موتی کمر ہے
بندہ ادہر تمام زمانہ ادہر ہے
کب تک اچہوتی آنکہو مین کچہ ہی نظر ہے
اے وہم کسکے پردہ مین تارِ کمر ہے
ہر معرکہ مین پست ترے بیخبر ہے
بچکر جو شاہ رگ سے کوئی نیشتر ہے
دل پہ جو چوٹ آئے تو سینہ سپر ہے
بے سبیل روزگار مین شمس و قمر ہے
مو باف کی لپیٹ مین مہے کمر ہے
دریا مین اپنی اصل پہ آب گہر ہے
کیا خاک اوڑنیکے لئے بادِ سحر ہے
بگڑے ہوئی زمین گلستان شجر ہے

تا قبر جسم روح کے ہمراہ جا سکے
تابوت میں مرے سے سبکدوش ہو گئے

بجتی ہے یون شراب سے پیری کی آبرو
چمکین نصیب بہی جو اسیطرح جانیے

مٹی نہ کیون ہو جامہ ہستی مزار مین
کاجل نہ آنکھ مین ہے نہ مسی ہے ہونٹ مین

ہیری کی گرد ہنی مین اسے باندہ رکہین
باغ جہان کی سیر ہے اس نیت کیلئے

پنہان نہین ہے کوئی جگہ تجہسے اے صنم
دشت جنون مین جسم کی مٹی نہو خراب

نقل مکان ضرور ہے بیمارون کے لئے
دل مین مرے خیال وطن کو جگہ نہین

تیغ اجل سے بچکے ہے فکر جہاد نفس
محروم کوئی عضو نہو فیض عشق سے

عرش برین کے پار تو پہونچی ہماری آہ
انسان کو ہے رزق فقیرانہ سے قیام

ممکن نہو وضو کو اگر آبروے زہد
تنہا نہ چھوڑے معرکہ قتل مین انہین

جلنے کی آرزو ہین ہین یون ہم جلے ہوے
گہبر الباد عادتکی کثرت نے پہلے ہی

دل نے تو دب کے داغون سے کرلیا ہے آشنا

گہر تک تو ساتھ گرد و غبار سفر رہے
بیگانہ وار اوٹھا نیکے لئے شوریدہ سر رہے

سوتے نہ جیسے جیب کے تار سحر رہے
پتھر سے اوڑکے جیسے ہوا مین شرر رہے

ممکن نہین سفید لباس سفر رہے
دوراتین اور کہو تین جہان رات بھر رہے

پہلو تہی کرے تو عدم مین کمر رہے
سیر بہشت دعوت عمر دگر رہے

روپوش ہوکے بندۂ عاجی کدہر رہے
پیوند خاک ہونیکو رخت سفر رہے

سینے کو دل تو بائین طرف کو جگر رہے
پہیلا کے پاؤن چین سے گرد سفر رہے

ٹکڑے کرینگے اپنے سلامت اگر رہے
حصے مین سب کے دولت داغ جگر رہے

افسوس تیرے کان سے گیسو اُدہر رہے
معجون آب و گل نہ جو عمر بھر رہے

منہ پوچہنے کیواسطے دامان تر رہے
تلوار باندہے ساتھ جلو مین مگر رہے

مشتاق شام جیسے چراغ سحر رہے
سرکار حق مین جہکے نہ کیونکر اثر رہے

رہنا جو چاہیے نہ تجہو لیے ملک جگر رہے

اے بت عدم مین تارِ نگہ کو نہ دخل ہو
کیا ایسے دل کو پیشکش یار کرتے ہم

حیرت سے سرنگون ہین اشارے اونگلیان
ایمان تجھے حشر مین کیونکہ وہ صاف ہو

بوسہ عوض جو ایکے ہوا اونکے ہونٹھ پر
تمکو دلون مین ڈہونڈہ کے ہوتے ہین منفعل

ایسا نہو نظر یہ لگائین شبِ وصال
دنیا مین زندگی سخن اوسکے دم سے ہے

حکمِ جنون سے ہوگئے وحشی جلا وطن
مین وہ نہین کہ دل مین جگہ دون غبار کو

دو روز کے شباب پر اکڑے نہ اسقدر
نکلے نہ نیک و بد کبھی منہ سے خدا کرے

انگیا پر اونکے ہاتہ نہ ہاتہون سے اپنے ہاتہ
اوس او چھڑے کہ مین عاشق جہان کیونکر آنے پائے

آنکھین نہ پاک ہوسکین لوٹ مچا رہے
دنیا سے بچکے سوے عدم جاؤن کسطرح

کنجِ الیشن نقابِ شبِ وصل مین کہان
بیجا نہین ہے سوزشِ دل ہجرِ یار مین

دو بادشاہ ایک ولایت مین کب سماتے ہین
تہوڑی سی ہے میانِ وجود و عدم جگہ
پیکِ خیال سے نہ کہین چھپ سکے خضر

فرضی محل مین وہم رہے پاکمر رہے ہے
آفت مین جسکے ہاتہ سے شام و سحر رہے ہے

تم شش جہت سے چھپکے الٰہی کدہر رہے ہے
جو نام زندگی سے خفا عمر بھر رہے ہے

معنے کے بلبلے میری دعا مین اثر رہے ہے
سب بلبلین چہانکتے ہین کہان تم بھر رہے ہے

انسان اپنی آنکھونسے چھپ کر کدہر رہے ہے
اک عمر جسکی جانِ حزین ہونٹون پر رہے ہے

دیوانے اونکے شہر بدر عمر بھر رہے ہے
گھر خاک مین ملا دون کدورت اگر رہے ہے

سب سے جسکی ہوئی جو رہے تو کمر رہے ہے
مُہرِ سکوت قفلِ درِ خیر و شر رہے ہے

حصہ مین چار ڈالیون کے دو ثمر رہے ہے
دربان جسکی بیکسی آٹھون پہر رہے ہے

دونون یہ دہتے چھپ نہ سکے عمر بھر رہے ہے
یہ جوگنی سفر مین الٰہی کدہر رہے ہے

اب شرم کو جگہ نہین ملتی کدہر رہے ہے
مین آپ آگ دیدون جو محفوظ گھر رہے ہے

بے پردہ شب کو آپ رہین یا قمر رہے ہے
دیکھین تو اس دو عملہ مین کسکی گر رہے ہے

چورون نے راہ ڈہونڈہ نکالی جدہر رہے ہے

بیہودہ گو کو بہانے رہے دل میں رگِ عشق
رہتی ہے تو زبان سے بچکر خبر رہے

انبوہِ بیکسی میں نہ ٹھہرا کوئی رفیق
اپنے ہی دونوں ہاتھ ادہر اور ادہر رہے

مدت کے بعد چشم کرم اس طرف نہو
بس بس وہ بین ہیں نگہ بیخبر سے ہے

دنیا و دین میں دل کو کسی سے نہو لگاؤ
یہ شیشہ جس جگہ سے ہے یارب ادہر رہے

دنیا و آخرت میں ہو عزت منیر کی
سر پر ہمیشہ سایۂ خیر البشر رہے

شاگرد حضرت علی اوسط ہوئے منیر
بحکم خیر الامور اوسطہا نظر سے ہے

حال سابق نہ کہے اے دل دانا کوئی
اگلی باتوں سے پہر آتا ہے زمانا کوئی

نہ سنائے شب غم میں مجھے گانا کوئی
میرے کانوں میں امانت سے ترانا کوئی

عیب پوشی سے نہیں مردم دنیا آگاہ
پردۂ غیب سے لے آئیں نہ مانا کوئی

دخل زاہد انکو محفل میں عبث دیتا ہے
تیری تسبیح کے لائق نہیں دانا کوئی

اے فلک یاد ہیں طفلی و جوانی کے مزے
اگلے عہدوں میں سے بدلا زمانا کوئی

ہیں بگڑ کر جو اوٹھا غیر نے ارشاد کیا
نہ بلانا نہ بلانا نہ بلانا کوئی

دردِ دل خاک سنائیں کسی ہم صورت کو
راہ دیتا نہیں آئینہ کو خانا کوئی

غم عالم نے مرے دل میں جگہ کیونکر کی
ایک بستی میں سماتا ہے زمانا کوئی

خاک میں جب سے نگاہوں نے ملایا مجھکو
نہیں ملتا ترے تیروں کو نشانا کوئی

خوف سے جنبشِ مژگاں کی نہ ٹھہرو گے کبھی
کہتے ہیں راہ میں آنکھیں نہ بچھانا کوئی

شخص چون پیر شود حرص جوان میگردد
فعل بد کو نہیں مخصوص ہے مانا کوئی

غافلو منزلِ دنیا ہے مسافر خانہ
کوئی آتا ہے تو ہوتا ہے روانا کوئی

دل خاموش کسیکا نہ تجھے ٹھکراتا ہے
گھنگرو ہیں ترے بجتا نہیں انا کوئی

ناتواں ہیں ابھی جو رنگ کے قابل ہو کون
اتنے ٹھہرو کہ ہو طیار نشانا کوئی

جائے سجدہ تو ملے گوشۂ عزلت لاکہون
سیکڑون تکیے ہین پڑے ڈالے سرہانا کوئی

حرم و دیر کے ہین شیخ و برہمن پہرن
اس دوراہے مین بٹھانا نہین تہانا کوئی

اونسے لپٹی ہوئی تصویر کہچے ہے میری
رنگ مدت مین جما ہے نہ چھڑانا کوئی

استخارہ نے دکہائی رہِ توحید ہمین
جفت اس سبحہ مین ابدال نہین دانا کوئی

پاؤنکے بوسہ عبث دیتے ہو سردارونکو
پائنتی سے بہی ملاتا ہے سرہانا کوئی

حیلۂ غم کہانیکو ہم پوچہتے ہین روز یہی
موت سے سیکہو تم آنے کو بہانا کوئی

یار چہیڑے تو زر داغ سنائے احوال
آپ سے بہی کہین لیجاتا ہے خزانا کوئی

کبہی رو شنون کی گدڑی کو نہ پایا یکرنگ
خویش و پیوند مین دیکہا نہ یگانا کوئی

بدہی زخمونکی گلِ داغِ جنون کا طرہ
عشق بازی کے لئے چاہیئے بانا کوئی

دولتِ عمر کے سالگرہ سے کیونکر
باندہے گا نٹہہ مین کسطرح خزانا کوئی

تو نے ہاتہو نمین لیے پہرتے ہین ناحق درویش
کاٹہہ کی ہانڈی مین پکتا نہین کہانا کوئی

آپ گاتے ہین تو سو جاتی ہے میری قسمت
ساز کے پردہ مین کہتا ہے فسانا کوئی

جو گئے کا ہے مزا تارکِ دنیا ہم ہین
مجلس فقر مین گائے نہ شہانا کوئی

سر فروشون کو نہین خواہشِ مینا بازار
دخت رز ڈہونڈہ لے بازار زنانا کوئی

سر فدا کرنے مین ہین شمع صفت ہم تنہا
میرے ہمسایہ گردن نہین شانا کوئی

گہر نہین پاتے کسی دل مین ہماری فریاد
بات رہجائے جو ملجائے ٹہکانا کوئی

جوبن اگلا نہی انگیا سے نہین بہرنے کا
پان کی طرح پلٹتا ہے زمانا کوئی

اون پہ برباد ونکی مٹی ہے خراب اے گردون
جنکے تابوت کے لایق نہین شانا کوئی

آگ لگجائے زمانے مین کہ طوفان آجائے
حکم ہے دلکی لگی کو نہ بجہانا کوئی

روٹہہ کر بہاگی شب و روز جوانی جہسے
کاٹے گو ردن کو منالائے زمانا کوئی

گنتھو رہے دل مین منادی یہی چلاتے ہین
غم کے ہوتے نہ ہوئے کچہ اور نکہانا کوئی

ہستی آباد ہے زندونسے عدم مردونسے
ہجو دون کا بھی تو ٹھہرا ہے ٹھکانا کوئی

وائے غفلت نہ کسی رنگ مین پہچان سکے
تم تو سب کوئی بنے بیٹھے نجانا کوئی

قلقل شیشۂ مے ہجر مین موقوف ہے
چیز یہ اونکے گلے کی ہے نہ گانا کوئی

گرد اونکے جو مین پہرتا ہون تو فرماتے ہین
کس بلا نے مجھے گھیرا ادہر آنا کوئی

سیکڑون خام طمع زلف کے پہندونمین ہین
تیری زنجیر مین پختہ نہین دانا کوئی

حکم مفتی ادا شہر بتان مین یہ ہے
خون ناحق ہو تو مہندی نہ لگانا کوئی

وضع کرتا ہے فلک رزق سلیمانمین اوسے
دہن مور سے گرتا ہے جو دانا کوئی

سامنے آئے ذرا سوچ کے نیرنگ جہان
پھر رہا ہے مری آنکھونمین زمانا کوئی

ابکی زخمونکی سفارش سے ہنسی آتی ہے
ماتم دل ہے یہان منہ نہ لگانا کوئی

بھیس مین لیلی و مجنون کے رہین کیون ہم تم
ہے جو بیسے بدلنا ہے پرانا کوئی

بات کی اصل خموشی بھی نہ سمجھے باقی
بولنا کیا ہے کسیکو نہ بتانا کوئی

مضطر یون پر بھی نا امید ہے غربت مین ہمیش
دیس کی چیز مرے آگے نہ گانا کوئی

ترے سر دنی تری ہستی ہے ہر طرح سے گناہی ہے
اوبل پڑتا ہے سر کہنہ سنر جب عذر خواہی ہے

نہ دو کوسے حقمین غیر کو جہوٹی گواہی ہے
ذرا اندھیر ہو جانے دو اسکی روسیاہی ہے

اگر ہم ہوتے واقف ان بتونکی کم نگاہی سے
خط تقدیر لکھوا لاتے کاجل کی سیاہی سے

بتان دہر کی فریاد لازم ہے خدا ہی سے
یہان واقف نہین کوئی زبان داد خواہی سے

زوال حسن جانا نسے ہوئے افسردہ دل عاشق
او داسی بزم مین پہیلی چراغ صبح گاہی سے

گر دریا سے یوسف چاہ سے کب کے نکل آئے
نہ نکلی کشتی عشاق گرداب تباہی سے

بت بیگانہ خو کیا سیر کرتا ہے گلستان مین
الگ جاتی ہے بوئے گل نسیم صبحگاہی سے

لباس کہربا ہین زرد جیسے عاشق لاغر
ہے اوس صیاد کے کپڑونکو نفرت تنگ کاہی سے

شمر تقاضائے محبت سے تعلش پہ کہے اگر وہ گل
بت تو خیر شاید فرش گل پر شبکو سویا ہے
اولے الابصار سے خارج کیا مشتق تغافل نے
جوانی مین بھی ٹھنڈی ہی گرمیان ہین شمع جانکی
ڈبوکر اپنے دلسوزونکو خوش ہونا نہین ممکن
اگر ہے اعتراف جرم سے نفرت مروت کو
نہین ہے مشق استغنا سے اپنی بھی خبر اونکو
اجل بھی میرے تیور دیکہکر آنکھین چراتی ہے
لباس پر تکلف مانگ کر اہل ہنر پہنین
ہمارے مرثیے کی راہ دیکھین غیر ممکن ہے
تری ترچھی نظر غصہ مین کہودی میری حشمت نے
تکون یکہکر تیرا کبھی خالی نہین رہتے
یقین آجائے مجکو ترک عشق ریف شکوہ کا
ہمارے ضعف کی رنگت پسند آئی جو اس گل کو
بہار فقر عالی منزلت شاید نظر آئی
کسی بے خانمان سے اپنی بربادی نہین ملتی
خموشی حشر تک ثابت نہونے دیگی شکوہ کو
طریق عشق مین کس سے امید رہنمائی ہے
سپہر عالم افتادگی کی سیر اگر چاہے
رقیبوں نے سکر کولے کی الفت چھپ نہین سکتی
نکلتے ہی نہین اشک ندامت آنکھون سے باہر

ہر اک ستی کا چھالا ٹوٹ جائے خار راہی سے
نئی بوباس آتی ہے نسیم صبحگاہی سے
بتان ہرزہ گرم ہین ہوگئے ہین کم نگاہی سے
یہ شمعین کیا جلائی ہین چراغ صبحگاہی سے
رولاویگا دھوان اوٹھکر چراغ چشم ماہی سے
ترے غصہ کو تو ہے عشق میری عذر خواہی سے
مٹی جاتی ہے خودبینی بھی بے پروا نگاہی سے
لٹی ہین دیدۂ خونبار کس طفل سپاہی سے
چمکنا سیکھ لے قسمت اگر زرین کلاہی سے
یقین آتا نہین ہے اونکی بے پروا نگاہی سے
سروہی چھین لی پروانے جنگی سپاہی سے
لب عشاق شکوہ سے زبان عذر خواہی سے
مجھلکا بخت بد لکھدے اگر اپنی سیاہی سے
جناب خضر زردی قرض مانگین رنگ کاہی سے
اگر دیکھے کوئی بام غرور بادشاہی سے
ٹھکانا اپنے گھر کا پوچھین ہم کسکی تباہی سے
ہماری بات بنجائیگی گونگے کی گواہی سے
زمین آنکھین چرا لیتی ہے نقش پا کی راہی سے
گرادے آپکو بام شکوہ بادشاہی سے
سوا ہین پیٹ کی ہلکی ترسکی کی ناگاہی سے
ڈرے جاتے ہین یہ اطفال میری کج کلاہی سے

دبایا طرۂ طرار نے ابروے پرخم کو
یہ کالا چور بل کرتا ہے اس بانکی سپاہی سے

نہ چلائے موذن وصل کی شب وقت سے پہلے
سپیدۂ صبح کاذب بیچ گئی جہوٹی گواہی سے

دماغ بیخرد کو راست بازی سے تنفر ہے
سر بیمغز نے بدلی ہے ٹوپی کجکلاہی سے

ڈرے جاتے ہین جو ذرہ نظر سے بہی کہانے کو
وہی نقد دل و جان چہین لیتے ہین سپاہی سے

صباح وصل دم دیکر سلا رکہتے ہین اوس گلگو
یہ جادو ہمنے سیکہا ہے نسیم صبح گاہی سے

جسے مردار کہانا تیسرے فاقہ پسند آئے
فقیری کو وہی بے صبر بدلے بادشاہی سے

شجاعت سے فضولی اس زمانہ مین نہین بہتی
زبان بادہ گو لڑ پڑتی ہے جنگی سپاہی سے

عنایت ہوگئی جاگیر مین اقلیم استغنا
خدائی مانگ کے لایا مین درگاہ الٰہی سے

ہمارے خون پاکی پیاس کا سامان ہوتا ہے
زبان خار کانٹے مانگتی پہرتی ہے ساہی سے

گہٹی جاتی ہے اپنی شور بختی آج اے قاصد
جواب خط لکہا ہے اوسنے کیا ہی کی سیاہی سے

نہوتا کاش بیڑا پار بحر عشق سے یارب
گلے مل مل کے روتی ہے مری کشتی تباہی سے

بتاتے ہو عبث باتین کہین تو شب بسر کی تہی
کہ باسی پہول جہڑتے ہین زبان عذر خواہی سے

ندو بہر خدا الزام اونکو خون ناحق کا
گڑے جاتے ہین کشتے انفعال بیگناہی سے

شریعت عشق بازی کی ہے یا ہے کہیل لڑکونکا
زلیخا ٹہری مجرم طفل نادان کی گواہی سے

نظر آئے جو آتا سحر مجکو شب وصلت
مرے تیور بجہے پہلے چراغ صبحگاہی سے

جناب رشک و ناسخ کی تلمذ سے بڑہا رتبہ
منیر اوستاد کہلایا عنایات الٰہی سے

کیا مفلسی کی عاشقون مین ریل پیل ہے
آنکہون مین اشک ہین نہ چراغون مین تیل ہے

بیوقت نیند آئی کوئی یہ بہی کہیل ہے
اسوقت کچہہ نہ پوچہہ ترے سونے مین میل ہے

دود چراغ قبر مین آہونکا میل ہے
شاید حنا نے خون تمنا کا تیل ہے

بیقدر کیون نگاہ بتا مین پہلیل ہے
شاید کسی غریب کے پہولون کا تیل ہے

بے دیکھے مرغ دل کا نشانا اوڑا دیا
شاگرد کس کمان کی تیری غلیل ہے

کس دن کمند آہ گئی اونکے بام تک
برسون مین چڑھ منڈھے نہ چڑھیگی یہ بیل ہے

زلف سیہ کے سایہ مین ہتی ہے روشنی
روغن نہین ہے اونکی سپر کا پہلیل ہے

کیونکر دبے نہ سینہ پر داغ سے بہشت
زنجیر عرش بہی اسی کیاری کی بیل ہے

بدتر غبار سے ہے شب غم کی چاندنی
شاید چراغ ماہ مین مٹی کا تیل ہے

زندان مین بہی ہے سنبل سودا بہار پر
سرسبز میری سلسلۂ پا کی بیل ہے

موسیٰ کی آنکہین مانگتی ہین اس سے روشنی
یارب چراغ طور مین کاہے کا تیل ہے

سرسبز خاک ہو دل سوزان کا دود آہ
آتشکدہ مین جسکی ہے جڑ یہ وہ بیل ہے

روتے ہین دوست پر نہین عبرت پذیر دل
چکنے گہڑے کو بوند بہی پانیکی تیل ہے

سرگندہ چکا گر ہین تلون مزاجیان
پٹی جمی ہوئی ہے کہ سنے کی بیل ہے

راہ عدم مین چھوٹ گیا جسم و جان کا ساتھ
اک بہیڑ ہے مسافرونکی ریل پیل ہے

محروم ہو کے کیون نہ بہاؤن اشک سرخ
چوپان بانٹتے ہو تم اونکی یہ پیل ہے

ہر بات مین وہ طفل مغنی ہے سخت گیر
تونے سمجھا اوسکی ستارے مین بیل ہے

کیا جان ہار کے بہی نہ جیتین گے آپ کو
بازی یہ عشق کی ہے کہ لڑکونکا کہیل ہے

دشت جنونکے فیض سے زنجیر پا ہے سبز
انگور جسکے آبلے ہین یہ وہ بیل ہے

کیا تیرے خون بلبل شیدا سے خاک باغ
اے باغبان سرخ کف دست بیل ہے

پروانون کو بہڑاتے ہین آپسمین شمع رو
جتنے پتنگ لڑتے ہین اورونکا کہیل ہے

پہنسکر کمند زلف مین بہولے ہین بیوقوف
بے دانشی کا سلسلہ اب لے بیل ہے

بازے عشق مین نہین آسان ہار جیت
جو کہیل جائے جان پر اوسکا یہ کہیل ہے

مداح اہل ہند ہین صبح جمال کے
شاید تیری قبا مین بنارس کی بیل ہے

اے دل سر تیغ بازی قاتل کی سیر دیکھ
سر پر اجل جو کہیلتی ہے یہ وہ کہیل ہے

چار و طرف وان ہین جنازے ہزار ہا
ہے تلخ تر مزہ ثمرِ نخلِ حرص کا
بندوق سے صنوبر دل کو اڑا دیئے
اے چارہ ساز جلنے لگے زخم اور بھی
کیونکر نہ اشک مے تبو لسے کھیلین گولیان
روغن بجائے آتش دل ہے شمیم زلف
اوس بت نے راہ کی ہے جو اہلِ سلوک سے
کشتی مے مین بیٹھکے کی خشک و تر کی سیر
جام شراب مین عرق افشان ہے روے یار
نخلے ہماری مٹی کے ہین دستِ یار مین
دیتی ہے تار برق کہ آتی ہے فصل مے
کھائی ہوئی مٹھائی او گل دو نہین کسطرح
سوئے عدم جو ناقہ ہستی ہے گرم رو
دنیا مین صبح و شام کو یکجا نہین قیام
شمشیر یار دل مین مرے گھر بنائے گی
آتی ہین بیٹھرین ضعف کی جاتی ہین طاقتین
جانباز جیت جائینگے محشر مین آپ کو
تیرا ہی کلمہ پڑہتی ہے محشر مین ساری خلق
بیشک وہ دین کہ سرخ دوپٹہ مین منہ چھپائین
پوچھو نہین تمہارے منہ کے تلو نسے جو دیجے اب
کہتے ہو قصد ظلم تو ہو جاتی ہے خبر

پابند جو سڑک کی نہین یہ وہ ریل ہے
جو اسکی شاخ ہے وہ کریلے کی بیل ہے
یہ گولیان ہم آج کھیلین تو کھیل ہے
مرہم نہین ہے گرم مسالے کا تیل ہے
اطفال پاکباز کا پاکیزہ کھیل ہے
کیا سر مین شیشہ دل دشمن کا تیل ہے
ہر خانقاہ مین صنم آمد کا کھیل ہے
پانی مین آگ بوٹ ہے خشکی مین ریل ہے
اس آگ مین گلے ہوئے کندن کا میل ہے
اس وصل مختصر کی بھی دشمن غلیل ہے
کالی گھٹائین کیسی کہ پورب کی ریل ہے
بوسے تو آپ دے چکے اب کیا جھمیل ہے
دستِ اجل مین تا کفن کی نکیل ہے
ان دونون کالے گوردن کی شاید بیل ہے
جسکے نہین ہین پہلو و نیر داغ پیل ہے
پیری مین دم کی آمد و شد سے کہ ریل ہے
جو بعد مرگ کھیلتے ہین یہ وہ کھیل ہے
کیون ہم نہ کہتے تھے کہ تجھے سب سے میل ہے
اگر شہید ناز کا جانا بھی کھیل ہے
جسکی کھلی ہے مشک وہ کا ریکا تیل ہے
شاید تمہارے لکھو کے دل سے میل ہے

سرگشتہ رہا ہے وصل مین اونکا گھڑی گھڑی
شاید سپرد شیشۂ ساعت پہلیل ہے

خالِ سیہ کے عشق سے روشن ہین لگکے داغ
اس ایک تل کا لاکھ چراغون مین تیل ہے

کسطرح دم گھٹے نہ امید ضعیف کا
دل مین ہمارے حسرتونکی ریل پیل ہے

شب کو چمکتی ہے تری تصویر روغنی
کیا یاسمین یاسمین کو اکب کا تیل ہے

جانباز کیا کرین جو نہ پوچھین بتان شوخ
نادان نہین کھلونونکے بس مین جو کھیل ہے

کیون زرد چاندنی ہے ترے گھر بسنت مین
شاید چراغ ماہ مین سرسون کا تیل ہے

پھولونکا ہار چاہیے ساقی کے ہاتھ مین
زیبا کدوے مے کے لئے ایسی بیل ہے

خوشبو بھی رہیگی ترے سر مین حشر تک
خالص حنائے خون شہیدانکا تیل ہے

تلونسے لگ کے بجھتی ہے سر مین حسین کی آگ
چڑہ کر منڈھے ہے جو سوکھتی ہر بیڑہ بیل ہے

ہرجائی اختلاط ہے اغیار خوش رہین
بیگانگی یار کو ہمسے ہی سیل ہے

میلہ ہے بے نظیر کا نزدیک اے منیر
آتے ہین لوگ چار طرف ریل پیل ہے

پایاب اسکے جلوہ سے اشکونکے سیل ہے
ہیریکا سیس پھول تمہارا سہیل ہے

بینا کو کب عجوزۂ دنیا کا میل ہے
اندھون ہی کی نظر مین بڑھی یہ ٹہیل ہے

گھر مین ہمارے بوئے ہین کانٹے فراق نے
دامن اوٹھا کے آئے اگر قصد سیل ہے

وہ آبلہ ہین سینہ مین مہمان اے فلک
تو تیرے خیمہ کی سے جنکے طفیل ہے

رستہ مین پابگل نہو مستونکی عرضداشت
دامانِ تر کا تذکرہ مشروع ذیل ہے

استاد بھاگنے مین ہے اے پیک عمر تو
شاگرد تیری چال کی رفتار سیل ہے

ہم تیرہ روزونکے ہون عمل کسطرح رقم
دونون طرف سیہ ورقِ یوم ذیل ہے

کسطرح رحم کشتۂ الفت پر اونکو آئے
بسمل بھی کوئی تڑپے تو کہتے ہین فیل ہے

منعم کے آس پاس ہے ہر دم حریصِ زر
مثلِ مگس مصاحب خوانِ طفیل ہے

دلکی لگی بجہا ینگے کیا اشک بے اثر
جلتے توے کے بوند سے گھر مین سیل ہے

اے ضعف جوش گریہ کو بہی ہو نہین پالپسند
لاغر بدن مرا شکنِ فرشِ سیل ہے

مجنون کی دود آہ سے ہے ماہِ نو سیاہ
ممنون وسمہ ابرو سے لیلائے لیل ہے

پاؤ سحر کی ٹہوکرون سے دل ہوا خنک
کافورِ صبح کسکی کفِ پا کا میل ہے

دشوار آبرو کو جو روتے ہین اہلِ علم
نم دیدہ اندنون ورقِ یوم و لیل ہے

اب آبرو ہے مشربِ رندی کہان رہی
تردامنی کا نام ڈبونے کو سیل ہے

چمکا ہے داغِ دل لبِ رنگین کی عشق مین
مشہور اس عقیق سے نام سہیل ہے

غربت مین بہی نہین ہون مین تنہا کسی جگہہ
اوندوہ فوج فوج ہے غم خیل خیل ہے

تیرے سوا نہین کوئی محبوب بے رقیب
لے پاس تیری سمت ہے دلکو میل ہے

تیرے تلون کے عشق مین سرگشتہ ہے مدام
میرا غزال دل سے کہ تیلی کا بیل ہے

ہے آتشِ خضاب حنا کی طلب اوسے
اے شیخ جسکے نقرۂ پیری مین میل ہے

مسند جو دے خدا تو بہلے آدمی کو ٹے
پہولے جو گاؤ تکیے پر اپنے وہ بیل ہے

وہ سر خدا کے سامنے کیا حشر مین اوٹہے
جو کوہ کوہ بارِ گنہ کا دبیل ہے

دیتا ہے شست و شو کے لئے آبرو گدا
مالِ اہلِ دل کے آنکہون ہاتہون کا میل ہے

زر دارونکو سمجہتے تہے ہم دل مین آدمی
دیکہا تو سامری کا بہی گوسالہ بیل ہے

بنتے ہین کیون کہرے وہ زرِ قلب کیطرح
ظاہر مین پاک صاف ہین پر دلمین میل ہے

سر پر شرابِ کہنہ سے کیونکر ہو آدمی
جو دلکو پچہاڑے یہ وہ بٹہیل ہے

ناحق ہوئی ہے شامِ جوانی مسی فروش
لے کون کسکے دانتون پہ زرد و نیل ہے

ہر شب شبِ برات ہے اوس سے کے وصل سے
وردِ زبانِ حال دعائے کمیل ہے

اپنی نظر مین شاہدِ تقوے ہے بیحجاب
شیشہ کی بہی پری ہے تو ہو کیا چڑیل ہے

دیتا ہے خطِ عیش مین سرمایہ نشاط
پیمانہ کیا ہے حضرتِ یوسف کا کیل ہے

سائل مرام دل کا ہے یا صاحب الزمان
اشک منیر آپ کا محروم نیل ہے

گردونکی بے لبساطیو نسے دل اوچاٹ ہے
مہتاب کی بہی چاندنی مین ایک پاٹ ہے

سنتے ہین سبزہ رنگونکی شیرین زبانیان
میٹھے کی چکھیان ہین سلونے کی چاٹ ہے

مخمل سے بڑہ کے طبع ملایم ہے خوب تر
کہر امزاج اپنی نگاہون مین ٹاٹ ہے

شغل فسانہ لب شیرین ہے قوت روح
تریاکیان زہر محبت کی چاٹ ہے

فرقت مین دل اوچاٹ ہے سامان عیش سے
ہنگام خواب بستر مخمل بہی ٹاٹ ہے

امیدین قطع ہوگئین تیغ نگاہ سے
تلوار اوسکو کہتے ہین جسکا یہ کاٹ ہے

لکڑی کی طرح شیخ ہے اپنے عصا کے ساتہ
جوش خودی سے آپ ہی اپنا یہ بہاٹ ہے

انگیا پر اونکے دست حنائی ہین رات دن
دو چورونکے اجارہ مین شاید یہ گہاٹ ہے

مجروح جان دیتے ہین انداز و ناز کے
تیغ ادائے یار کے قبضہ مین کاٹ ہے

راہ فغان ہے پنبۂ داغ کہن سے بند
شاید تفنگ نالۂ دل کی یہ ڈاٹ ہے

لازم ہے سیر ساحل دریاے اشک کی
زیبا تمہاری تیغ نگہ کو یہ گہاٹ ہے

ہے فتح بہر تیور سے ہمسر کشود کار
سندور سے بخت تیر نگاہون مین چاٹ ہے

بحر جہان مین رک نہین سکتی ہے فنا
نا آشنا حباب کی کنٹر سی ڈاٹ ہے

کیا صحبت فراق گوارا ہوئی ہمین
نام وصال سے بہی طبیعت اوچاٹ ہے

کس طرح آدمی سے اوٹہے طعن بے محل
انگشت اعتراض ہتیوڑا کی لاٹ ہے

صحراے بیخود یکے ارادے ہین اندنون
دونون جہانسے دل وحشی اوچاٹ ہے

دامان حشر نذر کو لایا ہے داستان
تیرے ڈوپٹے کے لیے موزون یہ پاٹ ہے

اوس بت نے نیمچے سے کیا ہے مجہے شہید
واجب کفن کیواسطے آدہا ہی پاٹ ہے

محروم ہے جو بندگی ہشت و چار سے

دنیا مین اے منیر وہی بارہ باٹ ہے

کسطرف کوٹھے سے وہ مہ جلوہ گر ہونیکو ہے
عید کا چاند آج کیا جانے کدہر ہونیکو ہے

عشق مثلِ حسنِ جانان مشتہر ہونیکو ہے
لاغری سرتاپا نازک کمر ہونیکو ہے

عمر باقی راہ جانان مین بسر ہونیکو ہے
آج اپنی سختِ جانی سنگِ در ہونیکو ہے

شرم سے کوتہ نگاہِ فتنہ گر ہونیکو ہے
مژدہ اے شہرگ یہ برچھی نشتر ہونیکو ہے

کسطرف وہ ماہِ سیما جلوہ گر ہونیکو ہے
کونسے عالم مین اس شب کی سحر ہونیکو ہے

دل مین اک خورشیدِ روشن جلوہ گر ہونیکو ہے
چاند کا ٹکڑا سراک لختِ جگر ہونیکو ہے

پردہ عصمت مین خندائے قمر ہونیکو ہے
ابتو عالم آشنا تیری خبر ہونیکو ہے

جانشین مہرِ قاتل کی سپر ہونیکو ہے
چاند رات آفاق مین آٹھون پہر ہونیکو ہے

آہِ آتشبار یارب تیز تر ہونیکو ہے
آشنا یہ چشمہ شاگردِ شرر ہونیکو ہے

وصلِ جانان کا زمانہ مختصر ہونیکو ہے
کہینچے گیسو زلفِ شب کو کمر ہونیکو ہے

عشق کا اوس بت کے دل مین گذر ہونیکو ہے
آشنائے درد پتھر کا جگر ہونیکو ہے

عالم پیری مین ہے داغِ جوانی کا فروغ
یہ چراغِ شام خورشیدِ سحر ہونیکو ہے

دور دورِ سلطنت ہے بد دماغی کی دلیل
گردشِ چترِ زری دورانِ سر ہونیکو ہے

لاغری کو شرکتِ بارِ مصیبت ہے پسند
رشتۂ تنکا کو آفت کی کمر ہونیکو ہے

بال پکے عمر آخر ہو چلی اب آنکھ کھول
آفتاب آتا ہے سر پر دوپہر ہونیکو ہے

تیرہ روزونکی طرف مائل ہے قسمت کی چمک
ابتدا مدت صلحِ بارود شرر ہونیکو ہے

جان جائیگی پڑے رہجائینگے اعضائے جسم
قافلہ سے پہلے یوسف کا سفر ہونیکو ہے

دستِ رسوائی شہادت کو بہی لائین مین گشان
خنجرِ عریان نگاہ پردہ در ہونیکو ہے

تلخ گوئی پہر لبِ شیرین کو آئی ہے پسند
پہر نمکدانِ ہلال یہ شکر ہونیکو ہے

زلف سے رخ کسطرف مائل ہے دزدیدہ نگاہ
چور راتون سے جی نہین بہرتا سحر ہونیکو ہے

پست رتبہ بڑھتے ہین گھٹتے ہین عالی منزلت
دفتر ارض و سما زیر و زبر ہونیکو ہے

چھٹتی ہے اعضا سے پیری مین جوانی چہاپ
رخصت اہل بزم سے شمع سحر ہونیکو ہے

آمد پیری مین غفلت سے جوانی کی وہی
نیند سے آنکھین نہین کھلتین سحر ہونیکو ہے

اے جناب خضر لازم ہے دم آخر کی فکر
ہستی جاوید دم بھر مین بسر ہونیکو ہے

ہمکو رسوا کرکے رسوائی سے بچنا ہے محال
تو بھی تشہیر اے نگاہ فتنہ گر ہونیکو ہے

اے شب فرقت قیامت تک ہے اب تجھ سے فراق
شام جسکی پھر نہین کل وہ سحر ہونیکو ہے

گھٹ چلے فیاض عالم بڑھ چلے ہین مستفیض
اندنون خورشید محتاج قمر ہونیکو ہے

گرمی جوش جوانی ہو چلی کافور کیون
دست و پا ٹھنڈے ہین شاید سحر ہونیکو ہے

ٹھان دی تو نے تو آنکھونکی لڑائی یار سے
کچھ خبر بھی ہے شکست ایکدگر ہونیکو ہے

ہڈی ہڈی مین کریگا مادہ خونخوار سیر
کوچہ گرد نیستان یہ شیر نر ہونیکو ہے

حسن ڈھلکی جاتے ہی ہوئے سیہ ہونگے سفید
یہ اندھیری چاندنی سے ہمسفر ہونیکو ہے

بوسہ لب خواب مین لیجائیگا آکر کوئی
ہم کہے دیتے ہین چوری تیرے گھر ہونیکو ہے

ساتھ جائیگا نہ کچھ داغ ملامت کے سوا
ایک پیسا داخل جیب سفر ہونیکو ہے

کیون خفا ہین آپ زخم دل سے ہو جائینگے
پانی پانی شرم سے میرا جگر ہونیکو ہے

کس شہ خوبان کا سایہ پڑ گیا ہے خواب مین
افسر بال ہما پابوس سر ہونیکو ہے

ہین دل روشن کی خاطر ساری تیرہ روزیان
ہر گہن دنیا مین جاگیر قمر ہونیکو ہے

مرغ دلکی گھات مین ہے دست صیاد حسین
پنجہ مہر آشیان مشت پر ہونیکو ہے

عمر بھر کی آشنائی اے شب فرقت نچھوڑ
مجھکو موت آتی نہین ہے تو بسر ہونیکو ہے

دم چراتا ہے فلک شب غم کے حضور
کہکشان نظرون مین چوٹی کی کمر ہونیکو ہے

آمد شام ہے پیش لب لعلین یار
آج زہر تلخ مہمان شکر ہونیکو ہے

تیرہ روزی مین ملیگا دیکھنا اوجلا کفن
اس سیہ خانہ مین بھی اکدن سحر ہونیکو ہے

ابرو میں غصہ بیجا سے آئی ہے شکن ‌ ‌ بیت موزون ہیجل سکتہ کا گھر ہونیکو ہے

چشم استمداد سے نہنک کو لازم ہوئی ‌ ‌ واے قسمت نفع میں ضرر ہونیکو ہے

مسکرانے سے لب خنجر کے ثابت ہوگیا ‌ ‌ زخم خندان کچھ ہی مہمان جگر ہونیکو ہے

اے فقیرو لٹتے ہیں ہر روز زرداران ہند ‌ ‌ امتلا خود فاقہ کش شام و سحر ہونیکو ہے

زال دنیا کے ہیں طالب جو انان حسین ‌ ‌ ربط مشک شام و کافور سحر ہونیکو ہے

حفظ صحت کے عبث ہے تجکو اے نادان فکر ‌ ‌ ایکدن خالی یہ بیماری کا گھر ہونیکو ہے

ڈھونڈھتی ہیں ٹھوکرین اونکے نئے پامال کو ‌ ‌ جانشین سنگ در کسکا جگر ہونیکو ہے

حسن اسفل کیطرف مائل ہیں ٹھی رتبہ حسین ‌ ‌ کرمک شب تاب محبوب قمر ہونیکو ہے

گھر کبھی جسم بیجا نہیں سوائے کوئے دوست ‌ ‌ خاکی انڈا طایر سدرہ کا گھر ہونیکو ہے

بیخودی چھڑوا رہی ہے بخشی کے دونون پا ‌ ‌ درد دل کے ساتھ نالے کا سفر ہونیکو ہے

وصل کی شب کسلیئے سوئیں نکل سے ای فلک ‌ ‌ تاقیامت خواب کا آنکھیں میں گھر ہونیکو ہے

صبح فرقت کی اوڑینگے ہوش آہ گرم سے ‌ ‌ پنبہ حلاج بلور سحر ہونیکو ہے

فیض جاری روکنے کا نام ٹھہرا بندوبست ‌ ‌ آب دریا گھٹ کے محبوس گہر ہونیکو ہے

ڈھونڈھتی ہے آہ سوزان بزم خوبان فرنگ ‌ ‌ ناچ گھر میں محفل رقص شرر ہونیکو ہے

بینش چشم بیخودی آنیکو فرماتے ہیں آپ ‌ ‌ خواب میں بیدار تقدیر نظر ہونیکو ہے

غافلوں کی کان کھولا چاہتا ہے ذکر مرگ ‌ ‌ قفل گوش کر کی کنجی یہ خبر ہونیکو ہے

قالب خاکی میں ابدل آتی ہے سیل فنا ‌ ‌ بہرتی ہے جھاڑو صفائی کی گھر ہونیکو ہے

ہو رہی ہے تنگ دنیا میں رہ تفریح طبع ‌ ‌ ہمدم ضیق النفس باد سحر ہونیکو ہے

پاؤن بالائے زمین کہتے نہیں ٹھی راہرو ‌ ‌ خاک سے بچتا ہے جو قطرہ گہر ہونیکو ہے

ذکر بوسہ او خدا کو جا بجا چاہتا ہی یار تک ‌ ‌ جنبش لب شہپر مرغ خبر ہونیکو ہے

آبرو بڑھتی چلی دلمیں خدنگ ناز کے ‌ ‌ اس صدف میں قطرہ پیکان گہر ہونیکو ہے

بیخبر ممکن ہے دل آوارہ کا پائے سراغ
دوستی اندرون مکروہ طبایع ہو چلی
جلوہ گر ہین فرش رنگین پر حسینان صبیح
نہریان محکوم حاکم ناشنو ہونے لگی
چشم قاتل کرتی ہے مجھپر نگاہ التیام
نالش جور و جفا کا ہے یہی اخفا اگر
چشم مفلس ڈہونڈہتی ہے خوان عیش اغنیا
اونکے جوبن کے اوبہرنے سے یہ کہتی ہے کمر
انگلیان اوٹہنے لگی ہین عشق پنہان پر مرے
وصل مین ہے خودنمائی بہی حجاب ناز بہی
جہانکنے کی دو اجازت روزن دیوار سے
زخم پہر اوٹہوا رہا ہے خنجر قاتل کی سعی
جانیوالے خبر لیکر کیا چھوڑ جائینگے یہان
گل سنہری رنگ کے اس باغ مین مرجہا چلے
موت کو مجہسے سوا ہے فکر تابوت و کفن
گھر کریگی گوش جانان مین فغان بے اثر
گریہ خوف خدا نے راہ کی فردوس تک
دوستونکو اندنون تنکے سہارا دیتے ہین
چلیے اب مصر بدنیے سوے کنعان عدم
سرگشتہ اسکی نحوست گو زنک ہی ساتہ ساتہ
شیشہ مے نے دکان عیش کہولی ہے کہان

ہر گلی کوچمین سرگردان خبر ہونیکو ہے
رشتۂ الفت ندیدہ کی نظر ہونیکو ہے
باغ قالی یاسمن زار سحر ہونیکو ہے
کان بہرے ہونیکو گونگی خبر ہونیکو ہے
گنبد شاید خنجر قطع نظر ہونیکو ہے
دایم الحبس ایکدن بیک خبر ہونیکو ہے
ہر جگہ مہمان ناخواندہ نظر ہونیکو ہے
ہین نہونیکے لیے ہون تو اگر ہونیکو ہے
بیزبانون سے ہویدا یہ خبر ہونیکو ہے
اس دو عملی مین کدہر اونکی کمر ہونیکو ہے
قید چشم کور مین ذرد نظر ہونیکو ہے
یہ چھوڑا یہ نمک خوار جگر ہونیکو ہے
یادگار رفتگان گرد سفر ہونیکو ہے
ہند مین امسال قحط آب زر ہونیکو ہے
وحشت یہ سرن بار بردار سقر ہونیکو ہے
قاف مقصد جائے عنقا اثر ہونیکو ہے
چشمۂ کوثر شریک چشم تر ہونیکو ہے
عاجزی بیچارگی کے چارہ گر ہونیکو ہے
لیے یوسف کا انہین قیدون سفر ہونیکو ہے
سوچہل مین جہاڑو تارے کا اثر ہونیکو ہے
کس طرف سنگ ملامت کا سفر ہونیکو ہے

اے اوداسی رونق دنیا ہے اشک آہ تک
ہے تو تو ہی سوگوار بحر و بر ہونیکو ہے

داغ عصیاں اک طرف اشک ندامت اک طرف
نوح کے طوفان سے جنگ شرر ہونیکو ہے

روز بڑھتی جاتی ہے تخفیف رزق و عمر میں
دفتر تقدیر عالم مختصر ہونیکو ہے

تمازہ رخ چھوٹتے ہی آبرو اوڑ جائیگی
رطب و یابس جلد قرآں سے بدر ہونیکو ہے

خون حسرت نہیں ہے کچھ پانکے لاکھے کا رنگ
لخت دل گویا جواب لعل تر ہونیکو ہے

قبر سے ہے آگے بڑھنا جسم خاکی کا محال
ساتھ تھوڑی دور تک گرد سفر ہونیکو ہے

منہ نہیں لگتا کسی کے کوئی بے سختی سے
پہلے پتھر سے ملاقات شرر ہونیکو ہے

آبرو و غصہ سے پیدا کرتے ہیں ایک فقیر
کیا مزاج خاک عالم گرم و تر ہونیکو ہے

بے عمل بھی حصہ ایمان ہے مال مغفرت
مفلسی کے پاس ہیں اسباب زر ہونیکو ہے

جسم خاکی چھوڑ دیگی روح دامن جھاڑ کر
ایک جھٹکے میں جدا گرد سفر ہونیکو ہے

باغ عالم میں کمال طبع ہے آخر وبال
پختہ مغزی دشمن جان ثمر ہونیکو ہے

تو بھی عنقا ہو چلا ہے لیے ہاں یار کیا
ہر طرف تیرے نہونیکی خبر ہونیکو ہے

حرص نعمت کا قناعت ہی کریگی سامنا
نان خشک اس تیغ کے آگے سپر ہونیکو ہے

میں اگر حاضر نہیں ہوتا حضور میں تو کیا
دم میں مجرائی وہاں میری خبر ہونیکو ہے

موت میوہ فصل پیری میں ہے نخل جسم کا
بارہ تیشہ کے پھل سے یہ شجر ہونیکو ہے

دیتی ہے تر دامنی چھینٹے سرا سے دہر میں
بھیگتے ہیں ہم گران رخت سفر ہونیکو ہے

چھانتا ہے اونکی مہندی سے شفق پوشی فلک
لالہ خونیں کفن یہ نیلوفر ہونیکو ہے

پیروی کرنی پڑیگی نالہ زنجیر کی
مجھسے آگے اے جنوں میری خبر ہونیکو ہے

کونسی دھن ہوگی دیکھیں اہل صد پا شکو
یہ شکستہ ساز کس نغمہ کا گھر ہونیکو ہے

آبرو بڑھتی چلی ہے ضبط عشق پاک کی
جو گرہ دلمیں پڑی ہے وہ گہر ہونیکو ہے

کون جاگے گا شب وصل صنم میں اے خدا
یہ خدائی رات کس بندے کے گھر ہونیکو ہے

سرکش اپنے دور مین سونگہین گے کیونکر تو خلق — بدد ماغی مین نہ کام زر و روز ر ہونیکو ہے

وہ رہین گے میرے گہر نور وسے نور روز تک — عید اس ماتمکدہ مین یا الہٰی ہونیکو ہے

زلف پیچان ہے ابہی تک شانہ سے الجھی ہوئی — گیسوئے شب کی رسائی تا کمر ہونیکو ہے

سلطنت کیواسطے بڑہتی چلین خونریزیان — ایکدن دنیا مین قحط تاج و سر ہونیکو ہے

موت کے معنی سمجھنے ہی ہوئی بے لطف زیست — انتقال ذہن پر دل نوحہ گر ہونیکو ہے

میرے دلمین جیسے رکہتا ہے ذخیرہ رنج کا — قحطِ غم آفاق مین یارب کدہر ہونیکو ہے

ہر زہ گردی کیا رہیگی جب ہوا معدوم رزق — آسیا سے رخصت اب دوران سر ہونیکو ہے

خلوت و کثرت مین مجہسے پوچہتی ہے بیکسی — اوسطرف ہو جاؤ نہین بہی جدہر ہونیکو ہے

شب کو میرے پاس رہکر صبح جاتے ہو کہان — آج باسی عید دنیا مین کدہر ہونیکو ہے

تحقیقت سے رگ جان نزاکت بن چلے — ہیچ تہی یا کچہہ نہ تہی پہر اب کمر ہونیکو ہے

وہ وفا کرتے ہین ہستی بیوفائی کرتے ہے — دلمین اونکے گہر بنایا جب سفر ہونیکو ہے

عشق کیسا حسن تک سے ہے نزاکت کو حجاب — جنکی ہے اونسی ہی پنہان وہ کمر ہونیکو ہے

بال وحشت نے بڑہائے ضعف نے پہلائے پانو — جسم لاغر اب شریک موے سر ہونیکو ہے

نقد جان بینا پڑیگا کہانے پینے کے لئے — آب و دانہ ایک جا ہو کر گہر ہونیکو ہے

ساعت خواب اجل کا مول ہے نقد حیات — وہ گہڑی سونیکی ہے جسمین سفر ہونیکو ہے

یوسفِ مضمون کو لائے فکر کہنہ سے منیر
یہ زلیخا نوجوان بار دگر ہونیکو ہے

یار بے پردہ اگر گلشنِ عالم مین رہے — چہپکے ہر اشک مرا قطرۂ شبنم مین رہے

خاک ہو رہگذر گریۂ پیہم مین رہے — خشک و تر مین جو ہو بدنام ہی ہم مین رہے

نیشِ غم چبہین سے اک جانہ شب غم مین رہے — دل سوزان مین رہے دیدۂ پرنم مین رہے

کیا بتائین کہ کہان جا کے شب غم مین رہے — آپکی جان سے دور اور ہی عالم مین رہے

ڈر نہیں ضعف اگر عشق کے عالم میں رہے
جانتے ہاتہ اوٹھانیکی سکت ہم میں رہے

راست قد ہو کہ کجی گیسوے برہم میں رہے
پردہ عملہ نہ ترے حسن کی عالم میں رہے

ماتم صبر ہے ہر مجلس ماتم میں رہے
دل سے غم جائے اگر شہر محرم میں رہے

وصل کی رات اوجھنے کا ڈہونڈہو حیلہ
میری قسمت کے لکھے تو بل زلف شب غم میں رہے

نام اوس شوخ کا شکر یہ ملک کہتے ہیں
یہ بشر دیکھیے کیونکر گل آدم میں رہے

جمع کرلیں ہمیں اسباب پریشانی کا
تا نہ آشفتگی اوس گیسوے برہم میں رہے

دانت مدتسے خلش کا ہے دل زخمی پہ
دخل الماس کی کنیونکو بہی مرہم میں رہے

آبرو چاہیونکی ہے جو ترا چاہ ذقن
چلو بہر پانی نہ باقی چہ زمزم میں رہے

کیون چڑہی ہجر کی شب کشتے طوفانمیں
خواب راحت کی بلا دیدہ پرنم میں رہے

زندگی اپنی ہو قبضہ میں او نہیں ہونٹھونکی
جان مردونکی لب عیسی ہم میں رہے

آج دشمن کی گلی میں میں خدا کی قدرت
ملے وہ ہاتہ جو کل تک ترے ماتم میں رہے

بوسہ کے نیل سے ہو حسن لب اے تنگ دہن
یہ نئی رنگ کا نیلم ترے خاتم میں رہے

کیون نہ جوبن ہو لحد پر کہ مرے سینے میں
پہول وہ اوٹھے شگوفے ترے محرم میں رہے

منہ لگائے نہ اگر آئینہ کو خود بینی
کوئی تجسا نہ ترے حسن کے عالم میں رہے

ہے جو اعجاز کو دعوے تو ترے سامنے ہے
دم جو اگر نہ لب عیسی مریم میں رہے

غم کے کہانے کا جو حصہ ہو برابر تقسیم
امتلا ایک سی نفس بنی آدم میں رہے

تیرہ روزی نے بدلنے ندیا رخت سیاہ
عمر بہر ہم دل مرحوم کے ماتم میں رہے

نرہا فصل بہار میں کچہہ اسباب فرح
ٹوٹے دانہ تسبیح کے کف شبنم میں رہے

آبرو والونکے دل چھیدے تری پلکون نے
در نا سفتہ ہے تو کف شبنم میں رہے

سب سے چھوڑا رے زخمون نے تری تیغ کا ساتھ
مبتلا کشمکش بخیہ و مرہم میں رہے

قطع کرتے ہو تعلق تو پہنانا کیا
یا شکن زلف میں یا ابروے پر خم میں رہے

یاس آ آ کے دیا کی دیدِ دل پر دستک
جبتک اے عمرِ گذشتہ ترے ماتم مین ہے

گو حباب ہے گلگون کو ہے غفلت پر ناز
آنکھین کہلجاتین اگر دیدۂ پرنم مین ہے

باغِ جنت تو ازل سے ہے جوانی کا وطن
پہر کہان جائے جو پیری نہ جہنم مین ہے

نالہ کرنیسے پہر آئینگے نہ ایام شباب
کون اس قافلۂ رفتہ کے ماتم مین ہے

آج وہ صبح سے پہرتے ہین کلیجہ پکڑے
رات کو بہول کے کسکی دلِ پرغم مین ہے

کیا کہین حالِ وطن حشر مین اے بیخبری
تو ہی بتلائے کہ ہم کو نسے عالم مین ہے

کیا خطا کی ہے کہ فردوس مین مرکر جائین
جو بلاد وسعت تری کاکل برہم مین ہے

ڈہونڈہی لینگے تجہے خاک اوڑانیوالے
ای غریب الوطنی تو کسی عالم مین ہے

دولتِ وصل سے کمتر نہین یکجائی بہی
یہ غنیمت ہے کہ ہم آپ ایک ہی عالم مین ہے

یار کو کشتۂ مژگان کا نہ دہوکا ہو جائے
زخم آرہ کا الٰہی نہ سرِ جسم مین ہے

دلِ مضطر کی خبر لانے سے اے یاس نہ رک
آمد و رفت کی طاقت تو ذرا دم مین ہے

تری شوخی ہے کہ دلمین نہین رہتی یکسان
یا مری آس کہ دم مین نہ رہے دم مین ہے

جمعِ اسبابِ فراغت ہے جہان سب ہین ہین
فرد وہ ہے جو کسی دفترِ برہم مین ہے

مرگِ دشمن ہی مین جی بہر کے نہ رو دو صاحب
مرے حصہ کا بہی کچہہ دیدۂ پرنم مین ہے

تم نکالو جسے پہر اوسکے بلانے کی امید
ٹوٹے دلمین ہے یا اوکھڑے ہوئے دم مین ہے

سرخ پوشی کی ہے مشتاق عروسِ توبہ
خونِ دل کیون نہ دامانِ گلِ آدم مین ہے

جان لی نوعِ بشر کو جو بہایم سیرت
آدمیت نہ لباسِ بنی آدم مین ہے

پہلے ہر سیلِ غمِ دہر مین ہمنے کہائے
فردِ اول ہمین اس دفترِ برہم مین ہے

دیکہو اب کعبۂ ایمان کو نجف مین ہی منیر
بس بہت بارگہ قبلۂ عالم مین ہے

آئی خاک اوس کے رہگذر کی
یارب یہ ہوا چلی کدہر کی

کہنے دل زار کی خبر کی
مجکو قسم آہ بے اثر کی

حسرت جو بڑہی دل و جگر کی
رگ پٹھے کی ہر ایک نشتر کی

غیروں کی طرف عبث نظر کی
عاشق پہ چھری تھی اِن جگر کی

یارو نہیں ہنسی ہے چشم تر کی
اشکوں نے ڈبوئی عمر بھر کی

ساعی مری آہ کا ہے اوسے
شامت آئی ہے کچھ اثر کی

جب سے آنسوؤں میں بھیگی
کملی سے دکھی ہوا ابر تر کی

بابے تہ تیغ یار سے نکلے
حسرت دم بھر میں عمر بھر کی

دو زخم میں جو اشک گرم ٹپکے
پھر جائے دوہائی اس شرر کی

غفرے میں نگاکے لی ہی آیا
کیا بات مرے پیامبر کی

کی چھیڑ جو ترک نیش غم نے
نشتر میں چھوٹی ہیں رگ جگر کی

پھولوں کی جو بڑہی اوسنے پہونچی
تہا شور کہ خبر ہو کمر کی

مستسقی ہیں حریص دنیا
بجھتی نہیں پیاس آب زر کی

معدوم ہوتی ہے ساعت وصل
شاید ہے گھڑی ترے کمر کی

صاحب نگہ غضب سے لو کام
چھریاں نہیں قدر دان جگر کی

آئینہ مہ میں وصل کی شب
قلعی ہے سفیدۂ سحر کی

برپا ہوئی نالہ سے قیامت
ساعت رکھی ہی اثر کی

سیلی بھی تو پیٹ کی ہے باریک
کر لیگی نیابت اوس کمر کی

پھر شیشہ جب ہے میکدوں میں
قسمت پھوٹی ہے شیشہ گر کی

کیوں تیر نگاہ کے کھنچے ہیں
تقصیر بھی کچھ مرے جگر کی

ہر و بال کمانیاں ہیں اس میں
دیکھی ہے گھڑی تری کمر کی

مدفن کا پتا اجل سے پوچھو
بھولا ہوں میں راہ اپنے گھر کی

بہٹکے دے پاس نے دم نزع — ٹوٹی امید عمر بہر کی
خنجر جو بگڑ کر اوس نے کہینچا — بن آئی مرے دل و جگر کی
منہ ڈہانکو نہ وقت نزع الجان — رخصت ہے اب آخری نظر کی
کہتے ہین جو زندگی کو موہوم — پرچہائین ہے کیا ترے کمر کی
عصیان کے عوض جو دو شہادت — دے دو دن مین کمائی عمر بہر کی
کیون کہولین لحد پر اوسنے زلفین — کیا تہی شب گور دوپہر کی

چل دو طرف نجف مشیر اب
حاجت نہین خضر راہ بر کی

دم نظارہ جو دلچسپیون کی راہ ملے — چپک رہی جو نگہ سے تری نگاہ ملے
جو میرے نالون کو اوسکے چمن مین راہ ملے — تو گوشہ گل مین سر انگشت برگ کاہ ملے
تری گلی نہ اگر اے اجل پناہ ملے — مسافرونکو نہ ملک عدم کی راہ ملے
مری نگاہ سے ایسی کوئی نگاہ ملے — کہ سیر عالم معنی کی جس سے راہ ملے
لبس فسانہ جوانی روسیاہ ملے — بہشت مین تو نہ مشاطہ گناہ ملے
جو عشق زلف کو دلکی مرے نہ راہ ملے — زمانہ بہر کے بلا کو کہان پناہ ملے
تری گلی مین نہ ہر دم ہمین پناہ ملے — ہوا جو آئی تو اوٹھ اوٹھ کے گرد راہ ملے
نہ بہکے جلوہ ساقی جو شکوہ لے زاہد — چراغ بہی نہ کوئی بہر خانقاہ ملے
اوٹھا کے آنکہ وہ کوٹھے پر اونکو کیا دیکھے — شرر سے بہی جسے کوتاہ تر نگاہ ملے
جگر مین وک کے نالونکو مین نے جب دیکھا — لہو مین ڈوبی ہوئی جب تیر آہ ملے
لباس قامت دلدار مین اگر آئین — تو اوٹھ کے سدرہ و طوبی سے سر راہ ملے
نظر نہ آئے ہمین خواب مین بہی وہ رخسار — کبھی نہ عالم رویا کو مہر و ماہ ملے
گہرا ہوا ہے دہوان میرے گہر مین آہونکا — چراغ صبح کو کیونکہ عدم کی راہ ملے

جو ڈہونڈوں نقدِ دلِ گم شدہ کو روزِ حساب
عجب نہیں یہ رقم تحتِ مدِّ آہ ملے

چلا میں بچکے ملامت سے جب سوے غربت
زبان دراز نصیبوں سے خار براہ ملے

ہوئی جو حشر کے دن عیدِ مغفرت کی دہوم
گناہگاروں نے جہجہک کے بیگناہ ملے

کفن کو پارچہ یا صاحب الزمان بہیجو
فقیر کو کوئی ٹکڑا خدا کی راہ ملے

کہے نہ بامِ بلند اثر سے کوتاہی
جو زلفِ یار سے میری کمندِ آہ ملے

خوشی سے طالعِ بیدار میرے سو جائیں
تلاش سے بہی جو اوس بت کی خوابگاہ ملے

بتوں کا پڑہتے ہیں کلمہ دل و جگر دمِ حشر
زیادہ مدعیوں سے ہمیں گواہ ملے

جو مایہ دار دلکو ہو پاسِ آبروے سوال
اوبل کے پیاسونکے ہونٹوں سے آبِ چاہ ملے

کوئی جو اونسے کہے گالیاں کسیکو ندو
تو ہنسکے کہتے ہیں ایک آپ خیرخواہ ملے

خضر سمجہکے الاتہا ہیں سبزہ رنگوں سے
ڈبونے کے لئے سب آبِ زیرکاہ ملے

رہِ عدم کے مسافر ہیں جسطرح برباد
خدا کرے کہ یونہیں خاک میں براہ ملے

علاج کر مرضِ اتقا کا اسے زاہد
صحیح ذائقہ ہو لذتِ گناہ ملے

ہیں جان دیکے ترے قول کیلئے لے دون
جو منہ لگے مولوں بہی بکتا ہوا نباہ ملے

شکست توبہ کے ساتہ آئے تہنیت کو دوست
بڑے تپاک سے بچہڑے ہوئے گناہ ملے

سمجہ لو آپ مرض کو جو ہیں کراہ سکون
مزاجِ ضعف نہ پوچہو جو نبض آہ ملے

نہ آبرو کے ہیں پیاسے نہ مال کے بہوکے
تمہاری بحرِ محبت کی ہمکو تہاہ ملے

خدنگِ یار اگر نکلے قیدِ ترکش سے
سواے دل نہ کہیں گوشۂ پناہ ملے

اگر زمانہ میں انجامِ سرکشی دیکہے
تو گر کے آبلۂ پا سے ہر کلاہ ملے

کلیم کی یدِ بیضا سے ہو گیا روشن
چراغ لیکے جو ڈہونڈہو خدا کی راہ ملے

کہا [illegible] ابرِ لطف جا دیکہا
اگر تڑپتے ہوے میری برقِ آہ ملے

تمہارے [illegible] کو [illegible] چہپے سینہ میں
جگر کے داغوں سے چہپ چہپ کے مہر و ماہ ملے

جواب خشک جو سائل کو باغ دہر مین دے
زبان کے عوض ایسے کو برگ کاہ ملے

ہمارے دلکو بہی سمجہا کے ساتھ لے آئے
یم عمیق محبت کی جسکو تھاہ ملے

ملے امیر کو درویش بادشاہ مزاج
فقیر کو نہ گدا طبیع بادشاہ ملے

ہر ایک چاہے ہے کہ اپنا ہی خون پی جاوین
جو شیر مادر گیتی مین تیری چاہ ملے

فلک بہی پست ہے جنسے یم محبت مین
حباب سیکڑون ایسے دم شناہ ملے

تمہاری آنکہین تو دل لیکے ہو گئین منکر
مشاہدہ کا پہر اب کونسا گواہ ملے

رہی جو سبکے مقدر مین مشق بیکاری
لکہا ہوا نہ کوئی صفحہ جباہ ملے

بنائے سر کو ترے گوے بازئے طفلان
جو لے فلک تجھے اوس شوخ کی کلاہ ملے

تمہاری آنکھون کے لڑتے ہی ہوش اگر اڑ جاتین
عدم مین بہی نہ یہ بہاگی ہوئی سپاہ ملے

خدا کرے کہ مجہے خلعت وصال ہی دین
بلا سے غیر کو جاگیر قتلگاہ ملے

شرار طالع پروانہ کا یہان کیا ذکر
چراغ کو تو ہوا سے کہین پناہ ملے

خوشی عدم سے بہی اگر جو دہر مین ڈہونڈہے
براے نام جو شادی الٰہی نباہ ملے

تلاش رزق نہ بہٹکاے آدمی کو اگر
مزے سے زیست گذر جاے ایسی راہ ملے

بہشت کی ہے طلب آپ سے نہ حور و ملک
شہید جسنے کیا ہے وہی نگاہ ملے

جگہ دو دن پہلے ہی پہچان کر اوسی دلمین
کسی کے تیر و نمین چہپکر تری نگاہ ملے

کہٹک ہے اوسکے بدلتا ہون عمر بہر کی مزے
کسیکے دلمین جو وہ تیر بے پناہ ملے

خدا کے واسطے پامال کیجیو اے شوخ
کہین جو ٹہوکرین کہاتی مری نگاہ ملے

ہماری سوزش دل ہو اگر محیط جہان
سواے آب نہ پہر آگ کو پناہ ملے

دل ایسے بت کا نہ پروانہ ہو جو شمع صفت
چمک کی شب کو ملے دن کو روسیاہ ملے

یہ کہیو اوس سے کہ مل جل کے غیر ہی سے رہے
جو بعد قتل مری حالت تباہ ملے

ہمارے بعد کوئی نقد جان نہین دیتا
روان ہو آپ کا خنجر جو زاد راہ ملے

کمند ڈھونڈھو اگر بام ناتوانی کی
ہماری نبض سے تار رگ گیاہ ملے

دماغ اگر نہین ملتا تری توجہ کا
مزاج وجہ تغافل ہی گاہ گاہ ملے

ڈھلا نہ روز جدائی نہ آئی شام وصال
کبھی نہ گھر مین مرے دونو وقت آہ ملے

اگر نہ چرخ فلک سائلون سے روکھا ہو
ہر اک کو چپڑی ہوئی نان مہر و ماہ ملے

عدو کی ہوئی غرض کیا جو میرے پاس ہو
سمجھ لو کعبہ جو اوسکا دل سیاہ ملے

اوسی کا خون مین شربت سمجھ کے پی جاؤن
جگر مین جسکی تری لذت نگاہ ملے

ہوا مقابلہ کیا تیرے بانکپن سے کہین
شکست کھائی ہوئی گوشۂ کلاہ ملے

اسیر دام علایق نکل سکے کیونکر
کھلے ہون سیکڑون پھندے بہر راہ ملے

جو تیرے سامنے ہون اونکی آنکھین نیچی ہون
جسے تو دیکھے مجھی سے تری نگاہ ملے

ہمارے قبر کے تختون کو یاد رکھین دوست
کسی غریب کی کشتی اگر تباہ ملے

نہ پوچھ یہ کہ تری بات پوچھتا تھا کون
دکھا دون پھر جو وہی پیار کی نگاہ ملے

ہزارون قسمین کڑوڑون بہانے لاکھون عذر
ہٹے جلوس سے جو ٹھوکر کے بادشاہ ملے

الٰہی اپنے رسول کریم کا صدقہ
کہ بندہ غم سے رہائی کی جلد راہ ملے

ہمارے سر کو مدینہ کی ٹھوکرین ہون نصیب
کسی فقیر کو خیرات عز و جاہ ملے

منیر کو ہو نجف کی زمین مین معراج
جوار خاص شہ آسمان پناہ ملے

کیا فقط مین ہی ہون جفا کے لیئے
منہ نہ کھلوائیے خدا کے لیئے

حکم دو آہ نارسا کے لیئے
خاک اوڑاتے ہین سب ہوا کے لیئے

جب کیا عرض مدعا کے لیئے
دو ڑہی خاموشی التجا کے لیئے

دل و دین پہلے جفا کے لیئے
ایک تو رہنے دو خدا کے لیئے

کام چلتا ہے حسن سے اسکا
ہین بہت دست و پا حنا کے لیئے

دم وہ کیا دین کہ دل ہے غم سے بھرا
نہین ممکن خلا ہوا کے لیئے

بٹریان اپنی زلف کی بھیجو
میری عمر گریز پا کے لیئے

دم نکل کر حباب مے مین ٹوٹا ہے
یہی محبس ہوا اس ہوا کے لیئے

خار ہے میرے جسم لاغر کا
کسکی تیغ برہنہ پا کے لئے

لیتے ہین زلفون کی بلائین غیر
کہیے پہر ہم ہین کس بلا کے لئے

رہی میری حنا سے خون محروم
بوسے غیرون نے دست و پا کے لئے

کیا نحوست نے کر دیا اندھیر
سایہ سرگشتہ ہے ہما کے لئے

جب سے کہل کہیلے خاکسار اونکے
نہ رہا پردہ کیمیا کے لئے

میری آنکھون سے لیگئی حیرت
خوش خرام اپنے نقش پا کے لئے

بنگئے آسودہ حال لذت عشق
ترسین گے درد لا دوا کے لئے

بُت سبنے تیری راہ مین گر کر
تیلیان چشم نقش پا کے لئے

ہے پہٹے حالون آج پردہ شرم
کسنے لئے تیری قبا کے لئے

بہیجدے اے خدنگ ظلم عصا
میری ضعف شکستہ پا کے لئے

کف افسوس ملنے دو دیکھو
ہاتھ خالی نہون دعا کے لئے

تری خاطر ہوئے ذلیل اے ضعف
اب تو اوٹھانا پڑا عصا کے لئے

ٹھوکرین کھائین بہر پامالی
ایڑیان رگڑین نقش پا کے لئے

شب غم مین اجل نہین آتی
زیست ہے جان بلب قضا کے لئے

سُرخی خون ہے باسے زردی ضعف
رنگ دو ہین گل وفا کے لئے

بارہا ضبط سے شب فرقت
قدم آہ شکستہ پا کے لئے

وصل مین شام ہی سے نیند کا عذر
ہوش مین آئے خدا کے لئے

صندل ہے بار مفت نہ مانگ
درد پیدا کر اس دوا کے لئے

بے سر و پا ہوئے ترے غم میں
ہاتھ اوٹھا رکھے ہیں دعا کے لئے

ظلم میں اسقدر عرق ریزی
کچھ تو رکھ چھوڑئے حیا کے لئے

کربلا میں منیر کو مولا
جلد بلوائے خدا کے لئے

ہماری روح جو تیری گلی میں آئی ہے
اجل کے صدقہ میں یہ راہ دیکھ پائی ہے

جواب میں نہیں آتا تو پھر لڑائی ہے
تمہاری بات بگڑ جانے نے بنائی ہے

حنائی خون جگر مانگ کر لگائی ہے
بہت دنوں میں ملاقات تک لائی ہے

برابر آج تک اگلی سی آشنائی ہے
نہایت اہل وفا تیری بیوفائی ہے

کسی سے آنکھ ملائی نہیں ہو جب بی غرور
تری نظر میں جو بیگانگی سمائی ہے

تری گلی کے تجسس میں تھک گئے ہیں پاؤں
سوار ہو کے اجل میرے سر پر آئی ہے

کچھ آنکھیں تو ہے جو لیٹا ہی تو لپیٹ کے نس
مری نظر میں دوپٹہ ترا دولائی ہے

وہاں پہونچ نہیں سکتیں تمہاری زلفیں بھی
ہمارے دست طلب کی جہاں رسائی ہے

اجل سے کس کو ڈراتا ہے اب تو اے ناصح
ہماری جان تو بلبک کے توڑ کھائی ہے

جہاں ہے دود جہنم سے بڑھ کے نکہت گل
ہماری آہ نے دھونی وہاں رمائی ہے

بھوکا ترنی تلوار سے ملا ہے کیا
کہ ناگوار پس ذبح بھی جدائی ہے

اٹھیں جو آنکھیں تو دلمیں گھس آئے تیر نگاہ
یہ اختلاط زیادہ برآشنائی ہے

نہ پوچھیے کہ تو جلتا ہے کیوں رقیبوں سے
وہی یہ آگ ہے جو آپ نے لگائی ہے

اگرچہ اسکا بھروسا نہیں کسیکو بھی
مگر یہ عمر رواں دم میں سکو لائی ہے

یہاں تو دخل تکلف کو تھا نہ پردہ کو
تری حیا انہیں خلوت میں بیکر آئی ہے

تمہارے ہونٹھوں تک اقرار بوسہ کب آتا
شراب نشہ میں بہکا کر اسکو لائی ہے

کبھی مزاج مبارک سے بل نہیں جاتا
تمہاری زلف نے شاید کجی سکھائی ہے

غضب ہے بیٹھے سب آ کیا کیوں نہیں آتے
وہ روز کہتے ہیں کچھ تیری شامت آئی ہے

بھلا ہمارے گھر اقبال کس لیے آتا
شب وصال ہے اسکو لگا کے لائی ہے

مٹھائی بوسوں کی طیار ہو نہیں چکتی
دکان کب ہے لب یار نے لگائی ہے

ملا ہے کچھ تو بتا مجھکو جان شیرین کا
ترے لبوں نے حلاوت کہاں پائی ہے

مشیر ایکے جو مین لکھنؤ مین آیا ہوں
نگاہ لطف امیر کریم لائی ہے

نثار حضرت آغا علی حسن خان ہوں
زیادہ حد سے مری آبرو بڑھائی ہے

اجل اوس گلی میں پہنچ کے مری کردگار آئے
دم واپسین ہے شاید مجھے بوئے یار آئے

کبھی خوابمین خوشی سے جو وہ گلعذار آئے
تو بہشت ساتھ لیکر مرے گھر بہار آئے

مری بیکسی سحر تک یہ پکارتی تھی در پہ
کہ سوائے غش نہ کوئی شب انتظار آئے

دم ذبح کہ رہا ہے کہ نہ مجھسے پھیرو آنکھیں
ترے ایسے بھولے پن پہ مجھے کیوں نہ پیار آئے

رہی چین سے ابد تک مری خاک اے پری رو
ترے دلمیں مجھسے آئے تو مرا غبار آئے

جو رہ کرم سے سبقت نکرے چھری تمہاری
کبھی میرے دل سے باہر نہ لہو کی دھار آئے

وہ ملی خلش کی لذت کہ جنوں بھی چھٹ جائے
مرے آبلہ کے منہ میں جو زبان خار آئے

کروں آہ بھی نہ منہ سے جو اوڑائے کوئی پرزے
دل گم شدہ کسی پر اگر اب کی بار آئے

کوئی آرزو تو پوری دل بے نصیب کی ہو
وہ نہ آئیں تو اجل ہی شب انتظار آئے

ہمیں چاشت زہر غم کی تو پڑی مگر یہ ڈر ہے
کہ خدانکردہ تجکو ترس اے نگار آئے

کف دست مرگ مین ہو تمہے تیر کی نشانی
مجھے لینے کو جو آئے یہی چوبدار آئے

عمل ایسے بادشاہ کا ہے مرے حصار دلمین
ترے غم کے ہوتے کیونکر غم روزگار آئے

مرے تن میں جان جبتک نہ رہوگے تم ہمیشہ
کہو عہد زندگی کا کسے اعتبار آئے

دل جان بلب کی ہیگی نہ کسینے کی عیادت
ترے تیرونکے تصدق کہ یہ بار بار آئے

مجھے سر بکف جو دیکھا تو وہ ترک ہنس کے بولا
بڑے سرفروش آئے بڑے جان نثار آئے

اجل آئی ہو لگی کیوں غم ہجر میں وگرنہ
یہ وہ شب نہیں ہے جسمیں کوئی غمگسار آئے

نہ ملا ترا ٹھکانا کہیں اے منیر وحشی
در یار پر بھی اکثر تجھے ہم پکار آئے

جھلا کے جو ہونٹھ اوسنے چبائے مرے آگے
غصے نے ترے بوسونکے پائے مرے آگے

کس طرح وہ دشمن کو بلائے مرے آگے
کچھ مینے بدی کی ہو تو آئے مرے آگے

اے لذت آزار خدا را وہیں بجلی
جس بزم میں چھیتی نہ بنائے مرے آگے

تیور بھی نہ میلے ہوئے اللہ رے کلیجا
ٹکڑے جگر و دل کے اوڑائے مرے آگے

غیروں نے تمہیں آنکھ لڑاتے ہوئے دیکھا
غیرت ہو تو اب شرم نہ آئے مرے آگے

رکھو دل حیران کو اگر سامنے اپنے
آئینہ تمہیں منہ نہ دکھائے مرے آگے

آہوں سے وہ آزردہ ہیں اب وصل ہی حاصل
دل آگ لگا کر نہ بجھائے مرے آگے

میرا ہی جگر ہے نگہ قہر کے قابل
یہ تیر کہیں اور نہ جائے مرے آگے

جس کوچہ میں ابر مژہ تر کا وطن ہو
کیا ابر وہاں چھاؤنی چھائے مرے آگے

رکھی نہ جگہ عذر کی بھی بیدہنی نے
کیا منہ جو وہ بت بات بنائے مرے آگے

جتنا وہ ستائے دل سوزاں کی سزا ہے
جلتے ہوئے کو اور جلائے مرے آگے

دل صاف نہیں ہے تو تجمل ہو نسے کیا کام
کیوں آپ پسینے میں نہائے مرے آگے

میں خاک رہ یار کے سرمہ کو بھی ترسوں
نقش کف پا آنکھیں چھپائے مرے آگے

غصہ بھی رہا سا نہ حیا بھی رہی ہمراہ
تنہا کبھی خلوت میں نہ آئے مرے آگے

پہلے تمہی خنجر نے گلے مجھکو لگایا
تڑپا ہی کیے اپنے پرائے مرے آگے

خون آپ بحل کردو نہیں اے تیغ تبسم
بیڑا جو لب یار اوٹھائے مرے آگے

دعوے نہیں اپنے دل گم گشتہ کا مجھکو
چتون تری آنکھیں نہ چرائے مرے آگے

راضی ہون اگر پیک اجل لائے خط اونکا / قسمت ہی کا لکھا کہین آئے مرے آگے

کہتا ہے منیر اب چلن اوسکا علی الاعلان
دعوے ہو قیامت کو تو آئے مرے آگے

بت ہی عاشق ہوا اپنی صورت کے / اسے مین قربان تری قدرت کے
آپ خوگر ہین سب سے خلوت کے / ابھی پردے پڑے ہین غفلت کے
اختر اے چرخ شام فرقت کے / اشک ہین کسکی شمع تربت کے
شہرے ہین آتشون کی صنعت کے / بت تراشے ہین تیری صورت کے
حشر کے دن چلے جو تم یہی چال / پاؤن اوٹھ جاسینگے قیامت کے
جان شیرین کو تاکتے ہین وہ ہونٹھ / چور ہین زیست کے حلاوت کے
آئے جو رقعہ تیر دن مین بندہ کر / پارچے ٹھہرے میری خلعت کے
آتے ہی خون مین جو نہلادے / پاؤن دہو کر پیون شہادت کے
قبر بھی سونے کو نہین پاتے / ناز پروردہ خواب غفلت کے
لب شیرین کو مین نے جب چوسا / دانت کھٹے ہوئے حلاوت کے
انکھین کھولین گے قبر مین جاکر / دیکھنے والے خواب غفلت کے
سب سے یارب ٹپکتی ہے مستی / تر مرقع ہین تری قدرت کے
طپش دل سے ناچ ہے بے لطف / پاؤن جمتے نہین تری گت کے
آتی ہے چشم اہل دنیا مین / سو گئے پاؤن خواب غفلت کے
تیرے صدقے مین او ترے جواہربت / دہی پتلے ہین آدمیت کے
کسکی تیر اونگلیان اوٹھاتی ہین / گدگدی سے ہے دل مین حسرت کے
تیرے دل سے نہین نکلتے غیر / یہ بھی کہا ڈھیر ہین کدورت کے
میری داغون کی نقل کرتے ہین / شعلہ دوزخ کے پھول جنت کے

جوتے شوخی مین پرشک شعلۂ طور ۔ اب شرارے ہین سنگ تربت کے
کبھی تپلی دکہائی گہہ چہرہ ۔ ہین تماشے طلسم دولت کے
بوسے تصویر کے اگر لیلون ۔ نگہین تیور تمہاری صورت کے
پائی تجرید مین بھی کثرت غم ۔ کہاسے جھٹکے کمند وحدت کے
قتل نامہ مرا لکہو تو سہی ۔ مہر کردینگے داغ حسرت کے
لیگئے ہم بلائین زلفون کے ۔ غیر کیون منتظر ہین شامت کے
جیتے جی ہی نہ سینکے داغ جگر ۔ خاک ہو کے بنگے چراغ تربت کے
دور سے ہے بساط محمل پہ ۔ بل سب سامان خواب غفلت کے
ناز تیرے نکیون اوٹھائین حسین ۔ بار بردار ہین نزاکت کے
دامن تر اگر نچوڑین ہم ۔ بھر دین مشکیزہ ابر رحمت کے
تنگ ہے کشتگان غم کا وہی ۔ ہنستے ہون پہول جسکی تربت کے
خشک مغرورون کو اب نہ ٹہراؤ ۔ سوکہے جاتے ہین پانی رحمت کے
جسکو چاہا وہی ہوا معشوق ۔ بت ہین ممنون تیری چاہت کے
حسن تیرا ہر آنکہ مین ہے نیا ۔ لاکہون نقشے ہین ایک صورت کے
کوستا ہے وہ گلبدن دم نزع ۔ پہول جہڑتے ہین منہ سے تربت کے
عشق نے دیدیا ہے مجھے غم یار ۔ رو ہین دریوزہ گر اس آفت کے
وصل مین عمر رفتہ کیون آئی ۔ ابہی گذرے تہے دن مصیبت کے
فکر روزی مین پہوڑتے ہین سر ۔ ٹکڑے کہاتے ہین پہوٹی قسمت کے
دیکہکر عشق مین سیہ حالون ۔ سینے ہین چاک رخت وحشت کے
نگہ بد سے حشر مین بچنا ۔ سب ندیدے ہین تیری صورت کے

نہیں سنتا ہے اے منیر کوئی

ڈنکے بجتے ہیں کوس رحلت کے

آب خنجر سے وہ نیت نہیں بہرنیوالے ‌ ‌ پیاس کے ساتھ مرے جاتے ہیں مرنیوالے

جاؤ لے جان جہان ہم نہیں ڈرنیوالے ‌ ‌ جان سے بھی تو گذرتے ہیں گذرنیوالے

گذرے جائینگے یونہیں جیسے گذرنیوالے ‌ ‌ تم سلامت رہو جیتے رہیں مرنیوالے

بہت بیٹھے ہیں کسواسطے مرنیوالے ‌ ‌ کسکے صدقہ میں یہ بیٹھے ہیں اوترنیوالے

غرق الفت نہیں تلوار سے ڈرنیوالے ‌ ‌ آہنی پل سے گذرتے ہیں گذرنیوالے

بال بکھرائے ہوئے آتے ہوں کیوں مقتل میں ‌ ‌ اوٹھکے لیں نہ بلائیں کہیں مرنیوالے

قلزم عشق سے ہوگا نہ اگر بیڑا پار ‌ ‌ گہاٹ تلوار کا تاکیں گے اوترنیوالے

دفن ایک لحد میں ہوئے ستر ستر ‌ ‌ یہ گڑھے کونسی مٹی سے ہیں بہرنیوالے

خستگی میں بھی تری ملتی ہے ہمکو معراج ‌ ‌ دار پر چڑھتے ہیں نظروں سے اوترنیوالے

ڈاک انفاس گرامی کی رواں ہے ہردم ‌ ‌ زندگی بھر نہیں یہ ہیک ٹھہرنیوالے

غرت عشق نہیں دیتے تنہا عاشق ‌ ‌ ساتھ ہی پگڑیوں کے سر ہیں اوترنیوالے

موت نے چھین ہی لی اپنی امانت آخر ‌ ‌ عمر بھر جان چرایا کیے مرنیوالے

عرش پر چڑھتے ہیں کار کھتے ہیں ارادہ عشاق ‌ ‌ اور ہونگے وہ تیرے دل سے اوترنیوالے

وصل ہونے ندیا قبر کے تختوں کو بھی ‌ ‌ واہ رے تفرقہ پرداز بہرنیوالے

کچے سونیکی طرح زرد ہوئے ہیں اے ضعیف ‌ ‌ ہمسے بڑھ کر کبھی نکھرین تو نکھرنیوالے

حسن خوبان کو ترقی ہے تنزل کیسا ‌ ‌ بھی نقشے نہیں مانی سے اوترنیوالے

سر بکف بحر محبت میں ہیں ہم مثل حباب ‌ ‌ پھرتے ہیں سر سے کفن باندھکے مرنیوالے

زہر کے پیالے چڑھاؤ کہ لگاؤ ٹانکے ‌ ‌ ہونگے منہ اور بھی زخموں کے اوترنیوالے

آندہی آہونکی چلی خاک اوڑائیں نالے ‌ ‌ غیر کیواسطے نکہرین تو نکھرنیوالے

شب کو غنچے نکہرین رخصت گل ترکی ہوس ‌ ‌ صبحدم پیٹ کے یہ کپڑے ہیں اوترنیوالے

چاہتے ہین کہ ہو فقیر و نمین شہادت حاصل
تیری تلوار کو دم دیتے ہین مرنیوالے

ہنس پڑون کیون نمین زخم کف پا کیصورت
خار صحرا ہین غضب گدگدی کرنیوالے

تیرے خنجر کو بھی ہم خون مین لے ڈوبینگے
اور ہونگے وہ چھری مارکے مرنیوالے

وعدۂ بوسہ کیا تھا کہ نہین یاد تو کر
اور نہ بان اپنی سے تجھے ٹالکرنیوالے

عطر مجموعہ کی صحبت کا اثر کچھ تو ہوا
باسنے اب گندھنے لگے بال بکھرنیوالے

بارہ دنیا کسے منظور ہے جانباز ہین ہم
آج کس واسطے یاد آتے ہین مرنیوالے

امتحان اہل وفا کا نہ سواری مین لو
کیا سڑک چھڑ لینگے کچھ گھیٹے بھرنیوالے

جان لیتا ہے حقیقت مین ترا عشق ابدو
موت کو مفت لئے مرتے ہین مرنیوالے

کھینچکر آپکی تصویر نہ منکر ہو جاتین
کہین قرآن اوٹھا لین نہ مکرنیوالے

جان تم پر جو نہ دیتے ہون ہین جا کے بسین
جس جگہ رہتے ہون دنیا مین مکرنیوالے

بات بنتی نہین کیا داور محشر کے حضور
چھپتا ہین کیون لاکھ زبانون سے مکرنیوالے

میری آہون سے اوڑے جاتے ہین پرینکے حواس
کیا ہوا سے ہین تیرے بال بکھرنیوالے

نشہ جوبن سے تیرے آبگل تر ٹپکیگا
دو حباب مئے خوبی ہین ابھرنیوالے

دیکھتے آتے ہین کسوقت دو افشان اپنا
تارے گنوائین گے مقیش کترنیوالے

ایسے سوتے ہین کہ کروٹ نہین لیتے تا حشر
تیری تلوار کے سایہ مین ٹھہرنیوالے

اوڑکے تیر آپ گئے پار و نشے کہان جائینگے
پر فرشتون کے کترتے ہین کترنیوالے

سبکا سب ہے اجل عاشقو نہین صرف سوا
کہئے کیا کیا کے مرین غصہ مین مرنیوالے

ظلمت یار و ز فراق اونکو دکھا دون کیونکر
اپنی پرچھائین سے بھی ڈرتی ہین ڈرنیوالے

جوش کھاتا ہے لہو تن مین بہار آئی ہے
کیا بیچے باغ کی مہندی کے کترنیوالے

فصد کے نام سے گھبراتے ہین غش آتا ہے
خون ناحق سے نہین ڈرتے ہین ڈرنیوالے

حج مین ممکن نہین زہر غم دنیا کا علاج
آہوئے کعبہ یہ سبزہ نہین چرنیوالے

یون جہجک کر بغل غیر مین جسنا کیسا
اوسکے صاعقۂ آہ سے ڈرنیوالے

نہ مدد کرتے اگر تار کفن بنتے کمند
سر کے بہل گرتے ترے در سے اوترنیوالے

خون کس مست کا ساقی نے لیا ہے سر پر
سے بنے ابر شفقی بال بکہرنیوالے

پہر دو بارہ نکلا لقمۂ پیکان ستم
برسون منہ کہولے رہے زخم نہ بہرنیوالے

قحط عشاق نہین ظلم سے توبہ کیسی
چشم بد دور بہت ہین ابہی مرنیوالے

ہان مین ہان ہم بہی ملاوینگے شکایت کیسی
دے تو دین منہ مین زبان اپنی پکڑنیوالے

جو مشابہ ہین مرے دل کی پریشانی سے
اے پریرو نہین وہ بال سنورنیوالے

خط نوخیز کا بوسہ نہین لیتا کوئی
کیا ہے اب وہ ہری دوب کے چرنیوالے

مال و جان لیکے بہی دنیا نہین کرتی وفا
بہاگ او خانۂ رہزن مین ٹہرنیوالے

سرد مہری مین رہا سامنے وہ حسن شریر
آنکہین سینکا گئے جاڑے مین ٹہہرنیوالے

بیخودی نشۂ دولت کی کہین لے نہ گیے
راہ چل دیکہہ کے او حد سے گذرنیوالے

ہو گئین او نے لپٹ کر گہر افشان آنکہین
اب یہ دو لڑنے نہین گردن سے اوترنیوالے

کیون دبے پاؤن تمہے تیر چلے آتے ہین
کیا مرے دل سے ہین کچہ مشورہ کرنیوالے

فلک پیر کو ناہید جوان کی ہے تلاش
چاندنی مین کہین نکہرین نہ نکہرنیوالے

منزل گور مین آرام مسافر کو کہان
دم بہی لیتے نہین چاپتے ہین ٹہرنیوالے

کیون کیا شیخ نے وحشت سے گریبان عزیز
قابل انعام کے ہین جیب کترنیوالے

نہین معلوم کہ اب چین ہے کس عالم مین
جینے والے ہین خوش اندرون نہ مرنیوالے

پہاڑے کہاتے ہین وہی آج جو کل تہے پامال
شیر قالی سے بہی ڈرنے لگے ڈرنیوالے

کیا اوڑین ہوش رمیدہ سے ترے آہوے چشم
منہ تو دیکہو یہ اٹہے چوکڑی بہرنیوالے

خون ناحق نہ کہین بول اوٹہے محشر مین
سی تو دین منہ مرے زخمونکے مکرنیوالے

دل صد پارہ کہان لیکے چلے طفل سرشک
کسکی خدمت مین یہ بیجے ہین گذرنیوالے

ڈرے عشق لب جان بخش کے آتی نہین تو
کوستے ہین دم عیسے کو نہ مرنے والے

حشر کے دن تو چلے تیغ و گلو کا جھگڑا
بات دو ٹوک کہین فیصلہ کرنے والے

آبلہ پائے سخن کو ہوئی تعقید منیر
کیا کرین جادہ معنے سے گذرنے والے

آنکہ پہرتے ہی تری مجھسے خدائی پہر گئی
کیا مرے برگشتہ بختی کی دہائی پہر گئی

غم نہین اے بت جو چشم آشنائی پہر گئی
بخت سے گردش کیطرح خدائی پہر گئی

جان شیرین ہجر مین ہونٹون تک آئی پہر گئی
ناپسند مرگ ہو کر یہ مٹھائی پہر گئی

جان پہیری ساتہ لیکر جب وہ جانے کو ہوئے
مردنی منہ پر دم صبح جدائی پہر گئی

پاسبانی تیری دیکہی اے صف مژگان یار
سرمگین آنکہون مین سرمے کی سلائی پہر گئی

بل بے ضعف اوسنے چہڑایا ہاتہ جیسے ہاتہ سے
نبض کی سرعت سے جو نازک کلائی پہر گئی

در کہولا اوٹہکے جب وابستگان عشق نے
آگے نادروازہ زندان رہائی پہر گئی

گردش چشم خماری سے ہوا یہ انقلاب
مجھسے مستی زاہد و نسے پارسائی پہر گئی

ہوکے سیدہے پہر وہ اپنے دلکے کہنے پر چلے
دست چپ کی سمت راہ کج ادائی پہر گئی

کیا سکہایا شرم نے یارب بت بیباک کو
آئینہ سے بہی نگاہ خودنمائی پہر گئی

آگئی تہی وصل مین اوسکی طبیعت جنگ پر
صلح نے جب ہاتہ چہوڑے تب لڑائی پہر گئی

نیند کو اوڑگئی ہے لگائی کسنے مستی اے فلک
نبل کی چشم کو آلب مین سلائی پہر گئی

نارسائی کا ملا پہرا ور دلدار پر
پہونچے منزل پر تو تقدیر رسائی پہر گئی

یا تو وہ نفرت تہی یا اب غیر کا یہ پاس ہے
دیکہلی تجھسے بہی چشم بیوفائی پہر گئی

ایک نالہ بہی نہ کوچہ مین تیرے دو دن رہا
شہر ناپرسا نہین کس کی دہائی پہر گئی

شاید مسی نے کا نپا یا کوئی گا ہک مرہین
کیون عدم کو آئینہ لیکر صفائی پہر گئی

کی کفن پوشی رہ دیوار نے میری طرح
جب سفیدی تیری اے صبح جدائی پہر گئی

آئے تھے محروم جس کے کوچہ سے وہین
دولت دیدار کی خاطر گدائی پھر گئی

سبکو عبرت ہو گئی میری مصیبت دیکھکر
ہمسے اے بت تو پھرا تجھسے خدائی پھر گئی

مجکو لینے آئے تھے ہمبر عدو کو دیکھکر
شکوا ولٹے پاؤن تیری پیشوائی پھر گئی

اوڑ رہی ہے خاک جس دن سے وہ اوٹھکر چل دیے
خوب جھاڑو تیرے گھر مین اب صفائی پھر گئی

چاہتا تھا غیر تیری آنکھو مین سرمہ لگائے
بارگشتی تیر کی صورت سلائی پھر گئی

عمر بھر کا ساتھ چھوڑا زیست نے جب وقت نزع
میری آنکھو مین تری ناآشنائی پھر گئی

تیرے در سے سوے صحرا لے اوڑی وحشت مجھے
آ گئی آندھی ہوا سے جبہہ سائی پھر گئی

غیر نے ابکی بھی سر پھوڑا کیا رسوا مجھے
میرے ماتھے تہمت بخت آزمائی پھر گئی

خاک پا بھی اوسکے کوچے سے نہ ہاتھ آئی کبھی
بارہا آکر مری بیدست و پائی پھر گئی

تیرے گھر مین دخل اشک و آہ عاشق کا نہ تھا
روتی آئی خاک اوڑاتی نارسائی پھر گئی

واے قسمت آئے باری جب ہمارے قتل کی
ہاتھ کھینچا نیت تیغ آزمائی پھر گئی

کسکے پہلو سے جدا وہ یار ہرجائی رہا
کسکے گھر کی سمت دنیا بھر کے آئی پھر گئی

روتی صورت دیکھکر ہر بار شرمندہ ہوے
جب ہنسی ہنس دہان زخم آئی پھر گئی

کردیا بدنام اپنے ساتھ مجکو بھی منیر
اوسکے کوچے سے نکل کر بیحیائی پھر گئی

پتھر جنہو نہین آتے ہین تسلیم کے لیئے
اوٹھتی ہین اونگلیان ہی تعظیم کے لیئے

گردن ہماری تیغ کی تسلیم کے لیئے
سر سنگ در کے سجدۂ تعظیم کے لیئے

کہتی ہین حور دیکھکے اوس گل کی جہان نشان
ہون یہ حباب کوثر و تسنیم کے لیئے

دل ہی نہین ہے دین جو تجھے نذر الجنون
نقطے کا بھی ہے قحط ترے جیم کے لیئے

لطف عیان و قہر نہانی سے ہو گئین
آنکھین امید کے لیئے دل بیم کے لیئے

اس سال وعدۂ وصل کا ہے اے منجمو
ساعت کہان سے آئیگی تقویم کے لیئے

ہم آؤ ذبح کو تو جھکا دون سر نیاز
تلوار رگ ہو گردن تسلیم کے لیے

تقدیر کی نوشت دبستان دہر مین
بس ہے خط شکستہ کی تعلیم کے لیے

زنجیرین کیون نہ ٹوٹین شروع بہار مین
زیبا یہ سطرین ہین نئی تقویم کے لیے

آدم کا ارث لینے کب آئے ہین ہم یہان
جب مفلسی ہی رہگئی تقسیم کے لیے

پوچھین تمہارے ہونٹھ نہ حال مریض عشق
آتین اگر مسیح بھی تفہیم کے لیے

آذر جو پہنچا مرے مانند آہ گرم
سردی نکلتی نار ابراہیم کے لیے

ساقی دہان یار کے بوسونکے ہو گزک
جو کچھ نہین وہ چاہیے تقسیم کے لیے

تحقیر کے جو گھر مین شرفونکی بھیڑ ہے
خالی ذرا جگہ نہین تکریم کے لیے

کی روک ٹوک ضعف نے آغاز عشق مین
تاخیر نے قدم مری تقدیم کے لیے

شہرہ دنکے بعد ہمیشے ہین شیرین زبانیان
جھوٹی مٹھائی لائے ہو تقسیم کے لیے

رخت خرد ہے پنجہ وحشت سے چاک چاک
سیتے جنون سے جامہ تکریم کے لیے

تیر شکستہ دل ہدف سنگ و خشت ہین
اسباب خوب جمع ہین تہدیم کے لیے

اے بادشاہ اشک یتیم آبروے ہیر
موتی بہی ہاین زینت دیہیم کے لیے

منسوب کیون نہ کشور دل داغ ہمیشے ہو
ہے آٹھوان ستارہ اس اقلیم کے لیے

دنیا مین جب سے رنگ طلائی کا قحط ہے
سورج نہین ہے صبحگہ سیم کے لیے

حمد خدا سے پہلے درود نبی پڑہون
یہ تسملہ ہو سورہ حامیم کے لیے

دیتے ہین آبرو پہ مال جہان حریص
کھوتے ہین موتیون کو زر و سیم کے لیے

مرنے کا حکم دین لب شیرین سے آپ اگر
دنیا کے ہون مزے دہن بیم کے لیے

لکھکر سلام خط مین مرے قتل کی ہے فکر
تلوار چاہیے کمر میم کے لیے

آوارگی بھی قید بھی جلنا بھی ہے حریص
اتنے عذاب کیون ہین دو نیم کے لیے

کرتے ہین اسکے تنکو نیے شیرین دہن خلال
آدھی بھی تلخی اب نہ ہی نیم کے لیے

باتو تھے پہلے ہونٹ گئے اونکے کان تک
بوسے زبان نے لب تقدیم کے لیے

چاروں طرف شماقہ خروان سے ہے اندنون
ٹھرا یہ بند و بست اس اقلیم کے لیے

ق

تخفیف کے لیئے ہوئے نقطوں مین نقاط عیش
ناموں مین نام رزق ہی تحریر جیم کے لیے

تنکا جو ناک مین ہت مغرور کے پڑا
خود بینوں نے جھکے قدم نیم کے لیے

اشک غم حسین کی دہو دن ہین آمیر
یہ آبرو ہے کوثر و تسنیم کے لیے

نہ کھینچ جگر سے کٹاری ابھی
مزا لیتی ہے بیقراری ابھی

ہنسین گے مرے زخم کاری ابھی
ذرا گدگدا دے کٹاری ابھی

چمن مین ہے اونکی سواری ابھی
پلٹ جائے باد بہاری ابھی

شب غم مین ہے مرے رونے کی دیر
جو بہیگے تو کھلی ہو بہاری ابھی

نہ ہو یون دم نزع تسبیح زلف
مجھے کرتی ہے دم شماری ابھی

جو پہونچی مری شور بختی وہان
تمام آب کوثر ہو کھاری ابھی

فدا عشق مژگان کا او امتحان
کہو دل ٹٹوے کٹاری ابھی

ہنسی دیکھکر انکے ہنستے ہین وہ
نرو ئین لہو زخم کاری ابھی

ترا ساز کیا کم ہے نازک مزاج
جو چھیڑون تو بگڑے ستاری ابھی

دم نزع ہے اونکے آنے مین دیر
سسکتی ہے کیون دم شماری ابھی

نہ کیون توڑے پیمانہ کو محتسب
نہین دیکھے چشم خماری ابھی

نزاکت سے قاتل کو غش آنہ جائے
لہو ہو نہ زخمون سے جاری ابھی

کبھی اسطرح کا نہ تھا انقلاب
ہوئی دشمنی دوستداری ابھی

وہ کم سن ہین سر پر نہ لین سبکا خون
اوڑے گا نہ یہ بوجھ بھاری ابھی

نہین دور کچھ ہجر جانان کے دن
کرا ے یاس امیدواری ابھی

مری خاک اوٹھا اوٹھکے دیکھے نہ راہ — کہ ہے دور اونکی سواری ابھی
لگا لیتے ہین جتنو ہین سب کے دل — نگہ بھی ہے غافل تمہاری ابھی
چمن مین اگر دیکھے اونکا خرام — سے چنے ستنکے بادِ بہاری ابھی
ہنوز آرزو دونکا ہوتا ہے خون — بہت دور ہے میری باری ابھی
ہوا کچھ نہ حق محبت ادا — گئی جان سے ہے شرمساری ابھی
رولانے کو عاشق کے سمجھے ہین کھیل — نہین دیکھی ہے اشکباری ابھی
مجھے بھی وہ بسمل کرینگے ضرور — ذرا دم ملے اسے بیقراری ابھی
نہین ہے اگر آشنائی کی قدر — بہا دون یم اشکباری ابھی
اگر خوان یغما سے بنے تیغ ناز — سے لٹے نعمت زخم کاری ابھی
شب ہجر کے خوف سے بھاگ اوٹھے — اجل کالے کو سون ہماری ابھی
اس انعام کے بدلے کیا نذر دون — کہ لی ہین بلائین تمہاری ابھی
پریشانیون پر ہے جو بن نیا — نگر زلف اوسنے سنواری ابھی
اگر آپ کے حکم سے آتی ہے — تو آجائے شامت ہماری ابھی
نہ جا باہر اے آہوئے شام وصل — تری گھات مین ہین شکاری ابھی
لہو مین نہائے تو پھر دل مین آئے — نہین پاک اونکی کٹاری ابھی
ہوا حشر پھر بھی ہین وہ بدگمان — ق — سمجھتے نہین قدر یاری ابھی
وہی آزمائش ہے اونکی ہنوز — وہی میری ہے اعتباری ابھی

نہ بھول اے منیر اونکے اخلاق پر
سیادت کی ہے پاسداری ابھی

کہا اوسنے تمہاری ہے مدعا طلبی ہے — زبان بھی جو ترا نام چھوے بے ادبی ہے
نہ پوچھیے کہ کہان تیری آہ نیم شبی ہے — رقیب جلتے ہین جس سے ابھی وہ آگ دبی ہے

عدو سے سامنے میرے حدیث زیر لبی ہے | دبی ہے کچھ تو مجھی سے تمہاری بات دبی ہے
یہ کیا کہ ہو گئی خود بینی اونکی جامہ سے باہر | ابھی تو خانہ نشین آبگینہ حلبی ہے
بتان ہند جو کچھ بھی نہین سمجھتے حقیقت | زبان حال میری شاید اندنون عربی ہے
وہان نہ جائے دل صاف لیکے صبح قیامت | جہان شکست نصیب آبگینہ حلبی ہے
طریق حق سے جسے عار ہو چلے نہ وہ کیونکر | یہ آگ شعلہ تنور طبیع بولہبی ہے
حنا بھی بنکے نہ حاصل ہو جسکو قرب کف پا | وہ خون سر چڑھے اونکے یہ کیسی بوالعجبی ہے
گذر ہو خواب اجل کا ہمارے آنکھون مین کیونکر | عصا لیے ہوئے استادہ آہ نیم شبی ہے
خدا کرے کہ ابھی آب تیغ یار نہ برسے | دہان زخم کہن سیرگاہ تشنہ لبی ہے
سنا رہا ہے کہ جا نیز شراب ہے پس مردن | شراب شیخ کو درکار رقبہ عنبی ہے
چھپا جو اسکی نظر سے کبھی وہ یاد نہ آیا | تمام آئینہ روزگار ذہن غبی ہے
تلے ہوے ہین کھرے کھوٹے دونون اسکی نظر مین | زمانہ کفہ میزان حضرت ذہبی ہے
رقیب داغ محبت سے نیکنام ہے ناحق | نگاہ کیجے جعلی یہ مہر خوش لقبی ہے
تمہاری تیغ سے سیراب ہوکے پہونچے ہین لاکھون | اسی سے شہر خموشان مین قحط تشنہ لبی ہے
نگاہ گرم سے جو نازنین پسینے مین تر ہو | رہے مرے دل سوزان مین وہ یہ بوالعجبی ہے
عروس بادہ کوئی تاکنے کوئی ششش محل مین | کہ تنگ تر دل ممسک سے حجلہ عنبی ہے
ستم کا مادہ ہے دولت و شباب حکومت | یہی تو نسخہ معجون قوت غضبی ہے
کس آفتاب کے پرتو سے جام جاند بنے ہین | فلک کو شیشون سے آج ادعائی ہم نسبی ہے
اوسی کے ہاتھ لگے جو ذرا ہوا متمول | ہمارے عہد مین مفلس شرافت نسبی ہے
مرے جگر سے حرارت کے تیرے لب مین مرے | ملی ہے جو ہر کوثر مین یہ وہ تشنہ لبی ہے
نکلی ہوئی لب شیرین کے وصف گذری ہے مدت | زبان خامہ پہ اب تک حلاوت رطبی ہے
سفید پوشو نکا سر حلقہ ہے وہ شعلہ آتش | نصیب خاتم فضی نگینہ ذہبی ہے

سفید آتش شمشیر شوق ذبح کو کیا ہو
کہ جارہا بس آتی مزاج تشنہ لبی ہے

صفا کدہ سے دل آیا کدورتوں کی محل میں
وطن اس آبلہ کا آبگینہ حلبی ہے

عطائے خاص ہے یہ اسمیں غیر کا نہیں حصہ
ہمارے واسطے نعمت عتاب بے سببی ہے

سوال بوسے کی جرأت کرو نہیں یا نہ کرو نہیں
نگاہ قہر کے ہمراہ خندہ زیر لبی ہے

بلا کے کیوں ہے جاتی ہے موت شہر عدم میں
ہمیشہ محکمۂ کس میرس میں طلبی ہے

لحاظ والوں میں ماتم ہے مدعا تو دلی کا
نعرے اڑاتے ہیں گستاخ جشن بے ادبی ہے

زہے نصیب جو اپنا گناہگار کہیں وہ
یہی شریعت رحمت میں عید خوش لقبی ہے

ادب اگر نہو مانع تو عرض حال کریں ہم
ابھی تو چھپاتی کے بیتہر کے نیچے بات دبی ہے

حیا نے آج مجھے تیسری کا چاند دکھایا
تری جھکی ہوئی گردن ہلال یکدو شنبی ہے

عذاب برزخ و عقبیٰ سے دے نجات الٰہی
منیر دل سے غلام نبی و آل نبی ہے

ہیں اب کی طائران قفس بیدماغ سے
کس جا رہیگی نکہت گل اڑکے باغ سے

رکھتا ہے ننگ جو کف موسیٰ کو داغ سے
پروانے ڈھونڈھتے ہیں وہ جلوہ چراغ سے

جاتا ہے لطف کیف جوانی دماغ سے
پہلے پہل یہ پھول بچھڑتا ہے باغ سے

دنیا پرستیوں کے سبب نرخ دین گھٹا
ارزان یہ جنس ہو گئی قحط فراغ سے

بگڑے بناو سے بھی وہ برہم ہیں بیسبب وصلی
لوٹی ہوئی بہار کی رخصت ہے باغ سے

عزلت گزین نہ بدلیں گے اے بادشاہ عہد
گوشہ تری گناہ کا گنج فراغ سے

اوجڑے ہوئے ہیں آپ شگفتہ مزاج ہے
آئی تھی کیا نسیم سحر باغ و راغ سے

دست تہی سے ہو گئے ہم لوگ فاقہ مست
نیت ہماری پھر گئی خالی ایاغ سے

روز سوم کفن سے جو آئے وہ اس کی بو
مجھ کو پھول آئے ہیں کس گل کے باغ سے

آٹھوں پہر ہیں وصل سے محروم دل جلے
ملتا ہے روز شام کو شعلہ چراغ سے

تا ساغرِ مراد نہ دست طلب گیا — واقف کبہی ہوا نہ یہ تنکا چراغ سے

آکر عدم سے جاتے ہین پہر کیون سوئے عدم — ملتے نہین ہین ٹوٹ کے پہول باغ سے

سودا جو میری طرح ہو فصل بہار کو — خونِ سیہ کا جوش ہو لالا کے داغ سے

رونا چلا ہون صحبتِ احباب سے مین کیون — ہنسکر وداع ہوتے ہین پہول اپنے باغ سے

کیا مرغ دل کے صید کو آتا ہے تیر یار — آتی ہے بوے خون مجہے آوازِ زاغ سے

شادی نے وصل مین بہی اوداسی ہی کی کیا — مرجہائے پہول جہڑتے ہین گہر کو چراغ سے

کیا پائین ایسے شاہدِ گم گشتہ کا پتا — پردہ کرے جو چشم نشان سراغ سے

منکر نکیر چرب زبانی کرینگے کیا — اس گہر مین آشنا نہین روغن چراغ سے

ایوانِ عقل و ہوش مین کیا آگ لگ گئی — سر کہولے کیون دہوان نکل آیا دماغ سے

چہید والے کان سننے لگے ذکر سوز دل — تنکا لیا ہے کیا مرے گہر کے چراغ سے

پہر لکہنؤ مین آئی دوبارہ نہ آج تک — جنت مین کیا بہار گئی عیش باغ سے

کہویا ہے داغ عشق نے دونون جگہ کا حسن — اندہیر دیر و کعبہ مین ہے اس چراغ سے

ذلبین بہی کچہہ کہون تو گلہ درد سر کا ہے — پالا پڑا ہے اس بت نازک دماغ سے

وہ شعلہ رو جو عاشق کا ہمیدہ کی بیٹہے — سرگوشیان کرے بہی تنکا چراغ سے

انسان کیون ڈرے کسی مغرور سے منیر
دبتے رہین سگانِ دنی خر دماغ سے

تم اگر خوش ہو تو فرقت ہی سہی — عیش جانے دو مصیبت ہی سہی

وصل کا روز قیامت ہی سہی — نہو دن بہر کوئی ساعت ہی سہی

کبہی آؤ دم رحلت ہی سہی — جان دینا تمہین شوت ہی سہی

بیکسی کا تو کہین نام مٹے — کوئی تو آئے قیامت ہی سہی

حسن کا م بھی ہے پردہ دری — سب سے چھپنا تری شہادت ہی سہی

تمکو ٹھکرانے مین کیون ہے انکار — جسم خاکی مری تربت ہی سہی

پوچھتے تو لب جان بخش سے حال — زندگی سے مجھے نفرت ہی سہی

آئے تو حکم سے اونکے آئے — نہو قاصد مری شامت ہی سہی

کبھی مجھپر بھی تو ہو سایہ فگن — زلف پیچان شب قربت ہی سہی

کیا بتا لین گے بگڑ کر مجھسے — تیر سے تیور مری قسمت ہی سہی

خوش ہو نہین پاس بٹھا کر وہ جلائین — تپ غم گر سے تہمت ہی سہی

تجھسے اے فقر نہین مجھکو گریز — مفلسی میری نجابت ہی سہی

مرض ہجر مین آجا اک دن — ز سے اجل پھر عیادت ہی سہی

کوئی جھگڑا تو مٹا دو دم سے — جنگ ہفتاد و دو ملت ہی سہی

مجھکو الزام دو سب سے لیکن — نئی تحویل کی خدمت ہی سہی

وصل مین کچھ تو تماشا دیکھو — کشتی ضعف و نزاکت ہی سہی

رخ کرینگے نہ ترے کوچے کا — چشم سے بھی مروت ہی سہی

وہ دل شام وطن بھول گیا — غم کے سب عالم غربت ہی سہی

مہربانی جو نہین ہے دل مین — قتل عشاق کی نیت ہی سہی

جان دے کر نہین ملنا منظور — وہ پری حور کی صورت ہی سہی

تیرے بیمار کے حق مین تو ہے جینا ستم — شکر ہستی بڑی نعمت ہی سہی

کچھ نہو حسن تو کچھ بھی نہین — آدم اللہ کی صورت ہی سہی

خوش رہو صحبت اغیار مین تم — بیکسی سے مجھے خلوت ہی سہی

کسی صورت سے نہین پرسش چشم — بے نصیبی کی بدولت ہی سہی

اوٹھنے دیتے نہین دنیا سے جو تم — آپ سے جانے کی رخصت ہی سہی

کسی لائق تو وہ سمجھیں مجھکو
قابلِ طعن و ملامت ہی سہی

نزع میں تم تو کرو جان بخشی
موت سے مجھکو ندامت ہی سہی

تو نہیں ہے تو ہے برقِ سرِ طور
تیری تصویر شرارت ہی سہی

ناز سے چال سے چلے جاتے آپ
میری قسمت سے قیامت ہی سہی

بوسے لینے کا اگر حکم نہیں
جان دینے کی اجازت ہی سہی

اب جلاتا ہے تو رسوا نکریں
خیر میں ننگ قیامت ہی سہی

ریل تو جائیگی کبھی جیب کی داد
کچھہ نہ کہنا مری عادت ہی سہی

عیش سے گذری جوانی تو منیر
عہد پیری میں مصیبت ہی سہی

بات اپنی عشقِ طفل سپاہی میں رہگئی
ثابت زبان تیغ گواہی میں رہگئی

جاکر دعا جناب الٰہی میں رہگئی
عرضی پہنچ کے دفتر شاہی میں رہگئی

وجہہ قوی ثبوت تباہی میں رہگئی
ساکت زبان حال گواہی میں رہگئی

بیکس سمجھہ کے غیب سے آئی نہ میرے ساتھہ
تقدیر بارگاہ الٰہی میں رہگئی

قبر ملک پر آج نہیں سایہ ہما
وہ چھاؤں قصر ظل الٰہی میں رہگئی

عمر رواں سے ترک نہ کی دہر نے خلش
یہ پھانس تھر کی دل راہی میں رہگئی

پیکان دل نے چھین لیا تیر یار سے
کانٹے کی نوک سینۂ ماہی میں رہگئی

جسم گلی بھی ساتھہ نہ لائے کفن تو کیا
گدڑی بھی اپنی خلعت شاہی میں رہگئی

خط لکھتے لکھتے روک دیا فرط ضعف نے
کچھہ کچھہ روانی آکے سیاہی میں رہگئی

نزدیک ہے کہ لوٹ لے موت آکے قافلہ زیست
دوری ذرا سی رہزن راہی میں رہگئی

اتنا تو پوچھہ یار وتیسے اے ساحل نجات
کشتی وہ کسکی تھی جو تباہی میں رہگئی

جلتا رہا شباب میں دل اونکے سامنے
شب بھر یہ شمع محفل شاہی میں رہگئی

پیری مین بہی ہین اگلی سیہ کاریان پسند
وہ شب سمٹ کے دلکی سیاہی مین رہگئی

پہرکر نہ آئی پیٹ سے اونکی نگاہ شوق
اک تار سے بنکے کرتی کی لاہی مین رہگئی

دم بہر دکہا کے جلوۂ دیدار کہتے ہین
اب کتنی دیر حوصلہ کاہی مین رہگئی

اے بخت ہاتہہ آکے بہی ٹہری نہ زلف یار
کچھہ بوے مشک تیری سیاہی مین رہگئی

اصلی چمک رہی نہ ترے حسن کی مگر
جلوہ کی نقل برق نگاہی مین رہگئی

شہرونمین میرے حق مین عدو کانٹے بوچکے
قوت خلش کی دشت کی سیاہی مین رہگئی

تاج و سریر پاکے ہین مغرور بادشاہ
شاہی رہی تو تخت کلاہی مین رہگئی

شوخی کے دور دورہین اے طفل وحشی
سستی کہانسے چپکے جماہی مین رہگئی

میرے لہو سے پاک ہے گو دامن نگاہ
سرخی تو چشم طفل سپاہی مین رہگئی

تکرار تیرے جلوہ کے حصہ مین آپڑی
وحدت تجلیات الٰہی مین رہگئی

کہوئی ترے عتاب نے شیرینی ادا
کچھہ چاشنی سی تلخ نگاہی مین رہگئی

کملی کا عجز بڑہ کے گیا بام عرش تک
شیخی دبک کے خلعت شاہی مین رہگئی

دانندگی کا محو ذقن نے لکہا جو حال
عمر خضر بہی کبہو تہ چاہی مین رہگئی

رستا جہاد نفس کا طے کس سے ہو سکے
تلوار چپل سے نہ راہ الٰہی مین رہگئی

اولجہی دوبارہ اشک رواں سے نہ آستین
اک چوٹ چلکے رہزن و راہی مین رہگئی

صدقہ اوترتے سر اسی چوراہے پر دام
کیون آیکے راہ تیری تراہی مین رہگئی

سب زہر یاس کہا گئے ہم بحر عشق مین
تلخی سے بچکے گو زہرۂ ماہی مین رہگئی

اونکی ہی تیغ نے جو کہی وقت باز پرس
باہر زبان منہ سے گواہی مین رہگئی

محضر جو دل نے پیش کیا اپنے ضعف کا
اوٹھنے سے میری مہر گواہی مین رہگئی

اے یاس تیرے عہد مین کیا کام امید کا
کیونکر یہ بندگان الٰہی مین رہگئی

جانے نپائے آب دم تیغ یار تک
مچھلی تڑپ کے سکۂ شاہی مین رہگئی

دنکو بھی ہے بلا سے شب غم کا سامنا
کیا چھپکے بخت بد کی سیاہی مین رہگئی

دیکھا جو خوفناک بہت جادۂ عدم
ڈر کر نگاہ دیدۂ راہی مین رہگئی

کشت امل تک آئے نکیون قوت نمو
کیا باڑہ اونکی تیغ جفا ہی مین رہگئی

آنکھونکا حسن غصہ مین کم ہوگیا مگر
پلکون کی نوک تیر نگاہی مین رہگئی

سستی مین بڑہ گئی دہن تنگ کی بہا
کچی کلی سی کہل کے جماہی مین رہگئی

سب سے لڑا کر آنکھ لے سے بھی جواب دے
آدہی حیا تو نیم نگاہی مین رہگئی

تنہائی آئی شہر مصائب مین بے نصیب
قسمت بگڑ کے راہ تباہی مین رہگئی

بو باس لے پڑی تمہے صندل سے پیٹ کی
رنگت کے ساتھ کرتی کی لاہی مین رہگئی

کیونکہ ہو اہل کبر مین افتادگی کی قدر
گر پڑکے خود یہ کشور شاہی مین رہگئی

بہول آئے اپنے سرکو بھی ہم قتلگاہ مین
گٹہری وہ گرکے راہ وفا ہی مین رہگئی

گو زہر یاس ضعف مین پنہان کیا مگر
تہ سبز رنگ کی رخ کاہی مین رہگئی

تیرے لباس پر تو نٹہری کبہی نگاہ
کیونکہ شکن دوپٹے کی لاہی مین رہگئی

دی آبرو سے کیا خلش عشق کو غرض
اس خار کی ہوس دل ماہی مین رہگئی

بحر جہان مین نام ڈبوکر مین بچ رہا
دولت مری جہاز تباہی مین رہگئی

شاید دم خمار کیا میکشون نے یاد
ہچکی سی مجھکو آکے جماہی مین رہگئی

جب تمنے اپنے نور کی صورت نکال لی
سادی جگہہ کتاب الٰہی مین رہگئی

سب داغ عشق لٹ گئے جز آفتاب چرخ
اک اشرفی خزانۂ شاہی مین رہگئی

دم بھر سکے نہ خضر تری تیغ ناز کا
یہ سانس عمر ناقتا ہی مین رہگئی

کہتا ہے شوق کرب و بلا دیکھے امیر
اب کتنی دیر فضل الٰہی مین رہگئی

عصیان ہی پر جو رال ٹپکتی ہے اے امیر
کیا لذت ارتکاب مناہی مین رہگئی

رباعیات

این رباعی درجواب مولانا لطف اللہ نیشاپوری است کہ دران التزام چہار چیز در ہر مصرع فرمودہ و درین چہار صد سال و کسرے بعض اساتذہ کرام و لاسیما خان آرزو جوابہاے خوب گفتہ اند اینک آن رباعی بر حاشیہ مرقوم است فقیر ہیچمدان لنگان لنگان این وادی را طے نمودہ از رہ درستی معنی نیز بوید گردید

رباعی

ہے لالہ مہر دن کو آتش مین کباب ۔ پھر شام کو نیلوفر کیوان ہے آب
ٹھری شب غم مین چاندنی خاک نشین ۔ برباد ہے صبح یاسمین مہتاب

رباعی

ہم بزم تھے یاران الہ آبادی ۔ ہم شمع شبستان الہ آبادی
اب جمع ہین رآم پور مین گوہر اشک ۔ اے فرقت نیسان الہ آبادی

رباعیات خارش

طالع کی کمال نارسائی ٹھری ۔ خارش کی بدن سے آشنائی ٹھری
ان دو نو نہین صلح سخت مشکل ہے منیر ۔ ناخن کی گوشت سے لڑائی ٹھری

رباعی

تحریر کیہری سے تو نسخہ سی ہے ۔ کہجلا سے تنگ خارش کو ابرو ہین ہے
کیونکر سکہنے مین جسم کہجلاؤن منیر ۔ افسوس انگشت خامہ بے ناخن ہے

رباعی

پوچھے جو کوئی اسیر و بندہ کہنا ۔ بار غربت سے سر فگندہ کہنا
اے قاصد کہکے مجمل احوال منیر ۔ خارش کا حال پوست کندہ کہنا

رباعی ۔ در مہر دو پیر لالہ آتش انگیخت ۔ وز دی نیلوفر بہ تیغ در آب گریخت ۔ در خاک نشاپور گل امروز شگفت ۔ فردا بہرے با دشمن خواہد آمیخت

در فراق حکیم محمد حسن خان طبیب

غارتش کے ہاتھہ سے جو دکھہ پائے ہین
الطاف طبیب ہمکو یاد آتے ہین
ابتک ہے تلاش راہ مقصد کی منیر
تلوے پائے طلب کے کہجلاتے ہین

رباعی

مرتا ہون مصائب کی فراوانی سے
صدمے ہین رنج جسمی و جانی سے
افسوس ہے اوس مریض کی حالت پہ
جو دور رہے طبیب روحانی سے

رباعیات در سامان مفلسی زندان در پائے شور

جسنے مرے بچھنے کی سنک تاڑی ہے
کہتا ہے کہ جنگل کی جلی جہاڑی ہے
کپڑا تہین اور بیچ باقی ہین منیر
گویا ناگن نے کیچلی جہاڑی ہے

رباعی

دم ناک مین عسرت سے ہو میرا کبتک
حقہ نہ ملے پینے کو اچھا کبتک
تا چند لپیٹون دہجیان نیچہ پر
بدلا کرون پوست استخوان کا کب تک

رباعی

پامال ہوے زمانے کی چالون سے
کیا ملے سفید پیرہن والون سے
بوسیدہ ہوی ہین لنگیان جیسے منیر
پھرتی ہے برہنگی سے پھٹے حالون سے

رباعی

افلاس مین سبکو ہمسے کینا ٹھہرا
داغ غم و رنج کہا کے جینا ٹھہرا
ٹوٹے کئی بار کوزۂ آب منیر
آنسو آنکھون مین بہر کے پینا ٹھہرا

رباعی

غم سوزن ہے اشکبار اندرون
ہے جامۂ صبر تار تار اندرون
پیر کے ٹانکے توڑ کر ہاے منیر
سیتے ہین پائجامہ یار اندرون

رباعی

دل آتش مطبخ سے جلانا ٹھہرا
ہم کھانے سے بھی سوا یہ کھانا ٹھہرا
کیونکر طمع خام کی پھر دال گلے
اپنے ہاتھون سے جب پکانا ٹھہرا

رباعی

ہر چند کہ ہم دل کے کڑے ہوتے ہین
جاڑے کے مگر صدمے بڑے ہوتے ہین
سردی کا خوف دیکھو عریانی مین
کمل کے بھی رونگٹے کھڑے ہوتے ہین

رباعی

ہر خار سر رہ کو نشتر سمجھو
پھرتے ہو جو ننگے پاؤن بہتر سمجھو
نالش نکرو برہنہ پائی کی منیر
ہر آبلہ موزہ کے برابر سمجھو

رباعی

لذت کی زبان سے جدائی ٹھہری
روکھے کھانے سے آشنائی ٹھہری
گھی کی صورت نظر نہین آتی منیر
شیر گنجشک کی ملائی ٹھہری

رباعی

پڑتی نہین کانون مین مزے کی باتین
اب سنتے ہین تجھسے روکھی روکھی باتین
کہتا ہے منیر اے لب نان یہ بتا
کیا ہو گئین تیری چکنی چپڑی باتین

رباعی

ہر طرح سے ہے راحت مین خلل اندرون
بے حقہ کے پڑتی نہین کل اندرون
ہمدم ہو نہین ددو آہ سوزان سے منیر
بجتا نہ لب سے ہے ناریل اندرون

رباعی

تمباکو بھی ہوا ہے کڑوا ہم سے
رک رک کر بولتا ہے حقا ہم سے
برسات مین کس غضب کی گرمی ہے منیر
جھلوانے لگی آگ بھی پنکھا ہم سے

رباعی

شعرا ورونکو تو میسر ہے بیان
پر دو جگر کام و زبان پر ہے بیان
دیکھو یہ غضب ایک جلم تنہا کو
ایک نافۂ مشک کے برابر ہے بیان

در عالم اسیری

غربت مین وطن خانہ بدوشونکو ملا
زہر غربت شکر فروشون کو ملا
جب لخت جگر کہا کے لگی پیاس منیر
کالا پانی سفید پوشون کو ملا

رباعی

زندان مین تو ہم اسیر مجہول آئے
دستور ہے نیند حسب معمول آئے
گہر سے نکلے جو بچہوا اسی مین منیر
خواب راحت پلنگ پر بہول آئے

رباعی

ہین ضعف سے ہڈیان عیان سرتاپا
سونے سے زمین کے بہت ہے ایذا
اکسیر ہے فرش خواب زندان مین منیر
سونا ہے پلنگ کا نصیب اعدا

رباعی

پہلے تو برہنہ تن پہرایا ہمکو
کپڑا اٹہا لو مین اب دکہایا ہمکو
کیا پانچے پہنین چوڑیون وار منیر
دنیا نے سہاگ کیون چتایا ہمکو

رباعی

زندان مین جو بڑہ چلنے کے آہنگ ہوئے
کپڑے ہی ہمسے عازم جنگ ہوئے
ملبوس خلاف وضع کے شکوے ہین
کچہہ عرض کیا تو پانچے تنگ ہوئے

رباعی

ہر چند کہ زندان مین جگر جلتا ہے
پر چہوڑ کے ضعف کب ہمین ٹلتا ہے
اوٹہتے ہین عصا کے زور سے پاؤن منیر
ٹٹولا ٹہی کے خوف سے چلتا ہے

رباعی

پہلے ہوے چھ روپے ہماری تنخواہ پھر آٹھ سے دس ہوے خدا ہے آگاہ
ننانوے ۹۹ کا پھیر رہا قید مین بھی لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ

رباعی

ہر چند محاسبون مین کم دقعت ہین پر قیدیون کے کفیل کیفیت ہین
لکھتے ہین رہائی و اسیری سبکی ہم نقلنویس دفتر قسمت ہین

رباعی

تنہا بیٹھو تو ہمدم کامل ہے مجمع ہو اگر تو زینت محفل ہے
آسیب ملال اسکے دہوئین سے بہاگا حقہ نکہو فتیلۂ عامل ہے

رباعی

مکتوب بت آینہ سیما ہے یہ با غنچۂ گلزار تمنا ہے یہ
پیچیدہ لفافہ مین ہین لاکہون مضمون نامہ نکہو باتون کی پڑیا ہے یہ

رباعی در تتبع حکیم ارزقی و حکیم انوری رح

طوبے بلواے عرش سایت ماند خورشید فلک بنقش پایت ماند
صبح ازلی بنور رایت ماند تسبیح ملایک بثنایت ماند

این رباعی در عالم خواب گفتہ شد اما مصرع سوم مین در بیداری نظم گردید کفے باللہ شہیدا

رہ آل محمدی کے غم مین غمگین تعریف کرا ونکی کہ ہو تیری تحسین
یون اونکے وسیلہ سے دعا مانگ منیر عجل فرجی الہنا لکل دین

در تجویز تخلص

ہو فن سخن مین سبکو دانا کہنا الطاف حسین کو ہے زیبا کہنا
درخواست تخلص کی وہ کرتے ہین منیر تجویز کرو او نہین ثریا کہنا

رباعیات قحط سنہ ۱۲۹۴ ہجری و فقر خود و ماہ رمضان

رباعی

ہے قحط مین فکر قوت او سیر روزہ — شب بہر فاقہ ہے اگلی ن بہر روزہ
دیتا نہین ابر رحمت اک جرعہ آب — افطار کرے زمین کیونکر روزہ

رباعی

غلہ سے ہے ہر کشت تمنا خالی — ہاتہون کی طرح پیٹ ہے سبکا خالی
سب بہوک کے مارے قحط مین مرتے ہین — دوزخ نہ بہرا ہوگئی دنیا خالی

ایضاً

کیا قحط مین آگئی تباہی اس سال — پیاسے مرتے ہین مرغ و ماہی اس سال
شبنم سے بہی ہے باغ جوانی محروم — کیونکر بہیگین مسین الٰہی اس سال

ایضاً

جب قحط سے جان بلب خدائی ہوجائے — کیون رنگ زمرد نہ طلائی ہو جائے
کپڑا بہی تو نام کو نہ ٹہہرے سرسبز — کاہی رنگوا کے کہربائی ہو جائے

ایضاً

ہے قحط مین مشکل اک نوالا کہانا — رکہتا ہے نہ گہی نہ کچہ مسالا کہانا
ہر لقمۂ خشک حلق مین پہنستا ہے — طیار ہوا ہے کیا اوبالا کہانا

ایضاً

ہے قحط بہی اگلی تنگدستی بہی ہے — ماہ رمضان بہی فاقہ مستی بہی ہے
روزہ مین ہمیشہ کیون نہ افیون ہو کم — انہی روزون حرام کیف ہستی بہی ہے

ایضاً

ہ رمضان مین فاقہ بہمات ہوئے — گہی گوشت سے محروم بدفعات ہوئے
ری بہی نہ خرچ کے بنے زاہد خشک — کیا مفت مین ہم تارک لذات ہوئے

ایضاً

روزہ نہیں ہے خون دل بجائے شربت
افطار کو کیسے گھر سے آئے شربت
دل ڈھونڈھ رہا ہے اندنون میٹھا دو
تا گھول کر اشکون مین بنائے شربت

ایضاً

افلاس مین روز یان پاؤن کیونکر
آنکھو نسے نہ خون دل بہاؤن کیونکر
بیڑا بھی تو قتل کا اوٹھاتے ہین حبیب
مین چھین کر اے ہمشیر کھاؤن کیونکر

ایضاً

اس قحط مین روز پان کھانا معلوم
عادت جب پڑ گئی تو چلنا معلوم
روکھی ہر شے ہوئی ہوا کھی جو گران
چکنی ڈلیون کا ہاتھہ آنا معلوم

ایضاً

ہر چند نہین خوب دیکھی بہالی دا لینا
اب رکھنے لگین دماغ عالی دا لین
تسیخی جو بگھاری مینے ہوے ہمشیر
روکھی ہو سنے لگین او بالی دا لین

ایضاً

اس قحط مین کب چھٹے ہوئے ملتے ہین
مشکل سے بہت گھلے ہوئے ملتے ہین
افطار کو بخت سوختہ خرمن سے
دس پانچ چنے بھنے ہوئے ملتے ہین

ایضاً

اس قحط مین مستحق تعظیم ہے گوشت
ہمکاسہ ہر صاحب دیہیم ہے گوشت
گوسالۂ سامری ذبحہ ہین کیا
قیمت مین جو ہمسنگ زر و سیم ہے گوشت

ایضاً

بادل کو ہے میری چشم پرنم کی تلاش
حجاج کو جیسے آب زمزم کی تلاش
پانی کا زمین سے جو خواہان ہو فلک
خورشید سحر کو بھی ہے شبنم کی تلاش

ایضاً

ہے دشمن جان نرخ گران گندم
خورشید فلک اگر خریا جائے
سب ڈہونڈہتے پہرتے ہین بستان گندم
بدلے ابہی قرض زر سے نان گندم

ایضاً

پامال جہان سرآمد دنبین ٹہرے
اشراف جینے کے لیے مرتے ہین
جو نیک تہے قحط سے بد و نبین ٹہرے
عالی گہر اب دانہ زدون مین ٹہرے

ایضاً

ہے تشنہ لبی مین بحر و طوفان اک بوند
ہم سے ہو زمین گرم تر کیا معنے
اسوقت مین ہین محیط و عمان اک بوند
ہے جلتے توے پرا برباران اک بوند

ایضاً

اس قحط کے مارے زخم خنجر کہا لین
بچہ بہی یہ چاہتے ہین ہوجائین ادہر
تلوار کے پہل سب اہل جوہر کہا لین
کہچڑی جو ہون اپنے بال چنکر کہا لین

ایضاً

بہرتا نہین پیٹ گو غم اپنا کہاؤ
کہانیکو وہ دوڑ اٹہے اشارہ کو سنکر
اس قحط مین پہر کسکا کلیجا کہاؤ
کہئے جس سے کہ جاؤ خشکا کہاؤ

ایضاً

گو نان جو ہین کو بے لبی سے کہاؤ
کم اصل کو منہ لگاکے بچنا دشوار
کہاؤ لیکن خرد وری سے کہاؤ
جوتی کہتی ہے مجہکو بہی سے کہاؤ

ایضاً

خوش ہون تو خوشی کی راہ پائین کیونکر
جب روغن زر دہی نہ دنیا مین ملے
شادی اس قحط مین منائین کیونکر
پہر گہی کے چراغ جلائین کیونکر

ایضاً

بتی سے کسی چراغ کو میل نہین — سر کے لئے ہاتھ آئی کہلی کہیل نہین
آنکھون کے تلون کو تاکتے تھے مردم — اب سنتے ہین اون تلون مین بہی تیل نہین

ایضاً

ہر شام چراغ کا جلانا مشکل — ہر رات کو روشنی کا پانا مشکل
سرسون بہی ہتھیلی پر جمانا آسان — پر تیل کا اپنے ہاتھ آنا مشکل

ایضاً

کم زور اگلی اشتہا ہو جاے — تا قوت نفس کبہی تو فائدا ہو جاے
ہو جاے جو سو کہہ کر حیاتی ساپیٹ — اس بہوک مین کچہ تو ناشتا ہو جاے

ایضاً

دانہ کی تلاش مرغ دل کرتے ہین — آہوے حرم کشت عدم چرتے ہین
بے آب ہوئی جو کشت امید تو لوگ — تلوار کے کہیت پر کٹے مرتے ہین

ایضاً

قایل کرے لاکہ پور سپنا تجہکو — مطبوع ہو سبکا خون پینا تجہکو
اے ابر لب امید تر ہون کیا خاک — آتا نہین شرم سے پسینا تجہکو

ایضاً

لذت رمضان مین نپائی اسکے — ملتی نہین نام کو مٹھائی اسکے
معدوم ہے اے منیر افیونکی چاٹ — چربی عنقا کی ہے ملائی اسکے

ایضاً

گو ڈہونڈہ رہی ہے فکر عالی بہی پلاؤ — پاتے نہین فرضی و مثالی بہی پلاؤ
کیا خاک تصور مین مزا پائین منیر — پکتا نہین اندرون خیالی بہی پلاؤ

ایضاً

کافور ہوئے تمام دنیا کے پان
مرجھا چلے کشت حسن خوبان کے ساتھ
گویا پر بنگئے ہین عنقا کے پان
کانونکے تئیے ہوں کہ انگیا کے پان

ایضاً

سونیکے ورق بہان لوچیان ٹھہرین
روزونمین جو نیستی سے ہون شیرو شکر
آو بر سے زمرد کے تو رتیان ٹھہرین
موسے کم بیتان سونیان ٹھہرین

ایضاً

فاقہ سے کسی دن نہ ڈری بہوک اپنی
اس سال بہی مانگتی ہے اچہا کہانا
بیجان ہوئے ہم پر نہ مری بہوک اپنی
ہے قحط مین بہی پیٹ بہری بہوک اپنی

ایضاً

بہولے ہی سے دودہ یاد ہی یاد آجائے
صدمہ جو پڑے تو کچہہ تو حاصل ہو مزا
روزونمین خوشیکی سے کوئی یاد آجائے
ایکاش چہٹی کا دودہ ہی یاد آجائے

ایضاً

شکر بہی نہین ہے ذکر کیا مصری کا
بوسے ترے لب کے لیجئے خواب مین ہم
روزونمین سنبہالنا ہے مشکل جی کا
چوری کا گڑ بہی اب کے پایا ہی کا

ایضاً

اس قحط مین مفلسی سے مجبور ہوئے
کہو یا دہی رابڑی ملائی و لمہ
روزون مین رہے سہری دو دور ہوئے
صورت جو ہے شیر کا فور ہوئے

ایضاً

برسات تو بہ ہوئے سوا بانجہہ ہوئی
پیدا نہین ہوتی خاک سے کوئی شے
پُروائی ہوا کالی گہٹا بانجہہ ہوئی
جنتی نہین کیون زمین کیا بانجہہ ہوئی

ایضاً

کس قہر کا ایک سال خشک آیا ہے — اک بوند سے کھیتوں کو ترسایا ہے
بادل کو اوہر عارضۂ حبس البول — امساک اودہر آسمان نے کہایا ہے

ایضاً

غل قحط کا سن رہا ہوں بحر و بر سے — کیوں آگ نہ برسے نیر اکبر سے
ممکن نہیں آسمان سے بارش ابر — برسے بھی تو رانڈن اوداسی برسے

ایضاً

اشکوں نے مرے ہیں شرم خوردہ بادل — پانی سے بھی ہوا ہیں دل فسردہ بادل
اب کھینچتے ہیں زمین کا پانی بھی — اندر وزن بنے ہیں ابر مردہ بادل

ایضاً

بے آب ہوئے برسنے والے بادل — ہیں گنبد آسمان میں چھالے بادل
دنیا کی ہوا کے ڈر سے اندر وزن میں — اوڑتے ہیں دھوئیں کی طرح کالے بادل

ایضاً

گو قحط دکھائے زور بڑھ کر اپنا — کیوں ہر دم سے ہے معصیت پر اپنا
سوکھے دریا کنوؤں میں پانی نہ رہا — پر خشک ہوا نہ دامن تر اپنا

ایضاً

کھیتوں میں نہیں قحط سے دانے کی جگہ — ہے یہ بھی تو ہوا کے خاک اوڑانے کی جگہ
پھیلا ہے تمام ابر سیہ کارئے خلق — بادل کے نہ آنے کی نہ چھانے کی جگہ

ایضاً

مستغرق بحر معصیت ہیں ہم حیف — ڈرتے نہیں اوسکے خوف سے کم ہم حیف
اس قحط میں وحش و طیر بھی مرتے ہیں — اے شامت اعمال بنی آدم حیف

ایضاً

سب قحط مین ڈہونڈتے ہین فضل رب کو — تسکین نہ دن کو ہے نہ راحت شب کو
بے آب ہین جان بلب وحوش و طیور — لے ڈوبی ہماری معصیت اون سب کو

ایضاً

کیون قحط مین ہون نہ چارپائے بیجان — ملتا نہین گہاس کا کہین نام و نشان
عشاق کو انکی خشک سالی مین ہے قحط — بس بنکے بکے نہ سبزۂ خط بتان

ایضاً

نایاب ہے آب گوہر آسا پانی — شبنم سے بہی محروم ہین کیسا پانی
یارب عطش حسین کی تجہکو قسم — ہم سب کو جو نافع ہو وہ برسا پانی

ایضاً

ہون کہیت ہرے سحاب قدرت برسے — باران تفضلات و نعمت برسے
یارب شہداے کربلا کا صدقہ — دے حکم کہ جلد ابر رحمت برسے

تاریخ

بیتاب ہین مسلمین و گبر و ترسا — پانی کیلئے نہایت زیادہ ترسا
تاریخ دعاے منیر کی سن یارب — یہ قحط بلا ہے ابر رحمت برسا
سنہ ۱۲۹۴

تاریخ تعمیر محلسراے سرکاری بلفظ عمدہ حسب الحکم

خلوتسراے خاص جو طیار ہو چکی — ہر ذرہ سے نمود ہوئی برق طور حسن
سال بنا منیر سے ہاتف نے کہدیا — دیکہا محل عمدہ و بیت السرور حسن
سنہ ۱۲۷

ایضاً

بنی عمارت دلچسپ حکم والا سے — محال ہے کہ کوئی اسکی کرسکے تعریف
بناے قصر کی تاریخ اے منیر یہ ہے — محل عمدہ و بیت السرور پاک و لطیف
سنہ ۱۲۷۰

ایضاً

حضور نے جو مکان رفیع بنوایا — بہشت دیدۂ حیرت ہے اسکو تکتا ہے
منیر نے کہی تاریخ تحفہ کوٹھی کی — محل عمدہ و بیت الشرف یہ زیبا ہے

تاریخ تولد فرزند شاہ کریمی صاحب

سنہ ۱۲۷ھ

چون شاہ محمد حسن آن عارف کامل — درویش نکو مطلع انوار کرامات
مقبول خدا عابد و محتاط و مقدس — ہم سید و ہم واقف اسرار کرامات
از فضل خدا یافتہ فرزند ہمایون — تابندہ شد این نجم ضیابار کرامات
تاریخ رقم کرد منیر از کرم حق — نادر گل پاکیزۂ گلزار کرامات

تاریخ تقرر نیابت سرکار حضور بنام مرزا ولایت حسین صاحب و[illegible]

سنہ ۱۲[illegible]ھ

بہ لطف مرزا ولایت حسین — دی اونکو حضور نے حکومت کی عیش
ہوے اب وہ دیوان نواب کے — ملی انتظام ریاست کی عیش
کہی سن مین تاریخ تازہ منیر — مبارک حصول نیابت کی عیش

تاریخ سرسبز شدن مقدمہ سرکار بر سیٹھ باندہ

سنہ ۱۲[illegible]ھ

ہوئی اب دوسری نالش بھی باطل — فلک سے سیٹھ کا بیڑہ ہے پانی
ہوئے ماتم بھی اعدا کے گھر مین — گھٹا کے بدلے ہے اب نوحہ خوانی
کیا جشن ظفر نواب نے آج — ہر اک جانب ہے بزم شادمانی
مبارکبادی ہے دھوم تا عرش — دکھا دون مین طبیعت کی روانی
منیر اس جشن کی تاریخ یہ ہے — ہمایون ہے یہ عہد فتح ثانی

تاریخ رحلت میر وزیر علی صبا لکھنوی

سنہ ۱۲۷۱ھ

بے سبب ایدل نہین ہے گلشن ہستی اداس — بلبل گلزار خوش فکری گیا فردوس مین
رسم اخلاق و محبت اوٹھ گئی آفاق سے — مسند آرائے محبت چل بسا فردوس مین

مجھسے رضوان نے کہی تاریخ رحلت اے منیر — مثل بوئے گل اجی پہونچے صبا فردوس مین

تاریخ انتقال جناب آغا علیخان رئیس باندہ سنہ ۱۲۷۱ھ

شد روان سوے جنان آغا علیخان نیکنام — آسمان نیکوی را ماہ کامل حیف ہائے

عاشقِ نامِ حسین و مرجع خورد و بزرگ — صاحبِ ایمان و تقوی مرد عاقل حیف ہائے

دستِ جودش بودہ دربانده معین مفلسان — ہم در اخلاق و مروت بودہ کامل حیف ہائے

در غمش نواب ہم از چشم گریان خون گریست — شد تمامی شہر از تیغ شہر بسمل حیف ہائے

مصرعِ تاریخ مرگش نظم کردم اے منیر — افسر اہل مروت صاحب دل حیف ہائے

۱۲۷۳ھ

ایضاً

قیامت ہے آغا علیخان کی موت — ہوے اس مصیبت مین صدمے نئے

کہی دوسری مینے تاریخ اور — حضور جناب نبی مین گئے

تاریخ عطاے لبادہ زرین سنہ ۱۲۷۳ھ

نواب میرے بنگلہ مین آئے قریب شام — تحفانہ فقیر کو عشرت سرا کیا

اصرار کرکے ساتھ چوپٹ پر بٹھا لیا — قسمت نے تا بہ تخت سلیمان رسا کیا

ملبوس خاص دیکے زیادہ بڑہائی قدر — ہم چشم آفتاب سے سر تا بپا کیا

تاریخ اے منیر یہ کی نظم حسب حال — زربفت کا لبادہ پئے زر عطا کیا

تاریخ مرگ نواب حسین علیخان بہادر نہر جنگ خلف الرشید نواب امین الدولہ بہادر رئیس فرخ آباد

نہر جنگ امیر کبیر کے غم مین — ہوے ہین پنجۂ ماتم سے نیلگون سر و صد

تمام امیر و نمین اسطرح اونکی شوکت تہی — گلاب پہولو نمین جیسے ستارو نمین ہویدا

منیر اونکی یہ تاریخ انتقال کہی — اوٹہا جہان دنی سے امیر عالی قدر

تاریخ مرگ حسین علی خان سنہ ۱۲۷۳ھ

حسین علیخان امیر گرامی ۔۔ کہ در بزم دنیا نبودش نظیرے
چو فرمود رحلت ازین دار فانی ۔۔ خلیدہ بدل خار غم ہمچو تیرے
رقم زد منیر حزین سال رحلت ۔۔ بفردوس جا کرد یکتا امیرے
سنہ ۱۲۵۲ھ

ایضاً

فرخ آباد مین ہے سوگ امیر الدولہ ۔۔ فاتحہ کیلیے روتے ہوئے سب پہونچے ہین
اونکی رحلت کی یہ تاریخ کہی ہے منیر ۔۔ صحبت پنجتن پاک مین اب پہونچے ہین

تاریخ تعمیر مسجد در نواح باندہ ۱۲۷۳

الٰہی بخش خان پاک طینت ۔۔ کہ کار او بود راحت رسانی
بہ ہر دو ئی بنا فرمود مسجد ۔۔ برائے اہل دین از مہربانی
منیر این مصرع تاریخ بنوشت ۔۔ بنائے صاف بیت اللہ ثانی
۱۲۷۳ھ

تاریخ عطائے جائزہ قصیدہ نذر عید

نواب کے دربار مین پڑھتا ہون قصیدہ ۔۔ اک دہوم ہے نذر سحر عید یہی ہے
دی جائزہ مین بیش بہا خاتم الماس ۔۔ اقبال فلک اوج کی تمہید یہی ہے
خلعت بہی ملا اور ملین اشرفیان بہی ۔۔ خالق کا کرم بخت کی تائید یہی ہے
ہیرے کی انگوٹھی ہے مگر سب سے زیادہ ۔۔ کہتی ہے صفا آئینہ دید یہی ہے
ہاتھ آئی منیر اسکی یہہ تاریخ منور ۔۔ انگشتر الماس مہ عید یہی ہے

تاریخ عطائے خلعت از سرکار کمپنی بحضور در صنعت لف و نشر دو مادہ برے آید اول منقوط و مادہ ثانی غیر منقوط

با لمید ازین مسرت تو ۔۔ جنت گردید منظر دہر
شوکت زین خلعت گران یافت ۔۔ نواب سخی غضنفر دہر
زرہا بخشید گنج در گنج ۔۔ یک یک گشتہ تونگر دہر

نجم اقبال گشت طالع — تابان گردید اختر دهر
تکمیل مدارج طرب شد — نورانی گشت افسر دهر
مے ریخت بجام عشرت دل — ساقی گردید دلبر دهر
راحت بخشید غمکشان را — دائی فیض گستر دهر
روز عید است هر شب ایجب — کامل شده ماه انور دهر
من گفتم اے منیر تاریخ — ارشاد نمود رهبر دهر
لطف تازه فزود توشیح — سر داد نوا نواگر دهر
زنگ منقوط و مهمل است این — وجه تزئین دلبر دهر
رد یافت دو ماده بیک شعر — دولت بخشید داور دهر
هاتف بسویم ز مطلع غیب — رو کرد که اے سخنور دهر

برخوان که بجشن زینت تین
هر دو کمال سرور دهر

تاریخ انتقال زوجه بنده علی بیگ در بانده

زوجه بنده علی بیگ که بود — سر لبر خان شان گشت تباه
بود او مومنه پاکیزه سرشت — باد شمع لحدش لطف اله
زد رقم مصرع تاریخ منیر — نیز در سیر الجنان در رفت آه

تاریخ رحلت جناب بیگم صاحبه والده حضرت ملاذنا مولانا احمد حسن خان بہادر عروج

فلک قدر احمد حسن خان عروج — بعلم و بفضل و هنر منتهی
بشعر و سخن کامل بے بدیل — خطش کحل چشم خفی و جلی
بخلق و بفیض و کرم مشتهر — باحکام دین عارف و متقی
بداغ غم مادرش مبتلا — شد از گردش چرخ نیلوفری

وفات چنین مومنے وا دریغ — فدائے نبی و بتول و علی
بتاریخ این حادثہ اے منیر — شدم از سروش فلک ملتجی
کہ فرمود ہاتف بآن مومنے — الا صالحہ او خلیلی جنتی

قطعۂ تاریخ رحلت سید العلماء السید حسین مجتہد علیین مکان

ہے جنکے فوائد سے زمانہ مستفید — وہ مقتدیٔ رہروان ملک عقبی کیا ہوا
تھی وجیز الرائق اور جنکی ہر دو النہج ہے ہما (نام کتاب) — ملجائے شیعہ و علم و ہدایت کا وہ کیا ہوا
گل ہے سلطانی حدیقہ جسکے باغ طبع کا — وہ دریائے دین حق کا رونق افزا کیا ہوا
نکتے مشارق سے سوا جسکے قلم سے ہر سند — الغرض دنیا سے وہ سرگروہ علما کیا ہوا
وہ حجت کا قول طرد ہر معاند کے لئے — مصحف برہان و حجت کا وہ طغرا کیا ہوا
عرض کر سال وفات مجتہد باذن آہ منیر — رہ صفت الاحکام دین کا آہ طوبا کیا ہوا

ایضاً

رفتی و بہار باغ دین گشت خزان — اے سرو گلستان شریعت ہے ہے
بے روئے تو مصر شرع ویران گردید — اے یوسف کنعان شریعت ہے ہے
در مرگ تو صد قافلہ اشک روان — اے خضر بیابان شریعت ہے ہے
شد مسند اجتہاد چون کہنہ حصیر — اے زینت ایوان شریعت ہے ہے
تفسیر و حدیث و فقہ ابتر بے تو — اے حافظ قرآن شریعت ہے ہے
شد علم و عمل چو مردہ صد سالہ — اے قالب جان شریعت ہے ہے
تاریخ ماتم تو بنوشت منیر — اے شیشۂ ایمان شریعت ہے ہے

سنہ ۱۲۷۳ھ

تاریخ قتل مرزا عباس بیگ صاحب متخلص بہ نادر ملازم نواب باندہ

یار روحانی من عباس بیگ — نیک نیت نیک طینت نیک نام
صاحب علم و حلم پاکیزہ ذہن — شاعر ذی جرأت و عالی مقام

درغزل نادر تخلص سے نمود — نظم او مقبول طبع خاص و عام
اصلش از ایران خودش ہندی نژاد — مونسِ ارباب شوکت صبح و شام
وادریغا گشت در باندا شہید — از کفِ ساقی کوثر خوردہ جام
سینہ ام در ماتمش شد چاک چاک — ریختم از چشم اشک لالہ فام
مصرع تاریخ گفتم اے منیر — بود ہے ہے شاعر شیرین کلام
سنہ ۱۲۷ھ

ایضاً

گئے جہان سے عباس بیگ نادر آہ — بریلی کے متوطن سخن رس شاعر
کمال فارسی و انگریزی و اردو — عروض و قافیہ و فن شعر سے ماہر
ندیم نادر شاہی کے تھے یہ ابن الابن — یہی تھی وجہ وجیہہ تخلص نادر
شنا نہین ہے کوئی دوست اسقدر غمخوار — طبیعت اونکی تھی یکرنگ باطن و ظاہر
وہی ثبات وہی صبر وہی تھے حواس — وہی نظر وہی تیور تھے تا دم آخر
نہاکے آب دم تیغ مرگ سے افسوس — ریاض خلد مین جا پہونچے طیب و طاہر
منیر ہاتف غیبی نے یون کہی تاریخ — ہوا شہید بہ حیف آج شاعر نادر

تاریخ انتقال شیخ محمد ابراہیم سنہ ۱۲۶۹ ہجری متخلص بہ ذوق شاعر دہلی

رحلتِ ذوق سخن پیرا سے — ہے بلند آہ و فغان دہلی مین
واقعی شاعر خوش گو تھا وہ — روتے ہین پیر و جوان دہلی مین
نظم کی مینے یہ تاریخ منیر — نہ رہا ذوق زبان دہلی مین

تاریخ رحلت مرزا محمد رضا خان بہادر مخاطب بہ فتح الدولہ برق لکھنوی

جناب محمد رضا خان برق — کہ بودند استاد دلخواہ واے
بہر علم و در شعر یکتا ے عصر — ز رمز کمالات آگاہ واے
بتہذیب اخلاق و تکمیل وضع — بعز و شرف صاحب جاہ واے

بہادر چو رستم دلاور چو سام
مقرب ترین شہنشاہ وائے

عزادار خاص حسین شہید
غلام جناب ید اللہ وائے

بہ کلکتہ پیمود راہ بہشت
بدلہا زدہ داغ جانکاہ وائے

چنین گفت تاریخ رحلت منیر
کجا برق طور سخن آہ وائے
۱۲۷۴ھ

تاریخ دوم فتح الدولہ بہادر برق

چو فتح الدولہ برق طور معنی
ازین عالم روان شد سوے جنت

منیر انشا نمودہ سال مرگش
فسردہ برق زیب ابر رحمت
۱۲۷۴ھ

تاریخ تولد فرزند نواب صاحب بہادر

حضرت نواب کو یارب مبارک ہو مدام
زینت مہد فلک زیبا پسر پیدا ہوا

آج گلزار تمنا بادہ کیونکر نہو
شاخ نخل عمر سے عمدہ ثمر پیدا ہوا

آرزوے قلزم دوران زیادہ ہو گئی
معدن اقبال کا والا گہر پیدا ہوا

مشتری طالع قمر تصویر خورشید احتشام
کوکب تابندہ بخت ہنر پیدا ہوا

قرۃ العین تمنا مردم چشم کرم
آنکھیں روشن ہو گئیں نور نظر پیدا ہوا

زرفشانی ہو رہی ہے عیش کا سامان ہے
زیب آغوش ید لخت جگر پیدا ہوا

اسکی تاریخ ولادت نظم کی ہے منیر
مہر سیما واہ یہ رشک قمر پیدا ہوا
۱۲۷۴ھ

تاریخ تولد فرزند بلند اقبال نواب رئیس بہادر پائندہ دام اقبالہ بحر منقوطہ

ہوا دلادلہ مہر طالع و مہ رو
سرو گاہ ہوا ہر محل سر دو دہر

منیر مصرع سال گل کمال لکھو
طلوع مہر مراد کرم و گوہر دہر
۱۲۷۴ھ

تاریخ ولادت پسر لالہ مادہو رام جوہر فرخ آبادی

لالہ مادہو رام جوہر شاعر شیرین بیان
گوہر دریاے ہمت ماہ والا جاہ بزم

شاد ہیں پیدائش نور نظر سے اسقدر
سرمہ چشم تحیر ہے غبار راہ بزم

خوب ہے یہ مصرع سال ولادت اے منیر — جوہر آئینہ اقبال و حشمت ماہ نرم
سنہ ۱۲۷۰ھ

ایضاً

بشگفت چو این گل تمنا — در گلشن احتشام دولت
بنوشت منیر سال تاریخ — ماہ اوج سمائے ثروت
سنہ ۱۲۷۰ھ

ایضاً

گل حدیقۂ اجبا و لالہ ہا دہو رام — جہان خلق و مروت سپہر مہر و وفا
خدائے داد بالشان قمر لقا پسرے — شگفتہ غنچۂ دلہائے اہل صدق و صفا
منیر گفت دو سال مسیحی و ہجری — ضیائے مشتری نیک و اوج بخت رسا
۱۸۵۴ — ۱۲۷۰ھ

تاریخ تولد مرشدزادہ از بطن نواب فخر النسا بیگم صاحبہ

مرشدزادہ کی عید میلاد ہے آج — ہین زمزمہ سنج تہنیت خرد و کلان
سال میلاد عرض کرتا ہے منیر — شمشیر بہادر ہے مہ ماہ جہان
سنہ ۱۲۷۰ھ

ایضاً

شمشیر بہادر کی ولادت کی ہے دہوم — ہر ایک طرف خوشی ہے اللہ اللہ
سال میلاد اور کہتا ہون منیر — لخت دل نواب ہے یہ عالیجاہ
سنہ ۱۲۷۰ھ

ایضاً

حق نے دیا حضور کو فرزند مہ جبین — زینت فزائے انجمن و بدر بخت ہند
کیونکر نہ فکر سال ولادت بہار دے — یہ گل ہے رونق چمن و بدر بخت ہند
تاریخین دو ہین مصرع واحد مین اے منیر — خورشید مشرق زمن و بدر بخت ہند

ایضاً

جیسے یہ صاحب اقبال ہوا ہے پیدا — ذرہ ذرہ سے عیان روشنی کوکب ہے
کہی اس جشن کی تاریخ یہ ہاتف نے منیر — لیلۃ القدر ہے آج چھٹی کی شب ہے
سنہ ۱۲۷۰ھ

تاریخ فتح جنگ بوندیلہ

چو فوج بوندیلہ بپاندار رسید ۔ ز حصن اجیگڈہ برای فساد
بر ایشان ظفر یافت نواب ما ۔ دل اہل انصاف گردیدہ شاد
چنین گفت تاریخ نصرت منیر ۔ خدا فتح عالی بنواب داد

سنہ ۱۲۷۴ھ

ایضاً

عجب فتح دی میرے آقا کو حق نے ۔ جبین ارادت ہے زیب مصلے
منیر اسکی تاریخ مینے رقم کی ۔ ہے یہ فتح مفتاح کنز معلے

سنہ ۱۲۷۴ھ

تاریخ اسیر آمدن سردار بوندیلہ کہ نامش رن جور دوا بود

ہوا محبوس دوا یانہ مین اکر اجیگڈہ سے ۔ پہنسا دام مصیبت مین یانہ گرچہ کوا ہے
تہی مقدار کچہہ اسکی نگاہ اہل بینش مین ۔ جو کودک طبع تھے وہ اسکو کہتے تہی کہ حوا ہے
بوندیلی جانتے تہے سرخرو اسکو شجاعت مین ۔ و فور خوف سے اب رنگ زرد اسکا ہوا ہے
خدا دے پستہ و بادام کیونکر اسکے کہانیکو ۔ مقدر مین ازل سے جسکے تیندوا اور مہوا ہے
منیر اسکی اسیری کی کہی تاریخ یہ مینے ۔ اسیر مرگ مجبور ابد رن جور دوا ہے

سنہ ۱۲۷۴ ہجری

تاریخ انتزاع توپ از بوندیلہ

رستم دین علی بہادر نے ۔ جو ہین نام خدا سمی علی
مار کر لشکر اجیگڈہ کو ۔ تو ہین چہنین بہمت ازلی
خوب پائی منیر نے تاریخ ۔ توپ یہ جنگ فتح کر کے لی

۱۲۷۴ھ

تاریخ صحت یافتن غلام حیدر خان از زخم

ہوے زخمی غلام حیدر خان ۔ فکر نواب کو عجیب ہوئی
فضل خالق سے ہوگئی صحت ۔ کارگر محنت طبیب ہوئی
لکہی فوراً منیر نے تاریخ ۔ اب شفا زخم سے نصیب ہوئی

۱۲۷۴ھ

تاریخ پھانسی یافتن نواب اقبالمند خان بہادر و نواب غضنفر حسین خان بہادر رئیسان فرخ آباد

اقبالمند خان و غضنفر حسین خان
دونون دُر محیط عطا آہ آہ سے ہائے

دونون جوان نیک امیران ذی حشم
مقتول تیغ تیز قضا آہ آہ ہائے

تاریخ اونکے قتل کی کافی ہے یہ منیر
دونون شہید راہ خدا آہ آہ ہائے
۱۲۷۵ھ

تاریخ پھانسی یافتن نواب سخاوت حسین خان بہادر برادر رکوچک نواب تفضل حسین خان مسندنشین فرخ آباد

ریاض خلق سخاوت حسین خان نواب
نہال باغ کرم زیب مسند شوکت

جوان قابل و فرزند خاص نصرت جنگ
غلام آل نبی سرور قمر طلعت

سخاوت اور مروت مین بینظیر جہان
ریاست اور امارت کیواسطے زینت

ہر ایک دلمین جگہ اوسکی جانسے بڑھکر
ہر اک زبان پر اوسکا وظیفہ مدحت

زمانہ اوسکی مروت پہ اسطرح شیدا
مشام روح ہو جسطرح عاشق نکہت

وہ بیگناہ ہوا تیغ مرگ سے مقتول
عنایت اوسکو کیا حق نے گلشن جنت

منیر نے یہ لکھی اوسکے قتل کی تاریخ
ہوا شہید امیر دلیر باہمت

تاریخ رحلت منشی رحمۃ اللہ صاحب در باندہ ۱۲۷۴ھ

دنیا سے جو شیخ رحمت اللہ اوٹھے
سیدھے گئے بوستان جنت کیطرف

تاریخ منیر نے یہ لکھدی سر قبر
نامی ہے مزار عاشق شاہ نجف
۱۲۷۴ھ

ایضا

موے جو منشی ذیجاہ رحمت اللہ آج
بلند باندہ مین تھا آہ و نالۂ جمہور

منیر نے لکھی تاریخ بہر لوح مزار
مقام رحمت اللہ و گنج جلوۂ نور
۱۲۷۴ھ

تاریخ شہادت مرزا محمد باقر دہلوی

جناب فاضل کامل محمد باقر — سپہر علم و فضیلت کے اختر تابان

شہیر عالم ایجاد دہلوی مولد — بزرگ اصل مین اونکی تھی ساکن ہمدان

حدیث و فقہ و کلام و مناظرہ مین وحید — مصنفات سے اونکی ہی مثل شمس عیان

خلیق و ناصر آل رسول و تعزیہ دار — فدائے نام نبی عاشق شہ مردان

حلیم و قابل و محتاط و مجمع حسنات — جہان دانش و فضل و مروت و احسان

خدا کی راہ مین مقتول ہوکے آخر کار — گئے جہان سے وہ سوئے روضۂ رضوان

کہی منیر نے یہ اونکی مرگ کی تاریخ — شہید و متقی و عالم علوم نہان

تاریخ رحلت نواب منور الدولہ مرزا احمد علیخان بہادر وزیر سلطان ملک اودھ

وزیر خسرو عالم منور الدولہ — که از ستایش وی عاجز آمده ادراک

جلال و دبدبه و جاه و شوکت و حشمت — شکوه و حلم برو ختم کرد ایزد پاک

بکربلا و نجف رفت باندها صل کرد — طواف کعبه و قبر شهنشه لولاک

ز لکهنو طرف جنت نعیم شتافت — صدای نوحه بلند ست در ته افلاک

منیر مصرع تاریخ در صفاتش گفت — امیر و حاجی و زائر وزیر گشته پاک

تاریخ تشریف آوری بسوہسوہ نگاری والا نواب محمد واجد علیخان صاحب بہادر متخلص بہ رضوان نبیرۂ نواب محمد خان بہادر غضنفر جنگ بانی [illegible] فرمانروای فرخ آباد

در دریای امارت گوہر طبع — یعنی آن نواب پاکیزه نهاد

اہل علم و شاعر سنجیده وضع — شعر او سروی بود فردوس زاد

مشفقی واجد علیخان نکته سنج — اوست رضوان بهشت اتحاد

انجمنہائے نثر و شعر بدیع — در کنار کام امیدم نهاد

[illegible] لطیف — خوشتر از شفتالو نخل مراد

انبہ ہاے ہند اکثر خوردہ ام — مثل اینہا ہر گزم نامد بیاد
در دعا تاریخ گفتم اے منیر — نخل جاہش جاودانہ بر دہاد

تاریخ رہائی یافتن لالہ صاحب گوہر دریای سخندانی لالہ مادہو رام متخلص جوہر

مہر سپہر لطف و کرم لالہ مادہو رام — گر جلوۂ رخش بنظر آمد آفتاب
چون از حجاب کلفت و اندوہ شد عیان — گویا بجلوہ بار دگر آمد آفتاب
شکر خدا کہ ظلمت شبہاے غم نماند — بر جاے خویش وقت سحر آمد آفتاب
فوج کسوف سوے حصار عدم گریخت — چون با سپاہ فتح و ظفر آمد آفتاب
خوش جلوہ کرد مصرع تاریخ ای منیر — از ابر یخ و یاس بدر آمد آفتاب

سنہ ۱۲۷۶ ہجری

تاریخ وفات آغا حیدر صاحب فیض آبادی

جب دلیر الدولہ آغا حیدر عالی مقام — ہو گئے دنیا سے عازم سوے جنت ہاے ہاے
اوٹھ گیا دنیا سے اخلاق و مروت کا نشان — خاک بر سر کیون نہون فیض و سخاوت ہاے ہاے
شاعر و شاعر نواز و قدردان ہر کمال — دُرِ دریاے کرم بحر مروت ہاے ہاے
قدردان اہل جوہر اوٹھ گیا وا حسرتا — ہو گئی خاموش شمع بزم رفعت ہاے ہاے
صد دریغا افتخار اہل افضال و کرم — آبروے مسند تمکین و عزت ہاے ہاے
صاحب ایمان کامل افسر ارباب وضع — پاک دل محتاط پابند شریعت ہاے ہاے
مصرع تاریخ رحلت رو کے یہ کہتا ہے منیر — کعبۂ جود آفتاب برج ہمت ہاے ہاے

سنہ ۱۲۷۶ ہجری

ایضاً

از رحلت حضرت دلیر الدولہ — دلہا خون شد از بلا یا ہاے
صد حیف کشید رخت از دار فنا — در باغ جنان آن عقدہ کشاے
تاریخ وفات آن ہمایون ہمت — بنوشت منیر واویلا ہاے

محشر برپاست در تمامی عالم — ...
آن قبلۂ اغنیا و فخر حاتم — ...
ہمثل امیر کعبۂ جاہ و کرم — ...

سنہ ۱۲۷۶

ایضاً

نواب سخی دلاور الملک | یکتا سے جہان امیر فیاض
زین دار فنا نمود رحلت | افسوس جنان امیر فیاض
ہنگامہ شست منیر سال رحلت | زیبا ے جنان امیر فیاض
سنہ ۱۲۷۶ھ

ایضاً

زیب جنت ہوئے نواب امیر الدولہ | ہوگئی ہمت و اخلاق و مروت بیکس
وہ امیر الامرا سید نیشاپوری | ہمہ فیض و ہمہ حلم و ہمہ عقل و ہمہ رس
لکھنو کیا کہ نہیں ہند میں سردار ایسا | آسمان مرتبہ خورشید ضیا صبح نفس
اونکے ماتم میں سیہ پوش ہے سارا عالم | نیلگون پوش نہ کسطرح ہو چرخ اطلس
خدمت حیدر کرار میں پائی تو قیر | تا دم مرگ جو تھی دلمین یا رنکی ہوس
آشیان گلشن فردوس میں بخشا حق نے | طایر جان نے کیا ترک جو یہ تنگ قفس
سال تعمیر لحد نظم کیا یہ منیر | جلوہ گلشن فردوس ہے قبر اقدس
سنہ ۱۲۷۶ھ

ایضاً

نواب فلک جناب آغا حیدر | از عالم بے ثبات رحلت فرمود
آزآتش غم گداخت دلہاے جہان | زین رنج و الم روان عالم فرسود
دنیاست سیہ بدیدۂ شاہ و گدا | شد منکسف آفتاب برج مقصود
جاروب کش مزار پاکش حوران | رضوان زرہ خلوص میسوزد عود
ہاتف تاریخ رحلتش گفت منیر | در بزم بہشت پاک حیدر آسود
سنہ ۱۲۷۶ھ

تاریخ رہائی نواب دولہ بہادر شمس آبادی

از چاہ غم و رنج بصد جاہ بر آمد | نواب فلک مرتبہ چون یوسف کنعان
دلہا شدہ مسرور از ین مژدہ جان بخش | گردیدہ جہان تازہ و تر ہمچو گلستان
تاریخ چنین گفت منیر سخن آرا | بر آمدہ از ابر محن نیر تابان
۱۲۷۵ھ

تاریخ شہادت تلمیذی امجد علیخان بہادر

حیف نور دیدهٔ اعظم علیخان کشته شد — وادریغا آنکه مارا بود شاگرد سعید
سال قتل این امیر نوجوان گفتم منیر — ہای اہل دل جوان امجد علیخان شہید

تاریخ رہائی نواب معین الدولہ باقر علیخان بہادر سنہ ۱۲۷ھ

جب ہوئے آپ جدا گوشۂ تنہائی سے — غل ہوا یوسف تو چاہ محن سے نکلا
میرے دل نے یہ کہا مصرع تاریخ منیر — ہو گئی آج خوشی چاند گہن سے نکلا

سنہ ۱۲۷۵ھ

ایضاً

از زمین تا بفلک غلغلۂ عید بپاست — بتو این شوکت و اجلال مبارک بادا
نذر آورده چنین مصرع تاریخ منیر — دائم این حشمت و اقبال مبارک بادا

سنہ ۱۲۷۵ھ

تاریخ طیاری بیاض اشعار

نواب خوش محاوره باقر حسین خان — شہرت ہے اہل فہم میں جنکے شعور کی
اشعار اونہون نے جمع کیے ہین بیاض مین — ہر صفحہ اے منیر ہے تصویر حور کی
تاریخ مینے جلد کے بندہتے ہی یہ کہی — زیبنده اب بیاض مطلا ہے نور کی

سنہ ۱۲..

ایضاً

فرمائش اس بیاض کی تاریخ کی ہوئی — صاحب تو نہین اب یہی گفت و شنید ہے
مین کیا کہون کہ رنج و بلا مین ہون مبتلا — فکر سخن دماغ سے کوسون بعید ہے
یہ ہے یہ اوسکی دوسری تاریخ اے منیر — حسن بیاض صبح بہار عید ہے

۱۲۷۵

تاریخ ولادت قیصر جہان دختر نیک اختر نواب واجد علیخان بہادر رضوان

یافت نواب خوش القاب من از فضل خدا — دختر نیک سیر شمع شبستان عہد
مولدش بر اب و جدش ہمہ فرخ بادا — باد بانوی سراپردهٔ ایوان عہد

سال ہجری و مسیحی بقلم وادمنیر   اختر روشن ایمان ۱۸۵۹ء   مہر رخشان عید ۱۲۷۵ھ

ایضاً

چو نواب واجد علیخان بہادر   ہمایون سگالے انگلستان رفعت
زمیلادِ دختر چو گل گشت خندان   خداشِ باقبال دارد سلامت
منیر اینچنین گفت تاریخ مولد   معلی در بحر عالی عصمت ۱۲۷۵ھ

قطعہ تاریخ مصائب قید و حالات زندان از باندا و الہ آباد تا کلکتہ

فرخ آباد و یاران شفیق   چھٹگئے سب گردشِ تقدیر سے
آئے باندہ مین مقید ہوکے ہم   سو طرح کی ذلت و تحقیر سے
اک مرا شاگرد تھا اوس شہر مین   پہلی وہ پائے گلشن توقیر سے
لفظ خان کا جزو اول کر وزیر   نام اوس کا جان اس تقریر سے
کہین سعادتمند یان اوسنے بہت   رہ گیا عاجز مری تقدیر سے
جسقدر احباب خالص تھے وہان   درگذر کرتے نہ تھے تدبیر سے
پر کہون کیا کاوشِ اہل نفاق   تھے وہ خونریزی مین ہا تکبیر سے
شمر کا خنجر زبانین اونکی تھین   قتل کرتے تھے مجھے تزویر سے
مصطفےٰ بیگ ایک صاحب اونمین تھا   بجز ونمین بڑھکے چرخ پیر سے
کرکے خونِ ناحق نواب جان   مجھکو بھی پہنوا دیا تزویر سے
خون بیرادہ سمجھتے تھے حلال   تھا جو مین ذریتِ شبیر سے
کچھ شدا یدِ قید کے کہہ دون اگر   خون ٹپکے ہر لبِ تقریر سے
باندہ کے زندان مین لاکھون ستم   سہتے تھے ہم گردشِ تقدیر سے
کوٹھری تاریک پائی مثلِ قبر   تنگ تر تھی حلقۂ زنجیر سے
بول و غائط کی جگہہ بستر کے پاس   تھی نجس تر خانہ خنزیر سے

پانی تھا نایاب مثلِ آبرو
مثلِ گوہر جانتے تھے اوسکو عزیز
کیا تیمم کیا وضو ممکن نہ تھا
ترک اشنیون سے اذیت جو ہوئی
سختی نزع یہودی و مجوس
گالیان تھین کھانیکو بار غم و داغ
روٹیان گوبر کی گویا ملتی تھین
گھاس ترکاری کے بدلے تھی نصیب
بھینس کی سانی سے بدتر دال تھی
کرکری بدبو کثیف و بے نمک
تھا بچھونا ٹاٹ کمبل اوڑھنا
کوٹھری گرمی مین دوزخ سے فزون
کانپتے تھے موسم سرما مین یون
محنت و مزدوری و تکلیف و رنج
اس جہنم کے موکل سب کے سب
قاتلِ اشراف و اہلِ علم تھے
بے مروت بیحیا اہلِ دغا
اونکے ہونٹھون نے خلش کیواسطے
جبل مین ٹھک بدیا مین بے بدل
گاہ سے اوٹھوائین وہ کوہ گران
پھر الہ آباد مین بھجوا دیا

چاہتے تھے خنجر و شمشیر سے
قطرۂ پیکان جو ملتا تیر سے
کیجے ظاہر سے تکلیف تدبیر سے
ہے فزون اندازۂ تحریر سے
سہل تھی اوس سختیٔ تقدیر سے
تھا یہ حاصل مطبخ تقدیر سے
نانِ گندم تھی سوا اکسیر سے
خشک تر تھی سبزۂ شمشیر سے
سخت دانہ دانہ زنجیر سے
سرد تر وہ بھی مزاج پیر سے
گرم تر پشمینۂ کشمیر سے
دست و پا بدتر تھے آتشگیر سے
جیسے عریان سردئ کشمیر سے
تھا زیادہ حیطۂ تحریر سے
دشمنی رکھتے تھے بے تقصیر سے
رنج پہونچاتے تھے ہر تدبیر سے
کج طبیعت ہر جوان و پیر سے
باتین سیکھی تھین زبانِ تیر سے
نقد جان تک چھین لین تزویر سے
ورنہ گذرین کودک بے شیر سے
ظلم سے تلبیس سے تزویر سے

تھی کی تلوارین کبھی تھین گرد پیش — نوکین سنگینون کی بد تر تیر سے
جو الہ آباد مین گذرے ستم — ہین فزون تقریر سے تحریر سے

پھر ہوئے کلکتہ کو پیدل روانہ — گرتے پڑتے پاؤن کی زنجیر سے
ہتکڑی ہاتھونمین بیڑی پاؤنمین — ناتوان تر قیس کی تصویر سے

راستے مین ظلم اعدا بیشمار — پھر گڑی تھی شامت تقدیر سے
بیحواس و بے لباس و بے دیار — دلگرفتہ جور چرخ پیر سے

سوی مشرق لائے مغرب سے مجھے — تھی غرض تقدیر کو تشہیر سے
نقشہ کلکتہ مین کھچوایا مرا — رنگ اسکا اوڑ گیا تصویر سے

کالے پانی مین جو پہونچے یک بیک — کٹ گئی قید ستم تقدیر سے

یہ کہی تاریخ ہمنے اے منیر — صاف نکلے خانہ زنجیر سے ۱۲۷۶

قطعات تاریخ اتمام کتاب مسمی انڈین

تصنیف کی جناب خوشی رام نے بیان — جان خرد کتاب ہے تاریخ انڈین
روداد ہے جزائر دریاے شور کے — مطبوع شیخ و شاب ہے تاریخ انڈین
موزون کیے منیر نے یون سال عیسوی — یکتا و لاجواب ہے تاریخ انڈین
سنہ ۱۸۷۱ء

ایضا

خوب کی تصنیف تاریخ جدید — جسکے لاکھون مدح خوان طالب کرین
نظم کر سال مسیحی اے منیر — ہے یہ بہتر تحفہ دریاے شور
سنہ ۱۸۷۱ء

ایضا

میری آنکھون مین یہ نسخہ ہے تمام — بیمثال و بے نظیر و منتخب
ہمنے یہ تاریخ موزون کی منیر — نسخہ دانش فزاے دل عجب

ایضا

کہی نور کی یہ کتاب نفیس ... فروغ نہانی ہویدا ہوا
منیر اسکی تاریخ تازہ یہ ہے ... کمالِ خوشی رام پیدا ہوا
۱۲۷۷ھ

ایضاً

ہر آنکہ دید منیر این رسالۂ نورا ... ز جلوہ نگہش مہر مستنیر بود
اگر بدیدۂ انصاف غور فرمایند ... بچشم اہلِ دل این نسخہ بےنظیر بود
بسالِ ہندی موزون نمودم این تاریخ ... نسبے کتاب خوشی رام دلپذیر بود
۱۹۱۶ بکرمی

قطعہ تاریخ کتاب بحکم میجر جان ہاٹن بہادر کمشنر جزائر دریائے شور یعنی تاریخ مراصد الاطلاع

کمشنر صاحبِ والا مراتب عالم نامی ... کہ جنکا فیض ہوسے منزلِ آرام ہر جا ہے
ہوا منظور اونکو ترجمہ اس تحفہ نسخہ کا ... زبان صاف اردو میں کہ جو آسان ہر جا ہے
مترجم مولوی مظہر کریم اسکے ہوے دل سے ... فضیلت جنکی روشن تر مثالِ مہر انور ہے
اسیری اور غربت میں پہنسے ہیں دونی بپتا بھی ... گھڑی بہر کا بھی کٹ جانا یہاں مانند خنجر ہے
منیر اسکی کہی تاریخ یون بسال مسیحی میں ... یہی سیرِ جدید بوستانِ ہفت کشور ہے

قطعہ تاریخ ہذا در حال سرقت لباس ہای شفیق ۱۸۶۶ء

اسیر ہو کے جو ہم آئے کالی پانی میں ... ہوئی مصائب و آلام کی فراوانی
محال شرح ہے اذیت ہی مصیبت کی ... اگر بیان کرین سے ملکے انسی و جانی
برہنگی میں مگر سب سے تہی سوا تکلیف ... وبال دوش ہوا تہا لباس انسانی
شفیق بندہ ولایت حسین مرزا نے ... کہ ہیں وہ دوست قدیمی برادر جانی
بنا دے مجھے کپڑے بڑے تردد سے ... چھپا دیے مرے بالکل عیوب جسمانی
ہنوز صرف میں بھی اسقدر نہ آئے تھے ... چرا کے لیگئے غارت گران زندانی
یہان کے چور وہ شاطر ہیں فن دزدی میں ... چرالیں آنکھ نہ سمجھے نگاہ انسانی

جو دست برد دکہائین وہ اپنی ہمت کی
اجل نہ پائے کبھی نقد جان قربانی

کمند و جست کی ہو احتیاج اگر اونکو
اوڑا ہی لائین رم آہوے بیابانی

تونگری جو وہ پائین کسیکی قسمت مین
چرالین غیب سے مضمون خط پیشانی

تراش لائین نقاط نجوم دم بھر مین
نہ رہنے پائے بیاض سپہر افشانی

گہر سے آنسو ونکو اب ندے کوئی تشبیہ
یہ لوگ آنکھہ چرا لینے مین ہین لاثانی

سحاب تیرہ نہین یا کسوف بنجائین
جو جام مہر مین سن پائین سونے کا پانی

برہنہ مثل بہائم بنا دیا سبکو
اوتار لینگے بالکل لباس انسانی

یہ اونکی چوری کی تاریخ کہدی ہاتف نے
وہ کہنہ دزد چرا لینگے ثوب عریانی

۱۲۷۹ھ

تاریخ انتقال رونق جہان بیگم صبیہ رضیہ نواب واجد علیخان بہادر رضوان فرخ آبادی

ہزار افسوس دنیا سے گئی رونق جہان بیگم
کنار دایہ سے پائی جگہہ آغوش تربت مین

لٹک کر ڈوریان جھولے کی اپنی جان دیتی ہین
مقام گردش قسمت ہے اوسکی مہد راحت مین

ستم ہے حسرت طفلان ہمسن اوسکے کہلونے ہین
غضب ہے جا چھپا ہے شیر دایہ ہر حسرت مین

دل نواب رضوان مین غم لخت جگر ٹھہرا
فروکش کاروان رنج ہے ایوان عشرت مین

ہماری دولت مال فصاحت کا جو خواہان ہے
زر داغ جگر اوسکو ملا اندوہ آفت مین

زبان پاک جسکی حق سنے دیتی آگے تر
ہمیشہ اب صرف ہے وہ مرثیہ ہائے مصیبت مین

خدا نعم البدل اونکا عطا فرمائے جلدی سے
دل اوسکا خوش ہو فرزند نرینہ کی ولادت مین

الٰہی بیت عیش و طرب ہر دم شگفتہ ہو
نہ پائے دخل خار صدمہ داماں طبیعت مین

یہ سال رحلت رونق جہان بیگم کہا ہاتف نے
ہوا ہے مسکن جلوہ کنار حور جنت مین

۱۲۷۹ھ

قطعہ تاریخ حالات تلامذہ مصنف

رہا جبتک کہ مین ہندوستان مین
سبھی شاگرد تہے میرے ثنا خوان

رضا جوئی مین تہے سرگرم دن رات — اطاعت جانتے تہے جزو ایمان
ہوا جسوقت برپا فتنۂ عام — ستم سے مین ہوا پابند زندان
جفائین سیکڑون سہہ کر یہان کی — سمندر مین چلا افتان و خیزان
اوتارا کالے پانی مین فلک نے — جہان سے بحر آفت صرف طوفان
خطوط آیا کیے بعضون سے اکثر — نہ تہا آرام کا کچہہ ساز و سامان
شکایت اقربا کی مین کرون کیا — کہ اونسے آپ ہون سر در گریبان
سلوک اونسے کبہی کرتا اگر مین — عوض مین اوسکے رکہتا چشم احسان
مگر شاگردون مین اونسے ہے شکوہ — جو ہین سرمایہ دولت سے شادان
اگر نواب کا شکوہ کرون مین — تو کہتا ہے ادب خاموش ہان ہان
وہ آقا تہے مرے مین تہا ملازم — نہین ہے یہ نمک خواری کی شایان
کیا اس فتنہ نے اونکو بہی تاراج — ہوے مانند گیسوے پریشان
مگر شاگرد بہی بندہ کے وہ تہے — کہ اسکو جانتے ہین سب سخندان
کبہی خالی ہی شقہ بہیجدیتے — تو یون مجہکو نہو تاریخ حرمان
بہت سے مستفیدون نے بہلایا — سوائے ہمت نواب رضوان
معانی بین سخن سنج و سخن فہم — رفیع المنزلت واجد علیخان
حقوق تربیت میرے نہ بہولے — کیا اس بعد پر لطف نمایان
کیا نواب حیدر جنگ نے بہی — اونہین کی سعی سے ممنون احسان
حمید الدین نے بہی ظاہر کیا وہ — سعادتمندیون کے تہا جو شایان
وزیر نیک خو نے باندہ سے پہر — اعانت مین کیا جہد فراوان
مددگاری مری تسلیم نے کی — کہ زاد راہ مین ہو صرف سامان
رہین یہ دوستان فرخ آباد — ہمیشہ خرم و آباد و خندان

شمیم لطف رضوان سے سراسر — ملی دو سال تک آسمانی جان
دعائیہ کہی تاریخ سے بینے — رہین زیب جہان بکنیت ہمی شادان

سنہ ۱۲۷۹ھ

قطعہ تاریخ مرگ ہمشیرۂ مؤلف

خبر اخت عظمی کے مرنے کی پائی — سوا موت سے کیون نہ یہ سانحہ ہو
منیر اسکی تاریخ سے بینے یہ لکھی — کنیزان فضہ مین وہ صالحہ ہو

سنہ ۱۲۷۹ھ

تاریخ مرگ منکوحۂ مصنف

بودم از غربت و آلام اسیری بعذاب — اندران یوم که واقع شده در خارج دنیا
خبرم آمد ز اصحاب وطن مولم و موحش — که دلم سوخت جگر چاک شد از خنده سرابا
زوجه ام مرد ز آلام اسیری من اینک — خانه ویران شده و برباد شد اسباب دریغا
رحمت حق کندش عفو بجنت برساند — باد در خلد برین خادمهٔ حضرت زهرا
سال مرگش بقلم داد منیر الم آگین — مرده از رنج اسیری من ان دلبر علیا

سنہ ۱۲۷۹ھ

تاریخ

سردار نیک رحم علی خان نامور — جرات سوا ہے جنکی بل شیر گیر سے
زندان ہند مین وہ میرے ہے کفیل — باقی ہے ربط خاص یہان بھی حقیر سے
نایاب شیر خالص و بے آب ہے یہان — ممکن نہین کہ پاسکے مصرف کثیر سے
یہ نعمت لطیف وہی کرتے ہین عطا — یہ چاٹ آشنا ہے زبان منیر سے
تاریخ اس مزے کی نہ کیونکر کہے منیر — شیرین زبان ہے آج لب جوئے شیر سے

سنہ ۱۲۷۹ھ

تاریخ

مدراس مین غلام نبی جب ہوے اسیر — گھر اونکو گنج خانہ آفت مین ملگیا
از بسکہ ہین وہ اہل مروت مین نامدار — یہ زہر تلخ عیش کے شربت مین ملگیا
سب دوستو نکو رنج ہوا انکی قید کا — لطف سرور خاک مصیبت مین ملگیا

مدراس سے وہ آگئے جب انڈیا مین — گویا مقام گوشۂ راحت مین ملگیا
والد تھے اونکے مرد خدا شیخ محی دین — یہ رنج اونکو ضعف کی کثرت مین ملگیا
بیٹے کے دیکھنے کو وہ آئے جہاز پر — فرزند اونہین جزیرۂ غربت مین ملگیا
اس غم مین جب بہانہ گئے مولمین کو — جسم لطیف خاک کدورت مین ملگیا
فرط غم و الم مین گئے جانب عدم — آرام اونکو گوشۂ تربت مین ملگیا
تاریخ اونکی مرگ کی کہدی منیر نے — دیکھو مقام گلشن جنت مین ملگیا
۱۲۸۰ھ

تاریخ

جا مین عدم کی سمت کو جب شیخ محی دین — کیونکہ نہ دوست انکو رنج عظیم ہو
غربت کی موت اور لحد مولمین مین — حالت نکیون غلام نبی کی سقیم ہو
لوح مزار کی ہے یہ تاریخ اے منیر — اس قبر پر توجہ رب حلیم ہو
۱۲۸۰ھ

تاریخ

مع پسر کہ طرفہ ز ساسانیان — لعل جواہر است جہانگیر نام
نکتہ رس زمزم و استاد ژند — فرخ و فرخ گہر و شادکام
ہندوی و فارسی و انگلش — آمدہ زین ہر سہ بپایش بدام
تازہ اسیر آمدہ از بمبئی — یافت درین قید ہمایون مقام
خود برس آمدہ دانش پژوہ — دادمش از بادۂ فرہنگ جام
پوششش و سرمایۂ آسودگی — داد بمن گشتم ازو شادکام
سال دعائیہ نوشتم منیر — بادۂ شوق و سرورش بجام
۱۲۸۱ھ

تاریخ مرگ نواب عالیجاہ بہادر لکھنوی

حضرت نواب عالیجاہ کہ دولی منش — آنکہ در راہ خدا با خاطر آگاہ رفت
چون دوبارہ بست احرام طواف کربلا — از دیار لکھنؤ تا بمبئی دلخواہ رفت

ناگہان برکند دل زین ہستی ناپایدار … جانب فردوس با توفیق حق ہمراہ رفت
گفت تاریخ وفاتش ہاتف غیبی منیر … در جنان نواب صاحب خود عالیجاہ رفت
سنہ ۱۲۸۱ ہجری

ایضاً

منجھلے صاحب حضرت نواب عالیجاہ تھے … لکھنؤ کے سب امیروں مین بہت حسنا نمود
میرزا حیدر بہادر کے تھے فرزند و سبط … خلق کا اونکے نمونہ ہے شمیم مشک و عود
شاعر و شاعر نواز و فاضل و علامۂ عصر … صالح و محتاط و محو طاعت رب ودود
لکھنؤ سے پھر زیارت کے ارادے سے چلے … بمبئی سے باغ جنت مین کیا جا کر ورود
وصف لکھنے نظم مین تاریخ رحلت مین منیر … حاجی و زائر امیر متقی دریائے جود
سنہ ۱۲۸۱ ہجری

تاریخ رہائی خود

آج مینے قید سے پائی رہائی ای منیر … فضل حق سے یہ خوشی کی دوپہر مسعود ہو
اس جزیرہ سے سوے کلکتہ ہوتا ہون روان … الحمد اہندوستان کا اب سفر مسعود ہو
آکے بیٹھا ہون جہاز تیز رو پر شکر ہے … لنگر اوٹھا ساعت فتح و ظفر مسعود ہو
مادہ منظور ہے کہنا دعائیہ مجھے … نیک ساعت ہو کواکب کی نظر مسعود ہو
آج کے دن کی ہے یہ تاریخ صوری معنوی … روز شنبہ نیمۂ ماہ صفر مسعود ہو
سنہ ۱۲۸۲ ہجری

تاریخ غسل صحت خود و سپاس منشی غلام عباس صاحب

ہم آئے بعد رہائی سوے الہ آباد … ہماری راہبری طالع رسا نے کی
حضور حضرت منشی غلام عباس آج … ملازمت دل مشتاق بیریا نے کی
نظر اونھین کی برادر نوازیون پر تھی … جو ایسی راہبری طالع رسا نے کی
اونھین کی ہمت عالی کے سامنے تسلیم … جھکا کے سر فلک عالم سخا نے کی
زیارت شہدا سے بھی وہ ہوے ممتاز … کشش جو فیض شہنشاہ کربلا نے کی
اونھین سے رونق بزم عزا ہے مولا کی … اونھین نے کسب سعادت ہم اک بہانے کی

مین اونکی خدمتِ عالی مین خوش رہا لیکن
مصاحبت مری امراض جانگزا نے کی
مرافقت کے لئے بیخودی کبھی آئی
معاونت کبھی ضعفِ شکستہ پا نے کی
اگرچہ یاس مجھے زندگی سے تھی مطلق
مگر حیات دوبارہ عطا خدا نے کی
وحیدِ عصر حکیمِ جہان خلیل الدین
اونہین کی مدح اشارا تھین شفا نے کی
کیا اونہون نے مجھے اپنے لطف سے ممنون
بجا ہے اونکی جو خدمت مری عبا نے کی
یہ اونکے لطف و عنایات نے کیا ممتاز
کہ آکے میری ملاقات پھر شفا نے کی
منیر نے کہی تاریخ غسلِ صحت کی
شفا کمال ہی زیبا عطا خدا نے کی
سنہ ۱۲۸۲ھ

تاریخ رسیدن خود در ہندوستان

تھے قید ہم جزیرۂ دریائے شور مین
نیرنگ گردشِ فلکِ نیلہ رنگ سے
منشی سے تھے محکمہ مین کمشنر کے ہم وہان
محفوظ تھے مشقتِ بیل و کلنگ سے
انعام مین معاف ہوئے ہمکو دو برس
شکر خدا رہا ہوئے کامِ نہنگ سے
ہندوستان مین آکے رہے ہم پراگ مین
اب کانپور جاتے ہین دل کی امنگ سے
مشتاق ہین لقائے جنابِ عروج کے
طے راہِ شوق کرتے ہین جیسے پلنگ سے
کرتے ہین صید آہوئے مضمون کو راہ مین
پایا فراغ صحبتِ گرگ و پلنگ سے
فضلِ خدا سے سال رہائی کہو منیر
اب ہم گھر آئے چھوٹ کے قیدِ فرنگ سے
سنہ ۱۲۸۲ھ

ایضاً

ڈپٹی عہد گوہرِ دریائے برتری
یکتائے روزگار غلام حسین خان
خورسند ہین ولادتِ فرزند سے کمال
اللہ رکھے شوکت و رحمت سے کامران
تجویزِ نام کے لئے فرما گئے تھے وہ
یعنی وہ نام جس سے ہو تاریخ بھی عیان
جوہر دکھاؤن آئینۂ فکرِ صاف کے
مشہور ہو روانیِ کلکِ گہر فشان
تاریخ نام کی سبھی تھی فکر اے منیر
دل نے کہا محمد شایق حسین خان
۱۲۸۲ھ

ایضاً

دکھاؤن پھر طبیعت کی روانی — منیر اب موجزن ہے بحر فیضان
نئے دو نام تاریخی لکھوں اور — ہدایت یار خان — شاکر علیخان
سنہ ۱۲۸۴ھ — سنہ ۱۲۸۴ھ

تاریخ جلوس فرمانروائے رامپور در صنعت غیر منقوطہ

حاکم عالم ہوا الحمد للہ الودود — رحم دل والا ہمم ماہ سما مہر کرم
او دعا گو اسطرح لکھہ مصرع سال مراد — ہو مساعد دورہ دو حکم سرور دار اعلم
سنہ ۱۲۸۴ھ

تاریخ تالیف رسالہ عروض مخدومی جناب مرزا محمد جعفر صاحب اوج خلف جناب مرزا دبیر صاحب

جناب اوج نے لکھا جو اصول عروض — کہ جسکی مدح مین طیب اللسان ہین اہل زبان
منیر نے کہی ہجری و عیسوی تاریخ — اصول نظم معلے ہے — خضر راہ جہان
سنہ ۱۲۸۲ھ — سنہ ۱۸۶۵ع

ایضاً

غسل صحت سے ملا حضرت ذوالقدر جنگ — روح و قالب مین صفائی مصدر کی ہے
کہون اک شعر مین ہجری و مسیحی تاریخ — یہی بہان منیر اپنی تحریر کی ہے
ہوی عشرۂ ابدی عہد سرور و راحت — دہوم یہ صحت ذوالقدر بہادر کی ہے
سنہ ۱۲۸۳ھ — سنہ ۱۸۶۶ع

ایضاً

نامۂ دوستی طراز آیا — ہوئی تسکین دل کو سر تا سر
دو نون بیٹون کے نام تاریخی — ہین جو مطلوب خاطر انور
منتخب ایسا منیر لکھتا ہے — اک غنی حیدر — اک غنی اکبر
سنہ ۱۲۸۴ھ — سنہ ۱۲۸۴ھ

ایضاً

تسلیم کی مرگ نے کیا سینہ فگار — کیونکر نہ کہون نہین آہ ہر ہے افسوس
خوش گو خوش وضع خوش بیان نیک نہاد — ذی علم خدا گواہ ہر ہے افسوس
برباد ہوئی تمام محنت صد حیف — حالت سے مری تباہ ہر ہے افسوس

تاریخہاے مرگ سید ناصر علیخان بہادر ذوالقدر

حضرت ناصر علیخان سید عالی نسب — داغ حسرت بر دل اہل جہان بنہادہ ای
گشت برہم دفتر اقبال و دولت ناگہان — شد بیاض پیکرش از نقش ہستی سادہ ای
شاعری شد وا دریغا آفتاب علم و فضل — شخص رفعت از فلک زیر زمین جا دادہ ای
در غم اوشان ز شفق گردون گریبان چاک گریست — یاد ایام گیسو در غمش بکشادہ ای
مصرع سال وفاتش نظم کردم ای منیر — آسمان رای صاحب زیر زمین افتادہ ای

سنہ ۱۲[illegible]ھ

ایضاً

از واقعۂ حضرت ذوالقدر بہادر — شد تیرہ زمان در نگہ اہل زمن ہا
ذوالقدر خطاب و متخلص برزین بود — آن تازہ بہار چمن شعر و سخن ہا
بنوشت منیر آہ چنین سال وفاتش — افسوس رزین الشعرای زمن ہا

سنہ ۱۲۸۳ھ

ایضاً

منیر خستہ سراپاست در الہ آباد — رسید تا بفلک شور نالہ و فریاد
زمانہ از غم ذوالقدر در خروش آمد — ز غیب سال وفاتش چنین بگوش آمد
کجاست آن دل ایجاد و لفظ [illegible] — سر جلالت و فیض و ریاست و غیرت

سنہ ۱۲۸۳ھ

ایضاً

ز مرگ حضرت ناصر علیخان — کہ بودہ فرش راہش چرخ اطلس
رسیدہ چاک دامن تا بلبہا — الف ہا میکشد بر سینہ ہر کس
نوشتم مصرعی بر لوح قبرش — مزار اشرف میر مقدس

ایضاً

بماتم حضرت ڈپٹی صاحب — شد سیہ رخت مہ و خور ہی ہی
چہ شد آن عدل و حکومت افسوس — چہ شد آن علم و تبحر ہی ہی

سال مرگش جو زدل پرسیدم ۔۔۔ گفت ذوالقدر بہادر ہے ہے
۱۲۸۵ھ

الیضاً

حضرت ناصر علیخان سرور الاحباب ۔۔۔ جلوہ اونکا آج صحن باغ رضوان ہوگیا
تھا دل و جان سے منیر بے ہنر اونکو عزیز ۔۔۔ جان جسم قدردانی ہائے بیجان ہوگیا
ظلمت شام مصیبت کی ہے تاریخ ای منیر ۔۔۔ آفتاب برج دولت آج پنہان ہوگیا
۱۲۸۳ھ

الیضاً

بہر ذوالقدر باغ جنت مین ۔۔۔ لطف سیر چمن مبارک ہے
عوض رخت کہنۂ ہستی ۔۔۔ کربلا کا کفن مبارک ہے
جرعۂ شہد مرگ کے بدلے ۔۔۔ جام شہد لبن مبارک ہے
عالم بے ثبات کے بدلے ۔۔۔ وہ قدیمی وطن مبارک ہے
سال رحلت منیر نے یہ کہا ۔۔۔ صحبت پنجتن مبارک ہے
۱۲۸۳ھ

تاریخ مرگ خورشید علیخان صدر اعلے

رفت خورشید علیخان زینا بہشت ۔۔۔ صدر اعلے سرو سردار دیارنامی
مصرع سال بنائے لحدش گفت منیر ۔۔۔ قطعۂ گلشن فردوس مزار نامی
۱۲۸۴ھ

تاریخ چاہ

تازہ بنا ہے موضع کہرامین یہ کنوان ۔۔۔ پیش نگاہ خم سے ہے شراب طہور کا
ہے یہ بنائے خیر ولایت حسین کی ۔۔۔ پہونچا ہے تشنہ کامونکو مژدہ سرور کا
تاریخ اے منیر ہے اسکے بنا کی ہے ۔۔۔ تا باب چاہ چشمہ شیرین ہے نور کا
۱۲۸۴ھ

الیضاً

ہے ولایت حسین کا یہ کنوان ۔۔۔ موجزن اس مین آب گوہر ہے
اے خدا دیدۂ تمنا مین ۔۔۔ چاہ زمزم سے خوشنما تر ہے

رحلت نواب مستقلہ جنگ غالب جاہ
حشر برپا ہو گیا گھر گھر میں ماتم ہے یہی

مصرع واحد میں دو تاریخیں ہیں نظم میں
جوہر آئینۂ فکر مسلم ہے یہی

پہلے میں سال مسیحی بعد اس کے ہجری منیر
ہر بشر غمناک ہے انکی بڑا غم ہے یہی
۱۲۸

تاریخ الضاد در صنعت غیر منقوطہ کہ قابل غور اذکیا است و ہو ہذا

صدمۂ مرگ وہ اس سرور عالم کا ہوا
کہ ہوا درد و الم کو وہ ہمارا دل گاہ

سال اس حال کا اس طرح لکھا رو رو کر
آہ اس درد سا سرور اہل اسلام آہ
۱۲۸۳

تاریخ الضاد در صنعت ذو بحرین

ظلمت قبر میں وہ مہر چھپا
سینۂ ماہ میں ہے داغ ملال

باغ فردوس میں ہیں اب نواب
سبزہ سان ہو رہے ہیں دل پامال

ہائے اس سانحہ کے ہونے سے
ہو گئی زندگی عیش محال

کہوں تاریخ کوئی ذو بحرین
تاکہ ہو تیر لبوں پر اپنی دال

سال اس واقعہ کا ہے یہ منیر
چھپ گیا مشتری بہشت نوال
۱۲۸۳

تاریخ ذو بحرین بنائے مسجد در بحر متقارب مثمن سالم و بحر مسدس محذوف

بنا خوب اس کی یہ بقعہ ہمایوں
جسے دیکھ کر شاد ہیں زاہد

منیر اسکا یہ سال اچھا ہے لکھ دو
نمود ارب ہے یہ خیر المساجد

تاریخ رحلت سلطان العلما برہان الفقہا سید المتکلمین سند المجتہدین
مجتہد العصر و الزمان طاب ثراہ

حضرت سید محمد نائب جد ہدیٰ دین
رفت از دنیائے فانی شد بجنت جاگیر

بے بدل در فقہ و تفسیر و احادیث و داد
حجۃ الحق آیۃ اللہ مقتدائے بے نظیر

در الٰہی و طبیعی و ریاضی و کلام
بود فیض عام او مانند خورشید منیر

متقی و عادل و مسند نشین اجتہاد
وارث علم نبی علامۂ روشن ضمیر

ذی التصانیف الکثیرہ سید عالی نسب
دیگر باری کف پر نور او ابر مطیر

منہدم شد و ادریغا کعبہ ایمان و شرع
نیلگون پوش است اندر ماتمش گردون پیر

آنکہ بحر حفظ جانش آمد اندر قتل عام
لشکر زنبور از حکم خدا و تقدیر

زائران روضہ اش کرد بیان آسمان
مرقد پاکش مطاف ہر صغیر و ہر کبیر

خامہ معجز نگارش بہر قتل منکران
بود گویا ذو الفقار ضیغم رب قدیر

